قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ

سورۂ ناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ؏

بُرے بُرے ڈراؤنے خواب اور رات کو ڈر، اور خوف سے نجات کے لئے

اگر کسی آدمی کو رات کو انجانا خوف محسوس ہوتا ہو یا اسے ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں تو اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے رات کو ڈر، خوف محسوس نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے کہ رات کو سونے سے پہلے تازہ وضو کرلیں۔ اور دائیں کروٹ سوئیں اگر نیند میں کروٹ بدل جائے تو کچھ حرج نہیں۔ اگر ڈراؤنا خواب دیکھنے سے آنکھ کھل جائے تو فوراً بائیں کروٹ کی طرف تھتکار دیں۔

رات کو سونے سے قبل ایک سو مرتبہ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ؕ

پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے صحیح نیند آئے گی اور ڈر اور خوف ختم ہو جائے گا اسی طرح ڈراؤنے خواب بھی بند ہو جائیں گے۔

ہاتھ پاؤں میں یا جسم میں درد کے لئے

اگر کسی کے ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے اور کسی دوا علاج سے فائدہ نہیں ہوتا تو اس کے لئے پچاس گرام زیتون کا تیل لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات با وضو گیارہ بار پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور رات کو سوتے وقت روزانہ اس تیل کو درد کی جگہ ہلکے ہلکے مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے چند دن میں درد ختم ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَمَنْ یَّمْشِیْ مُکِبًّا عَلٰی وَجْهِهٖۤ اَهْدٰۤى اَمَّنْ یَّمْشِیْ سَوِیًّا عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ

اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا ○

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۠

حاسدین کے حسد اور شر سے حفاظت

دنیا میں جو شخص ترقی کرتا ہے۔ آگے بڑھتا ہے اور روز بروز بلندی پر چڑھتا جاتا ہے اس کی ترقی سے بعض لوگ حسد کرنے لگتے ہیں اور اس کوشش میں لگے رہتے ہیں کہ یہ شخص دوبارہ بھوکا ننگا ہو جائے اور پائی پائی کا محتاج ہو کر بیکار ہو جائے ذہنی مریض بن جائے۔ اس کا علاج اور حاسدین کے حسد سے بچنے کا طریقہ یہ ہے کہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ کی پابندی کرے اللہ کے دیئے ہوئے رزق میں سے صدقہ خیرات کرتا رہے۔ ہر شخص سے ہنس کر ملے اور کسی سے تلخ کلامی نہ کرے اس کے علاوہ یہ عمل بھی کرے انشاء اللہ تعالیٰ حاسدین کے ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (مکمل سورت) اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (مکمل سورت) ایک سو بار اس کے بعد درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

الفلق یہ ہے:

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِى الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۠

الناس یہ ہے:

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ
الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۠

شوہر، بیوی یا کوئی گھر کا فرد لاپتہ ہو جائے

اگر کسی عورت کا شوہر، بیٹا یا بیٹی یا بھائی بہن گھر سے ناراض ہو کر چلا جائے یا کسی کی بیوی، بیٹی، بیٹا، ناراض ہو کر گھر سے بغیر بتائے چلا جائے تو اس کی واپسی کے لئے بعد نماز عشاء روزانہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تیرہ سو (۱۳۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر واپسی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مذکورہ شخص واپس آجائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

بیجا ڈر، خوف، دہشت اور گھبراہٹ سے نجات

بعض لوگ وہم کا شکار ہو جاتے ہیں طرح طرح کی

خیالی پلاؤ پکاتے پکاتے خود کو بے جا اور انجانے خوف میں مبتلا کر لیتے ہیں۔ کبھی مستقبل کے بارے میں سوچتے ہیں کبھی اپنی زندگی کو ناکام زندگی قرار دیتے ہیں اور کچے خیالات اور بے ہودہ وہم کے سبب کوئی کام نہیں کرتے نتیجہ یہ ہے کہ ہر طرح محتاج اور پیسے پیسے سے ترستے ہیں۔ اور طرح طرح کے اندیشوں میں مبتلا رہ کر طرح طرح کے امراض کا شکار بن جاتے ہیں۔
ان تمام خرافات سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ تمام بے جا شکوک و شبہات اور وہم و خیال ختم ہو جائیں گے۔
اول نماز پنجگانہ باجماعت ادا کرے اور ہر نماز کے بعد باوضو گیارہ بار درود شریف (نماز والا درود) پڑھ لے اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) بار

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ
نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے رات کو سونے سے قبل بھی یہ عمل کر کے سوئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حالات بہتر ہوتے چلے جائیں گے۔

عجیب و غریب قسم کے وہم کا علاج

بعض لوگوں پر مختلف حالات اور حادثات کے

گزرنے سے عجیب وغریب قسم کے وہم مسلط ہوجاتے ہیں اور وہ اس میں اس حد تک آگے بڑھ جاتے ہیں کہ نہ صرف ان کی زندگی بلکہ متعلقین اور دوست احباب کے لئے بھی وہ بڑی مصیبت بن جاتے ہیں۔ مثلاً کوئی آدمی کو وہم ہوجاتا ہے کہ اگر میں نے کسی سے ہاتھ ملایا تو میرے ہاتھوں میں خارش ہوجائے گی۔ میں نے کسی کے جھوٹے گلاس میں پانی پی لیا تو بیماری لگ جائے گی۔ کسی بیمار کی عیادت کو گیا تو میں خود اس مرض میں مبتلا ہوجاؤں گا۔ اگر کسی کا ہاتھ جسم کو لگ گیا تو اس جگہ کو اور کپڑے کو دھو یا جارہا ہے کہ جراثیم میرے جسم میں لگ کر مجھے نقصان نہ پہنچائیں۔

اس کا آسان علاج یہ ہے کہ نماز کی پابندی کی جائے۔ ہر وقت باوضو رہے اور درود شریف کا ورد رکھے۔ اور ایک بوتل پانی پر اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پھر تین سو بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کردے اور اس پانی کو چار وقت پیئے۔

صبح ناشتہ سے قبل - دوپہر کو گیارہ بجے
بعد نماز عصر - اور سوتے وقت

انشاء اللہ تعالیٰ بے جا وہم دور ہوگا اور زندگی میں مثبت تبدیلی آئے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص بیروزگاری سے پریشان ہو اور تنگی سے گزر اوقات ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش روزی میں اضافہ کے لئے تیر بہدف اور عمدہ ہے اس کی برکت سے روزی میں بے انتہا اضافہ ہوتا ہے اور گزر اوقات کی تنگی دور ہوجاتی ہے۔ اس نقش کی ترکیب یہ ہے کہ نقش لکھنے والا نماز باجماعت کی پابندی کرے اور اگر عورت ہے تو اپنے گھر میں نماز پنجگانہ ادا کرے پھر کسی بھی نماز کے بعد ایک وقت مقرر کر کے روزانہ اس نقش معظم کو باوضو دس بار لکھیں۔ اور اسی وقت آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، کنوئیں، سمندر، تالاب یا جھیل میں ڈال دیں۔ یہ عمل بلا ناغہ لگاتار اکیس (۲۱) روز تک کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق وافر ملے گا اور گھر میں خوب برکت ہوگی۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یا باسط	۳۰

بے روزگاری سے نجات، کاروبار میں ترقی

اگر کوئی شخص بے روزگاری سے پریشان ہو یا
کاروبار بندش کا شکار ہو یا اکثر کام طرح طرح کی
رکاوٹوں کے سبب نہ ہوتے ہوں تو اس کے لئے یہ
عمل مجرب ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کو
نماز عشاء کے بعد اکتالیس (۴۱) روز یہ عمل کریں۔

عشاء کی نماز پڑھ کر باوضو قبلہ رُخ پاک مصلے
پر بیٹھ کر روزانہ دو ہزار پانچ سو (۲۵۰۰) بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھیں۔ اکتالیس روز مسلسل اور بلا ناغہ پڑھنے
کے بعد پھر تمام زندگی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

انیس (۱۹) مرتبہ پڑھتی ہے تاکہ عمل قبضے میں رہے اور
اس کے اثرات زائل نہ ہوں اکتالیسویں (۴۱) روز عمل ختم
ہونے کے بعد اگلے دن ایک سفید کاغذ پر عرق گلاب
میں زعفران گھول کر اس سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الگ الگ حروف میں لکھیں۔ اس دن نفلی روزہ
بھی رکھیں۔ اور روزہ کی حالت میں لکھیں۔ بسم اللہ
شریف کو الگ الگ حروف میں اس طرح لکھیں۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ا ن
ال ر ح ی م

اس کے بعد اس کے نیچے یہ عبارت لکھیں

هٰذَا مَكْتُوْبٌ مِّنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ الْفَقِيْرِ
(یہاں نام اور والدہ کا نام لکھیں) اِلَى الْمَوْلَى
الْجَلِيْلِ الْكَبِيْرِ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ
اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْشِفْ ضُرِّيْ وَاَغْنِ
فَقْرِيْ وَاَجَابَ كَسْرِيْ وَاَزِلْ هَمِّيْ وَغَمِّيْ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

پھر اس کاغذ کا تعویذ بنا کر اسے لمبا موڑ کر ایک بانس کی
نلکی میں ڈال دیں اور بانس کے دونوں سروں پر موم
لگا دیں۔ اس بانس کے ٹکڑے کو پتھر سے باندھ کر دریا
نہر، تالاب، جھیل یا سمندر میں ڈال دیں۔

اس کے بعد میٹھے چاول پکا کر گیارہ (۱۱) کم عمر معصوم
بچوں کو کھلا دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ماہ کے
اندر اندر اللہ تعالیٰ کی طرف سے غیبی مدد آئے گی اور رُکے
ہوئے کام چل جائیں گے۔ کاروبار میں زبردست
ترقی ہوگی، بے روزگاری دور ہو جائے گی۔ غیبی نصرت
ظہور میں آئے گی جس کی پہلے کبھی امید ہی نہ تھی

گھر کو جنات، جادو اور سفلی کے اثر سے پاک کرنا

اگر کسی گھر میں جنات نے گھر کر لیا ہو یا جادو سفلی
کے اثرات سے گھر کے اکثر افراد طرح طرح کی بیماریوں میں
مبتلا رہتے ہوں اور گھر میں خیر و برکت ختم ہو گئی ہو۔ گھر
میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو یا گھر میں کسی کا دل نہ لگتا ہو یا
طرح طرح کے ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا رات کو چھوٹے
بچے سوتے سوتے چونک کر اٹھ جاتے ہوں اور رونا شروع
کر دیتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ اس عمل کی برکت سے گھر کے حالات درست
ہو جائیں گے اور گھر ہر قسم کے اثراتِ بد سے محفوظ ہو جائے گا۔
عمل یہ ہے۔

صبح سورج نکلنے کے بعد اور شام کو سورج غروب ہونے
سے پہلے کسی ایک کمرے میں کوئی شخص باوضو کمرے کے
درمیان کھڑے ہو کر درمیانی آواز سے اذان دے اور آسمان
کی طرف پھونک مار دے۔ پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر دوبارہ
اذان دے اور اذان ختم کرنے کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے
پھونک مار دے پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر تیسری مرتبہ
اذان دے کر شمال کی طرف (یعنی اپنے داہنی طرف) پھونک
مار دے۔ پھر اسی جگہ کھڑے ہو کر چوتھی مرتبہ اذان دے کر
جنوب (قبلہ کی طرف منہ کر کے اذان دیں گے تو جنوب بائیں

طرف ہو گا) کی طرف پھونک مار دے۔ پانچویں بار
اذان دے کر مشرق کی طرف پھونک مار دے۔ چھٹی بار
اذان دے کر زمین کی طرف پھونک مار دے۔ اس طرح
کل چھ مرتبہ اذان پڑھی جائے گی۔ اس کے بعد اسی جگہ
اذان دینے والا یہ دعا کرے۔

"اے پروردگارِ عالم! غیبی مخلوق اور ارواحِ خبیثہ
کے اثراتِ بد اور نقصان سے ہماری حفاظت فرما اور
انہیں کسی اور جگہ منتقل ہونے کی توفیق عطا
فرما۔"

اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھ کر جملہ اہل خانہ پر
دم کر دے۔ اس طرح یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن تک کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مکان جنات اور تمام برے اثرات
سے پاک و صاف ہو جائے گا۔

بچہ کا بات بات پر رونا، ضد کرنا

اگر کوئی چھوٹا بچہ بات بات پر ضد کرتا ہے اور اکثر
بلاوجہ روتا رہتا ہے تو اس کے لئے یہ نقش معظم بہت موثر
علاج ہے۔ اس نقش کو باوضو سفید کاغذ پر کالی پکی روشنائی
سے یا زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھا جائے اور
موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ لکھنے
والا اور موم جامہ کرنے والا دونوں باوضو ہو کر عمل کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد بچہ ضد چھوڑ کر ہنسنے کھیلنے والا بچہ بن جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۸۶	یابدوح	۷۸۶
یابدوح	اللہ	یابدوح
۷۸۶	یابدوح	۷۸۶

مقصد میں کامیابی کے لئے

جس شخص کا جو کام اٹک گیا ہو اور مقصد میں کامیابی نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف اور نہایت پُر تاثیر ہے۔ عمل یہ ہے۔

اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے۔ یہ عمل ستر (۷۰) دن تک بلا ناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ مَا خَلْفَھُمْ ۚ وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

ہر قسم کی فتح، کامیابی اور حفاظت کے لئے

جو شخص کسی مقدمہ میں پھنس گیا ہو یا غلط الزام کے تحت گرفتار ہو گیا ہو یا دشمنوں سے جھگڑا چلتا رہتا ہو یا طرح طرح کے مسائل اور بے شمار پریشانیوں میں مبتلا ہو وہ اگر روزانہ بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ سے نجات، دشمنوں پر غلبہ اور ہر قسم کی پریشانیوں سے چھٹکارا

حاصل ہوگا۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل کم از کم اکتالیس[۴۱] دن کرے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۔

سفر کے دوران حفاظت

اسکوٹر کا سفر ہو، ریل، بس، ویگن یا ہوائی جہاز کا یا پانی کے جہاز کا سفر ہو۔ سفر کے خطرات سے حفاظت اور ہر قسم کے حادثے چور، ڈاکو کے لوٹنے اور

جان سے مارنے سے حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔

سفر سے جانے سے پہلے باوضو تین[۳] بار درود شریف پڑھے ایک بار آیۃ الکرسی پڑھے اور تین[۳] بار سورۂ اخلاص پڑھے اور آخر میں تین[۳] بار درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اور سامان پر دم کرلے ان شاء اللہ تعالیٰ سفر کے دوران ہر قسم کے شر، بم دھماکہ، ایکسیڈنٹ اور مصیبت سے جان و مال محفوظ رہے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ

وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

جسمانی امراض سے شفاء کے لئے

اگر کوئی شخص کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو یا علاج کے دوران کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا مرض روز بروز بڑھتا جا رہا ہو تو ایسی حالت میں با وضو تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی پڑھے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ اگر خود نہ پڑھ سکتا ہو تو کسی بھی عورت مرد بچے سے پڑھوا کر ہتھیلیوں پر دم کرا کر تمام بدن پر پھیر لے۔ اسی طرح اول و آخر تین تین بار درود شریف اور اس کے بعد گیارہ بار آیۃ الکرسی با وضو پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر لے اور وہ پانی تمام دن پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض جسمانی سے نجات حاصل ہو گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

ہر قسم کے فتنہ اور دشمنوں کے شر سے حفاظت

اگر کسی شخص کے ساتھ شیطان صفت لوگ دشمنی کر رہے ہوں اور ہر روز ایک نیا فتنہ کھڑا کرتے ہوں تو ان کے شر سے حفاظت کے لئے پنجوقتہ نماز کی پابندی کی جائے اور ہر نماز سے قبل با وضو تین بار

درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کرے اور اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ شرپسند لوگوں کے شر سے حفاظت رہے گی۔ ان کا شر و فتنہ انہی پر لوٹ جائے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

ہر قسم کے مرض سے نجات

اگر کسی مریض کا مرض سمجھ میں نہ آتا ہو اور اسے کوئی دوائی فائدہ نہ کرتی ہو اور مریض کی حالت دن بدن گرتی جا رہی ہو تو اس کے لئے یہ عمل باعثِ شفاء ہوگا۔ مریض جلد ہی صحت یاب ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

سورج نکلنے سے پہلے باوضو جا کر بیری کے سات پتے

توڑ کر لائیں اور باوضو ان کو سِل پر باریک پیس لیں۔ پھر پسے ہوئے پتوں کو ایک بالٹی پانی میں ملا دیں اور بیری کے اس آمیزے کو پانی میں خوب حل کریں اور ہاتھ پانی میں چلاتے وقت آیۃ الکرسی سات مرتبہ پڑھیں اور اس پانی پر دم کر دیں اور اس پانی سے مریض نہالے۔ اس وقت صابن وغیرہ لگانے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ پانی سے تمام بدن بھیگ جائے۔ سات روز بلا ناغہ یہی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کتنا ہی خطرناک مرض ہو گا اس سے مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ یہ احتیاط رہے کہ نہانے کے دوران گرنے والا پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے بلکہ کسی زمین پر گرے۔ اگر ایسا مکان ہو جس کا پانی گندی نالی یا گٹر میں جاتا ہو تو مریض کو کسی ٹب میں بٹھا کر پانی ڈال دیا جائے اور وہ پانی دور کسی جگہ ڈال دیا جائے یا سڑک۔ گلی یا راستے میں چھڑک دیا جائے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

قرض کی ادائیگی کا انتظام

کسی شخص نے قرض لیا مگر حالات اتنے بگڑ گئے کہ قرض کا بوجھ اترنا مشکل ہو گیا اور قرض خواہ اپنی رقم کے لئے گھر کے چکر کے چکر لگا رہے ہیں یہ منہ چھپاتا پھر رہا ہے۔ قرض سے جان چھڑانے کے تمام راستے بند ہیں کوئی حل سمجھ میں نہیں آتا۔ اس سلسلے میں یہ عمل بڑا مفید اور کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے۔

رات کو سوتے وقت تازہ وضو کر کے پاک و صاف بستر پر لیٹ جائیں اور اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر کسی سے بات نہ کریں اور قبلہ کی طرف چہرہ کر کے سو جائیں۔ سو جانے کے بعد کسی طرف چہرہ گھوم جائے یا دوسری طرف کروٹ لے لی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں راستہ بتا دیا جائے۔ قرض سے نجات کا عمل بتا دیا جائے گا یا پھر قرض کی ادائیگی کے اسباب غیب سے پیدا ہوں گے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

بانجھ عورت کے اولاد کے لئے

اگر کوئی عورت اولاد کی نعمت سے محروم ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے اور گلے میں پڑا رہنے دے کسی بھی حالت میں گلے سے نہ نکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد کی نعمت سے گود بھر جائے گی۔

وطلسم یہ ہے۔

بالف لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم

ما بالف

اولاد کے لئے

اگر کسی عورت کو حمل قائم نہ ہوتا ہو جس کے سبب اولاد سے محروم ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ہرن کی جھلی پر لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حمل قرار پائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ۗ بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۗ

بے اولاد کے لئے

بے اولاد افراد کے لئے یہ بہت قیمتی اور تیر بہدف عمل ہے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گود اولاد سے بھر جائے گی۔ عمل یہ ہے۔

دو مرغی کے انڈے اُبال کر ان کے چھلکے اتار کر باوضو ایک انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ۝

اور دوسرے انڈے پر یہ کلمات لکھیں۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ۝

پہلا انڈہ مرد کھائے اور دوسرا انڈہ عورت کھائے اور لگاتار اکیس ۲۱ روز تک یہ عمل مسلسل جاری رکھیں

اور اس دوران میاں بیوی خلوت کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا اور اولاد ہوگی۔

حمل کے ٹھہراؤ اور اولاد ہونے کے لئے

جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو اور بار بار ضائع ہو جاتا ہو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہرے گا ضائع نہ ہوگا اور اولاد ہوگی۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

جبرائیل	الٰہی بحرمت عبد الکریم و نوح کریم	میکائیل
[illegible]	۱۱ع ۲۱ ۱۱ ۱۱ع ۱ یا حیُّ یا قیّومُ یا قائمُ یا قائمُ	[illegible]
عزرائیل	بسم اللہ الرحمن الرحیم	اسرافیل

بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد کی نعمت سے گود

خالی ہو اور اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ایک عمدہ عمل یہ ہے کہ وہ عورت خود لگاتار بلا ناغہ سات روزے رکھے پانی سے افطار کرے اور افطار کے بعد اکیس ۲۱ بار یہ الفاظ پڑھے۔

اَلْبَارِیُٔ الْمُصَوِّرُ ط

اور میاں بیوی اس دوران خلوت کرتے رہیں تو انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ اور اولاد ہوگی۔

اولاد ہونے کا مجرب عمل

جس دن عورت ایام ماہواری سے فارغ ہو اس دن غسل کر کے باوضو ایک بکری کے بچے کو ذبح کر کے اس کے گوشت کی یخنی پکائے اور اس یخنی کے پانی کو تھوڑا تھوڑا کر کے پی لے اس کے بعد ایک چینی کی پلیٹ پر سورۃ فاتحہ، درود شریف اور حروف ابجد سے ضظغ تک باوضو لکھ کر پانی سے لکھی ہوئی پلیٹ دھو کر وہ پانی پی لے اور دوسری پلیٹ پر یہ آیات وکلمات باوضو لکھ کر اس پلیٹ کو بھی پانی سے دھو کر پی لے۔

پانی پینے کا عمل شوہر سے قربت سے چند منٹ قبل کرنے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔

پہلی پلیٹ پہ لکھنے کا عمل یہ ہے (اگلے صفحے پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَبْجَدْ ھَوَّزْ حُطِّیْ کَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ ثَخَّذْ ضَظَغْ

دوسری پلیٹ میں لکھنے والی آیات اور کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّکِ ۖ لِاَھَبَ لَکِ غُلٰمًا زَکِیًّا ۝ قَالَ کَذٰلِکِ ج قَالَ رَبُّکِ ھُوَ عَلَیَّ ھَیِّنٌ ج وَلِنَجْعَلَہٗٓ اٰیَۃً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَۃً

مِمَّا ج وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ه
فَحَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰهِ
فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰهِ
فَحَمَلَتْهُ بِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.
فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا
اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ
لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ه

بانجھ پن دور کرنے کے لئے

بانجھ پن دور کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے یہ نقش بہت کامیاب ہے یہ نقش باوضو اکیس ۲۱ عدد لکھے اور جب عورت ایام ماہواری سے فارغ ہو جائے اور غسل کر کے پاک ہو جائے تو اس کے بعد مسلسل روزانہ ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر پینا ہے۔ اور ایک تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی ناف پر بندھوا دیں۔ تعویذ باندھنے کے بعد کچھ رقم صدقہ کے طور پر کسی غریب کو دے دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ اس دوران میاں سے خلوت کرتی رہے۔

نقش یہ ہے۔
(اگلے صفحہ پر)

ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ	ھ
ء	ء	ء	ء	ء	ء	ء
و ہ ص م						

تسخیر کا عمل

یہ نقش میاں بیوی میں محبت کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے اگر بیوی اپنے میاں سے محبت نہیں کرتی یا میاں کا خیال نہیں رکھتی تو میاں عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ نقش بابرکت لکھے اور چاندی کے تعویذ میں کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے اور اگر شوہر اپنی بیوی سے توجہ اور محبت سے پیش نہیں آتا تو بیوی اس نقش کو باوضو موم جامہ کر کے اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ کالے چمڑے میں سلوا کر باندھے تو بہتر ہے۔ یہ نقش تسخیر خلائق کے لئے بھی بہت پُر اثر ہے۔ جو شخص اپنے دائیں بازو پر باندھے رکھے تو مخلوق خدا اسکی عزت کرے گی اور ہر طرح احترام سے پیش آئے گی۔

وہ نقش یہ ہے
[اگلے صفحہ پر ملاحظہ کیجئے]

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

تمام آفات و بلیات سے حفاظت

اگر کوئی شخص ڈرتا ہو یا بچہ آفات کا شکار رہتا ہو کبھی چوٹ لگ گئی، کبھی سخت بخار ہو گیا کبھی کوئی سخت پریشانی ہو گئی تو "سلام" کا نقش انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات و بلیات اور تکالیف و بیماریوں سے محفوظ رکھے گا اور بچہ خوش و خرم رہے گا یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر یا چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا اور مصیبت سے دور رہے گا اور ڈر خوف دل سے نکل جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا
ا	م	س	ل

امن و امان اور ہر قسم کے نقصان سے حفاظت

یہ نقش سفر بحر و بر اور ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہنے کے لئے تیر بہدف ہے۔ باوضو اس نقش کو سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے کالی ڈوری میں باندھ کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہوائی سفر ہو یا سمندری سفر یا دوسرا سفر ہر طرح سے حفاظت رہے گی اور ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

ال	س	لا	م
۳۲	۳۹	۳۲	۵۹
۲۸	۲۹	۶۲	۳۳
۶۱	۳۴	۳۷	۳۰

مرض لاعلاج سے صحتیابی

اگر کوئی شخص شدید اور لا علاج مرض میں مبتلا ہو۔ علاج کے باوجود مرض بڑھتا چلا جاتا ہو۔ افاقہ کی جگہ مرض میں اضافہ ہوتا جا رہا ہو تو ایسی صورت میں مریض کے سرہانے بیٹھ کر ایک تسبیح (ایک سو بار)

یَا سَلَامُ یَا اَللّٰهُ

کی پڑھے اور تسبیح پوری ہونے پر تسبیح کو مریض کے سرہانے (تکیہ) کے نیچے رکھ دے۔

پھر اگلے دن اسی وقت ایک تسبیح پڑھ کر پھر تسبیح مریض کے تکیہ کے نیچے رکھ دے۔ یہ عمل اسی طرح کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

بے ہوش کو ہوش میں لانا

اگر کوئی شخص کسی بیماری یا کمزوری کے سبب بے ہوش ہو گیا ہو یا اثرات بد یا جن بھوت پریت کے سبب ہوش و حواس کھو بیٹھا ہو اور بہکی بہکی باتیں کر رہا ہو تو اس کے سرہانے بیٹھ کر تین سو بار

یَا رَحْمٰنُ یَا سَلَامُ

پڑھے۔ اس کے پڑھتے ہی انشاء اللہ تعالیٰ مریض ہوش میں آجائے گا۔

دشمن کو مہربان کرنا

اگر کسی کا دشمن خطرناک اور ہر قسم کے نقصان پہنچانے میں لگا رہتا ہو تو اس کے دل کو نرم کرنے اور اپنے اوپر مہربان کرنے کے لئے یہ عمل انتہائی مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ

دشمن دشمنی چھوڑ دے گا اور مہربانی سے پیش آتا رہے گا۔

عمل یہ ہے۔

تین سو اٹھارہ (۳۱۸) مرتبہ

یَا سَلَامُ

پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کر کے کسی ترکیب سے دشمن کو کھلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مہربان ہو جائے گا اور دوستی کا ہاتھ بڑھائے گا۔

مریض کی صحتیابی کے لئے

مریض کی ہر قسم کی بیماری سے صحتیابی کے لئے یہ عمل مجرب اور باعث شفاء ہے۔ عمل یہ ہے۔

عمل کرنے والا شخص اول غسل کرے اس کے بعد سفید کپڑے پہن کر قبلہ کی طرف منہ کر کے مصلے پر بیٹھ جائے اور تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ نَّبِيِّنَا فِي الْاَنْبِيَآءِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى رَسُوْلِنَا مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا سَلَامُ

پڑھ کر پھر تین بار اوپر والا درود پڑھے اور اس کے بعد مریض پہ دم کرے، دوا پر دم کرے اور ایک بوتل

پانی پر دم کر کے رکھ لے اور مریض کو اس بوتل کا پانی ایک ایک گھونٹ کر کے روزانہ چار وقت پلائیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر کو کھانے سے قبل
۳۔ عصر کی نماز کے بعد
۴۔ سوتے وقت

یہ پانی لگاتار تین دن یا سات دن مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض چند دن میں صحتیاب ہو جائے گا

بچے کی ام الصبیان کے مرض سے حفاظت

جس عورت کے بچے ام الصبیان کے مرض میں مرجاتے ہوں۔ شروع حمل سے یعنی حمل ٹھہر جانے کے بعد یہ عمل شروع کرے اور بچے کے دودھ پینے تک برابر یہ عمل جاری رہے۔

وہ عمل یہ ہے۔
تین مرتبہ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو لکھ کر حاملہ کو کھلائیں یا زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں پانی سے دھو کر پانی حاملہ عورت کو

پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض سے محفوظ رہے گا اور عمر طبعی کو پہنچے گا۔

یہ عمل روزانہ کرنا ہے ناغہ نہیں کرنا ناغہ کرنے سے عمل ٹوٹ جائے گا لہذا پابندی ضروری ہے۔

وسوسۂ نفسانی سے نجات

جو شخص طرح طرح کے وسوسوں میں مبتلا ہو اور اس کے سبب ذہنی سکون برباد ہو گیا ہو اور الٹے سیدھے خیالات نے اسے اور اسکی صحت کو تباہ کر دیا ہو۔ اور ہر وقت پریشان رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز پنجگانہ کی پابندی کرے اور باوضو

اَلسَّلَامُ

چھیاسٹھ (۶۶) بار کسی پاک چینی کے برتن پر باوضو لکھے اور پانی سے دھو کر وہ پانی پی لے۔ لکھنے کے لئے زعفران کو عرق گلاب میں گھول لے۔

روزانہ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وساوس شیطانی و وساوس نفسانی سے مکمل نجات حاصل ہوگی۔ اگر خود لکھنا نہ جانتا ہو یا لکھ نہ سکتا ہو تو دوسرے سے لکھوا لیا کرے یا آٹھ دس دن کیلئے آٹھ دس چینی کی پلیٹوں میں کسی سے باوضو لکھوالے اور باوضو گھول کر پانی پی لیا کرے۔

جنگلی اور موذی جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص ریگستانی علاقے میں رہتا ہو یا
جنگلوں اور پہاڑوں میں اسکی رہائش ہو جہاں جنگلی
جانور، درندے یا موذی جانور سانپ بچھو کثرت سے
ہوں اور ہر وقت ان سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو
اسے چاہیئے کہ وہ شخص روزانہ ایک سو اکتیس (۱۳۱) بار

یَا سَلَامُ

پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اسے کوئی جنگلی جانور
نقصان نہ پہنچا سکے گا اور نہ کوئی موذی جانور نقصان
پہنچائے گا۔

سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑوں سے حصار

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ٹھہرا ہو جہاں کیڑے مکوڑے
اور سانپ بچھو کا ہر وقت خطرہ ہو اور ان سے نقصان
پہنچنے کا ڈر ہو تو دلی توجہ اور قلبی حضوری کے ساتھ پندرہ بار

یَا سَلَامُ

پڑھے اور کلمے کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر
والی انگلی) پر دم کرے اور اس انگلی سے اپنے چاروں
طرف حصار کھینچے اور پھر دوبارہ

یَا سَلَامُ

پندرہ مرتبہ پڑھے اور انگلی پر دم کرے اور حصار کھینچے
اور اسی طرح تیسری مرتبہ بھی پندرہ بار

یَا سَلَامُ

پڑھے اور انگلی پر دم کر کے حصار کرے۔
یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں مسلسل کرنا ہے۔
اس کے بعد اس حصار (انگلی سے کھینچے ہوئے دائرے)
میں کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر دستک دے (یعنی زور
زور سے تین مرتبہ تالیاں بجائے یہی دستک ہے)
جہاں تک تالیوں کی آواز جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ
وہاں تک سانپ بچھو اور کیڑے مکوڑے اور موذی
جانور نہ آسکیں گے۔ اور ہر طرح سے حفاظت رہے گی۔

مہلک اور موذی مرض سے نجات

اگر کوئی شخص سخت بیماری میں مبتلا ہو یا ہر وقت
موت سامنے دکھائی دیتی ہو یا ایسا تکلیف دہ اور
موذی مرض لپٹ گیا ہو۔ اس سے نجات کے لئے
باوضو یہ دونوں نقش ایک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ
کر کے کالے کپڑے میں سلائی کر کے مریض کے گلے میں
باندھ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض ہر
مہلک اور موذی مرض سے نجات پائے گا اور جلد
صحتیاب ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)۔

۷۸۶

س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
م	ا	ل	س
ل	س	م	ا

۷۸۶

۶۰	۳۰	۱	۴۰
۱	۴۰	۶۰	۳۰
۴۰	۱	۳۰	۶۰
۳۰	۶۰	۴۰	۱

ہاتھ پاؤں، گھٹنے کا درد

ہاتھ پاؤں اور گھٹنے کے درد سے نجات کے لئے اسی طرح دیگر جسمانی درد کے لئے زیتون کے سوا پاؤ (تین سو گرام) تیل پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

یَا قَوِیُّ

اس کے بعد آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھ کر دم کردیں۔

روزانہ رات کو سونے سے قبل کوئی باوضو شخص

ہاتھ پیروں پر مالش ہلکے ہلکے ہاتھوں سے کرے یا پھر خود وضو کی حالت میں یہ تیل درد کی جگہ لگالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس (۴۱) دن مالش کرنے سے درد دور ہوجائے گا

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

گردوں کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص گردوں کی بیماری کا شکار ہو اور اس کا پیشاب قطرے قطرے آتا ہو یا پیشاب میں جلن اور چبھن ہوتی ہو اور کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو تو بارش کے پانی پر یا عرق گلاب کی بوتل پر سورۃ الم نشرح (پ۳۰) کوئی بھی نماز کا پابند شخص چاہے مرد ہو یا عورت باوضو گیارہ بار پڑھ کر دم کردے اور وہ پانی دن میں چار بار (صبح ناشتہ سے قبل۔ ظہر کے وقت۔ عصر کے بعد۔ سوتے وقت) تین تین (۳) گھونٹ مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ گردے کی بیماری، پیشاب کی جلن دور

ہو جائے گی اور پیشاب فطری انداز میں آنے لگے گا اور آپریشن کرانے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے گھر میں نہیں رہتا اور نہ کسی قسم کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر دیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور بعد نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ کرنا ہے

ناغہ نہیں کرنا۔ سورۃ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِيَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِيَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

قرض لے کر نہ دینا یا کسی کے مال و جائیداد پر قبضہ کر لینا

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر یا جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کے لئے روزانہ تین بار سورۃ یٰسین شریف ایک وقت مقرر پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے قرضہ وصول نہ ہو جائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ

ہوجائے گی اور پیشاب فطری انداز میں آنے لگے گا اور آپریشن
کرانے کی ضرورت بھی نہیں پڑے گی۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۙ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۙ

اوپری اثرات کے سبب باہر گھومنا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ہر وقت باہر گھومتا ہے گھر میں نہیں رہتا اور نہ کسی قسم کا کہنا مانتا ہے اور نہ کوئی کام کاج کرتا ہے۔ گھر والے اس سے بہت پریشان ہیں تو اس کا حل یہ ہے کہ معوذتین یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس باوضو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر دیں اور چار وقت (صبح ناشتہ سے قبل، دوپہر کو کھانے سے قبل، عصر کے بعد اور بعد نماز عشاء) مریض کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس دن روزانہ کرنا ہے

ناغہ نہیں کرنا۔ سورۃ الفلق یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَلَقِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

قرض لے کر نہ دینا یا کسی کے مال و جائیداد پر قبضہ کر لینا

اگر کوئی بدنیت اور ٹھگ ذہنیت کا مالک ہو اور کسی کے مال پر یا جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لے یا رقم لے کر واپس نہ کرے تو اس کے لئے روزانہ تین بار سورۃ یٰسین شریف ایک وقت مقرر پر پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے قرضہ وصول نہ ہو جائے یا جائیداد کا قبضہ بحال نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ

اس عمل کی برکت سے مال وصول ہو جائے گا اور
جائیداد کا قبضہ مل جائے گا۔

پڑوسی کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کسی کا پڑوس خراب ہو اور پڑوسی پریشانی
کا سبب ہوں اور طرح طرح سے تنگ کرتے ہوں،
ستاتے ہوں اور لڑائی جھگڑا کرتے ہوں یا جادو
سفلی کراتے ہوں تو ان کے شر اور فتنہ سے بچنے
کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول پانچ بار درود
شریف پڑھے (نماز والا درود سب سے بہتر ہے
وہی پڑھ لے) اس کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ
یَا حَفِیْظُ یَا حَافِظُ
پڑھے اس کے بعد پانچ بار درود شریف پڑھ کر
پڑوسیوں کی اصلاح وہدایت کی دعا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے پڑوسی ہر قسم
کے شر اور فتنہ انگیزی سے باز آجائے گا۔

شوہر کے بے جا ظلم اور مار پیٹ کا خاتمہ

اگر شوہر ظالم ہو اور بیوی کو بات بات پر گالیاں
دیتا ہو، ظلم کرتا ہو، مار پیٹ کرتا ہو اور سب بچوں
کے سامنے بیوی کو مارتا ہو تو اس کی اصلاح اور اس کے

ظلم سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے
بیوی کو چاہیئے کہ وہ
سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝
کثرت سے پڑھے
اور روزانہ ایک تسبیح (ایک سو بار)
قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ۝
پڑھے۔ اول وآخر درود شریف تین تین بار ضرور پڑھے۔
نیز سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝ کو
ایک سو بار پڑھ کر چینی، شربت، دودھ پر دم کر کے شوہر
کو پلائے۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ شوہر کے مزاج میں نرمی آئے گی اور ظلم و
زیادتی کرنے سے رک جائے گا۔

سب گھر والوں کی بیماری اور پریشانی سے نجات

اگر مکان میں ہر وقت کوئی نہ کوئی بیمار رہتا ہو۔ ایک
اچھا ہوا دوسرا بیمار ہو گیا، دوسرا ابھی اچھا ہونے نہ پایا
کہ تیسرا بیمار ہو گیا تو ایسی صورت میں گھر بھر پریشان رہتا
ہے۔ اور گھر میں طرح طرح کی پریشانیاں بڑھتی جاتی ہیں۔
لوگوں کا قرض ادا نہیں ہوتا کہ نیا قرض چڑھ جاتا ہے اس
مصیبت سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔
ہر جمعرات کو بعد نماز ظہر ایک بوتل میں سات نل کا

یا سات کنوؤں کا یا سات برموں (ہینڈ پمپ) کا یا ندی، نہر، دریا، تالاب کا پانی بھر لیں۔

سات بار درود شریف (درود شریف نماز والا درود ابراہیمی پڑھیں) اس کے بعد سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کریں جب پہلا مبین آئے سات بار الحمد شریف (سورۃ فاتحہ مکمل) پڑھیں پھر آگے پڑھنا شروع کریں جب دوسرا مبین آئے سات بار سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ پھر آگے سورۃ پڑھنا شروع کریں اسی طرح ہر مبین پر سات بار الحمد شریف پڑھتے جائیں۔ پھر سورۃ ختم کرکے سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس بوتل پر دم کر دیں۔ پھر اس بوتل کے پانی میں سے تھوڑا تھوڑا صبح و شام گھر کے ہر فرد کو روزانہ پلایا جائے۔ یہ پانی اگلی جمعرات تک ختم ہو جائے۔

اگلی جمعرات کو پھر ظہر کے بعد یہی سورۃ یٰسین شریف اسی ترکیب سے پڑھنی ہے اور ایک بوتل پانی پر دم کرکے اس سے اگلی جمعرات تک سب گھر والوں کو پانی پلانا ہے۔

یہ عمل ہر جمعرات کو کرے چالیس۴۰ دن میں جتنی جمعرات آئیں ان میں یہ عمل برابر کرتے رہیں۔ ایک یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر کا ہر ہر فرد صحت مند اور چاق و چوبند رہ جائے گا اس سے سستی، کاہلی دور ہو جائے گی۔ بہت مجرب عمل ہے۔

پریشان حالی اور بے روزگاری

بعض لوگ اپنے غلط کاموں کی وجہ سے پریشانیوں میں گھر جاتے ہیں اور انہیں احساس نہیں ہوتا کہ ہم جو غلط کام کرتے رہے ہیں یا کر رہے ہیں یہ اسی کار بد کا نتیجہ ہے لیکن ایسے لوگ اپنی غلطی کو ماننے کے بجائے دوسرے اہل خاندان اور اپنے بزرگوں، والدین اور بھائی بہنوں کو اس کا ذمہ دار سمجھتے ہیں اور ایسا شخص سب سے بدگمان رہتا ہے اور سب خاندان والوں سے جھگڑا کرتا رہتا ہے اور اپنی محرومی اور پریشانی کو سفلی جادو کا اثر سمجھتا ہے۔

نتیجہ یہ ہے کہ وہ خود اپنے کئے کی وجہ سے پریشان رہتا ہے اور پورے خاندان کو پریشان کرکے رکھتا ہے۔

ایسی صورت میں ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ شخص نماز باجماعت پانچوں وقت کی پابندی کرے اور بعد ہر نماز اکیس۲۱ بار درود شریف پڑھے۔ اور بعد نماز عشاء کھلے صحن میں آسمان کے نیچے (یعنی اس کے سر پر کسی چھت، سائبان یا درخت کی ٹہنیوں کا سایہ نہ ہو) ننگے پاؤں (پاک زمین پر۔ اگر زمین پاک نہ ہو تو دھولیں) ننگے سر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ

یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ

پڑھا کرے یہ عمل اکتالیس[۴۱] دن کرنا ہے انشاء اللہ تعالیٰ
ایک چلہ پورا نہیں ہو گا کہ کسی جگہ روزگار لگ جائے گا۔
اور جیب خالی نہیں رہے گی۔

شادی کے لئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو یا شادی
کی بات بن کر ٹوٹ جاتی ہو یا بالکل رشتہ ہی نہ آتا ہو
یا آتا ہو تو ایک مرتبہ آکر دوبارہ نہ آتے ہوں تو ایسی
صورت میں مندرجہ ذیل تعویذ باوضو عرق گلاب میں
زعفران گھول کر لکھ کر موم جامہ کر کے لڑکے یا لڑکی کے
گلے میں باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم
ہو کر رشتہ ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥
وَيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ٥
نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ط
اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ج
اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ٥

برص (سفید داغ) کا مرض

بعض مرتبہ جسم کے مختلف حصوں پر سفید سفید
داغ ظاہر ہو جاتے ہیں اور بعض مرتبہ وہ پھیلتے اور

مختلف حصوں پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں جس سے انسانی جسم
کی خوبصورتی متاثر ہوتی ہے۔ اور انسان دوست احباب
میں تنقید کا نشانہ بنتا ہے یا شرمندگی کے باعث اپنے احباب
کی ملاقات سے گھبراتا ہے۔ ایسا اکثر ناقص غذا کے استعمال
سے ہوتا ہے۔ اس کا روحانی علاج یہ ہے۔

ہر چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں (۱۳،
۱۴، ۱۵) تاریخ کو روزہ رکھیں اور افطار سے قبل
برص سے نجات کی دعا کریں۔

اس کے علاوہ روزانہ بعد نماز عشاء اول تین[۳] بار
درود شریف (نماز والا درود) پڑھیں اس کے بعد
ایک سو[۱۰۰] بار

یَا مَجِیْدُ

پڑھیں۔ آخر میں تین[۳] مرتبہ درود شریف پڑھ کر برص
سے نجات کی دعا کریں، پنج وقتہ نماز کی پابندی کریں۔
انشاء اللہ تعالیٰ برص کے داغ آہستہ آہستہ بالکل مٹ
جائیں گے۔ یہ عمل مسلسل کریں ناغہ نہ کریں اور جب تک
داغ دور نہ ہوں برابر کرتے رہیں۔

بے جا بزدلی اور غلط خوف کا علاج

بعض مرتبہ آدمی بلاوجہ بزدلی کا شکار ہو جاتا ہے
اور انجانا خوف اس پر طاری ہو جاتا ہے اس کے

سبب وہ چند آدمیوں کے سامنے بھی بات کرنے سے
خود کو مجبور پاتا ہے۔ اور اگر کسی شادی بیاہ کی تقریب
میں شرکت کا معاملہ ہو تو اس سے دل گھبراتا ہے اور
اگر کوئی زور زور سے گفتگو کرے تو اس کا دل ہلنے
لگتا ہے۔

اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مذکورہ شخص ہر وقت
باوضو رہے جب بھی وضو ٹوٹے فوراً وضو کر لے، وضو
کر کے رات کو سوئے۔

دوسری بات یہ ہے کہ روزانہ ایک مرتبہ باوضو
سورۃ یٰسین شریف پڑھ لے ناغہ نہ کرے۔

روزانہ صبح کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار (۱۰۰)

یَا مُؤْمِنُ

پڑھا کرے
اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک سو بار (۱۰۰)

یَا قَادِرُ

پڑھا کرے
اور چلتے پھرتے اُٹھتے بیٹھتے یعنی ہر حالت میں درود
شریف (درود ابراہیمی) کا ورد رکھے اس کی کوئی تعداد
مقرر نہیں ہے جتنا پڑھ سکے پڑھ لے۔

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات
کاملہ پر پورا بھروسہ کر کے اور یقین پکا کر کے عمل کرے

انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بزدلی اور بے جا خوف سے
نجات حاصل ہو گی۔

حافظہ تیز ہونے کے لئے

اگر کسی کا حافظہ کام نہ کرتا ہو یا وہ کوئی کتاب یا
قرآن پاک یاد کر کے بھول جاتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل
بہت مجرب ہے۔

نماز فجر کے بعد روزانہ باوضو سورۃ مدثر (پ ۲۹) پڑھا
کریں۔ قرآن شریف میں دیکھ کر نہیں پڑھنی بلکہ زبانی
بلا دیکھے پڑھنی ہے۔

دوسرے یہ کہ باوضو سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ (پ ۳۰) عرق
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر نہار منہ
(ناشتہ سے قبل) پانی سے دھو کر پی لیں یہ عمل چالیس
دن تک مسلسل بلا ناغہ کریں۔ اس عمل کی برکت سے
انشاء اللہ تعالیٰ قرآن حکیم بھی یاد ہو گا اور دیگر چیزیں بھی
یاد رہیں گی۔ یہ بہت مجرب عمل ہے۔

سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ

ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

طبیعت میں استقلال اور غصہ میں کمی کا عمل

اگر کسی کو بات بات پر غصہ آتا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر آپے سے باہر ہو جاتا ہو تو ایسی صورت میں کثرت سے درود شریف (درود ابراہیمی) نماز والا پڑھا کرے۔ اس میں وضو بے وضو کی قید نہیں ہے ہر وقت پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے جا غصہ میں کمی آجائے گی اور طبیعت میں اعتدال پیدا ہوگا۔

طبیعت میں مستقل مزاجی کے لئے باوضو اول سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو اسی (۱۸۰) بار

یَا وَدُوْدُ

پڑھیں۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل کسی بھی نماز کے بعد کیا جا سکتا ہے بہتر یہ ہے کہ عشاء کی نماز کے بعد کرے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء تعالیٰ طبیعت میں مستقل مزاجی پیدا ہوگی اور ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ شرط یہ ہے کہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔

گھر میں دل نہ لگنا، لڑائی جھگڑا، بے روزگاری

کسی سفلی جادو اور گندے علم سے گھر بھر کا سکون برباد ہو جاتا ہے گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے بات بات میں آپس میں اختلاف پیدا ہوتا ہے۔ ہر شخص گھر سے باہر خوش اور سکون سے رہتا ہے لیکن جیسے ہی گھر میں داخل ہوا کہ مزاج بگڑ جاتا ہے۔ بلاوجہ غصہ آتا ہے۔ لڑنے کو طبیعت چاہتی ہے۔ گھر میں بے رونقی اور بے برکتی رہتی ہے گھر کے افراد جو کچھ کماتے ہیں اسمیں گذارہ نہیں ہوتا اور بے روزگار ہوتے جاتے ہیں جہاں کامیابی کے لئے کوشش کرتے ہیں وہیں ناکامی ہوتی ہے۔ قرض کا بوجھ روز بروز بڑھتا جاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔

سب سے پہلے سمندر کا یا دریا، یا سات کنویں کا پانی لاکر نل کے پانی میں ملا کر پورا گھر اس طرح دھوئیں کر سارا پانی بہہ جائے۔

دوسری بات یہ کریں کہ باوضو خود یا کسی حافظ یا قرآن پڑھنے والے سے سورۂ بقرہ وقت مقررہ پر روزانہ اکتالیس (۴۱) دن تک پڑھوائیں اور ایک بڑے نئے کورے مٹکے کو دھو کر اس میں پانی بھر کر دم کرالیں اور وہ پانی چار وقت مکان کے ہر کونے میں چھڑکیں اور چار ہی وقت

سب گھر والوں کو پلائیں۔

نیز ہر جمعرات کو سورۂ یٰسین شریف تین مرتبہ باوضو خود پڑھیں یا کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرائیں۔ سورۂ یٰسین شریف (پ ۲۲) پڑھنے سے پہلے گیارہ بار درود ابراھیمی (نماز والا درود شریف) اور یٰسین شریف ختم کرنے کے بعد گیارہ بار درود ابراھیمی پڑھیں پانی غسل خانے یا پاخانے میں نہ چھڑکا جائے البتہ باورچی خانے میں اور کمروں اور صحن میں چھڑکا جائے۔ چھڑکنے اور پانی پینے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر زوال سے قبل (گیارہ بجے)
۳۔ بعد نماز عصر
۴۔ بعد نماز عشاء

گھر کا ہر بالغ فرد نماز باجماعت ادا کرے۔ نماز نہ ترک کرے نہ قضا کر کے پڑھے۔ ہر پنج وقتہ نماز کے بعد ایک تسبیح درود شریف کی پڑھے اور ایک تسبیح

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

کی پڑھے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گھر کے حالات بدل جائیں گے۔ روزگار کا انتظام ہو جائے گا گھر کی بے رونقی ختم ہو جائے گی تمام پریشانیوں اور

لڑائی جھگڑے سے نجات ملے گی۔

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لئے

امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ایک ۱۰۰ سو بار

یَا حَسِیْبُ

پڑھیں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں اچھے نمبروں میں کامیابی حاصل ہوگی شرط یہ ہے کہ یہ عمل مسلسل بلا ناغہ کیا جائے اور نماز کی پابندی کی جائے۔

اچھے کالج میں داخلہ کے لئے ایک سو بار

یَا عَظِیْمُ

ہر جمعرات کو بعد نماز عشاء باوضو پڑھ لیا کریں۔ اول و آخر سات بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

مقبولیت عامہ حاصل کرنے کے لئے

عام لوگوں میں خود کو پسندیدہ اور مقبول عام بنانے کے لئے مندرجہ ذیل نقش چاندی کی انگوٹھی پر پیر کے دن کسی باعمل عامل سے باوضو کندہ کرالے اور پھر اس انگوٹھی کو اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے برابر والی انگلی میں پہن لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ عوام سب اس کو چاہیں گے۔ اس سے محبت کریں گے اور عوام میں ایسے شخص کو زبردست مقبولیت حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱	۲۶	۱۹
۲۰	۲۲	۲۴
۲۵	۱۸	۲۳

لوگوں کی نظروں میں عظمت حاصل کرنا

کوئی شخص معاشرہ میں بے عزت ہو اور کوئی شخص اس کی عزت نہ کرتا ہو بلکہ اسے حقارت سے یاد کیا جاتا ہو تو معاشرہ میں عزت کا مقام حاصل کرنے کے لئے چاند کی شروع کی پہلی جمعرات سے یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں عزت و وقعت قائم ہوگی ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا۔

وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف (درود ابراھیمی) پڑھے اس کے بعد روزانہ ایک ہزار مرتبہ

یَا وَدُوْدُ

پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا مانگے یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی

حاصل ہوگی۔

لوگوں کو اپنا مطیع کرنا

اگر لوگ مخالف ہوں اور ہر طرح سے مخالفت کرتے ہوں کسی طرح باز نہ آتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور پہلے ہر خالی خانے پر پانچ مرتبہ سورۂ نصر پڑھ کر دم کردے اس کے بعد بہتر (۷۲) بار

یَا بَاسِطُ

پڑھے اور پھر نقش بھر کر موم جامہ کر کے اس نقش کو اپنی ٹوپی میں سی کر سر پر رکھ لے۔ یا کسی بھاری وزن دار پتھر کے نیچے دبا دے یا آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، چشمہ، سمندر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ہی دن میں سارے مخالف محبت کرنے لگیں گے۔ اور اطاعت گذاری اور فرمانبرداری اختیار کرلیں گے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یَا بَاسِطُ	۳۰

سورۂ نصر یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۚ

خلقت میں مقبولیت حاصل کرنا

چاند کی شروع کی پہلی شب جمعہ (جمعرات کے دن سے بعد والی رات) سے یہ عمل کرے۔ عمل یہ ہے۔

عشاء کی نماز کے بعد غسل کرے۔ سفید دھلے ہوئے کپڑے پہنے پھر دو نفل نماز پڑھے اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر ایک ہزار بار چہل کاف ایک ہی بیٹھک میں پڑھے پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اکتالیس دن تک یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق اس شخص سے محبت کرے گی اس کو اپنا بڑا سمجھے گی اور اس کی بات میں وزن پیدا ہو جائے گا۔

چہل کاف یہ ہے۔

کَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةٌ كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكَا كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

حب کا عمل

جنگلی کبوتروں کا ایک جوڑا پکڑ کر لائے۔ چاند کی بارہویں یا تیرہویں یا چودہویں رات آدھی رات کے بعد کسی پیپل کے درخت کے نیچے بیٹھ کر اس پیپل کے دس بارہ پتے توڑ کر لائے پھر ان پتوں پر کالی روشنائی سے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے۔ نقش یہ ہے۔

٦٠١٠	٦٠١٣	٦٠١٦	٦٠٠٢
٦٠١٥	٦٠٠٣	٦٠٠٩	٦٠١٤
٦٠٠٤	٦٠١٨	٦٠١١	٦٠٠٨
٦٠١٢	٦٠٠٧	٦٠٠٥	٦٠١٧

یہ نقش ہر ایک پتے پر الگ الگ لکھے پھر ان پتوں کو بچھا کر ان پر دونوں کبوتروں کو ذبح کرے (بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہہ کر ذبح کرے) اور ہر پتے پر خون ٹپکائے۔ پھر ان سب پتوں کو سکھا کر جلا دے اور ان کی راکھ محفوظ کرلے۔ اس کے بعد اس راکھ میں یہ تاثیر پیدا ہوگی کہ یہ راکھ جس شخص کے جسم پر۔ ہاتھ پر۔ پیشانی پر یا سر پر مل دے گا تو وہ عامل پر فریفتہ ہوگا۔

ف: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنے کی اجازت ہے ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو ناکام

رہے گا اور نقصان اٹھائے گا۔ لہٰذا صرف جائز مقصد
کے لئے کرے ورنہ اس عمل سے پرہیز کرے تاکہ تباہی
سے بچ جائے۔

عزیز خلائق بننے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ لوگوں میں ہر دلعزیز
بن جائے اور ہر شخص اس کی عزت کرے اور اس کو عزت
وتکریم سے دیکھیں۔ اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔
نیا چاند طلوع ہونے کے بعد پہلی جمعرات کو سفید
نئے کپڑے پہنے پھر توت کے پانی سے مندرجہ ذیل آیات
مبارکہ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مرد اپنی ٹوپی میں رکھ لے
اور عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ اس کی برکت
سے انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا میں خوب عزت
پائے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِیْنٍ ۚ
ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِیْ قَرَارٍ مَّكِیْنٍ ۪ ثُمَّ
خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً
فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ
ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ
الْخٰلِقِیْنَ ؕ

تسخیر عالم کے لئے

دنیا کے لوگوں میں عزت کا مقام پانے اور تسخیر
عالم کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور فوراً اپنی تاثیر دکھانے
والا ہے۔
چاند دکھائی دینے کے بعد پہلی جمعرات کو بعد نماز
عشاء اول سات بار درود شریف پڑھے پھر سات بار
درود شریف پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کرے۔ یہ عمل
مسلسل سات دن تک کرنا ہے ناغہ نہیں کرنی۔ روزانہ
اس روغن چنبیلی کو وقت ضرورت اپنے دونوں رخساروں
اور ابروؤں پر ملے۔ جس کسی حاکم افسر کے پاس جائے گا وہ
اس کی خوب عزت کرے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ
نَذِیْرًا ۙ وَّدَاعِیًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا ۝
وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِیْرًا ۝
وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ
عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِیْلًا ۝

مخلوق میں عزت وعظمت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں

اور اسے محبت و پیار دیں تو اس کے لئے بعد نماز مغرب
اول سات مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات مرتبہ یہ آیات
مبارکہ پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ درود شریف پڑھے
انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس۴۱ دن عمل کرنے کی برکت سے اس
کے اثرات ظاہر ہوں گے اور خلائق کی نظروں میں عزت
اور ہیبت پیدا ہو گی۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ ساری عمر باعزت رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝
سَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰۤى اِلْ یَاسِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝
سَلٰمٌ عَلٰۤى اِبْرٰهِیْمَ ۝

سُوْرَۃُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَ مَاۤ اَدْرٰىكَ
مَا لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَیْلَةُ الْقَدْرِ ۝ خَیْرٌ مِّنْ اَلْفِ
شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىٕكَةُ وَ الرُّوْحُ فِیْهَا بِاِذْنِ
رَبِّهِمْ ۝ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ قف هِیَ حَتّٰى مَطْلَعِ
الْفَجْرِ ۝

سَلٰمٌ عَلَیْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ ۝

جسم کے ہر حصّہ کا درد ختم

اگر کسی شخص کے جسم کے کسی بھی حصّے میں درد ہوتا ہو اور اس
کے سبب بہت پریشان ہوتا ہو اور کام کاج مشکل ہو گیا ہو تو اس
کے لئے باوضو چودہ سو ستر (۱۴۷۰) بار یہ آیت پڑھ کر تیل پر دم کریں
اسی کے ساتھ ایک کورے مٹکے پانی پر بھی دم کر دیں۔

یہ تیل رات کو سوتے وقت جسم میں جہاں جہاں درد ہے
ہلکی مالش کر لیں۔ دم کیا ہوا پانی تین گھونٹ رات کو سوتے
وقت پی لیں۔ انشاء اللہ جسم کے ہر حصّے کا درد ختم ہو جائے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ۝

چہرے کی چھائیاں

بعض مرتبہ معدہ کی گرمی کے سبب چہرے پر چھائیاں ہو جاتی
ہیں جس کے سبب چہرہ بدنما اور بدصورت ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے
یہ عمل مفید ہے۔

لیموں کا عرق نکال کر اس پر وَصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ
صُوَرَكُمْ اکیس۲۱ بار پڑھ کر دم کریں۔ یہ عرق سوتے وقت چہرے
پر مل لیں کریں صبح کو اٹھ کر نیم گرم پانی سے وضو کریں۔ اکیس۲۱ دن
مسلسل یہ عمل کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ چہرے کی جھائیاں ختم ہوجائیں گی۔

عورتوں کی بیماری

عورت کو حمل کے دوران بہت کمزوری ہوجاتی ہے اور اس کی طبیعت ہر وقت گری گری رہتی ہے۔ کام کاج کو دل نہیں چاہتا۔ ایسی صورت میں رات کو سوتے وقت ایک گلاس پانی کا بھر کر اس پر باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے عورت کو پلا دیا جائے۔

اول و آخر تین بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؏

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرٰهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

ہر قسم کی بندش کھولنے کے لئے

آج کل حسد و بغض اور دشمنی کا دور دورہ ہے۔ ہر شخص دوسرے کو خوش حال، آرام سے رہنے نہیں دیتا اور اس فکر میں دبلا ہو ہوجاتا ہے کہ یہ شخص اس قدر دولت میں کیوں کھیل رہا ہے۔ اس کو کوئی بیماری کیوں نہیں ہے۔ اس کی سب لڑکیوں کی شادی کیوں ہوگئی اس کے سب لڑکے پڑھ لکھ کر برسر روزگار کیوں ہوگئے۔ بس یہ دکھ اسے چین نہیں لینے دیتا اور ہزاروں لاکھوں روپیہ اس شخص کی اور اس کی اولاد کی زندگی تباہ کرنے میں لگا دیتا ہے عاملوں، جادو سفلی کرنے والوں کی چوکھٹوں پر سر رگڑتا رہتا ہے کہ کسی طرح یہ خوش حال شخص فقر و فاقہ کا شکار ہوجائے اور اسے طرح طرح کی بیماریاں لپٹ جائیں جو لاعلاج ہوں۔

اگر اس طرح کوئی شخص یہ محسوس کرے کہ اس کا روزگار کم ہوتا جارہا ہے اس کی صحت گرتی جارہی ہے، اولاد نافرمان بن گئی ہے۔ لوگ اس سے ملنے سے گریز کرتے ہیں۔ گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہے۔ جوان لڑکیاں شادی کی آس میں بڑھاپے کی حد میں داخل ہوگئی ہیں تو اسے چاہیے کہ یہ عمل کرے تاکہ ہر قسم کے جادو سفلی کی کاٹ ہوسکے اور اس کی زندگی پھر سے کامیابی کی راہ پر رواں ہوجائے۔ عمل یہ ہے:

سب گھر والے نماز باجماعت کی پابندی کریں۔ اور اگر ممکن

ہو تو چالیس آدمی حج کر کے ہر ایک آدمی سورۂ بقرہ ایک مرتبہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر دم کرے اسی طرح چالیس آدمی سورۂ بقرہ پڑھ کر مٹکے پر دم کر دیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو یہ کرے کہ خود ہی یا کسی حافظ سے سورۂ بقرہ اکتالیس (۴۱) دن پڑھوالے اور سورۂ بقرہ پڑھ کر ایک مٹکے پانی پر روزانہ دم کرائے۔

اگر سورۂ بقرہ زبانی یاد نہ ہو تو قرآن شریف میں دیکھ کر بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ عورت بھی پڑھ سکتی ہے، مرد، لڑکی، لڑکا بھی پڑھ سکتا ہے۔ ایک بوتل کے ڈھکن میں تین سوراخ کر کے اس کے ذریعے یا گلاب پاش کے ذریعے پانی ہر کرے، باورچی خانے کے کونوں میں چار وقت یہ پانی چھڑکیں اور چار وقت ہی سب گھر والوں کو یہ پانی پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے نوکریاں لگ جائیں گی، لڑکیوں کی شادی ہو جائے گی، لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔ گھر میں اور آمدنی میں خیر و برکت ہوگی۔ تمام بیماریاں دور ہو جائیں گی۔

چار وقت چھڑکنے اور پینے کے یہ ہیں:

۱۔ بعد نماز فجر ناشتہ سے قبل۔
۲۔ دوپہر کو گیارہ بجے۔
۳۔ بعد نماز عصر۔
۴۔ بعد نماز عشاء

اگر چار وقت نہ چھڑک سکے اور نہ چار وقت پی سکے تو صبح و شام ہی چھڑک لے اور پی لے۔

حافظہ میں تیزی اور امتحان میں کامیابی

حافظہ میں ترقی اور تیزی کے لئے ہر پڑھا ہوا سبق یاد رہے ہر فرض نماز کے بعد سورۂ الم نشرح (پوری سورت) تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے۔

امتحان میں کامیابی کے لئے روزانہ بعد نماز عشاء ایک سو (۱۰۰) بار

یَا حَسِیْبُ

پڑھے اور سینہ پر دم کر لے۔ امتحان کے دوران کثرت سے یَا حَسِیْبُ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔

سورۂ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۭ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۭ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

نفرت کو محبت اور دشمنی کو دوستی میں بدلنا

اگر دو دوستوں میں باہمی اختلاف پیدا ہو گیا ہو یا دو خاندان میں کسی وجہ سے میل ملاپ ختم ہو گیا ہو اور آپس میں ملنا جلنا ختم ہو گیا ہو تو ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید اور کارگر ہے۔

ایک کلو مصری یا شکر یا مٹھائی پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ سو بار:

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اس مصری، شکر یا مٹھائی پر دم کر کے ناراض لوگوں کو کھلا دیں۔ اگر کھلانا ممکن نہ ہو تو سجدے کی حالت میں اکیلے کمرے میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر سجدے ہی میں ناراض لوگوں کی محبت اور میل ملاپ کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنی دور ہو کر دوستی میں بدل جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔

سر کے بالوں کا جھڑنا

اکثر لڑکیوں کے سر کے بال جھڑنے لگتے ہیں بعض مرتبہ تو یہ دماغ کی کمزوری کا سبب ہوتا ہے۔ دوسرے کسی سحر، جادو، سفلی اور آسیبی اثرات کے سبب ہوتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بال جھڑنا بند ہو جائیں گے۔ عمل یہ ہے:

سرسوں یا کھوپرے کے تیل پر باوضو اکتالیس ۴۱ مرتبہ سورۃ وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی (پوری سورت، پارہ نمبر ۳۰) پڑھ کر دم کر لیں۔ اس تیل کی روزانہ سوتے وقت رات میں سر پر مالش کر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کچھ دن عمل کرنے سے سر کے بال جھڑنا بند ہو جائیں گے اور اسی طرح اگر کسی کے داڑھی کے بال گرنے لگیں تو اس کے لئے بھی یہ عمل مفید ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰۤی ۙ اِنَّ سَعْیَكُمْ لَشَتّٰی ۭ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ۭ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۙ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۙ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ۭ وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰی ۭ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ۚۖ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ۝ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۚ لَا یَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَی ۙ الَّذِیْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۭ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ۙ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَكّٰی ۚ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰۤی ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ۚ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۚ

حافظہ کی کمزوری دور کرنا

اگر کسی کا دماغ اور حافظہ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ

ہوتا ہو تو اس کے لئے حافظہ کی کمزوری دُور کرنے کے لئے
اوّل باوضو گیارہ بار درُود شریف پڑھے اس کے بعد ایک
پاؤ روغن بادام (بادام کے تیل) پر اکتالیس (۴۱) بار سورۂ الم نشرح
پڑھ کر دم کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور دم
کرے۔ اس روغن بادام کو رات کو سوتے وقت ایک چمچہ
ایک کپ گرم دُودھ میں ڈال کر بچّے کو پلائیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ
دماغ کی کمزوری دور ہوگی اور بچّہ کا حافظہ کام کرے گا۔ وہ
جو کچھ پڑھے گا یاد رہے گا۔ درُود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

سُورۂ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ
الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۭ فَاِنَّ مَعَ
الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۭ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ
وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

بے جا وہم کا علاج

بعض مرتبہ لوگوں کے وہم کا مرض بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے
جس سے نہ صرف ان کی زندگی عذاب بن جاتی ہے بلکہ وہ دوسروں
کے لئے بھی عذاب بن جاتے ہیں۔ وہم کے سبب بار بار وضو کرنا
کپڑے پاک کرنا، کرسی، میز، پلنگ، مسہری، دری، چادر،
بستر سب بار بار پاک کرنا پھر بھی شک وشبہ دور نہیں ہوتا کہ
پاک ہوئے یا ابھی ناپاک ہیں ان کو بار بار پانی میں نکالنا اس
طرح سارا دن لگ جاتا ہے لیکن شک اور وہم پھر بھی باقی
رہتا ہے۔ گھر والے اس مرض سے پریشان اور مصیبت میں گھرے
رہتے ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے اس سے وہم کا
مرض ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے۔

مریض خود پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرلے یا کسی سے پڑھوا کر
پانی پر دم کرا کے وہ پانی پی لے۔ وہ عمل یہ ہے:

رات کو سوتے وقت ایک سو (۱۰۰) بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ط پڑھ کر سینے پر دم کریں اور اسی
طرح صبح کو بعد نماز فجر ایک سو (۱۰۰) بار اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ
الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط پڑھ کر سینے پر دم کرلیں۔ اکتالیس (۴۱) دن
بلاناغہ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہم کا مرض بالکل ختم
ہو جائے گا۔

لڑکے لڑکیوں کی شادی کا عمل

بعض مرتبہ کچھ مجبوریوں کے سبب بہت سے لڑکے اور
لڑکیاں کنوارے رہ جاتے ہیں۔ ان کی شادی میں طرح طرح
کی رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل مجرب ہے:
شادی کے لئے ہر بدھ کو یا ہر جمعہ کے دن بعد نمازِ عصر
باوضو سورۂ یوسف (پ۱۲) کی تلاوت کرے۔ لڑکا یا لڑکی خود پڑھ
لے یا گھر کا کوئی فرد پڑھ لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ جلد ہی کوئی مناسب رشتہ ہو جائے گا۔

گھر میں رزق کی فراوانی

گھر میں رزق کی کمی محسوس ہو یا گھر میں برکت نہ ہو جس
کے سبب ہاتھ تنگ رہتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔
رات کو عشاء کی نماز کے بعد اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے
پھر ایک سَو بار یَا وَاسِعُ پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ
درود شریف پڑھے اور دُعا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن تک کرے
انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں حاصل
ہوگا۔ نیز برکت کے لئے سب گھر کے افراد نماز کی پابندی کریں۔

دردِ سر کا علاج

سر کے درد سے نجات کے لئے سورۂ کوثر (پ۳۰) پوری سورۃ

باوضو سات بار پڑھ کر کوئی شخص سر میں دم کر دیا کرے ورنہ خود
سات بار پوری سورت پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم
کر کے اپنے تمام سر پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے
سے سر کا درد دُور ہو جائے گا۔
نیز یہ کہ مندرجہ ذیل حروف:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھ کر ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں
سی کر سر میں یا ٹوپی میں اور عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے بھی سر میں درد نہ ہوگا۔

وہ حروف یہ ہیں:

د م ط م ل ط

سورۂ کوثر یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

اوپری (آسیبی) اثرات سے نجات

بعض مرتبہ آسیبی اثرات کے سبب کچھ نہ کچھ پریشانیاں
بیماریاں اور وہمی خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں۔ آدمی کو
ایک پریشانی سے نجات نہیں ملتی کہ مزید دو پریشانیاں پیدا

ہوجاتی ہیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ آسیبی
اثرات ختم ہوجائیں گے اور طرح طرح کے وہم اور قسم قسم کی
بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔ باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف
پڑھیں پھر گیارہ بار سورۂ مُزمّل پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف
پڑھیں اور ایک بوتل پانی پر دم کرلیں پھر اس پانی کو چار وقت
پی لیں۔ ۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ گیارہ بجے دن

۳۔ بعد نماز عصر

۴۔ بعد نماز عشاء۔

یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کریں۔ نماز کی پابندی کریں اور روزانہ
ایک بار سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کرلیا کریں۔ اگر خود پڑھنا
نہ جانتا ہو تو کسی دوسرے سے پڑھوالے اور پانی پر دم کرالے اسی
طرح سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت بھی کسی سے کرالے۔

احتلام کا علاج

چڑھتی عمر میں اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہوجاتا ہے
اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو سوتے وقت دائیں ہاتھ
کی شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے اپنے
پیٹ پر عُمر فاروق اعظم رح

لکھ لیا کریں بغیر روشنائی کے صرف انگلی سے لکھیں۔ انشاءاللہ
تعالیٰ چالیس ۴۰ دن یہ عمل کرنے سے اس بیماری سے نجات مل
جائے گی۔ یہ عمل مجرّب اور آزمودہ ہے۔ حضرت عُمر فاروق
رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے شیطان بہت ڈرتا تھا اسی طرح ان کے
نام سے بھی بہت ڈرتا ہے۔ اس نام کی برکت سے وہ انسان
سے دُور رہے گا۔

خونی بواسیر سے نجات

خونی بواسیر کا مرض بہت خطرناک ہے اس سے انسان کا
خون بہہ جاتا ہے اور کمزوری بہت محسوس ہوتی ہے۔ اس کا فوری
علاج کرانا ضروری ہوتا ہے۔ یہ روحانی عمل بہت آسان اور
قابلِ عمل ہے۔ اس عمل کو اکتالیس ۴۱ دن کرنے سے انشاءاللہ
خونی بواسیر سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے:
ہر فرض نماز کے بعد صرف ایک بار سورۃ اعلیٰ (پ۳۰) پڑھ
لیا کرے۔ سورۃ اعلیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِىْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ
وَالَّذِىْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِىْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ
غُثَاۗءً اَحْوٰى ۭ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ
اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۭ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۚ فَذَكِّرْ

إِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۝ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۝ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۝ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۝ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۝

دوکان کی ترقی

بعض مرتبہ دوکان اور کاروبار ایک دم سے ٹھپ ہوجاتا ہے اور سارا سارا دن بیٹھ کر دوکاندار پریشان ہوجاتا ہے لیکن گاہک نہیں آتا۔ دوکان کی آمدنی اتنی کم ہوجاتی ہے کہ دوکان کا کرایہ اور گھر کا خرچ نکالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مجرب ہے۔ کسی نیک آدمی کے کرتے کا ایک ٹکڑا اس سے مانگ لیں اس کو دھو کر سکھا دیں۔ سوکھنے کے بعد اس کپڑے کے ٹکڑے پر یہ آیت باوضو لکھیں اور تعویذ کی شکل میں لپیٹ کر دوکان میں لٹکا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دوکان چل پڑے گی۔ اور اس قدر خیر و برکت ہوگی کہ نہال ہوجائیں گے یہ عمل ہر کاروباری شخص کرسکتا ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

قوت حافظہ کے لئے

جس کا حافظہ کمزور ہو جو یاد کرتا ہو بھول جاتا ہو اس کے سبب پڑھائی کا بہت حرج ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد اور مفید ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا۔ بلکہ جو کچھ یاد کرے گا۔ وہ یاد رہے گا۔ وہ عمل یہ ہے:

جس کا حافظہ کمزور ہو تو اس کو چاہیئے کہ سات روز تک مندرجہ ذیل آیات کو روٹی کے ٹکڑے یا بسکٹ پر باوضو کالی روشنائی سے لکھے اور روزانہ وہ ٹکڑا یا بسکٹ نہار منہ کھاتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ انتہائی تیز ہوجائے گی۔

آیات کے لکھنے کی ترتیب یہ ہے:

ہفتہ کے دن: فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ۔

اتوار کے دن: رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ۝

پیر کے دن: سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى ۝۔

منگل کے دن: اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۝

بدھ کے دن: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝

جمعرات کے دن: اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝

جمعہ کے دن: فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝

لگاتار چار ہفتے تک یہ عمل کریں۔ جس ترتیب سے لکھیں اُسی ترتیب سے کھائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ یہ عمل کرنے والا جو کچھ پڑھے

گا نقش ہو جائے گا اور یاد رہے گا۔

ناف کو درست کرنا

اس نقش کو باوضو بنا کر موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹلی ہوئی ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ تعویذ بالکل ناف پر باندھا جائے۔ اگر تعویذ ناف سے دوسری طرف چلا گیا تو ناف بھی اُدھر ہی چلی جائے گی۔ لہٰذا اس کا بہت خیال رکھا جائے۔ یہ نقش مسلسل چالیس روز تک باندھا جائے کہ ناف اپنی جگہ پر مضبوط ہو جائے۔ وہ نقش یہ ہے:

اس نقش کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک گول دائرہ بنالیں پھر اس کے چاروں طرف چار مرتبہ یا غفور دُ لکھیں اور انیس مرتبہ لفظ لو لکھدیں اور اس نقش کو موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اگر ناف ٹلی ہوئی ہوگی تو درست ہو جائے گی۔

دانت کے درد کا علاج

دانت کے درد کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے اس طرح کیلنے سے دانت کا درد کافور ہو جاتا ہے۔ دانت کو کیلنے کی ترکیب یہ ہے:

پاک زمین پر کچھ ریت ڈال دیں اور شہادت کی انگلی (دائیں ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے یا پاک لکڑی سے یہ حروف لکھیں:

ا ب ج د ہ و ز ح ط ی

اس کے بعد سب سے پہلے حرف پر لکڑی، کیل، چاقو یا چھری کی نوک رکھ کر اسے دبائیں اور سورۂ فاتحہ ایک بار پڑھیں پھر لکڑی یا کیل سے حرف پر زور دیں اور اس سے درد کی بابت دریافت کریں۔ جس کے دانت میں یا داڑھ میں درد ہو رہا ہے مریض اپنی انگلیوں سے اس دانت یا داڑھ کو پکڑ لے۔ جس کے دانت یا داڑھ میں درد ہے اس سے دریافت کرے کہ درد میں اب کوئی کمی ہوئی یا نہیں اگر درد باقی ہے تو مریض اپنی داڑھ کو جہاں درد ہے دو انگلیوں سے پکڑ لے اور عامل دوسرے حرف پر لکڑی رکھے اور اسی طرح اس لکڑی سے حرف پر زور دے کر سورۂ فاتحہ دو مرتبہ پڑھے اور پھر مریض سے درد کی بابت دریافت کرے۔ مریض دانت سے انگلی ہٹا کر

بتائے کہ اب درد ہے یا نہیں۔ اگر درد موقوف ہوگیا تو ٹھیک
ہے ورنہ اسی طرح ہر اگلے حرف پر سُورۂ فاتحہ ایک مرتبہ اور
زیادہ پڑھ کر مریض سے دریافت کرے۔ اسی طرح عمل کرتا جائے
انشاء اللہ تعالیٰ آخری حرف تک پہنچنے سے پہلے ہی درد ختم
ہوجائے گا۔ یہ بارہا کا آزمودہ نسخہ ہے اور بہت ہی مجرب
عمل ہے۔ سُورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ
يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ اِهْدِنَا
الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ
غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ

جسمانی کمزوری کا علاج

بعض مرتبہ تھوڑے تھوڑے عرصہ کے بعد صحت بگڑتی رہتی
ہے اور انسان بہت زیادہ کمزوری محسوس کرتا ہے۔ اس کمزوری
اور طرح طرح کی بیماریوں کے دفعیہ کے لئے یہ عمل تیر بہدف
ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوجائے گی۔
اور ہر قسم کی کمزوری دور ہوجائے گی وہ عمل یہ ہے:
باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھیں کہ ہر
مُبِیْن

کے لفظ پر سات بار سورۂ فاتحہ پڑھیں اسی طرح سورۂ یٰسین
شریف پڑھ کر ختم کرلیں اور ایک بوتل میں پانی بھر کر اس پر دم
کردیں۔ پھر اس پانی کو صبح نہار منہ اور سوتے وقت ایک ایک
گھونٹ پی لیا کریں۔ اکیس روز مسلسل یہ پانی استعمال کریں
انشاء اللہ تعالیٰ کمزوری دور ہوجائے گی۔ اگر اکیس دن میں یہ
بیماری اور کمزوری دُور نہ ہو تو دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اکیس
دن پھر استعمال کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیالیس (۴۲) دن کے استعمال پر
ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی اور جسم کی کمزوری اور
نقاہت ختم ہوکر بدن میں چستی اور پھرتی پیدا ہوجائے گی۔

دُبلے پن کا علاج

بعض مرتبہ بہت دُبلا پن اور دھان پان آدمی سب کی
تضحیک اور ہنسی کا باعث بنتا ہے۔ جسمانی کمزوری دور کرنے
کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔
دُبلے پتلے آدمی اپنے نام کے اعداد کے برابر روزانہ سوتے
وقت " یَا قَوِیُّ " پڑھا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند
ماہ اس عمل کی پابندی کرنے سے جسم موٹا اور فربہ ہوجائے گا
اور دُبلا پن ختم ہوکر بدن میں چستی پیدا ہوگی۔

حکیم، ڈاکٹر، وید، عامل کے ہاتھ میں شفا

بعض مرتبہ حکیم، ڈاکٹر، وید، عامل ہر طرح سے باکمال اور اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں لیکن ان کے ہاتھ میں شفاء نہیں ہوتی۔ وہی دوائیں جو یہ حکیم، ڈاکٹر، وید تجویز کرتے ہیں کوئی دوسرا کرے تو مریض صحتیاب ہو جاتا ہے۔ لیکن ان کا سارا کمال دھرا کا دھرا رہ جاتا ہے۔ ہاتھ میں شفاء کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔

سب سے پہلے معالج جسمانی ہو یا معالج روحانی، تکبر اور غرور نہ کرے اور بدنیت نہ بنے اور اپنے گناہوں سے توبہ کرے۔ نماز کی پابندی کرے۔ اللہ تعالیٰ سے ہر وقت اس کی رحمت اور ہاتھ میں شفاء کی دعا کرتا رہے۔ اس کے بعد صدقہ، خیرات اور غرباء کی مالی امداد کرتا رہے۔ ہر ماہ تین پرندے۔ طوطے، چڑیا، بدی خرید کر آزاد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ اس طرح کرنے سے شفاء کا سلسلہ شروع ہو جائے گا اور لوگ ہر طرف سے آنے لگیں گے اور حکمت و ڈاکٹری کی خوب شہرت ہو جائے گی۔

تعلیم سے دل اُچاٹ ہونے کا علاج

بعض مرتبہ کسی بچے یا بڑے کا تعلیم سے دل اُچاٹ ہو جاتا ہے۔ کتنا ہی مارو پیٹو، سزا دو وہ پڑھنے پر آمادہ نہیں ہوتا

اور گھر سے بھاگنے لگتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

ایک بوتل پانی پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں درمیان میں تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور روزانہ سوتے وقت تین گھونٹ پانی اس بچے کو پلا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس[۴۱] دن پانی پلانے کے بعد اس کو تعلیم کا شوق پیدا ہوگا اور بری عادتوں سے بھی نجات حاصل ہوگی۔

گھر کو جنات سے پاک کرنا

بعض مرتبہ خالی مکان پر جنات قبضہ کر لیتے ہیں۔ جب کوئی شخص اس مکان میں رہائش اختیار کرتا ہے تو یہ اسے طرح طرح سے تنگ کرتے ہیں۔ آئے دن لوگ مکان میں آتے ہیں اور چند دن کے بعد رخصت ہو جاتے ہیں۔ اس کا مستقل علاج یہ ہے کہ چالیس حفاظ قرآن پاک کو جمع کر کے ان سے ایک ایک مرتبہ سورۃ بقرہ پڑھوائی جائے۔ سب الگ الگ کمروں میں بلند آواز سے پڑھیں اور ایک کورے نئے مٹکے کو دھو کر پاک کر کے اس میں پانی بھر کر سب حافظوں سے دم کرا کر رکھ لیں، وہ پانی غسل خانہ اور بیت الخلاء کو چھوڑ کر سب کمروں، صحن، باورچی خانے کے کونوں میں چار

وقت ہلکا ہلکا چھڑکا جائے ۔ یہ پانی اکتالیس (۴۱) دن تک مسلسل چھڑکیں ناغہ نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام جن اس مکان سے نکل جائیں گے۔ اگر چالیس (۴۰) حفاظ کا انتظام نہ ہوسکے تو کسی ایک حافظ یا ناظرہ خواں کو مقرر کردیں جو روزانہ وقت مقررہ پہ ایک بار سورۃ بقرہ پڑھ کر پانی کے مٹکے پر دم کردیا کرے اسی میں سے پانی لے کر چار وقت چھڑک دیا کریں۔ پانی چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں:

۱- صبح آٹھ بجے
۲- دوپہر بارہ بجے
۳- شام کو بعد نماز عصر
۴- بعد نماز عشاء

قوتِ حافظہ اور امتحان میں کامیابی

بعض مرتبہ ذہین اور پڑھائی کے شوقین بچے قوتِ حافظہ کی کمزوری کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اس سے ان کی تعلیم اور ترقی متاثر ہوتی ہے۔ وہ جس معیار پر پہنچنا چاہتے ہیں اس میں حافظہ کی کمزوری رکاوٹ بن جاتی ہے۔

حافظہ کی کمزوری دور کرنے کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے:

ایک بوتل میں پانی بھر کر باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف

پڑھیں۔ اس کے بعد تین سو (۳۰۰) بار سورۃ الم نشرح (آخر تک) پڑھیں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں پانی پر دم کردیں۔ اس پانی کو سوتے وقت تین گھونٹ پلا دیا کریں۔ یہ پانی مسلسل (۴۱) اکتالیس دن پلائیں۔ صرف ایک دفعہ کا پڑھا ہوا پانی اکتالیس دن استعمال کریں۔

صبح نہار منہ بھنے ہوئے چنے پابندی سے کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ حافظہ تیز ہوگی۔ پڑھا ہوا یاد رہے گا۔ سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۭ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۭ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

امتحان کے شروع ہونے سے چند دن قبل بلا تعداد:

يَا حَسِيْبُ

پڑھتا رہے۔ اور امتحان کے کمرے میں بھی اس کو پڑھتا رہے۔ جب پرچہ شروع کرے تب پڑھنا بند کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے امتحان میں اعلیٰ نمبروں سے کامیابی ہوگی۔

تنبیہ: صرف وظیفہ کی بنیاد پہ امتحان میں کامیابی کی امید رکھنا غلط ہے۔ اپنی کتابوں کو خوب اچھی طرح سے یاد کیا کرے امتحانی تیاری

مکمل کر کے وظیفہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔ پہلے اسباب اختیار کرو کہ دنیا اسباب کا ذریعہ ہے پھر اللہ رب العزت کی ذات پر مکمل بھروسہ کر کے ذکر الٰہی کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی مدد طلب کرو۔

بچہ کا بار بار گھر سے باہر نکل جانا

بعض بچے باہر گھومنے اور باہر جانے اور کھیلنے کے اس قدر عادی ہو جاتے ہیں کہ انہیں نہ بھوک پیاس کا احساس ہوتا ہے اور نہ ہی گھر جانے کا خیال آتا ہے۔ گھر والے اس کا انتظار کر کر کے پریشان ہو جاتے ہیں۔ ایسی صورت میں رات کو جب بچہ سو جائے تو سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ تین سو بار پڑھ کر اس بچے پر دم کر دیا کرے۔ گیارہ دن لگاتار یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گھر میں رہنے لگے گا۔

دوکان چلنے کے لئے۔ دوکان مکان کی بندش

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور دوکان میں اس طرح لگائے کہ نقش دروازے کے مقابل ہو۔ اگر گھر کی بندش کی ہوئی ہے تو کمرے کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیں۔ اگر بندش ہوگی کھل جائے گی جادو سفلی ہوگا اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ دوکان خوب چلے گی۔ منافع بہت ہوگا۔

یہ نقش پکی کالی روشنائی اور لکڑی کے قلم سے موٹے حروف سے لکھے۔ نقش معظم یہ ہے:

یَا اَللّٰہُ	یَا رَحْمٰنُ	یَا رَحِیْمُ
یَا مَالِکُ	یَا رَزَّاقُ	یَا قَادِرُ
یَا رَزَّاقُ	قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ	یَا رَزَّاقُ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ	یَا رَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ
یَا رَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَا رَزَّاقُ

نوکری کی تلاش

جو شخص روزگار کے سلسلے میں پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد نوکری لگ جائے یا نوکری سے برخاست کر دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ جلد ملازمت بحال ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ اول تین روزے رکھے اور روزے کی حالت میں سات بار یہ درود شریف پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد نماز فجر میں روزانہ تین دن تک دس ہزار مرتبہ روزانہ

یَا رَزَّاقُ

پڑھے اس کے بعد یہ درود شریف سات بار پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ملازمت مل جائے گی یا ملازمت سے برخاست ہوا ہے تو ملازمت بحال ہو جائے گی۔

بیکار، بے روزگار، ملازمت سے برخواست

جو شخص بیکار ہو، بے روزگاری کے سبب پریشان رہتا ہو یا ملازمت سے نکال دیا گیا ہو اب پریشانی میں مبتلا ہو، گذارے کی دوسری شکل موجود نہ ہو۔ اس عمل کی برکت سے باعزت روزگار مل جائے گا۔ اس کے لئے سب سے پہلے ان تین اسماء کی زکوٰۃ ادا کرے وہ اسماء یہ ہیں:

یَا سَمِیْعُ - یَا وَاسِعُ - یَا رَزَّاقُ

زکوٰۃ کا طریقہ ترکِ حیوانات کے ساتھ یَا سَمِیْعُ کو ایک سو اکیانوے (۱۹۱) بار یَا وَاسِعُ کو ایک سو اڑتالیس (۱۴۸) بار اور یَا رَزَّاقُ کو تین سو انیس (۳۱۹) بار ایک ہی بیٹھک میں پڑھے۔ پڑھتے وقت لوبان کی دھونی دیتا رہے۔ اس طرح کہ لوہے کے برتن میں کوئلے جلا کر رکھ لے اور تھوڑی تھوڑی دیر بعد اس پر پسا ہوا لوبان چھڑکتا رہے اس طرح چالیس دن تک بعد نماز عشاء باوضو پڑھ کر چلہ ختم کرے اور چھوٹے بچوں کو شیرینی (مٹھائی) تقسیم کردے۔ اس طرح تینوں اسموں کا عامل ہو جائے گا۔ پھر بوقت ضرورت اپنے لئے یا کسی ضرورت مند کے یہی تین اسماء باوضو تین روز یا سات روز اسی تعداد میں پڑھے گا تو فوراً ملازمت ملے گی۔
جب کسی دوسرے کے لیے پڑھے تو اس کے لئے عمل ختم ہونے کے بعد یہ کلمات کم ازکم تین مرتبہ ہاتھ اٹھا کر زبان سے ادا کرے۔

وہ الفاظ یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ انْصُرْ فلاں بن فلاں۔ فلاں کی جگہ ضرورت مند کا نام لے اور بن کے بعد جو فلاں ہے اس کی جگہ اس کی والدہ کا نام لے مثلاً:

بشیر احمد بن شمیم بانو

انشاءاللہ تعالیٰ سات روز کے اندر اندر ملازمت مل جائے گی یا کسی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ ترک حیوانات کا مطلب ہے کہ چلے کے دوران ان چیزوں سے پرہیز کرے۔
ہر قسم کا گوشت، مرغی، انڈا، دودھ، گھی، دہی، چمڑے کی جوتی چمڑے کے ڈول سے کھینچا ہوا پانی، مٹھائی، پکوان تیل۔ کھیر، زچہ خانہ میں جانا۔ موت میں جانا ان سب باتوں کا پرہیز ہے۔

ملازمت کے لئے

یہ عمل ملازمت کے لئے بے نظیر ہے۔ اگر کوئی شخص کام کرنا چاہتا ہے اور بیکاری پیچھا نہیں چھوڑتی اس وقت یہ عمل کرے انشاءاللہ تعالیٰ ملازمت ضرور ملے گی اور اچھی ملازمت ملے گی یا پھر غیب سے کاروبار کے لئے رقم کا بندوبست ہو جائے گا۔ جب پریشانیاں حد سے زیادہ بڑھ جائیں اور تلاش کے باوجود بھی کہیں ملازمت نہ ملے تو مندرجہ ذیل نقش کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرے۔ اس نقش کے لکھنے میں کوئی پرہیز اور پابندی نہیں ہے۔ البتہ اس نقش کے وسیلے

سے ملازمت یا روزگار تلاش کرنے والا نماز کا پابند ہو جائے پنجوقتہ نماز پابندی سے ادا کرے۔ باجماعت نماز پڑھے تو بہت بہتر ہے۔ اس نقش کو ہمیشہ باوضو لکھے۔ اس نقش کو پہلے دن ایک نقش لکھے دوسرے دن دو نقش لکھے۔ تیسرے دن تین نقش لکھے اسی طرح روزانہ تعداد بڑھاتا جائے اور جب بیسویں دن بیسواں نقش لکھ لے اور آٹا گوند کر اس میں آٹے کی گولیاں بنا کر ان میں الگ الگ ایک ایک نقش لپیٹ کر سمندر، دریا، تالاب، نہر یا جھیل میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عرصہ میں ملازمت مل جائے گی اور روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔

خدانخواستہ اگر بیس دن میں کوئی صورت ملازمت کی نظر نہ آئے تو اگلے دن پھر بیس نقش لکھے اس کے بعد اگلے دن انیس نقش لکھے اسی طرح ایک ایک نقش گھٹا کر (کم کر کے) لکھے یہاں تک کر آخری دن ایک نقش لکھ کر ان سب نقوش کو آٹے کی گولیوں میں رکھ کر اسی طرح سمندر قریب ہو تو اس میں ڈال دے ورنہ جھیل یا نہر یا دریا یا تالاب میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اب ضرور ملازمت ملے گی یا کاروبار کے لئے رقم کا انتظام ہو جائے گا۔ یہ عمل بے حد مجرب ہے اور جب بھی اس کا تجربہ کیا گیا ہمیشہ کامیابی حاصل ہوئی۔ نقش یہ ہے:

۴۲۶

۶	۴	۱۰
۱۱		۲
۳		۸

۴ ۳ ۲

مال و زر میں اضافہ کے لئے

اس نقش کو کسی سنار سے باوضو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرالے اور اس انگوٹھی کو ہمیشہ سیدھے ہاتھ میں پہنے (انگوٹھے کے برابر والی کلمے کی انگلی میں) پہنے اس انگوٹھی میں چونکہ قرآنی آیت کندہ ہوگی اس لئے ناپاک حالت میں نہ پہنے اور نہ بیت الخلاء میں پہن کر جائے بلکہ ناپاک حالت میں فوراً انگوٹھی اتار دے اسی طرح بیت الخلاء میں جاتے وقت اُتار کر جائے۔ اگر کبھی بھول سے کوئی بداحتیاطی ہو جائے تو اس آیت کو جو اس انگوٹھی پر کندہ ہے ایک سَو بار پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر اس انگوٹھی پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ انگوٹھی پھر مؤثر ہو جائے گی۔ وہ آیت جو انگوٹھی پر لکھی جائے گی یہ ہے۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ۙ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ۙ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ۙ

انگوٹھی پر نقش اس طرح بنایا جائے۔

فق، استغف، رب، ان، ک، غف، ی، الس

لت، فروا، کم، ہ، ان، ارا، رسل، ماء

گھر میں خیر و برکت کے اثرات ظاہر ہونا

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے گھر میں خیر و برکت پیدا ہو۔ اور گذارہ بآسانی ہو۔ کسی کی محتاجگی باقی نہ رہے۔ اسے چاہیئے کہ وہ باوضو بعد نماز فجر ساٹھ بار یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ اوّل ایک بار درود شریف پڑھ کر گھر میں خیر و برکت کی دعا کر لیا کرے۔ وہ اسماء یہ ہیں:

یَا اَللّٰہُ ۔ یَا سَمِیْعُ ۔ یَا عَلِیْمُ ۔ یَا سَرِیْعَ الْحِسَابِ ۔
یَا وَاسِعُ ۔ یَا عَدْلُ ۔ یَا عَظِیْمُ ۔ یَا مُتَعَالُ ۔
یَا عَزِیْزُ ۔ یَا غَفُوْرُ ۔ یَا بَاعِثُ ۔ یَا فَعَّالٌ لِّمَا
یُرِیْدُ ۔ یَا رَافِعُ ۔ یَا مُعِیْدُ ۔ یَا مَانِعُ ۔ یَا نَافِعُ ۔
یَا جَامِعُ ۔ یَا بَدِیْعُ ۔

مرض معلوم کرنے کا عمل

مریض کے پاؤں کے ناخن سے لے کر سر تک ایک نیلے رنگ کا ڈورا (موٹا دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر سات (۷) مرتبہ اس پر سورۂ مُزّمل (پ۲۹) پڑھیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر دوبارہ اس ڈورے کو ناپیں۔ اگر چھوٹا ہو جائے تو سحر ہے اور اگر بڑھ جائے تو جن وغیرہ کا اثر ہے۔ جوں کا توں (برابر) رہے تو جسمانی بیماری ہے۔

بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اسے چاہیئے کہ سات روزے مسلسل رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے اور روزانہ روزہ کھولنے سے قبل باوضو

یَا مُصَوِّرُ

اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور اسی پانی سے روزہ افطار کرے۔ اس دوران میاں سے قربت کرتی رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو گی اور اللہ تعالیٰ کی رحمت سے نیک لڑکا پیدا ہو گا۔

سخت سے سخت مشکل آسان

اگر کوئی شخص کسی مشکل میں پھنس گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اس مشکل سے آسانی سے نجات مل جائے تو اسے چاہیئے کہ روزانہ سات دن تک ایک وقت مقرر کر کے اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر پانچ ہزار بار

یَا مُصَوِّرُ

پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان ہونے کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو گی یہ عمل قرض سے نجات حاصل کرنے، مقدمہ میں کامیابی کے لئے اور مفرور یا غائب کی واپسی کے لئے کیا جائے تو بھی کامیابی ہو گی۔

گم شدہ اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا غائب ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو بنائیں اور نقش کے نیچے مفرور یا غائب کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھیں اور اسے ہرے کپڑے میں لپیٹ کر کسی پھل دار درخت پر اس طرح لٹکا دیں کہ ہوا سے نقش ہلتا رہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۳	۸۷	۹۰	۷۶
۸۹	۷۷	۸۲	۸۸
۷۸	۹۲	۸۵	۸۱
۸۶	۸۰	۷۹	۹۱

زبردست آسیب کا آسان علاج

جس گھر میں آسیبی اثر ہو یا کسی لڑکے یا لڑکی پر جن بھوت پریت آسیب کا اثر ہو اس گھر میں ایک وقت مقررہ پر باوضو سورہ بقرہ پڑھی جائے اور ایک کورے اور نئے مٹکے میں پانی بھر کر اس پر دم کیا جائے۔ سب گھر کے افراد اس پانی کو چار وقت پیئیں اور مریض کو ہر وقت جب بھی پیاس لگے وہ پانی پلائیں اور چار وقت مکان کے ہر ہر کونے میں وہ پانی چھڑکیں صرف غسل خانہ اور بیت الخلاء میں نہ چھڑکیں، اسٹور، باورچی خانہ اور تمام کمروں کے کونوں میں ضرور چھڑکیں۔ پینے اور چھڑکنے کے اوقات یہ ہیں:

(۱) صبح سات بجے
(۲) دوپہر گیارہ بجے
(۳) شام پانچ بجے (بعد نماز عصر)
(۴) بعد نماز عشاء (رات دس بجے)

دوسرا عمل آسیب کے لئے:

فجر کی نماز پڑھ کر جنگل میں جا کر باوضو ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر بیری کا ایک پتہ توڑیں پھر آیۃ الکرسی پڑھیں اور دوسرا پتہ توڑیں اسی طرح آیۃ الکرسی پڑھتے جائیں اور بیری کے پتے توڑتے جائیں۔ سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنی ہے اور سات پتے توڑتے ہیں۔ اگر گھر میں یا گھر کے قریب بیری ہو تو اس سے ہی پتے توڑ لیں دور جانے کی ضرورت نہیں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ پتے سورج نکلنے سے پہلے توڑتے ہیں۔ ان پتوں کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر کئی بار جوش دیں اس طرح کہ پانی ہر بار کھولنے لگے۔ اس کے بعد پانی ٹھنڈا ہوتے پر اس سے مریض کو روزانہ سات دن تک بلا ناغہ اور مسلسل پلائیں۔

تیسرا عمل آسیب کے لئے:

سات دن تک بیری کے پتوں سے غسل دینے کے بعد ایک ایک روپے والے اکتالیس (۴۱ عدد) سکے لیں اور سورۂ علق ایک ہی نشست (بیٹھک) میں اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھیں اور ان سکوں پر دم کریں

پھر ان سکوں کو ایک ایک کر کے مریض کے سر سے پیروں کی طرف سے اتاریں (یعنی سر سے نیچے پیروں کی طرف لائیں) اور پھر ان سکوں کو اکتالیس فقیروں میں تقسیم کرا دیں۔ یہ سکے ایک ہفتہ کے اندر اندر تقسیم کر دیں۔ اس سے زیادہ دن نہ لگیں۔ سورۂ علق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۗ كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۗ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۗ اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۗ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰٓى ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۗ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۗ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ۗ كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ ۙ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ كَلَّا ۗ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۩

چوتھا عمل آسیب کے لئے:

اول باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے اور ہر مُبین پر رُک کر سات مرتبہ معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ پوری سورت) اور (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ پوری سورت) پڑھ کر بوتل پانی پر دم کر دیں۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات

مبین ہیں ہر مبین پر رُک رُک کر سات مرتبہ معوذتین پڑھ کر بوتل پر دم کریں۔ سورۂ یٰسین شریف کے اختتام پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھر بوتل پر دم کر کے بوتل کا منہ ڈھکن سے بند کر دیں۔ یہ پانی اکیس روز تک ایک گھونٹ صبح اور ایک گھونٹ شام کو مریض کو پلاتے رہیں۔ تنبیہ: تیسرا عمل دوسرے عمل کے بعد کرنا ہے۔

ان عملوں کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ جن آسیب بھوت پریت سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ معوذتین یہ ہیں:

سُوْرَةُ الْفَلَقِ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سُوْرَةُ النَّاسِ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

ناجائز قبضہ ختم کرانا

اگر کسی کے مال، زمین یا کسی اور اسباب پر یا عزت و آبرو کا

کوئی ناحق دعویدار بن کر ظلم کر رہا ہے اور مظلوم چاہتا ہو کہ اس ظالم قابض کے ناحق قبضہ سے نجات ملے تو اسے چاہیئے کہ سات دن تک ظہر کی نماز کے بعد گیارہ سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے مسلسل عمل سے دشمن سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝ اس آیت سے قبل اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ہر بار پڑھنا ضروری ہے۔

سامان کی حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہو اور اس کے ساتھ سامان بھی ہو تو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر سامان پر پھونک مار دے۔ تو اس کا سامان انشاء اللہ تعالیٰ گم ہونے سے محفوظ رہے گا اور نہ ہی اس کو چور چرا نہ سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

سامان کی حفاظت کا نقش

اگر کوئی شخص سفر کر رہا ہو اور چاہتا ہو کہ دورانِ سفر اس کا سامانِ سفر محفوظ رہے اور گم اور چوری نہ ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل

نقش لکھے اور سامان میں رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سامان گم ہونے یا چوری ہونے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸۵۰	۸۵۴	۸۵۶	۸۴۳
۸۵۶	۸۴۴	۸۴۹	۸۵۵
۸۴۵	۸۵۹	۸۵۲	۸۴۸
۸۵۳	۸۴۷	۸۴۱	۸۵۸

سانپ، بچھو، جن، بھوت آسیب سے مکان کی حفاظت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ موذی جانوروں سے مثلاً سانپ، بچھو اور دیگر کیڑے مکوڑوں اور آسیب و جن سے مکان محفوظ ہو تو اس آیت کو باوضو تین دن تک لگاتار ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے کوئی موذی جانور اور آسیب، جن بھوت اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گا۔ اگر اس آیت کو باوضو لکھ کر ہر کمرے کے دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیا جائے تب بھی موذی جانور اور آسیب جن اس کمرے میں داخل نہ ہو سکیں گے اور مکان ہر قسم کے اوپری اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۝ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝

مکان کو ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ کرنا

ہر قسم کے وبائی امراض مثلاً بخار، ہیضہ، طاعون، ملیریا، خسرہ، چیچک سے محفوظ کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو لکھ کر ایک کاغذ دروازے پر چسپاں کر دے اور دوسرا کاغذ دروازے کے اندر کی طرف لگا دے۔ جس مکان پر یہ آیت لکھی ہوئی ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ مکان اور اس میں رہنے والے ہر قسم کے وبائی اور اڑ کر لگنے والی بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے اس آیت کے ساتھ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بھی لکھیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ وَلِلّٰہِ الۡمَشۡرِقُ وَالۡمَغۡرِبُ ٭ فَاَیۡنَمَا تُوَلُّوۡا فَثَمَّ وَجۡہُ اللّٰہِ ؕ اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۰﴾

کسی اہم کام میں کامیابی

کسی ڈاکٹری کلاس میں داخلہ کا مسئلہ ہو یا انجنیئرنگ یا کسی بھی شعبے میں داخلے کا معاملہ ہو یا کسی اچھی اور بڑی کمپنی میں ملازمت کا معاملہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو تیار کرے اور موم جامہ کر کے رکھ لے۔ پھر ہر جمعرات کو روزہ رکھے۔ روزہ تین جمعرات کو رکھنا ہے اور روزہ کھولنے کے بعد عشاء کی نماز پڑھ کر اس آیت کو باوضو نوسے ہزار مرتبہ پڑھے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے گیارہ بار

درود شریف پڑھے اور عمل ختم ہونے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد اس نقش پر کپڑے سمیت (موم جامہ کئے ہوئے نقش پر) دم کرے۔

تیسری شب جمعہ کو عمل ختم کر کے نقش پر دم کر کے نقش دائیں بازو پر باندھ لے اور اپنی کامیابی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بہت جلد کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت جو نوسے ہزار (۹۰۰۰) بار پڑھی جائے گی یہ ہے:

بَدِیۡعُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاِذَا قَضٰۤی اَمۡرًا فَاِنَّمَا یَقُوۡلُ لَہٗ کُنۡ فَیَکُوۡنُ ﴿۰﴾

نقش باندھنے والا یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۷	۸۶۰	۸۶۳	۸۵۰
۸۶۲	۸۵۱	۸۵۶	۸۶۱
۸۵۲	۸۶۵	۸۵۸	۸۵۵
۸۵۹	۸۵۴	۸۵۳	۸۶۴

یا الٰہی میری مدد کر

گھر والوں کی سلامتی

اگر کوئی شخص طویل سفر پر جا رہا ہو اور سفر میں بہت لمبی مدت صرف ہوگی اور اہلِ خانہ کی فکر و تشویش پردیس میں پریشان کرے گی تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کے ساتھ باوضو لکھ کر دروازے باہر کی طرف پلاسٹک کوٹنگ کرا کے
یا فریم کرا کے لگا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ تمام گھر والے صحت و
سلامتی کے ساتھ رہیں گے اور انہیں کوئی حادثہ پیش نہ آئے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا
اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ
مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۝

لوگوں کی برائی سے حفاظت

اگر کوئی شخص نوکری کرتا ہے اور اس کے مخالف اس کے افسر
یا مالک سے اس کی جھوٹی شکایتیں کرتے ہیں یا عورت کی ساس
نندیں اس کے شوہر کے سامنے جھوٹی باتیں بیان کرکے شوہر کو
بیوی سے لڑانے کی کوشش کرتی ہیں تو اول تین مرتبہ درود شریف
پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ
یہ کلمات زبان سے ادا کرے۔ سات دن مسلسل بلا ناغہ یہ عمل کرے
انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام شکایات دور ہوں گی۔
درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

وہ آیت یہ ہے:

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ
مِنْ شُرُوْرِهِمْ ۔

اسی آیت کا یہ نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ
کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے چغل خوروں اور سازش کرنے
لوگوں کے شر اور فتنہ سے حفاظت رہے گی۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۵۲	۲۴۷	۲۵۵
۲۵۴	۲۵۱	۲۴۹
۲۴۸	۲۵۶	۲۵۰

لاپتہ انسان کا پتہ چلنا

اگر کوئی شخص یا لڑکا لڑکی گم ہو گئے ہوں یا لاپتہ ہو گئے ہوں

تو یہ آیت روزانہ لگاتار پانچ سو (۵۰۰) بار باوضو پڑھ کر اس کی واپسی کی دُعا کرے۔ سات دن تک برابر یہ عمل جاری رہے۔ عمل کے شروع اور آخر میں دُرود شریف پانچ پانچ مرتبہ پڑھیں۔ اس عمل کی برکت سے یا تو اس کا پتہ مل جائے گا یا وہ واپس آجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ ؕ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيعًا ؕ إِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

اسی طرح اگر اس آیت کا نقش باوضو لکھ کر نیچے گُم شدہ کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر نقش کو کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی وزنی چیز (پتھر۔ بھاری بکس۔ بھاری الماری) کے نیچے دبادیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی لاپتہ شخص کا پتہ چل جائے گا یا گمشدہ واپس آجائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۵۷	۱۰۶۰	۱۰۶۴	۱۰۵۰
۱۰۶۳	۱۰۵۱	۱۰۵۶	۱۰۶۱
۱۰۵۲	۱۰۶۶	۱۰۵۸	۱۰۵۵
۱۰۵۹	۱۰۵۴	۱۰۵۳	۱۰۶۵

رعشہ (ہاتھوں کا کانپنا) کی بیماری

بعض لوگوں کو رعشہ کا مرض ہوجاتا ہے جس کے سبب وہ

کام کاج سے محتاج ہو جاتے ہیں۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو دو نقش لکھے۔ ایک نقش موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیں۔ اور دوسرا نقش کھلا رکھیں اور پلاسٹک کوٹنگ کرالیں یا فریم کروالیں یا موٹے گتے پر چپکالیں اور صبح و شام اس نقش کو مسلسل پانچ منٹ تک دیکھتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی اس بیماری سے نجات مل جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲۴	۳۲۸	۳۳۱	۳۱۷
۳۳۰	۳۱۸	۳۲۳	۳۲۹
۳۱۹	۳۳۳	۳۲۶	۳۲۲
۳۲۷	۳۲۱	۳۲۰	۳۳۲

جوڑوں کے درد کا علاج

جوڑوں کا درد ہو یا جسم کے کسی بھی حصے میں درد رہتا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے:

زیتون کے تیل پر ایک سو پچیس (۱۲۵) بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر کے رکھ لیں اور جسم کے جس جس حصے میں درد ہوتا ہو۔ اُس اُس جگہ میں روزانہ رات کو سونے سے قبل اس تیل کی مالش کریں انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کرنے سے درد ختم ہوجائے گا۔

پرہیز:

پرہیز یہ ہے کہ جس رات جسم ناپاک ہو یا بیوی سے قربت کرنی

ہو اس رات اس تیل کی مالش نہ کریں۔ دوسری بات یہ کہ ایک بوتل پانی پر ایک سو پچیس (۱۲۵) بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کر لیں (ایک ہی نشست) میں پڑھیں (تھوڑا تھوڑا پڑھ کر دم نہ کریں)۔ اور اس پانی کو سوتے وقت چند گھونٹ پی لیا کریں۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

(آمین)

تشخیصِ مرض (یعنی مرض کا معلوم کرنا)

فجر کی نماز کے بعد

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِفْتَحْ اِفْتَحْ اِفْتَحْ

ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر آنکھیں بند کر لیں اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کریں۔ اس وقت جو بھی خیال دل میں آئے وہی مرض ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی تشخیص غلط نہ ہوگی۔ اگر یہ خیال آئے کہ جن کا اثر ہے تو جن کا علاج کرے۔ اگر یہ خیال آئے کہ بیماری ہے تو اس کا علاج کرے اور اگر یہ خیال آئے کہ سحر جادو ہے تو اس کا علاج کرے۔

عزت میں اضافہ، مقدمہ میں کامیابی، قرض سے نجات

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ ہر شخص اس کی عزت کرے۔ اور اس کی عظمت سب لوگ تسلیم کریں۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے بھی یہ عمل مجرب ہے اسی طرح لڑائی جھگڑے میں فتح حاصل کرنے کے لئے بھی اس کا ورد بہت مفید ہے۔ نیز قرض سے نجات کے لئے بھی اس کا عمل بہت زود اثر ہے۔ عمل یہ ہے:

یہ عمل چالیس دن تک کرے بعد نماز فجر کسی سے بات نہ کرے اور اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چھ سو تریسٹھ (۶۶۳) بار

اَلْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ

پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عمل مکمل کر کے دعا کرے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ عزت میں اضافہ ہوگا مقدمہ میں کامیابی حاصل ہوگی اور اگر عمر بھر کے لئے اس عمل کو اپنائے اور بغیر ناغہ کے مسلسل کرے تو ایسی ایسی فتوحات ظہور میں آئیں گی کہ دنیا حیرت زدہ رہ جائے گی اور انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے کوئی ایسا عہدہ اور منصب عطا ہوگا کہ اس کے تصور میں بھی نہ ہوگا۔

پیاس کی بیماری کا علاج

اگر کسی شخص کو پیاس کی بیماری ہو گئی ہو اور وہ کتنا ہی پانی پی لے اس کی پیاس ہی نہ بجھتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش

باوضو چینی کی پلیٹ پر زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائے تو چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۸

۸	۸	۸
۸ ۸		۸ ۸
۸	۸	۸

بانجھ عورت کا علاج

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور سرخ کپڑے میں موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ کچھ عرصہ بعد عورت حاملہ ہو گی اور اس کا بانجھ پن ختم ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

ح ح ح ح ح ح ح ح

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

عمل قوم لوط، طاعون، سرطان سے بچت

اگر کوئی عمل قوم لوط میں مبتلا ہو یا طاعون، سرطان جیسے موذی مرض کا شکار ہو تو حرف حا (ح) کو سترہ ۱۷ بار روزانہ پڑھ کر چالیس ۴۰ دن تک مسلسل اس بیمار پر دم کیا جائے اور چینی کی پلیٹ پر حرف "ح"

ح

سترہ ۱۷ مرتبہ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لگاتار چالیس ۴۰ ہی روز مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے مریض ان بیماریوں سے نجات پائے گا۔

تسخیر قلوب، حصول روزگار، تکمیل خواہشات کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگوں کی محبت اسے حاصل ہو اور ہر شخص اس کی عزت کرے اور اسے باعزت روزگار ملے اور اس کی جملہ خواہشات پوری ہوں تو اس کے لئے سورۂ فاتحہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سی کر گلے میں یا دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو گلے میں ڈال لے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۱۵۷	۳۱۴۹	۳۱۵۵
۳۱۵۱	۳۱۵۳	۳۱۵۶
۳۱۵۳	۳۱۵۸	۳۱۵۰

حل مشکلات کے لئے سورۂ فاتحہ کا ورد

ہر قسم کی مشکلات کو آسان کرنے اور ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے سورۂ فاتحہ کا عجیب و غریب عمل ہے۔ اس عمل کو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے

جملہ مسائل حل ہوں گے۔ مشکلات اور رکاوٹیں دور ہوں گی۔ اور ہر
کام میں کامیابی حاصل ہوگی۔ عمل یہ ہے:
یہ عمل صبح کی نماز کی سنتوں اور فرض نماز کے درمیان پڑھا جائے
گا فجر کی دو سنت پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد
بسم اللہ کی میم کو الحمد کے الف سے ملا کر تین بار اس کو پڑھیں
اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اس کے بعد تین بار آمین کہیں اس کے بعد پوری سورت اسی طرح
اکتالیس بار پڑھ کر تعداد پوری کریں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور
اپنے مقصد کی یا مشکل کی آسانی کے لئے دعا مانگیں۔ اس کے بعد فجر
کے دو فرض پڑھیں۔ اکتالیس روز کا عمل ہے۔ اس عمل کی برکت سے
انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ کوئی بندش ہوگی تو کھل جائے گی۔
یہ عمل کسی بھی حاجت اور ضرورت کے لئے پڑھا جا سکتا ہے مثلاً ملازمت
کے لئے، شادی کے لئے، کاروبار میں کامیابی کے لئے۔

شادی کے لئے

اکثر لڑکے لڑکیوں کے رشتے طے ہو کر ٹوٹ جاتے ہیں۔ کہیں بات
بن کر بگڑ جاتی ہے۔ کہیں رشتے تو بہت آتے ہیں لیکن پلٹ کر واپس نہیں

آتے۔ یہ عمل شادی کے لئے بہت موثر اور کارآمد ہے۔ اس عمل کی برکت
سے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ ہو جائے گا۔ وہ عمل یہ ہے:
بدھ کے دن سورۂ یوسف (پ ۱۲) بعد نماز ظہر اور بعد نماز عصر کے
سورۂ احزاب (پارہ ۲۱) کی تلاوت کریں۔ لگاتار چالیس دن یہ عمل
کریں۔ گویا پانچ بدھ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے
کسی بھی جگہ رشتے کی بات بن جائے گی۔

جریان اور پیشاب کے قطرے کی بیماری

اکثر نوجوانوں کو پیشاب کے قطرے گرنے کی بیماری ہو جاتی ہے
جو بڑھاپے میں زیادہ پریشان کن ہو جاتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے۔ ایک
بوتل میں پانی بھر کر باوضو اوّل سات بار درود شریف پڑھیں۔ اس کے
بعد تین بار سورۂ حجرات (پارہ ۲۶) پڑھیں۔ اس کے بعد سات بار
درود شریف پڑھ کر بوتل کے پانی پر دم کریں۔ پھر اس پانی کو رات
کو سونے سے پہلے پی لیا کریں۔ لگاتار چالیس دن تک یہ پانی پیتے
رہیں اور ان چالیس دنوں میں روزانہ عصر کی نماز کے بعد اوّل سات بار
درود شریف پڑھیں پھر ایک سو بار یہ آیت پڑھیں۔

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

پھر آخر میں سات بار درود شریف پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جریان

کی بیماری سے نجات ملے گی اور پیشاب کے قطرے آنے بند ہوں گے۔

فقروفاقہ دُور کرنے کا عمل

فقروفاقہ سے نجات حاصل کرنے کے لئے یہ تسبیح بہت مفید اور مُؤثر ہے اس تسبیح کو صبح نماز فجر سے پہلے ایک سَو بار پڑھیں۔ اوّل وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ وہ تسبیح یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ؕ

گھر سے سانپ بھگانا

اگر کسی آبادی یا گھر میں سانپ کثرت سے ہوں اور ہر وقت ان سے خطرہ رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو چار کاغذ پر لکھے اور بستی اور آبادی کے چاروں طرف چار کونوں میں ایک مٹی کی ہنڈیا میں یہ طلسم ڈال کر اور اوپر سے ڈھکن سے بند کرکے ہر کونے میں دفن کردے یا گھر سے سانپ بھگانا چاہتا ہو تو چار مٹی کی ہنڈیا مع ڈھکن کے لے کر ہر ہنڈیا میں ایک ایک طلسم ڈال کر ڈھکن بند کرکے مکان کے چاروں کونوں میں دفن کردے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس بستی یا گھر سے سانپ بھاگ جائیں گے۔ وہ طلسم یہ ہے:

وہ طلسم یہ ہے:

۱۱ ۹ ۱۱۱ ۸ ۱۷ رح ۱۱۷۵۵ ۵ ۱۱ ۰ ۱۱

وو ۷ وواہ برو ۱۱م ۱۱ ح ۱۱۱ح ط۵۵۸

بڑھاپے میں ہذیان کا مرض

بڑھاپے میں بعض لوگوں کا دماغی توازن بگڑ جاتا ہے جس کے سبب وہ ہر وقت اُول فول بکتے رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ گالیاں بکنا شروع کردیتے ہیں اور بعض مرتبہ پاگل پن میں لوگوں سے لڑنے لگتے ہیں اور ان کے کپڑے پھاڑ دیتے ہیں یا لوگوں کو پتھر مارتے ہیں۔ اس طرح گھر والے ہر وقت پریشان اور مصیبت میں گرفتار رہتے ہیں۔ اس کا آسان علاج یہ ہے کہ رات کو جب مریض سو جائے تو باوضو ۵۰۰ پانچ سو بار: یَا مُمِیْتُ

پڑھ کر مریض پر دم کریں اور ایک گلاس پانی پر باوضو ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کی ہذیانی کیفیت ختم ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ؕ

کالی کھانسی، بخار، سردرد، چیچک، خسرہ، ام الصبیان، مرگی، نظر بد کا علاج

چرخے سے کاتا ہوا سوت لے کر اسے لال رنگ میں رنگ لیا جائے یا ڈی، ایم، سی سُرخ رنگ کی لے کر اس کے نَو تار تین بالشت لمبے لے لیں۔ اور سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کریں جب "ک" کا لفظ آئے اس نو تاروں کے گنڈے میں ایک گرہ لگادیں۔ اس طرح آٹھ گرہ لگیں گی۔ کیونکہ اَلَمْ نَشْرَحْ میں آٹھ کاف (ک) ہیں۔

سورۂ الم نشرح یہ ہے:

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۙ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

ہم نے آسانی کے لئے ہر کاف (ک) پر سطر کھینچ دی ہے۔

اولاد کی نافرمانی اور شرارت سے حفاظت

اولاد اگر نافرمان ہو تو گھر کا سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔ اسی طرح نافرمانی کے ساتھ ساتھ شرارت بھی شامل ہو جائے تو ایسی اولاد والدین کے لئے عذاب بن جاتی ہے۔

ایسے بچے جب سو جائیں تو باوضو یہ آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر تین بار دائیں کان میں دم کریں اور اسی طرح تین بار پڑھ کر بائیں کان میں دم کریں۔ چند دن یہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد فرماں بردار اور نیک عادت بن جائے گی اور شرارت چھوڑ کر اچھے اچھے کام کرے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝

احتلام سے نجات

اکثر نوجوانوں کو احتلام کا مرض ہو جاتا ہے اور وہ اس کے سبب بہت کمزور ہو جاتے ہیں اور نماز پڑھنے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ جب سونے کا ارادہ کریں تو تازہ وضو کریں۔ بستر پر لیٹ کر سُورۂ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ (پ۳۰) مکمل سورت پڑھیں اور دائیں (سیدھے) ہاتھ کی شہادت کی انگلی (کلمے کی انگلی) سے بغیر روشنائی اپنی پیشانی (ماتھے) پر:

عُمَر

کا لفظ لکھیں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے نجات ملے گی۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن کریں تو بہت بہتر ہے۔ ورنہ جس دن یہ عمل کریں گے، احتلام سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

سورۃ والطارق یہ ہے:

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۙ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۙ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۙ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۙ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۙ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ

لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۗ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۧ

تبادلہ رکوانا

اگر کسی کا تبادلہ خلافِ مرضی اور بلا کسی سبب کے دور دراز ہوگیا ہو یا وہ چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی پوسٹ پر اسی شہر میں واپس آجاؤں تو سورۂ تبت (پارہ ۳۰) مکمل باوضو ہر روز عشاء کی نماز کے بعد انیس ۱۹ مرتبہ انیس ۱۹ روز تک بلاناغہ پڑھیں اور تبادلہ کی منسوخی کی دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تبادلہ منسوخ ہوجائے گا۔

سورۂ تبت یہ ہے:

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۗ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۗ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۙ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ

فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۧ

گم شدہ کے لئے

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، جانور گم ہوجائے یا کوئی چیز چوری ہوجائے چیز رکھ کر بھول جائے یا کوئی بٹوہ ، رقم گر جائے تو کثرت سے یہ پڑھے:

يَا مُعِيْدُ

انشاء اللہ تعالیٰ لڑکے، لڑکی، جانور، کا پتہ چل جائے گا یا گھر آجائے گا۔ اسی طرح بھولی ہوئی چیز یاد آجائے گی۔ گم شدہ بٹوہ یا رقم مل جائے گی۔ اسی طرح اس کے پڑھنے سے چوری شدہ مال بھی واپس مل جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

بعض لوگ اپنی غلطی سے یا بعض مرتبہ دشمنوں اور حاسدوں کی چال کے سبب مقدمات میں الجھ جاتے ہیں اور عدالت کے چکر لگا لگا کر وقت اور رقم دونوں برباد کر دیتے ہیں لیکن مقدمہ میں جگہ جگہ ناکامی ہوتی ہے۔ مقدمہ میں کامیابی کے لئے گھر کے سب افراد مرد عورت کثرت سے

يَا حَفِيْظُ

پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہوگی۔

ذہن اور علم میں برکت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا ذہن روشن ہوجائے اور اس کے علم میں اضافہ ہوجائے تو اسے چاہیئے کہ یہ دعا پڑھے۔ یہ دعا حضرت امام اعظم امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ اپنے بچپن میں پڑھتے تھے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ عَلٰى طَاعَتِكَ ۙ

(ترجمہ: اے اللہ! ہم آپ سے آپ کی اطاعت پر مدد چاہتے ہیں)
اس کے پڑھنے سے ذہن اور علم میں برکت ہوتی ہے۔ یہ دُعا روزانہ (۱۰۰) ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔

بابرکت تعویذ

حضرت سید احمد شہید رحمۃ اللہ علیہ سے جب کوئی تعویذ طلب کرتا تو یہ تعویذ لکھ کر دے دیتے تھے اللہ تعالیٰ اسی سے فائدہ عطا فرما دیتے تھے۔ سید صاحب کی عبارت والا تعویذ یہ ہے:

"خداوندا اگر منظور داری حاجتش بر آری۔"

حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ لکھ کر دیا کرتے تھے انہی الفاظ سے اللہ تعالیٰ فائدہ کر دیا کرتا تھا وہ الفاظ یہ ہیں:

"خداوندا! یہ مانتا نہیں اور میں جانتا نہیں۔ یہ تیرا غلام تو جانے اور تیرا کام"

دراصل بزرگوں کے قول اور لفظ میں برکت ہوتی ہے اللہ تعالیٰ انہی الفاظ سے کام بنا دیتا ہے۔

کھیت سے چوہے دُور کرنا

چوہے اگر کھیتی کو خراب کریں۔ تمام فصل کو نقصان پہنچانے کی کوشش کریں تو یہ آیت باوضو لکھ کر مٹی کی ہنڈیا میں رکھ کر ڈھکن لگا کر کھیت کے ہر کونے پر دفن کر دیں اور وہ جگہ زمین سے اونچی

رکھیں تاکہ لوگوں کے قدم اس جگہ نہ پڑیں۔ وہ آیت یہ ہے:
وَقَالَ الَّذِيْنَ سے لے کر لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ تک (سورہ ابراہیم پ۱۳۔ رکوع ۳) پوری آیت یہ ہے:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ۭ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ۔

جن کو بھگانا

جن کو بھگانے کے لئے مریض کے کان میں اذان کہہ دے انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔

سورۃ والطارق (پ۳۰) مکمل سورۃ پڑھ کر مریض پر دم کر دے اس سے بھی انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا۔ اذان یہ ہے:

اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط
اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط
حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ط حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ ط حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ط حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ ط
اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط اَللّٰهُ اَكْبَرُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ط

سُوْرَةُ وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ یہ ہے:

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ النَّجْمُ
الثَّاقِبُ ۙ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۗ فَلْيَنْظُرِ
الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۗ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ مِنْۢ
بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۗ اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۗ يَوْمَ
تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۗ وَالسَّمَآءِ
ذَاتِ الرَّجْعِ ۙ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ
فَصْلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۗ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ
اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا

لوگوں میں مقبولیت اور عزت حاصل کرنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا چہرہ پُرکشش و پُرنور بن جائے۔ اس کی ہیبت ہر شخص کے دل پر قائم ہو جائے اور وہ لوگوں کو جو بھی حکم دے وہ اس کی تعمیل کریں تو اسے چاہیئے کہ ہر روز تازہ غسل کر کے بالکل سفید لباس پہن کر بعد نمازِ عشاء مکمل تنہائی میں دو نفلیں ادا کرنے کے بعد:

اَلْمُؤْمِنُ

سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ روزانہ پڑھے تو اکتالیس (۴۱) دن کے بعد دیوار پر ایک نور ظاہر ہوگا اور اس کو ایسا محسوس ہوگا کہ جیسے یہ نور اس کے دل میں منتقل ہو رہا ہے اور اس کے بعد اس میں یہ صفت پیدا ہو جائے گی کہ جو بھی وہ لوگوں کو حکم دے گا۔ لوگ اس کی تعمیل کریں گے۔ اور اس کے چہرے

پر ایک خاص قسم کا نور ہر وقت جلوہ گر رہے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ اس کی قدر و منزلت میں خوب اضافہ ہوگا۔

وساوسِ شیطانی سے نجات

بعض لوگوں کو شیطان مختلف وسوسے ڈال کر گمراہ کرتا ہے اور انہیں طرح طرح سے پریشان رکھتا ہے۔ جو شخص روزانہ ایک جگہ بیٹھ کر باوضو ایک سو سٹرسٹھ (۱۶۷) بار اسم مبارک

اَلْمُؤْمِنُ

پڑھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ شیطان کے وسوسوں سے نجات پائے گا

لوگوں کی بدگوئی امراضِ خبیثہ سے نجات

بعض لوگ بلا وجہ کسی نہ کسی کی بدگوئی میں لگے رہتے ہیں ایسے لوگوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے کے لئے اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک گیارہ سو بتیس (۱۱۳۲) مرتبہ باوضو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بدگو کی بدگوئی اور امراضِ خبیثہ سے محفوظ ہو جائے گا وہ اسم مبارک یہ ہے:

اَلْمُؤْمِنُ

خوف و دہشت سے حفاظت

جو شخص خوف اور دہشت کے وقت اس اسم مبارک کو باوضو ۶۳۰ چھ سو تیس مرتبہ روزانہ پابندئ وقت کے ساتھ پڑھے گا اس کا دل ہر قسم کے خوف اور ہر قسم کی دہشت سے نجات پائے گا۔

وہ اسم مبارک یہ ہے:

اَلْمُؤْمِنُ

خلقِ خدا کو تابع کرنا اور رعب قائم کرنا

جو شخص چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے تابع فرمان ہو جائے اور اس کا رعب و دبدبہ ہر شخص کے دل پر قائم ہو جائے تو

اسم مبارک: اَلْمُؤْمِنُ

تیرہ سو ساٹھ (۱۳۶۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خدا کی مخلوق اس کے فرمان کی تابع ہوگی اس کا کہنا مانے گی اور اس کا رعب ہر شخص کے دل و دماغ پر قائم ہوگا۔

طاعون کا علاج

اگر کسی جگہ طاعون پھیل جائے اور گھر گھر سے جنازے اٹھنے لگیں تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کے اسم مبارک:

اَلْمُؤْمِنُ

کو روزانہ باوضو ہر شخص ایک ہزار ایک سو تیس (۱۱۳۰) بار پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ وہ پڑھنے والا اور اس کے اہلِ خانہ طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

خونی بواسیر کا علاج

خونی بواسیر کے مرض سے نجات کے لئے ہر فرض نماز کے بعد ایک

بار سورۃ اعلیٰ (پ ۳۰) پڑھیں اس سورۃ کے شروع میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بواسیر خونی سے نجات مل جائے گی۔

سورۃ اعلیٰ یہ ہے:

سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِيْٓ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ غُثَاۗءً اَحْوٰى ۭ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۭ وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۚ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۭ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۭ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۭ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ

پڑھائی میں دل لگنا

بعض بچوں کا پڑھائی میں بالکل دل نہیں لگتا۔ وہ شرارتوں میں مست رہتے ہیں۔ ہر طرف سے ان کی شکایات ملتی رہتی ہیں۔ اگر طالبِ علم

جوان ہے تو عصر کی نماز پڑھ کر مغرب تک اعتکاف کی نیت سے مسجد میں بیٹھے اور اس دوران درود شریف پڑھتا رہے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ پڑھائی میں دل لگے گا۔ اور وساوس شیطانی سے نجات حاصل ہوگی اور درود شریف پڑھنے کی برکت سے لوگوں میں عزت حاصل ہوگی۔ ہر شخص محبت کی نگاہ سے دیکھے گا اور اس کی عزت کرے گا۔

سوکھے پن کا علاج

بعض مرتبہ بچے سوکھے کے مرض میں مبتلا ہوجاتے ہیں اور انہیں ہڈیوں کا ڈھانچہ بنا دیتے ہیں بچے کا گوشت گھل کر ختم ہوجاتا ہے وہ چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔

اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو چینی کی پلیٹ پر یا کاغذ پر:

يَا رَحِيْمُ

گیارہ بار عرق گلاب میں زعفران گھول کر یا کالی پکی روشنائی سے لکھیں اور شروع میں بسم اللہ شریف لکھ کر روزانہ پانی سے دھو کر بچے کو پلائیں۔ اکتالیس دن تک مسلسل بلاناغہ یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے صحتیاب ہوگا اور تندرست و توانا ہوجائے گا۔

گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹ کے پیٹ میں درد کا علاج

اکثر جانور کھانے میں بداحتیاطی کے سبب پیٹ کے درد کا شکار ہوجاتے ہیں۔ اور کئی کئی دن تکلیف میں مبتلا رہتے ہیں۔ اس کے

سبب دودھ بھی کم دیتے ہیں اور بعض مرتبہ کھانا پینا چھوڑ کر سست ہوجاتے ہیں۔ جس سے کمزور ہو کر کسی قابل نہیں رہتے اس کا علاج یہ ہے کہ ایک بوتل پانی بھر کر اس پر سورۂ تبت یدا ابی لھب تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض جانور کو وہ پانی صبح و شام تین دن تک مسلسل پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن پلانے سے جانور تندرست ہوجائے گا۔

سورۂ تبت یدا ابی لھب یہ ہے:

سُوْرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ؕ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚۖ وَّامْرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۚ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۚ

اپنی شخصیت کو بارعب اور محبوب بنانا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی شخصیت بارعب ہو اور اسے تمام لوگ محترم سمجھیں، اس سے محبت کریں اور اس کی مخالفت نہ کریں۔ اس کی عزت اور دلجوئی کرتے رہیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ ہمیشہ باوضو رہے اور رات کو وضو کر کے سویا کرے سونے سے پہلے اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد:

يَا كَرِيْمُ

چار سو چونتیس (۴۳۴) بار پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف

پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ عوام میں مقبولیت حاصل ہوگی اور ہر شخص محبت سے پیش آئے گا۔

رزق کی زیادتی اور رزق میں برکت

بعض مرتبہ انسان تنگیٔ رزق کا شکار ہو جاتا ہے۔ چاہے کتنا ہی کمالے لیکن قرض سے چھٹکارا نصیب نہیں ہوتا۔ طرح طرح کے تفکرات اس کو سنبھلنے نہیں دیتے۔ وہ جتنا کماتا ہے اس سے زیادہ خرچ ہو جاتا ہے اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

مغرب کی نماز کے بعد باوضو

یَا عَلِیْمُ

دو سو بیالیس (۲۴۲) بار پڑھا کرے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بھی ضرور پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رزق میں خوب برکت ہوگی اور روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

حد سے زیادہ ظالم کی بربادی

جو شخص بہت ظالم قسم کا ہو اور از حد سنگ دل ہو۔ لوگوں کی جان، ان کا مال، ان کی عزت اس سے محفوظ نہ ہو تو ایسے شخص کی تباہی اور بربادی کے لئے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ روزانہ زوال کے بعد ظہر کی نماز سے پہلے تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

یَا مُنْتَقِمُ

پڑھا کریں۔ آگے، پیچھے درود شریف پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ نہ پڑھیں

پڑھائی کے دوران دشمن کا تصور باندھیں۔ دل و دماغ میں اس کی شکل سامنے رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ایک ماہ کے اندر اندر وہ ظالم شخص اپنے کئے کی سزا بھگتے گا اور تباہ و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل بہت مجبوری میں کرنے کا ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ دشمن کو معاف کر دیا جائے۔ کیونکہ بعض مرتبہ ایسا عمل الٹا پڑ جاتا ہے اور عامل کی زندگی خطرے میں پڑ سکتی ہے لہٰذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی اور فاضل عالم دین سے مشورہ کر کے عمل کریں تو بہتر ہے۔

ملازمت کے لئے

بعض لوگ بے روزگاری سے تنگ آکر خودکشی کر لیتے ہیں۔ بعض مرتبہ مایوس ہو کر چوری، ڈاکے اور غلط لائن میں لگ جاتے ہیں۔ جس کے سبب اہل خانہ اور پورا خاندان متاثر ہوتا ہے۔ اور بعض مرتبہ جیل میں بند ہو جاتے ہیں۔ اور بعض لوگ کسی سخت جرم میں پھانسی چڑھ جاتے ہیں۔ نوکری اور ملازمت کے لئے یہ عمل بہت مناسب اور کارآمد ہے۔ سات روز تک مسلسل بلاناغہ جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ کے دنوں میں مغرب کی نماز کے بعد مسجد میں اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائیں اور یہ عمل کریں۔

تین ہزار مرتبہ یَا کَافِیُ یَا غَنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو بار آیۃ الکرسی پڑھیں اور دل میں ملازمت

ملنے کی نیت رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ سات دن پورے ہونے سے پہلے ہی ملازمت مِل جائے گی ورنہ ایک ہفتہ یہ عمل اور کرلیں انشاءاللہ تعالیٰ اگلے ہفتے تک کوئی روزگار ضرور مِل جائے گا۔

کاروبار میں ترقی کے لئے

یہ نقش باوضو زعفران سے لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کرکے یا فریم کراکے اپنی دوکان میں دروازے کے بالکل مقابل والی دیوار پر لگائیں یا کاروبار کرنے والا موم جامہ کرکے کالے چمڑے یا کالے کپڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کاروبار میں برکت ہوگی اور مال خوب ملے گا۔ اس نقش کو لکھنے سے پہلے اور لکھنے کے بعد ایک ایک تسبیح درود شریف کی ضرور پڑھیں۔ وہ مجرب نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۲۰	۱۳۴	۱۳۰	۱۲۷
۱۳۱	۱۲۶	۱۲۱	۱۳۳
۱۲۵	۱۲۸	۱۳۶	۱۲۲
۱۳۵	۱۲۳	۱۲۴	۱۲۹

ہر مریض اور بیماری سے نجات

جو لوگ طرح طرح کے امراض میں مبتلا ہوں ان کے لئے یہ نقش بہت ہی شفاء بخش اور مفید ہے۔ یہ آیاتِ شفاء کا نقش ہے۔ اس نقش کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائے۔ چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض

صحت یاب ہوجائے گا۔ ایک تعویذ لکھ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں سی کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ وہ نقش یہ ہے۔

وَنُنَزِّلُ | مِنَ الْقُرْآنِ | مَا هُوَ | شِفَاءٌ

۵۲ | ۳۹۰ | ۱۲۶۴ | ۱۱۸۱ | ۶۷۸۱ | ۱۵ | ۱۲۵ | ۳۲۱

۱۳۹ | ۱۳۴ | ۱۷۸۱ | ۵

فقر و فاقہ دور کرنا

جو شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور قرض میں بندھا ہوا ہو اور طرح طرح کے مسائل کا شکار ہو تو اسے چاہیئے کہ چاشت کی نماز میں آخری سجدے میں چالیس بار

اَلْوَهَّابُ

پڑھے۔ اگر چالیس دن تک پابندی کے ساتھ یہ عمل کرتا ہے گا۔ تو انشاءاللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور اللہ تعالیٰ اسے اتنا دیں گے کہ مخلوق سے بے نیاز ہوجائے گا۔ عمل شرط ہے۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو شخص رزق کی کمی کا شکار ہو یا روزگار کے سلسلے میں پریشان

جو وہ شخص باوضو بعد نماز فجر اسم مبارک

یَا وَهَّابُ

کو تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل چالیس (۴۰) دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس شخص پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

غربت دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص غریب ہو اور گھر میں غربت کا راج ہو، کھانے پینے میں تنگی ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو

یَا وَهَّابُ

تین سو (۳۰۰) مرتبہ آدھی رات کو گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر پڑھے چالیس دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غربت دُور ہو جائے گی۔

بے روزگاری کا خاتمہ

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے ملازمت یا روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے۔

چاند کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور چاولوں کی سفید کھیر سے روزہ افطار کرے۔ عشاء کی نماز تک کوئی نمکین چیز نہ کھائے عشاء کی نماز کے بعد باوضو چودہ مرتبہ دُرود شریف اس کے بعد:

یَا وَهَّابُ

چار ہزار ایک سو (۴۱۰۰) مرتبہ اس کے بعد چودہ مرتبہ دُرود شریف

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کو ملازمت مل جائے گی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی حاجت پیش آ گئی ہو تو آدھی رات کو اٹھ کر وضو کر کے تین سجدے کرے۔ پھر ہاتھ اٹھا کر ایک سو بار:

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ تین روز مسلسل بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

رزق میں برکت

اگر کوئی شخص غریب ہے اور غربت سے نجات نہیں ملتی بلکہ روز بروز اس میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ اس کا آسان عمل یہ ہے کہ دن کے دس بجے تازہ وضو کرے پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار (۱۰۴) مرتبہ

یَا وَهَّابُ

پڑھے۔ ہر مہینے میں سات مرتبہ یہ عمل کر لیا کرے تو اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ چند ماہ میں مالدار ہو جائے گا اور غربت دُور ہو جائے گی۔ رزق میں خوب برکت ہو گی۔

قحط سالی دور کرنا اور بارش برسنا

اگر کسی ملک میں قحط سالی ہو جائے اور بارش کی شدید ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام کا ورد انشاء اللہ تعالیٰ رحمتِ خداوندی کے نزول کا باعث ہو گا۔ خوب بارش ہو گی اور قحط سالی ختم ہو جائے گی۔ عمل یہ ہے:

گیارہ آدمی مل کر باوضو اوّل انیس ۱۹ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اکہتر ہزار (۷۱۰۰۰) بار

یَا وَهَّابُ

پڑھیں اس کے بعد انیس ۱۹ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارش ہونے کی دعا کریں اور قحط سالی دور ہونے کی اللہ رب العزت سے دعا مانگیں یہ عمل تین دن مسلسل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب بارش ہو گی۔ جل تھل بھر جائیں گے اور قحط سالی کا خاتمہ ہو جائے گا۔

جو درود شریف انیس ۱۹ مرتبہ پڑھا جائے گا وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ صَلٰوةً دَائِمَةً بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ۔

بیٹی کی شادی اور اسباب مہیا ہونا

اگر کوئی شخص بہت غریب ہو جس کے سبب بیٹی کی شادی کرنے سے مجبور ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو بعد نمازِ عشاء،

یَا وَهَّابُ یَا رَزَّاقُ

تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے اوّل اور آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے ظاہری، باطنی، چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے۔ اور اپنی بیٹی کی شادی کے لئے اسباب اور رقم مہیا ہونے کی دعا کرے اس عمل کو مسلسل بلاناغہ چالیس دن کرے چالیس۴۰ دن میں سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) تعداد پوری کرے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس۴۰ دن سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جائے گا لیکن عمل چالیس دن ہی کرنا ہو گا اور سوا لاکھ تعداد پوری کرنی ہو گی۔

پستان (چھاتی) سے خون بہنا

بعض عورتوں کے ایک یا دونوں پستانوں سے خون بہنے لگتا ہے اور بعض مرتبہ کسی دوا سے بھی اس کا علاج نہیں ہوتا۔ بال بچے دار عورت اس سلسلے میں بہت پریشان رہتی ہے۔ اس کے علاج کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے۔ اور آسان علاج ہے۔ یہ عمل اگر خود نہ کر سکے تو کسی سے کرا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر حال میں فائدہ ہو گا۔ عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے اعداد سات سو چھیاسی (۷۸۶) ہیں۔ اوّل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر ایک سَو بار:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار

یَا سَلَامُ

پڑھے۔ اسی طرح سات سو مرتبہ میں ہر سو پر گیارہ مرتبہ یَا سَلَامُ
پڑھے۔ آخر میں چھیاسی (۸۶) مرتبہ پڑھنے کے بعد گیارہ بار یَا سَلَامُ
پڑھے۔ اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ایک بوتل میں پانی بھر
کر اس پر دم کرے۔ یہ پانی روزانہ صبح کو تین چمچے اور شام کو تین چمچے
کے حساب سے پی لیا کرے۔

اس کے علاوہ رات کو سونے سے پہلے یَا سَلَامُ ایک سو ساٹھ
(۱۶۰) بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور
قرآن شریف کا جتنا حصہ پڑھ سکتی ہو اس کی روزانہ تلاوت کرے۔
اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

نوکری اور ملازمت، صحت و تندرستی

بعض لوگ صحت میں خرابی کے سبب کچھ کام نہیں کر سکتے اور کام
کرنا چاہتے ہیں تو نوکری یا ملازمت نہیں ملتی اسی پریشانی میں وقت
گذرتا رہتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہے۔ اس کے لئے یہ
عمل بہت مفید ہے:

اوّل نماز کی پابندی کریں۔ باجماعت نماز ادا کرنے کی کوشش
کریں۔ دوسرے یہ کہ روزانہ بعد نماز فجر باوضو اوّل گیارہ مرتبہ
درود شریف پڑھیں۔ اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے بعد

ایک مرتبہ سورۂ یٰسین شریف اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل اس کے
بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر روزی کی دعا کریں۔

تیسرے یہ کہ ہر فرض نماز کے بعد سات سات مرتبہ درود شریف
پڑھیں۔ جمعہ کی نماز کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھیں۔ عشاء
کی نماز کے بعد باوضو روزانہ:

یَا وَاسِعُ

تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ پڑھا کریں۔ گناہوں سے بچیں اور لوگوں کی
دل آزاری اور ان کو تکلیف دینے سے خود کو بچائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ
چند ماہ ان اعمال کو کرنے سے جسمانی بیماریوں سے نجات ملے گی۔
اور روزگار کا غیب سے انتظام ہو جائے گا۔

مالی پریشانیوں کا حل

بعض مرتبہ اخراجات زیادہ اور آمدنی کم ہونے کے سبب آدمی
ہر وقت پریشان رہتا ہے اور قرض کا بوجھ بھی چڑھتا رہتا ہے۔ اس
کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔

ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کرے اور نماز پابندی سے جماعت
سے پڑھنے کی کوشش کرے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورت
الم نشرح (پ۳۰) پڑھے اور بعد نماز عشاء اوّل گیارہ بار درود شریف۔ اس
کے بعد دو سو تینتیس (۲۳۳) بار:

یَا سَلَامُ یَا بَاسِطُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار دُرود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دُعا کرے اور اپنے گناہوں کی معافی چاہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مالی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی اور رزق میں برکت ہوگی۔

اہلِ خانہ کی بیماریاں اور روزگار کی بندش

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ گھر بیماریوں کا مسکن بن جاتا ہے ایک اچھا ہوا تو دوسرا بیمار ہو جاتا ہے اور روزگار کی بندش سے روزگار ختم ہو جاتا ہے۔ روز بروز قرض بڑھتا جاتا ہے۔ گھر کا سکون و آرام سب ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔ بعد نماز فجر باوضو اوّل تین مرتبہ دُرود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک مرتبہ سُورۂ یٰسین پڑھیں۔ اس کے بعد تین مرتبہ سُورۂ مزمّل (پ۲۹) پڑھیں اس کے بعد تین مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر پریشانیوں اور بیماریوں سے نجات کی دُعا کریں اور رزق کی بندش کھلنے کی دُعا کریں۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ پریشانیاں رفع ہوں گی اور گھر میں خیر و برکت کا سلسلہ شروع ہوگا اور کاروبار میں ترقی ہوگی۔ اس کے ساتھ یہ عمل بھی کرلیں تو بہتر ہے۔

چاند نظر آنے کے بعد پہلی جمعرات سے عمل شروع کریں اور تین روز تک لگاتار تین روزے رکھیں (جمعرات، جمعہ، ہفتہ) افطار سے پہلے ایک گلاس پانی بھر کر رکھ لیں اور اس پر ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ط پڑھ کر دم کرکے رکھ لیں اور اسی پانی سے افطار کریں۔ بعد مغرب کے دودھ یا چائے پی لیں (کھانا نہ کھائیں) عشاء کی نماز کے بعد تقریباً دو گھنٹے بالکل تنہائی میں قبلہ کی طرف منہ کرکے کھڑے ہوکر باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ سُورۂ فلق (پ۳۰) پڑھیں اس کے بعد گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر سجدے میں چلے جائیں اور اللہ رب العزّت سے اپنی گھریلو پریشانیوں سے نجات کی دُعا کریں۔ یہ عمل صرف تین دن کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد گھریلو پریشانیوں سے نجات ملے گی۔ اور روزگار میں اضافہ اور خیر و برکت ہوگی۔

احساسِ کمتری کا خاتمہ

بعض مرتبہ انسان احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتا ہے۔ جس کے سبب نہ وہ کسی سے صحیح ڈھنگ کی بات کرسکتا ہے اور نہ ہی وہ کسی سے ملتا اور ملاقات کرسکتا ہے۔ اس کی عادت تنہائی پسند ہو جاتی ہے۔ احساسِ کمتری سے نجات کے لئے باوضو اوّل گیارہ بار دُرود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ

یَا قَوِیُّ

اس کے بعد گیارہ بار دُرود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل

کی برکت سے دل و دماغ میں تقویت ہوگی۔ اور یہ عمل مسلسل کرنے
سے احساسِ کمتری کا مرض ختم ہو جائے گا۔

رزق کا دروازہ کھلنے کا عمل

رزق کی تنگی دُور کرنے اور غیب سے رزق کا دروازہ کھلنے
کے واسطے یہ عمل مکمل اور مسلسل بلاناغہ چالیس (۴۰) روز کرنا ہے۔
ایک وقت مقرر کرکے باوضو گیارہ بار درود شریف پڑھے پھر
گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ:

یَا مُغْنِیُ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سُورۂ مُزّمّل پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ
بار درود شریف پڑھے۔
یہ عمل بہت مُجرّب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت
سے روزگار کے دروازے کُھل جائیں گے اور ہر قسم کی مالی پریشانی
سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل شرط ہے۔

دنیا میں معزز و مکرّم بننا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ عوام میں ہر دل عزیز اور معزز شمار ہو
اور لوگ اس کی عزت کریں اور اسے قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھیں
تو اسے چاہیئے کہ چالیس (۴۰) دن تک مسلسل بلاناغہ نمازِ فجر کے بعد چالیس (۴۰) بار

یَا عَزِیْزُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے وہ لوگوں میں معزز و مکرم ہوگا
اور اس کی ہر طرح کی محتاجگی ختم ہو جائے گی۔

ہر دلِ عزیزی کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ دنیا میں ہر دل عزیز ہو اور دنیا کے
لوگوں سے ہر لحاظ سے بے نیاز ہو تو اس کے لئے روزانہ کسی بھی نماز کے
بعد اکتالیس (۴۱) بار یَا عَزِیْزُ
پابندی سے پڑھے۔ ناغہ نہ کرے، ہمیشہ پابندی سے پڑھتا رہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ وہ تمام دنیا سے بے نیاز ہو جائے گا۔ اس کی عزت
و عظمت لوگوں کے دلوں میں بیٹھ جائے گی۔

جان و مال کی حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی جان کو خطرہ اور مال کو نقصان پہنچنے کا
اندیشہ محسوس کرے تو جان و مال کی حفاظت کے لئے ترکِ حیوانات
اور پرہیزِ جلالی کے ساتھ دس ہزار مرتبہ روزانہ

یَا عَزِیْزُ

پڑھے تو قاضی الحاجات کی طرف سے اس کے لئے فرشتے نگہبان ہوجائیں
اور اس کے جان و مال کی حفاظت کریں گے اور اس شخص پر مسلسل عجائب
اور غرائب ظاہر ہوں گے۔
ترکِ حیوانات میں ہر قسم کا گوشت، دودھ، دہی، پرائے گھر کا دودھ

کمیر، مٹھائی، ماش کی دال، میت میں شرکت، چمڑے کا جوتا۔ چمڑے کے ڈول سے پانی کھینچا ہوا، مشک کا پانی، چمڑے کے دسترخوان کا استعمال چمڑے کے مصلے پر بیٹھنا، یا نماز پڑھنا۔ مولی، گاجر، زچگی میں جانا، پکوان تیل، دال مسور، گاجر، مولی، بینگن وغیرہ ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ دورانِ عمل حصار کرکے پڑھے اور ان تمام چیزوں کے استعمال اور تعلق سے بچے ورنہ فائدہ کی جگہ نقصان ہوگا۔

حصار کی ترکیب شروعات کے صفحات میں درج ہے۔ وہ یہ ہے:

آیۃ الکرسی (آخر تک)، ایک دفعہ، قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ (آخر تک)، قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ (آخر تک)، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (آخر تک) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (آخر تک پورہ سورت) ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لے اور چاروں طرف پھونک مارے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف لکیر کھینچ لے۔ لکیر کہیں سے کٹی ہوئی نہ ہو۔

عزت وعظمت میں اضافہ

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی مقبولیت، عزت وعظمت اور شان وبزرگی کی لوگ قدر کریں اور اسے عزت دیں تو اسے چاہیئے کہ بعد نمازِ عشاء روزانہ پابندی کے ساتھ اوّل تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چورانوے (٩٤) بار

یَا عَزِیْزُ

پڑھے۔ اس کے بعد تین بار یہ پڑھے۔

یَا عَزِیْزُ اَعِزَّنِیْ بِعِزَّتِکَ یَا عَزِیْزُ۔

آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت وعظمت میں اضافہ کی دُعا کرے۔ چند ہفتے کرنے کے بعد انشاءاللہ تعالیٰ اس کی عزت وعظمت میں اضافہ ہوگا۔

ذلّت وخواری سے حفاظت اور احساسِ کمتری ختم

جو شخص قدم قدم پر ذلّت وخواری کا شکار ہو احساسِ کمتری میں مبتلا ہو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ نقش بہت مجرّب ثابت ہوا ہے۔ یہ "یَا عَزِیْزُ" کا نقش ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ذلّت عزّت میں بدل جاتی ہے اور احساسِ کمتری کا مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتا ہے۔

یہ نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے ایک نقش موم جامہ کرکے گلے میں باندھ لیا جائے اور دوسرا نقش باوضو لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلا دیا جائے۔

گلے میں باندھنے کا نقش یہ ہے:

٧٨٦

٢٣	٢٦	٢٩	١٦
٢٨	١٧	٢٢	٢٧
١٨	٣١	٢٤	٢١
٢٥	٢٠	١٩	٣٠

پیٹ کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۲	۲۷	۳۵
۳۳	۳۱	۲۹
۲۸	۳۶	۳۰

تنبیہ اگر گلے میں باندھنے کا تعویذ گلے میں نہ ڈال سکے تو مرد سیدھے ہاتھ کے بازو پر باندھ لے اور اگر عورت باندھنا چاہتی ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں باہم محبت کی کمی ہو جس کے سبب اکثر گھر میں کھٹ پٹ رہتی ہو اور لڑائی جھگڑا ختم نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش بڑا مؤثر اور تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو لکھنے سے پہلے لکھنے والا غسل کرے، پاک وصاف کپڑے پہنے، خوشبو (عطر وغیرہ) لگائے پھر باوضو پاک صاف مصلّے پر بیٹھ کر یہ نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی چند دن میاں بیوی کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں مثالی محبت پیدا ہوگی اور دونوں محبت اور سکون سے زندگی گذاریں گے۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۵۶۰	۵۶۸	۵۷۰	۵۷۷	۵۵۳
۵۷۵	۵۵۶	۵۵۸	۵۶۶	۵۷۳
۵۶۴	۵۷۱	۵۷۸	۵۵۴	۵۶۱
۵۵۷	۵۵۹	۵۶۷	۵۶۹	۵۷۶
۵۷۲	۵۷۳	۵۵۵	۵۶۲	۵۶۵

فائدہ: تعویذ ونقش کو لکھتے وقت یہ ایمان ویقین دل میں بیٹھا ہو کہ بیماریوں سے نجات دلانا نہ کسی تعویذ کا کمال ہے نہ کسی دوا اور معالج یا ڈاکٹر کا۔ بیماریوں سے نجات عطا کرنے کی قدرت صرف ایک ہی ذاتِ گرامی کو حاصل ہے اور وہ حق تعالیٰ اللہ رب العزت جلّ جلالہٗ کی ذاتِ گرامی ہے۔ حق تعالیٰ ہی امراض کو دور کرتے ہیں وہی مریض کو شفا دیتے ہیں، وہی کمزوروں کو طاقت عطا کرتے ہیں۔ اس رب کی مرضی کے بغیر کوئی دوا اور کوئی تعویذ اپنا کوئی اثر نہیں دکھا سکتے۔ تعویذ لکھتے وقت اپنے مالکِ حقیقی سے یہ درخواست کی جائے کہ وہ مریض کو صحت عطا کرے اور اس تعویذ کی برکت سے اسے بیماری سے نجات بخشے۔ اگر ان تعویذوں کو لکھنے والا انسان چاہے مرد ہو یا عورت اللہ رب العزت کی قدرتِ کاملہ پر اور اس کی وحدانیت پر یقینِ کامل رکھنے والا ہو گا تو نقوش میں بے پناہ اثر ہو گا۔

سر پر آئی ہوئی مصیبت سے نجات

اگر کسی شخص یا بہت سارے آدمیوں کو اپنے قتل یا غارت گری کا کھٹکا ہو یا کسی ظالم کی طرف سے کوئی مصیبت پیدا کرنے کا اندیشہ ہو تو اس کو چاہیئے کہ ایک موٹا تازہ مینڈھا جو قربانی کے جانور کی طرح تمام عیوب سے پاک وصاف ہو حاصل کرے۔ پھر اس کو کسی سنسان جگہ پر قبلہ کی طرف اس کا منہ کر کے ذبح کر دے۔ ذبح سے پہلے پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ط

ذبح کرنے کے بعد یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ ھٰذَا اَلَکَ وَمِنْکَ ھٰذَا فِدَائِی فَتَقَبَّلْہُ مِنِّیْ۔

لیکن ذبح سے قبل یہ اہتمام ضرور کرلے کہ ایک گڑھا ضرور کھود لے تاکہ اس مینڈھے کا خون اس گڑھے میں مٹی ڈال کر اچھی طرح بند کردے۔ اور اس مینڈھے کی کھال اُتار کر خیرات کردے اور اس کے گوشت کے ساٹھ حصے کرے اور ساٹھ مسکینوں کو وہ گوشت تقسیم کردے۔ لیکن اس گوشت کا کوئی حصہ نہ خود کھائے نہ اپنے گھر کے لوگوں کو کھلائے نہ اپنے رشتہ داروں کو کھلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کے سر پر آنے والی مصیبت ٹل جائے گی۔

ذبح کیے جانے والا مینڈھا سال بھر کا ہو ہاں اگر اتنا موٹا تازہ ہو کہ سال بھر کا معلوم ہوتا ہو اور سال بھر والے بھیڑ دنبوں میں چھوڑ دو تو کچھ فرق نہ معلوم ہوتا ہو تو ایسے وقت چھ مہینے کا مینڈھا بھی ذبح کرنے کے لائق ہے، اسی طرح اندھا، کانا جانور نہ ہو، کان یا دُم ایک تہائی یا اس سے زیادہ کٹی ہو وہ بھی قربانی کے لائق نہیں۔ جو جانور اتنا لنگڑا ہے کہ فقط تین پاؤں سے چلتا ہے وہ بھی قربانی کرنے کے لائق نہیں ہے اسی طرح مریل جانور بالکل دُبلا ہڈیوں کا ڈھانچہ، اسی طرح جس جانور کے بالکل دانت نہ ہوں اس کی بھی قربانی درست نہیں ہے۔

ناف ٹھیک ہونا

اگر کسی کی ناف ٹل جائے تو پیٹ میں بڑا درد ہوتا ہے اور کسی طرح

آرام نہیں آتا، بعض مرتبہ بار بار قضائے حاجت بھی ہونے لگتی ہے جس سے کمزوری پیدا ہو کر وبال جان بن جاتی ہے۔ ناف کو جگہ پر لانے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس کو کالی کچی روشنائی یا زعفران کو پانی میں گھول کر باوضو اس سے لکھیں اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لیں اور اس وقت تک باندھے رکھیں جب تک ناف اپنی جگہ پر نہ آجائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس نقش معظم کی برکت سے ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔ اور درد بھی ختم ہو جائے گا۔ عورت اس نقش کو اپنے بائیں بازو پر باندھے درمیانی خانے میں مریض یا مریضہ کا نام لکھا جائے۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	اس خانے میں مریض یا مریضہ کا نام لکھیں	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ
یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ	یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ

حفاظتِ حمل

بعض عورتوں کا حمل اکثر ضائع ہو جاتا ہے کبھی مسان کی بیماری کے سبب کبھی کمزوری کے سبب اور کبھی کسی اور وجہ سے یعنی بھاری وزن اٹھانے سے بھی حمل گر جاتا ہے۔ حمل کو قائم رکھنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور حمل کے ابتدائی دنوں میں لگاتار چالیس ۴۰ دن تک باوضو پانی میں گھول کر پلائیں۔ پینے والے کے لئے وضو شرط نہیں ہے البتہ نقش گھولنے والا باوضو ہو۔ چالیس ۴۰ دن کے بعد ایک ہفتے میں ایک

ار پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا اور بچہ ہوگا۔ یہ عمل چار ماہ تک کریں۔ نقش یہ ہے۔

ع

ص

۳ هط هط

کھیت کو چوہوں سے بچانا

بعض مرتبہ کثیر تعداد میں چوہے کھیت کی پوری فصل کو برباد کر دیتے ہیں۔ چوہوں کو کھیت سے بھگانے اور کھیت کو محفوظ رکھنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔ اس عمل کی برکت سے چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

ایک کلو ریت لے کر باوضو تین بار سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر اس ریت پر دم کریں اور پھر اس ریت کو تمام کھیت میں تھوڑا تھوڑا چھڑک دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

چوہوں کو بھگانے کا دوسرا عمل یہ ہے:

ایک مٹکا پانی کا بھر کر رکھ لیں اور باوضو ایک سو بار یہ آیت پڑھ کر اس پانی پر دم کر دیں اور وہ پانی تمام کھیت میں چھڑک دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کھیت سے تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا (الاعراف)

تنبیہ: یہ آیت زبانی پڑھیں یا قرآن شریف میں دیکھ کر پڑھیں دونوں طرح ٹھیک ہے۔

لڑکے لڑکیوں کی شادی کے لئے

بعض مرتبہ لڑکے لڑکی شادی سے رہ جاتے ہیں ان کی عمریں ڈھل جاتی ہیں لیکن کوئی مناسب اور موزوں رشتہ نہیں ملتا۔ لڑکیوں کی بے بسی پر رونا آتا ہے۔ اس کا آسان روحانی عمل یہ ہے:

جس لڑکی یا لڑکے کا پیغام نہ آتا ہو اسے چاہیئے کہ وہ خود پنج وقتہ نماز کی پابندی کرے اور بعد نمازِ عشاء باوضو سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پوری سورت اکتالیس مرتبہ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل مسلسل بلا ناغہ نوے دن تک کریں اور عمل کے ختم پر اللہ تعالیٰ سے اپنے رشتہ کی دعا کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نوے (۹۰) دن کے اندر اندر غیب سے شادی کا انتظام ہو جائے گا۔ سورۃ اخلاص یہ ہے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

قرض کی ادائیگی کا عمل

جو شخص بُری طرح قرض میں بندھا ہوا اور آمدنی کی کمی کے سبب قرض کی ادائیگی ناممکن ہو اور قرض خواہ صبح و شام اسے پریشان کرتے ہوں تو اسے چاہیئے کہ بعد نماز جمعہ چند افراد چاہے اس کے دوست احباب ہوں یا گھر کے مرد عورت سب مل کر وضو کریں اور پاک و صاف دری، چادر یا قالین پر بیٹھ کر اوّل اکیس۲۱ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر گیارہ بار استغفار پڑھیں اس کے بعد سب مل کر اکتالیس ہزار سات سو (۴۱۷۰۰) مرتبہ

یَا وَھَّابُ

پڑھیں۔ آخر میں پھر گیارہ بار استغفار پڑھیں اور اکیس۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ قرض سے نجات عطا کرے۔ اس عمل کے بعد اگلے دن سے روزانہ گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) مرتبہ

یَا وَھَّابُ

مقروض لگاتار چالیس۴۰ دن تک خود پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے برابر چالیس۴۰ دن تک پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس دوران ایسی جگہ سے اس کی مدد ہوگی جس کا وہ پہلے سے کوئی گمان بھی نہیں کر سکتا تھا۔ بہت ہی مجرب اور لاجواب عمل ہے۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْۢبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

وہ عمل جس کے کرنے سے ہر دعا قبول ہو

یہ عمل بہت مجرب ہے اس کی برکت سے آدمی مستجاب الدعوات بن جاتا ہے یعنی ایسا شخص جس مقصد کے لئے بھی ہاتھ اٹھا کر دعا کرے گا اس مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ جس شخص کے لئے دعا کرے گا اس کی مراد پوری ہوگی۔ عمل یہ ہے:

بعد نماز عشاء مکمل تنہائی کی جگہ میں یا خالی گھر میں جس میں کوئی دوسرا نہ ہو کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر نو۹ مرتبہ درود شریف پڑھے (نماز والا درود افضل ہے وہی پڑھے) اس کے بعد پانچ ہزار چار سو (۵۴۰۰) بار

یَا وَھَّابُ

پڑھے اس کے بعد آخر میں نو۹ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ چالیس دن تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ چالیس دن یہ عمل کرنے کے بعد تین دن مسلسل بلاناغہ باوضو بعد نماز عشاء کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر گیارہ سو (۱۱۰۰) بار استغفار پڑھے۔ استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْۢبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔

تین تین دن یہ استغفار پڑھنے کے بعد چوتھے دن باوضو بعد نمازِ عشاء کھلے آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر تنہائی میں اوّل نَو مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ ہزار چار سو (۵۴۰۰) بار

یَاوَهَّابُ

پڑھے۔ اس کے بعد نَو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل چالیس دن تک کرے۔

اس چلّے کے بعد تین دن بعد نمازِ عشاء باوضو کھلے آسمان کے نیچے تنہائی میں کھڑے ہو کر گیارہ سو (۱۱۰۰) بار درود شریف پڑھے یہ عمل تین دن کرنے کے بعد چوتھے دن بعد نمازِ عشاء باوضو کھلے آسمان کے نیچے تنہائی میں کھڑے ہو کر اوّل نَو بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ ہزار چار سو (۵۴۰۰) بار

یَاوَهَّابُ

پڑھے۔ اس کے بعد نَو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ چالیس دن تک کرے۔ یہ عمل تین چلّے کا مکمل ہوا۔

اس کے بعد روزانہ بعد نمازِ عشاء گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

یَاوَهَّابُ

پڑھ لیا کرے۔ اول وآخر ۹،۹ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھ لیا کرے۔ اس میں تنہائی یا کھڑے ہو کر پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ اس عمل کی برکت سے عامل زبردست قوت کا مالک بن جائے گا۔ وہ جو بھی دُعا کرے گا اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے ضرور قبول ہوگی شرط یہ ہے کہ ظلم کی یا

خلافِ عادت دُعا نہ کرے مثلاً بغیر شادی کے دعا کرے کہ لڑکا ہو جائے تو یہ ناممکن ہے۔ شادی کرے پھر دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ ضرور بیٹا دے گا۔

رزق میں زیادتی کا عمل

جو شخص روزی کی کمی یا نہ ہونے سے تنگ ہو یا قرض کے بوجھ تلے دبا ہو کسی طرح قرض اترنے کا نام نہ لیتا ہو جس کے سبب ہر وقت پریشانی رہتی ہو یا نوکری نہ ہو جس کے سبب گھر فقر و فاقہ کا مسکن بن گیا ہو تو ایسا شخص خود یا اس کے گھر کا کوئی بھی فرد چالیس دن تک بلاناغہ بعد نمازِ عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک دری پر بیٹھ کر آنکھیں بند کر کے چار سو بار یہ دُعا پڑھتا رہے۔ اس عرصہ میں ناغہ نہ کرے۔ ناغہ ہو جانے کی صورت میں دن کو کسی بھی وقت پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی اور نوکری کا انتظام ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے قرض بھی اُتر جائے گا۔ یہ عمل مجرّب ہے۔

آسیب سے حفاظت کا نقش

آسیب زدہ کے لئے یہ نقش انتہائی مفید ہے۔ اس نقش کو جمعرات کے دن سورج نکلنے کے ایک گھنٹہ بعد لکھیں اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب مریض کے قریب نہیں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۵۶۱۲	۵۶۲۵	۵۶۲۲	۵۶۱۹
۵۶۲۳	۵۶۱۸	۵۶۱۳	۵۶۲۴
۵۶۱۷	۵۶۲۰	۵۶۲۷	۵۶۱۴
۵۶۲۶	۵۶۱۵	۵۶۱۶	۵۶۲۱

وہ دعا یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ مِنْ جَمِیْعِ جُرْمِیْ وَ ظُلْمِیْ وَاِسْرَافِیْ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ۔

رزق میں برکت

یہ عمل رزق میں برکت اور ترقی کے لئے بہت مؤثر اور مفید ہے اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام ہو جائے گا اگر آمدنی کم ہے تو آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:

ایک وقت مقرر کر کے باوضو قبلہ رُخ ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل (پ ۲۹) پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک مسلسل بلاناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے امداد ہوگی۔

نظرِ بد کا علاج

بعض مرتبہ کسی کی نظر اتنی خطرناک ہوتی ہے کہ بچہ یا بڑا کھانا کھانا چھوڑ دیتا ہے اور روز بروز صحت گرتی جاتی ہے۔ اس صورت میں ڈاکٹر، حکیم اور وید کا علاج غیر مؤثر ہو جاتا ہے۔ کمزوری بہت زیادہ

ہو جاتی ہے۔ یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے پر دم کر دیں یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے بچے یا بڑے جس کو نظر لگی ہو اس کے گلے میں ڈال دے۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَآ اُغْنِیْ عَنْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَیْهِ فَلْیَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۔

ہر قسم کا فکر و رنج دور کرنا

اگر کوئی شخص فکر و رنج میں مبتلا ہو اسے چاہیئے کہ صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء باوضو اوّل تین مرتبہ درود شریف اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ:

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۔

پڑھے۔ آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کا فکر و رنج دُور ہو جائے گا۔ دل و دماغ تازہ ہو جائے گا۔

بدکار عورت سے جُدائی

اگر کسی عورت کے خاوند نے یا کسی نوجوان لڑکے یا لڑکی نے کسی سے ناجائز تعلقات قائم کر رکھا ہے اور اس کو کسی صورت چھوڑنے کے لئے تیار نہیں ہے تو اس آیت کو باوضو ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز پانی یا کھانے کی کسی بھی چیز پہ دم کر کے ایسے شخص کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ناجائز تعلق ختم ہو جائے گا۔ اور سخت نفرت

ہوجائے گی اور ناجائز تعلق ازخود ختم ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

قُلْ لَّا یَسْتَوِی الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰہَ یٰٓاُولِی الْاَلْبَابِ ط

نوکری کے لئے انٹرویو میں کامیابی

اگر کسی عہدہ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں آئی ہوں اور انتخاب صرف چند کا ہونے والا ہو تو ایسی صورت میں کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو تو اس کے لئے تین روز تک ایک وقت مقرر کر کے باوضو (۷۰۰) سات سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ تمام امیدواروں میں سے اس ختم کا پڑھنے والا عہدۂ ملازمت پر منتخب کر لیا جائے گا۔ یہ عمل نہایت مجرب ہے۔

وہ آیت یہ ہے:

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ ۝

بدمزاج خاوند کو بااخلاق بنانا

جس عورت کا خاوند بداخلاق اور بدمزاج ہو وہ عورت باوضو تین سو (۳۰۰) مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے خاوند کو پلائے یا کھانے پر دم کر کے کھلائے۔ یہ عمل تین روز تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند اخلاق سے پیش آئے گا اور بیوی سے محبت سے پیش آئے گا۔

کنواری لڑکی کی شادی

جس شخص کی کنواری لڑکی ہو اور کوئی شخص پیغام نہ دیتا ہو اور نہ کوئی رشتہ آتا ہو تو تازہ وضو کر کے دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ پھر ایک سو (۱۰۰) بار لڑکی کی شادی کی نیت سے:

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ چالیس (۴۰) دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل کے دوران ہی مناسب رشتہ آجائے گا۔

چور وغیرہ سے گھر کی حفاظت

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائے۔ اگر چور آ بھی جائے تو گھر سے مال چرا کر بھاگ نہ سکے گا۔ تمام راستے اس کے لئے بند ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے:

قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۚ وَلَا تَجْہَرْ بِصَلَاتِکَ وَلَا تُخَافِتْ بِہَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِکَ سَبِیْلًا ۝

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب ہے۔ جو شخص اپنے کام کا انجام معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس کے حق میں یہ کام کرنا بہتر ہے یا نہیں؟ اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء تازہ وضو کر کے اول تین بار درود شریف

پڑھے اس کے بعد دس بار سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۂ اخلاص پڑھے۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے اور پاک بستر پر داہنی کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اپنے کام کا انجام خواب میں دیکھ لے گا۔ اگر خواب کی تعبیر سمجھ میں نہ آئے تو کسی نیک عالم دین سے اس کی تعبیر پوچھ لے۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۧ

سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

دُعا قضائے حاجت

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے مندرجہ ذیل دُعا کسی وقت بھی روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حاجت پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے وہ دُعا یہ ہے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ط بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ط سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؛ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ط بَلٰغٌ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ وَّالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ط اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا حَاجَةً مِّنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط

آسیب اور جن کو گھر سے بھگانا۔

ایک سفید کپڑا لیں اور اس کو ہلدی میں رنگ کر چالیس (۴۰) فتیلے بنا لیں اور روزانہ ایک فتیلہ جلائیں۔ بعد نماز عشاء جلائیں۔ روزانہ چالیس (۴۰) دن تک مسلسل بلا ناغہ جلانا ہے۔ اور اس کمرے میں فتیلہ جلائیں جس میں سوتے ہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اور جن بھاگ جائے گا۔

جن، آسیب کو بھگانا یا جلانا

جب جن کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اس
کو بھگانے یا جلانے کے لئے یہ عمل کریں۔

سب سے پہلے گیارہ تار (دھاگے) سرخ رنگ کے مریض کے قد کے
برابر (پیشانی کے اوپر بالوں سے بائیں پاؤں کے انگوٹھے تک) لے کر ایک
گنڈہ بنائیں۔ اس میں صرف تین گرہ لگائیں اور ہر گرہ کو لگانے سے پہلے
یہ عزیمت پڑھ کر گرہ پر پھونک ماریں اور گرہ لگا دیں۔ عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا
تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

مریض کو پاک زمین یا سفید چادر یا مصلے پر بٹھا کر یہ گنڈہ اس کے
بالوں میں باندھ دیں۔ اگر سر میں بال نہ ہوں تو سر پر باندھ دیں۔ مریض کے
سامنے ایک کوری ہانڈی رکھ دیں (مٹی کی ایسی ہانڈی جس کو پانی نہ لگا
ہو) جو اس سے پہلے کبھی استعمال میں نہ آئی ہو۔ ہانڈی کو اُلٹا کر کے رکھ
دیں اور اس پر ایک مٹی کا کورا چراغ رکھیں، یہ چراغ ایسا ہو جو اس سے
قبل کبھی استعمال میں نہ آیا ہو۔

ایک فتیلہ تیار کر کے اس کو نئی روئی میں لپیٹ کر بتی بنالیں اور
چراغ میں تلوں کا تیل (تلوں کو بازار سے خرید کر انہیں دھو کر سکھائیں
اور پھر اپنی آنکھوں کے سامنے لکڑی کے کولہو سے تیل نکلوائیں تاکہ
نکالنے والا ملاوٹ نہ کرے) ڈال کر چراغ جلائیں۔ مریض سے کہیں

کہ وہ چراغ کو دیکھتا رہے۔

اس عمل کو کرنے سے پہلے عامل اپنا اور مریض کا حصار ضرور کرے
ورنہ نقصان پہنچنے کا ڈر ہے۔ حصار کے لئے یہ عزیمت پڑھ کر خود پر اور
مریض پر دم کر کے۔ عزیمت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ
وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ہر کس کہ در وجود کہ در اندام و
آنچہ در شکم و آنچہ در گوش و چشم بینی فلاں ابن فلاں سایۂ سخت شدہ
است یا بہ نظر سخت شدہ است آمدہ۔ اگر نہ گریزد زود بسوزد بحق
سلیمان ابن داؤد علیہ السلام و بحق اِهْيًا اَشْرَاهِيًا و بحق عَلَيْقَ
مَلِيْقَا تَلِيْقَا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ و بحق لَا اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و بحق مؤمن
و بحق مُهَيْمِن جن یا آسیب مریض پر حاضر ہوگا۔ اگر بھاگنا چاہے تو
بھاگ جائے اور نہیں بھاگے گا تو جل جائے گا۔ فلاں ابن فلاں کے
خط کشیدہ الفاظ کی جگہ مریض کا اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

تنبیہ: کسی ذی روح انسان، جن، آسیب، جانور کو جلانا گناہ ہے
لہٰذا اس میں بسوزد سے قبل یہ الفاظ ضرور بڑھا دیں تاکہ اگر آسیب یا جن
بھاگنا چاہے تو بھاگ جائے، اگر نہیں بھاگے گا تو ضرور جل جائے گا جو
اس کی اپنی مرضی سے ہوگا۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

وہ الفاظ یہ ہیں:

اگر نہ گریزد سوختہ شود یا اگر نہ گریزد زود بسوزد

ابلیس تبلیس، شداد
فرعون، نمرود، ہامان
تبلیس، شداد، فرعون،
تبلیس، فرعون، ہامان
تبلیس

ابلیس تبلیس شداد
فرعون نمرود ہامان

ہرچہ در وجود

فلاں ابن فلاں
جن آسیب است حاضر شود
اگر نہ گریزد سوختہ شود بحق علیقا
ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی قلوبہم
بحق سلیمان بن داؤد علیہ السلام
علیقا ملیقا تلیقا

ابلیس تبلیس شداد
فرعون نمرود ہامان

تنبیہ: فلیتہ میں فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔

جن کو بھگانے کا طریقہ

اگر کسی پر جن آگیا ہو اور کسی طرح جانے کے لئے تیار نہ ہو تو، آسیب زدہ کے کان میں سات مرتبہ اذان پڑھیں پھر سورۂ فاتحہ اور معوذتین، آیۃ الکرسی، سورۂ والسماء والطارق اور سورۂ حشر کی آخری تین آیات اور سورۂ صافات شروع سے من طین لازب تک پڑھ کر دونوں کانوں میں پھونک دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا ورنہ جل کر راکھ ہو جائے گا۔ اذان یہ ہے:

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ہ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ہ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ہ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ہ اٰمِیْنَ

قل اعوذ برب الفلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ہ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ہ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ہ

قل اعوذ برب الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ہ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ہ

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سورہ والسماء والطارق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىکَ مَا الطَّارِقُ ۝ النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۝ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْھَا حَافِظٌ ۝ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ یَّخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ اِنَّہٗ عَلٰی رَجْعِہٖ لَقَادِرٌ ۝ یَوْمَ تُبْلَی السَّرَآئِرُ ۝ فَمَا لَہٗ مِنْ قُوَّۃٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۝ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ۝ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۝ اِنَّہٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ۝ وَّمَا ھُوَ بِالْھَزْلِ ۝ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۝

سورہ حشر کی آخری آیات یہ ہیں:

لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَہٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَتِلْکَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ۝ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ۝ ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُھَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحٰنَ اللّٰہِ

عَمَّا یُشْرِکُوْنَ ۝ ھُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝

صافات کی آیات من طین لازب تک یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۝ اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِھِمْ اَھُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰھُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ۝

جن آسیب کو بھگانا یا جلانا

اگر جن بہت زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی پیچھا نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل فتیلہ بہت مؤثر ہے۔ اگر جن نہ بھاگے گا تو جل جائے گا۔ مندرجہ ذیل طلسم کو سفید کاغذ پر لکھ کر فتیلہ بنالیں اور اس کو نئی روئی لپیٹ کر سرسوں کا تیل کورے مٹی کے چراغ میں ڈال کر فتیلہ لگا کر جلادیں اور اس کا دھواں مریض کے ناک اور اس کے کان میں پہنچائیں۔ جلتے چراغ کے دوسری طرف سے ہلکے ہلکے پنکھا جھلیں کہ دھواں مریض کے کان میں چلا جائے۔ اسی طرح اس کی ناک میں بھی چلا جائے۔

وہ طلسم یہ ہے:

ابلیس ابوجہل — شداد نمرود

میکائیل — جبرئیل

عزرائیل — اسرافیل

جن وآسیب حاضر شود۔ اگر نہ گریزد سوختہ شود

العجل العجل العجل

یہ عمل صرف ایک بار کرنا ہے اس کی برکت سے یا تو جن آسیب از خود بھاگ جائے گا وگرنہ جل کر خاک ہو جائے گا۔

آسیب کو جلانے کا فتیلہ

اگر آسیب نہ بھاگتا ہو تو اس کو بھگانے یا جلانے کے لئے یہ طلسم بہت پر تاثیر ہے باوضو اس طلسم کو لکھیں اور لپیٹ کر اس پر پاک روئی لپیٹ کر ایک طرف سے آگ لگائیں اور اس کا دھواں مریض کی ناک میں اور بدن پر پہنچائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا ورنہ جل کر راکھ ہو جائے گا۔

ھ ۳۹۹۱۱۱

اگر نہ گریزد سوختہ شود

تنبیہ: جن آسیب کی بابت جتنے بھی عمل کئے جائیں اس میں سب پھر باوضو کریں کوئی عمل بغیر وضو کے نہ کریں۔ فتیلہ لکھنا، لپیٹنا، جلانا

سب باوضو کریں۔ ورنہ نقصان کا ڈر ہے۔

جن آسیب کو دفع کرنے اور جلانے کیلئے

جن اور آسیب کو بھگانے اور دفع کرنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ باوضو چار نقش بنائیں۔ ایک نقش باوضو موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دیں۔ دوسرا نقش مریض کو پلا دیں۔ تیسرا نقش مٹی کے کورے چراغ میں رکھیں اور چوتھا نقش فتیلہ بنا کر نئی روئی لپیٹ کر اسی چراغ میں جس میں یہ نقش لکھا ہے سرسوں کا تیل ڈال کر جلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ایک ہی رات میں جن وآسیب یا تو دفع ہو جائیں گے یا جل جائیں گے۔

وہ نقش یہ ہے۔ یہ نقش سورۂ جن کا ہے۔

۷۸۶

۲۰۲۱۲	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۳	۲۰۲۱۱	۲۰۲۰۹
۲۰۲۰۸	۲۰۲۱۵	۲۰۲۱۰

چراغ کو استعمال کرنے کے بعد کسی کنویں، دریا، نہر، جھیل، تالاب میں سے کسی ایک میں ڈال دیں اور اگر ایسا ممکن نہ ہو تو اس چراغ کو جنگل میں گہرا گڑھا کھود کر دفن کر دیں۔

آسیب کو دفع کرنا یا جلانا

مندرجہ ذیل فتیلہ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور سرسوں کے تیل میں کورے مٹی کے چراغ میں ڈال کر جلائے، تین فتیلے جلائے ہر فتیلے کے لئے نیا چراغ لے اور روزانہ ایک فتیلہ جلائے، تین دن کے بعد تینوں چراغ کسی پاک زمین میں جنگل میں دفن کر دے انشاءاللہ تعالیٰ

جن یا آسیب دفع ہو جائے گا یا جل جائے گا۔ وہ فتیلہ یہ ہے:

۲۸	۳۱	۳۴	۲۱
۳۳	۲۲	۲۷	۳۲
۲۳	۳۶	۲۹	۲۶
۳۰	۲۵	۲۴	۳۵

ہرچہ آسیب فلاں بن فلاں
اگر نگریزد حاضر شدہ سوختہ شود
مزاحمت نہ رساند

فلاں ابن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھیے۔

آسیب کے اثرات سے شفاء کی تدبیر

کسی بھی ایسے شخص پر جو آسیب یا جن کا شکار ہو مندرجہ ذیل دعا ایک وقت میں تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور تین روز تک لگاتار یا سات روز لگاتار ایسا کرتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اثرات سے نجات مل جائے گی۔

دعا یہ ہے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ ۔ الٓمّٓصٓ ۔ طٰہٰ ۔ طٰسٓ ۔ کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ یٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔ قٓ ۔ نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ ۝

آسیب زدہ کے دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں:
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۝ پڑھنا بھی مفید ہے۔

بچوں کو بُری عادت سے بچانا

بعض بچے بہت سی بُری عادتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں مثلاً بعض بچے ہر وقت انگوٹھا چوستے رہتے ہیں۔ یا بعض بچے ہر وقت سینی پھانکتے رہتے ہیں یا بعض بچے ٹھیکری اور مٹی کھاتے ہیں اور اپنی ان عادتوں سے باز نہیں آتے۔ مار پیٹ اس سلسلے میں بیکار ہے کیونکہ بچہ تھوڑی دیر بعد وہی کام کرے گا۔ ایسے بچوں کی غلط عادت چھڑانے کے لئے روزانہ باوضو ایک سو اکتیس (۱۳۱) مرتبہ

یَا سَلَامُ

پڑھ کر بچے پر دم کر دیا کریں اور یہ عمل اس وقت تک جاری رکھیں جب تک بچہ اس عادت سے باز نہ آجائے اور اس بُری عادت کو نہ چھوڑ دے۔ انشاء اللہ اس عمل کی برکت سے جلد ہی بچہ رُک جائے گا اور بری عادت چھوڑ دے گا۔

آسیب و جن سے نجات

بعض لوگوں کے ساتھ آسیب و جن طرح طرح کے کرشمے دکھاتے ہیں اور قسم قسم کے وہم میں مبتلا رکھتے ہیں جس کے سبب وہ گھر والوں کے ساتھ صحیح رہتے ہیں اور نہ ہی کوئی کام کرتے ہیں تمام دن بے کار اور لایعنی کاموں میں صرف کر دیتے ہیں۔ بعض بار بار وضو پر وضو کرتے رہتے ہیں بعض ہر وقت کپڑے پاک کرتے رہتے ہیں بعض تو کرسی چادر چارپائی، دری معتلی ہر چیز ہر وقت دھوتے رہتے ہیں لیکن ان کا وسوسہ ختم ہی نہیں ہوتا اور جن و آسیب ان کو بے کار کاموں میں لگائے رکھتے ہیں۔

اس کے لئے مریض کے دونوں کانوں میں سات سات مرتبہ اذان دیں اور سات مرتبہ یہ آیت دونوں کانوں میں پڑھ کر سنائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی وہم اور وسوسوں سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

جادو سحر سے نجات

ایک بوتل پانی پر چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ سورۂ یٰسین کی یہ آیت باوضو

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

پڑھ کر پانی پر دم کرکے رکھ لیں اور صبح و شام ایک ایک گھونٹ مریض کو پلائیں اور یہ نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی جادو سحر سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ نقش یہ ہے: اس آیت کے کل اعداد (۸۴۹) آٹھ سو انچاس ہیں۔

۸۴۶

۲۱۲	۲۱۵	۲۱۸	۲۰۳
۲۱۷	۲۰۵	۲۱۱	۲۱۶
۲۰۶	۲۲۰	۲۱۳	۲۱۰
۲۱۴	۲۰۹	۲۰۷	۲۱۹

مجرب استخارہ

یہ استخارہ درست جواب دیتا ہے۔ طریقہ استخارہ یہ ہے کہ تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل کی نیت کرکے کسی تنہائی کے مقام پر ثناء کے بعد الحمد شریف پڑھیں۔ اور جب لفظ اِيَّاكَ نَعْبُدُ پر پہنچیں تو نَعْبُدُ، نَعْبُدُ

کی تکرار کریں۔ یہاں تک کہ تمہارا رخ (چہرہ) دائیں یا بائیں طرف گھوم جائے یہ جواب ملنے میں پندرہ بیس منٹ لگیں گے۔ دل میں اپنے سوال کا تصور رکھیں۔ اگر رخ (چہرہ) دائیں طرف ہو جائے تو سمجھئے کہ کامیابی ہوگی اور اگر رخ (چہرہ) بائیں طرف ہو جائے تو مطلب یہ ہے کہ کام نہیں ہوگا اس معاملہ میں ہاتھ مت ڈالو۔

چہرہ گھومنے کے بعد نماز کی دونوں رکعتیں پوری کرلیں اور سلام پھیر لیں۔

زوال اور مکروہ وقت میں یہ عمل نہ کریں البتہ رات دن کسی بھی وقت میں یہ عمل کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب ملے گا

دشمنوں کے شر سے حفاظت

جو شخص دشمن کی سازشوں ان کے شر اور شرارتوں سے پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ جلد از جلد دشمنوں کے جال سے چھٹکارہ نصیب ہو تو اسے چاہیئے روزانہ حرف "طا" کو کسی بھی وقت باوضو نوّے (۹۰) مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی شرارتوں سے محفوظ ہو جائے گا۔ بہت آسان اور مجرب عمل ہے۔

دشمنوں کے چنگل سے آزادی

اگر کوئی شخص دشمنوں میں پھنس جائے یا دشمن اسے چاروں طرف سے گھیر لیں یا دشمن اس پر طرح مسلط ہو جائیں ان سے گلو خلاصی مشکل ہو رہی تو ناخن سے بغیر روشنائی کے حرف (ط) "طا" ایک مرتبہ لکھے اور اسی لفظ "طا" کو ایک سانس میں نو (۹) مرتبہ پڑھ کر وہاں سے نکل جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ کوئی اس کا راستہ روکنے پر قادر نہ ہو سکے گا سب دشمن ناکام ہو جائیں گے۔

محبت کے لئے

اگر حرف "طا" (ط) کو ایک ہزار دو سو (۱۲۰۰) مرتبہ باوضو سفید کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور پھر طالب (عاشق) اور مطلوب (معشوق) کے نام ان کی ماں کے نام کے ساتھ لکھ کر اس نقش کو شربت میں گھول کر طالب و مطلوب کو پلائیں تو دونوں میں زبردست محبت پیدا ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پائیدار ہوگی۔

تنبیہ: یہ عمل صرف میاں بیوی، ماں بیٹی یا والدین اولاد یا بھائی بہن کے لئے کرے ورنہ ناجائز محبت کے لئے کرے گا تو ناکام ہوگا اور گنہگار ہوگا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے ورنہ عاقبت برباد ہوگی۔

عشق زائل کرنا

اگر دو آدمیوں میں ناجائز محبت ہو اس ناجائز محبت کو ختم کرنا ہو یا کسی دو افراد میں ناجائز تعلقات قائم ہوں ان کو ختم کرنے کے لئے حرف (ط) "طا" کو نو سو نو (۹۰۹) مرتبہ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور مطلوب اور اس کی والدہ کا نام نیچے لکھ کر عاشق کو پلا دیں تو اس کا عشق زائل ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل صرف ناجائز دوستی یا تعلقات ختم کرنے کے لئے کرے اور ناجائز طور پر دو آدمیوں کو لڑانے یا اہلِ خانہ میں نفاق پیدا کرنے کے لئے کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

بچہ کی ضد ختم کرنا

اگر بچہ بہت ضدی ہو اور بات بات میں ضد کرتا ہو جس کے سبب والدین بہت پریشان رہتے ہوں تو ایسی صورت میں حرف (ط) کو نو مرتبہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔ اس نقش کی صورت یہ ہوگی۔

ططط ططط
ططط

پیٹ کی خرابی اور گیس سے نجات

روزانہ نہار منہ پانی کے ایک گلاس پر باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سات بار الحمد شریف (سورۂ فاتحہ مکمل) پڑھے اس کے بعد تین بار درود شریف پڑھے اور اس گلاس پانی پر دم کر کے مریض کو پلا دے۔ یہ عمل اکیس ۲۱ دن تک بلاناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی جملہ بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

لڑکیوں کے اچھے رشتوں کے لئے

بعض مرتبہ لڑکیاں اچھے رشتوں کی تلاش میں اپنی شادی کی عمر سے آگے بڑھ جاتی ہیں اور پھر رشتے نہیں آتے یا آتے ہیں تو اس قدر خراب ہوتے ہیں کہ اس ماحول میں لڑکی کا زندگی گذارنا جہنم سے کم نہیں ہوتا ایسی صورت میں والدین کی پریشانی ان کو قبل از وقت بوڑھا اور

بیمار بنادیتی ہے۔

لڑکیوں کی جلد شادی اور اچھے رشتوں کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ عمل شرط ہے اگر اس عمل کی پابندی کی جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ لڑکی کا اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا۔ عمل یہ ہے:

لڑکی خود یا اس کی والدہ یا بہن، بھائی، والد وغیرہ میں سے ہر بدھ کو باوضو اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ یوسف (پارہ ۱۲) مکمل تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر شادی کی دُعا کرے۔ اسی طرح ہر پیر کو باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۂ احزاب (پارہ ۲۱) کی تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل کرے۔ ناغہ نہ کرے اور اس وقت تک کرے جب تک شادی نہ ہوجائے۔ شادی ہوجانے کے بعد چھوڑ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اچھی اور مناسب جگہ رشتہ ہوجائے گا۔

حاسدوں کی شرارتوں سے حفاظت

بعض جگہ مسلمان ملازم کم ہوتے ہیں اور غیرمسلم اور کافر ملازم زیادہ ہوتے ہیں وہ مسلمانوں کو طرح طرح کی سازشوں اور شرارتوں سے پریشان کرتے رہتے ہیں۔ بعض مرتبہ تعصب اور عناد کی وجہ سے ملازمت سے نکلوانے کی کوشش کرتے رہتے ہیں۔ اس قسم کے حسد اور بغض اور طرح طرح کی شرارتوں سے حفاظت کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے اس نقش کو باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کرکے مرد گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت ہے تو گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ حاسدوں کی ریشہ دوانیوں اور شرارتوں سے محفوظ رہیں گے

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۵۹	۲۷۳	۲۷۰	۲۶۶
۲۷۱	۲۶۵	۲۶۰	۲۷۲
۲۶۴	۲۶۸	۲۷۵	۲۶۱
۲۷۴	۲۶۲	۲۶۳	۲۶۹

جان و مال کی حفاظت

بعض مرتبہ شہر کے حالات یا ملک کے حالات بگڑ جاتے ہیں اور جان و مال کا تحفظ مشکل ہوجاتا ہے۔ ایسی صورت میں آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری دو آیات کا نقش، جان و مال کی حفاظت کے لئے تیر بہدف ہے۔ لہٰذا اس نقش کو باوضو لکھ کر نیلے کپڑے میں موم جامہ کرکے اس کو گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پہ باندھے اور اگر عورت ہے تو گلے میں ڈال لے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔

اسی طرح باوضو ایک اور نقش لکھ کر اسے کمرے کے دروازے کے بالکل مقابل دیوار پر لٹکا دے اس طرح انشاء اللہ تعالیٰ گھر اور جان و مال سب محفوظ ہوجائیں گے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۱۰۶	۱۰۱۱۹	۱۰۱۱۶	۱۰۱۱۳
۱۰۱۱۷	۱۰۱۱۲	۱۰۱۰۷	۱۰۱۱۸
۱۰۱۱۱	۱۰۱۱۴	۱۰۱۲۱	۱۰۱۰۸
۱۰۱۲۰	۱۰۱۰۹	۱۰۱۱۱۰	۱۰۱۱۵

ہر قسم کے جادو ٹونے اور جھپیٹ سے حفاظت

آجکل سفلی، جادو ٹونے عام ہیں۔ یہ سب اللہ تعالیٰ اور اس کے

پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے کمزور تعلق کے سبب پھیلتا جارہا ہے اور بے شمار لوگ اس کا شکار ہوکر کاروبار، صحت، عزت، نوکری سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ لڑکیوں کے رشتے ٹوٹ گئے یا ہوتے ہی نہیں۔

بعض مرتبہ ایسا ہوتا ہے کہ انسان چلا جارہا ہے وہاں سفلی جادو کی کوئی چیز پڑی ہے اس کی جھپیٹ میں آجاتا ہے اور ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنے لگتا ہے۔ جادو، ٹونا، سفلی اور جھپیٹ سے حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے اس کی برکت سے ان سب کرتوتوں سے حفاظت رہتی ہے۔ وہ عمل یہ ہے:

اول نماز پنجگانہ باجماعت پڑھیں۔ عورتیں اپنے گھر میں اذان ہوتے ہی نماز پڑھ لیں۔ نمازیں نہ ناغہ کریں نہ نماز چھوڑیں۔

ہر فرض کے بعد آیۃ الکرسی ایک بار۔ قل اعوذ برب الفلق (مکمل سورت) ایک بار۔ قل اعوذ برب الناس (مکمل سورت) ایک بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لیں اور سینے پر بھی پھونک مار کر دم کرلیں۔

رات کو سونے سے پہلے وضو کرلیں اور سونے سے قبل آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرلیں تمام بدن پر پھیر لیں۔ عشاء کی نماز پڑھنے کے بعد باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ عمل پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں وہ عمل یہ ہے:

یَا حَافِظُ یَا رَزَّاقُ یَا کَرِیْمُ یَا حَلِیْمُ یَا نَاصِرُ۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے سفلی، جادو ٹونا اور جھپیٹ سے حفاظت رہے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

قل اعوذ برب الفلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قل اعوذ برب الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

بلغم اور کھانسی دور کرنے کے لئے

اگر بلغم کی وجہ سے کھانسی کی شکایت ہو تو لاہوری نمک کی سات ڈلیاں چنے کے برابر لیں اور ہر ڈلی پر سات سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور نہار منہ ایک ڈلی روزانہ چوس لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ سات روز میں بلغمی کھانسی سے کلی طور پر نجات

مل جائے گی۔ آیۃ الکرسی یہ ہے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

ہر قسم کی دعا کی قبولیت کے لئے

اگر کسی وقت دشمن سے جنگ ہوجائے تو آیۃ الکرسی تین سو تیرہ (۳۱۳) بار باوضو پڑھ کر اپنے ہتھیار پر دم کریں اور اس ہتھیار سے دشمن پر حملہ کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ خدا تعالیٰ کے فضل وکرم سے دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ اس طرح اگر کوئی گھبراہٹ یا پریشانی ہو تب بھی آیۃ الکرسی (۳۱۳) تین سو تیرہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیں یا دونوں ہاتھوں پر دم کرکے پورے جسم پر پھیر لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی گھبراہٹ اور پریشانی ختم ہوجائے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

ہر قسم کی دعا کی قبولیت کے لئے

اگر کوئی مشکل مرحلہ پیش آگیا ہو اور اس کے لئے دعا کرنی ہو تو باوضو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اس کی دعا ضرور قبول ہوگی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَاۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

قلب و جگر اور ہر قسم کی بیماری کے لئے

اگر دل میں درد رہتا ہو، ذرا چلنے پھرنے سے دل زور زور سے دھڑکتا ہو۔ ذرا سا بھاری کام کرنے سے سانس پھول جاتا ہو ضعفِ جگر کی تکلیف ہو۔ معدہ کمزور ہو۔ پھیپھڑے متاثر ہوں ان تمام صورتوں میں یہ روحانی علاج بہت مفید اور کارآمد ہے۔

ہر جمعہ کو جمعہ کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد چینی کی تین پلیٹ سادی بغیر پھول والی لیں اور ہر پلیٹ پر باوضو ایک ایک بار آیۃ الکرسی زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر لکھیں اور ایک پلیٹ جمعہ کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی میں گھول کر دہ پانی پی لیں۔

دوسری پلیٹ پر پیر کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی سے دھو کر وہ پانی پی لیں۔

تیسری پلیٹ جمعرات کے دن بعد نماز عصر باوضو پانی سے دھو کر وہ پانی پی لیں۔ اس عمل کو مسلسل بلاناغہ تین ہفتے تک کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

مرگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کو مرگی کے دورے پڑتے ہوں اور وہ پریشان رہتا ہو تو اس مریض پر روزانہ گیارہ بار باوضو آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہو جائے گی۔ یہ عمل مسلسل تین روز تک کرنا ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

جن بھوت پریت اور دیگر موذی جانوروں سے حفاظت

ہر قسم کی اذیت دینے والی مخلوق اور تکلیف پہنچانے والے جانوروں سے حفاظت کے لئے رات اپنے گھر یا ٹھہرنے کی جگہ آیت الکرسی ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے تو آیۃ الکرسی اس کے لئے ڈھال بن جائے گی اور پڑھنے والا اور اس کے اہل خانہ صبح تک جنات و شیاطین کے علاوہ تمام موذی اور تکلیف پہنچانے والے جانوروں سے محفوظ رہیں گے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

مکان سے جنات نکالنا

اگر کسی مکان میں جنات کا اثر ہو تو چار بتاشے والی میخ (موٹی پھلی والی کیل) لے کر ہر میخ پر باوضو اکیس (۲۱) بار سورۃ والسماء والطارق کی آخری دو آیتیں پڑھ کر دم کر دیں اور باوضو
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۝ اور
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھ کر مکان کے ہر کونے میں ایک ایک کیل گاڑ دیں (ٹھونک دیں) انشاء اللہ تعالیٰ تمام جنات

اس مکان سے رخصت ہو جائیں گے۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَأَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

حصار کی زکوٰۃ ادا کرنا

جنات، آسیب اور دیو پری کا علاج کرنے سے قبل حصار کرنا ضروری ہے ورنہ عامل کی جان کو خطرہ رہتا ہے۔

مندرجہ ذیل حصار اس سلسلے میں بہت کارآمد اور مفید ہے۔ اس حصار کو استعمال میں لانے سے پہلے اس کی زکوٰۃ ادا کرنا بہت ضروری ہے۔ زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چاند دکھائی دینے کے شروع کے دنوں میں سے پہلی جمعرات کے دن بعد نماز عشاء اکتالیس (۴۱) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھنا ہے۔ یہ عمل سات (۷) دن کا ہے۔ اول گیارہ بار (۱۱) درود شریف (جو بھی درود شریف یاد ہو پڑھے البتہ نماز والا درود ابراہیمی پڑھنا افضل ہے) پڑھے اس کے بعد:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے۔ پھر آیۃ الکرسی پڑھے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪ وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

درودِ ابراہیم اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ
حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

ساتویں روز عمل ختم کرکے حضور اکرم حضرت محمد مصطفٰی صلی اللہ علیہ وسلم اور اہلِ بیت کرامؓ کو ایصالِ ثواب کردے اور باوضو دودھ کی کھیر چاول ڈال کر پکائے اور سات نمازیوں کو پیٹ بھر کر کھیر کھلائے اور جس وقت یہ کھیر دسترخوان پر ہو اس وقت کوئی نمکین چیز دسترخوان پر موجود نہ ہو۔ خود بھی پیٹ بھر کر یہ کھیر کھائے اور سات نمازیوں کو بھی بس یہی کھیر کھلائے۔ کوئی دوسری چیز اس کے ساتھ نہ کھلائے۔ اس طرح الحمدللہ حصار کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔

جب بھی حصار کی ضرورت ہو اوپر لکھی ہوئی تمام سورتیں اور آیتیں باوضو ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چاقو پر اگر چاقو نہ ہو تو شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی انگلی) پر دم کرکے چاقو کی نوک سے یا شہادت کی انگلی سے عامل اپنے اردگرد حصار (دائرہ) کھینچ لے۔

چاقو کے لئے یہ شرط ہے کہ اس کا دستہ خالص لوہے کا ہو۔ ہاتھی دانت یا کسی اور کا نہ ہو۔ حصار کا دائرہ (اپنے چاروں طرف لکیر کھینچنے کے بعد اسی حصار کو ایک بار پھر پڑھے اور آسیب زدہ مریض پر دم کردے۔ اس کا اثر یہ ہوگا کہ جن، پری، دیو، آسیب، بھوت، پریت وغیرہ جو بھی ہوگا اس وقت مریض پر حاضر ہوگا اور بغیر عامل کی اجازت کے واپس

جانے کی ہمت نہ کرسکے گا۔

زکوٰۃ کی ادائیگی کے وقت سات روز تک اسی حصار کو روزانہ (۴۱) اکتالیس مرتبہ پڑھنا ہے۔ اس دوران چاقو یا انگلی پر دم کرنا ضروری نہیں ہے۔

اس حصار کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد ایک چلّہ (اکتالیس (۴۱) دن) ادا کریں۔ چلّہ کے دوران ہر قسم کے گوشت سے پرہیز کریں اور روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار باوضو یہ کلمات پڑھیں:

یَا بَدُّوْحُ عَلِیْقًا مَلِیْقًا تَلِیْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ
مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ

جب پڑھنے بیٹھیں اس سے قبل لوبان وغیرہ خوشبو جلائیں۔ اس طرح ایک چلّہ پورا کرنے کے بعد عامل ہو جائیں گے اور پھر جب بھی آسیب یا جن کو قبضہ کرنے کا عمل کریں گے تو کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر موقع پر کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ دونوں عمل جن، آسیب بھوت، دیو پری کا علاج کرنے والے کے لئے بہت ضروری ہیں۔

جن کو مریض سے دفع کرنا

اگر جن یا آسیب مریض پر سوار ہو اور کسی طرح جدا نہ ہوتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور باوضو کالے یا گہرے نیلے رنگ کے کپڑے میں موم جامہ کرکے ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آسیب یا جن دفع ہوگا اور مریض درست حالت میں ہو جائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

خانہ نمبر ۹ میں مریض اور اس کی والدہ (ماں) کا نام لکھیں۔

آسیب کو بھگانے کا نقش

اگر کسی پر آسیب کا سایہ ہو اور وہ کسی طرح جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو لکھیں اور باوضو موم جامہ کر کے مریض کے بازو پہ باندھ دیں۔ اس نقش کے باندھتے ہی آسیب یا جن انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ہی بھاگ جائے گا۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

اللہ	رسول	محمد	الا اللہ	لا الہ
یا غفار	یا ستار	یا رحیم	یا رحمن	یا اللہ
یا شکور	یا غفور	یا بدوح	یا وھاب	یا کریم

آسیب و سحر، جادو، سفلی کا علاج

جس شخص پر آسیب یا جن کا اثر ہو وہ بھی اور جس شخص پر سحر، جادو سفلی کا اثر ہو وہ بھی اس نقش کو استعمال کر سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب و جن والے بھی آسیب و جن سے نجات حاصل کریں گے۔ اسی طرح جو لوگ سحر، جادو، سفلی کے اثر سے مختلف بیماریوں کا شکار ہیں

وہ بھی اس کے استعمال سے جلد صحت یاب اور تندرست ہو جائیں گے۔ بارش، دریا یا کنویں کا پانی لے کر اس نقش کو باوضو لکھ کر باوضو گھولیں اور اس پانی کو خوب گرم کریں کہ پانی اُبلنے لگے۔ جب پانی خوب گرم ہو جائے تو چولہے سے اُتار لیں اور نیم گرم جتنا گرم پانی بدن برداشت کر سکے اس سے مریض کو نہلائیں۔ اگر بارش، دریا یا کنویں کا پانی نہ ملے تو نل کا پانی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

مریض کو تین دن یا سات دن نہلائیں، صابن لگانے کی ضرورت نہیں صرف پانی ڈال کر بدن مل دیں۔ اس عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد تندرست ہو جائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۰۹۱۹	۳۰۹۲۴	۳۰۹۱۷
۳۰۹۱۸	۳۰۹۲۰	۳۰۹۲۲
۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۶	۳۰۹۲۱

شریر جن یا آسیب کو بھگانا یا جلانا

اگر کوئی جن یا آسیب بہت شریر ہو اور مریض اور اہل خانہ کو طرح طرح سے تنگ کرتا ہو اور سب گھر والوں کو پریشان کر رکھا ہو اس کے لئے یہ فتیلہ بہت مفید ہے۔ لہٰذا اگر وہ جن اپنی شرارتوں سے باز نہ آیا اور اگر مریض کا پیچھا نہ چھوڑا تو جل کر خاک ہو جائے گا۔

اس فتیلہ کو پیر کے دن صبح چاشت کی نماز پڑھ کر باوضو لکھے اور نئی روئی لپیٹ کر کورے چراغ (مٹی کا ایسا چراغ جس کو پانی نہ

لگا ہوا میں رکھے اور سرسوں کا اصلی تیل (کسی دوسرے تیل کی ملاوٹ اس میں نہ ہو) چراغ میں ڈالے۔ چراغ کو اونچی جگہ رکھ دے اور مریض کو اس کی لَو کے سامنے وضو یا غسل کراکے پاک دری، چٹائی یا مصلے پر بٹھادے مریض کی نگاہ جلتے ہوئے چراغ کی طرف رہے۔

عامل فتیلہ کو آگے سرکاتا رہے تاکہ پورا فتیلہ جلے۔ اور اس دوران جب تک فتیلہ جل رہا ہے یہ عزیمت باوضو بیٹھ کر پڑھتا رہے۔

عزیمت یہ ہے:

عَلِيقًا مَلِيقًا تَلِيقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ

فتیلہ بنانے والا نقش یہ ہے:

اگر نہ گریزند سوختم دیواں، پریاں کفتاراں وجود جوگیاں، جنات، آسیب وجنیات آنچہ در وجود مزاحمت بدبد اگر نہ گریزند خاکستر گردند وبحرمت علیقا ملیقا تلیقا انت تعلم ما فی قلوبہم وما فی انفسہم علیقا ملیقا تلیقا ہر بلا در وجود فلاں بن فلاں باشد اگر نہ گریزد فتیلہ در آمد در چراغ شود سوختہ شود خاکستر گردد

تنبیہ: فلاں بن فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھے اگر مریض عورت یا لڑکی ہے تو بن کی جگہ بنت لکھے۔

کسی بھی ذی روح کو جلانا سخت گناہ ہے لہٰذا ہر قسم کے جلانے والے فتیلے میں یہ عبارت ضرور لکھے تاکہ اس مخلوق کو اختیار مل جائے بھاگنے کا

اگر نہیں بھاگے گا تو خود ہی جل کر راکھ ہو جائے گا۔ اس طرح عامل کو گناہ نہ ہوگا۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

اگر نہ گریزد سوختہ شود

اور اگر کئی جن یا آسیب ہوں تو یہ عبارت لکھے:

اگر نہ گریزند سوختہ شوند۔

ہر مقصد میں استعمال کا نقش

۲۴ کا نقش ہر مقصد میں استعمال ہو سکتا ہے جس مقصد کے لئے تعویذ دینا ہو اس کو تعویذ کی پشت پر لکھ دیں مثلاً کسی شخص نے ملازمت کے لئے نقش مانگا تھا نقش کی پشت پر (پیچھے) لکھدیں کہ:

"برائے ملازمت"

لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ زکوٰۃ کے بعد ہی کارآمد ہوگا۔

زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ۲۴ کا نقش باوضو روزانہ ۲۴ عدد بعد نماز فجر لکھے اور ان نقوش کو آٹا گیلا کرکے ان میں لپیٹ کر دریا، نہر، جھیل یا سمندر میں ڈال دے۔ چونتیس روز تک اسی طرح کرے ناغہ نہ کرے ورنہ عمل دوبارہ کرنا پڑے گا۔

جب چونتیس دن پورے ہو جائیں گے تو سولہ (۱۶) دن تک سولہ (۱۶) نقش روز لکھ کر آٹے میں گولی بناکر دریا، سمندر، نہر یا جھیل میں ڈال دے سولہ دن تک پورے ہونے کے بعد روزانہ چار عدد نقش باوضو لکھے۔ اور آٹے میں گولی بناکر دریا، سمندر، نہر، جھیل میں ڈال دے۔

جب چونتیس (۳۴) دن پورے ہو جائیں تو زکوٰۃ ادا ہو گئی اس کے شکریے میں معصوم بچوں کو مٹھائی تقسیم کرے اور تمام بزرگوں کو ایصالِ ثواب کرے یعنی اس مٹھائی کا ثواب بزرگانِ دین کو پہنچائے۔ اس طرح کہ پہلے بچوں میں مٹھائی بانٹ دے اس کے بعد دعا کر دے کہ حضورِ اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا ثواب پہنچے اور آپ کے طفیل میں اس کا ثواب تمام بزرگانِ دین کو پہنچے۔ زکوٰۃ ادا ہو گئی اب جس مقصد کے لئے یہ نقش لکھا جائے نقش کی پشت (الٹی طرف) وہ مقصد لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

اسی نقش کو اگر آسیب یا جنّ والے مریض کو جلا کر سنگھا دیں تو انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جنّ فوراً بھاگ جائے گا۔

وہ نقش ۳۴ عدد کا یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

آسیب اور جن سے نجات

اگر کسی پر آسیب یا جن کا سایہ ہو اور کسی طرح دور نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت باوضو سات کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور سات روز تک روزانہ ایک باوضو گھول کر مریض کو پلائے۔ سات دن بلا ناغہ پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جنّ دفع ہوگا اور مریض

تندرست ہو جائے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

عَلِيْقًا مَلِيْقًا تَلِيْقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ طَلِيْقًا۔

جنّ اور آسیب کا اثر ختم کرنا

اگر کسی کو آسیب یا جنّ کا اثر ہو اور وہ اس سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو اس نقش کو باوضو آٹھ عدد لکھے۔ ایک نقش باوضو کالے یا گہرے نیلے رنگ کے کپڑے میں موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے اور روزانہ ایک نقش باوضو گھول کر چار وقت مریض کو پلا دے۔

(۱) صبح ناشتہ سے پہلے
(۲) دوپہر کھانے سے پہلے
(۳) عصر کے بعد
(۴) سوتے وقت (رات کو)

اسی طرح مسلسل سات دن پلائے۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

حافظ	حفیظ	رقیب	وکیل	ناصر
حفیظ	رقیب	وکیل	ناصر	نصیر
رقیب	وکیل	ناصر	نصیر	قادر
وکیل	ناصر	نصیر	قادر	قدیر
ناصر	نصیر	قادر	قدیر	سلام

الٰہی فلاں ابن فلاں کو آسیب و جنّات کے شر سے محفوظ رکھ۔

آسیب کی شرارتوں سے نجات

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور وہ طرح طرح سے شرارتیں کرتا ہو اور اپنی حرکتوں سے باز نہ آتا ہو تو باوضو گیارہ بار

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور یہی کلمات گیارہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے آسیب کی شرارتوں سے نجات حاصل ہوگی۔

سخت قسم کے مسان کا علاج

اگر کسی عورت پر سخت قسم کا مسان ہو اور اس پر کوئی علاج کامیاب نہ ہوتا ہو تو اس عمل کو کریں انشاءاللہ تعالیٰ مسان سے نجات حاصل ہوگی۔ اور اولاد ہوگی۔ چالیس۴۰ درختوں کے تین تین پتے توڑ کر لائیں۔ کل پتوں کی تعداد ایک سو بیس (۱۲۰) ہوگی۔ چھوٹے بڑے پتوں کی کوئی قید نہیں۔ پھل والے اور غیر پھل والے درختوں کی بھی کوئی قید نہیں ہے۔ یعنی پتے کسی بھی قسم کے ہوں۔

ان پتوں کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر اس میں پانی بھر دیں اور اس کو چولہے پر رکھ دیں اس برتن کا پانی اتنا زیادہ گرم ہو جائے کہ اُبلنے لگے پانی میں یہ نقش بھی باوضو لکھ کر ڈال دیں۔ جب پانی خوب گرم ہو کر کھولنے لگے تو پانی چولہے سے اتار لیں پھر اس کو ٹھنڈا کر کے اس پانی سے مریضہ کو نہلائیں۔ صابن لگانے کی ضرورت نہیں ویسے ہی پانی ڈال کر بدن مل لیں۔

نہاتے وقت یہ خیال رکھیں کہ نہانے کا پانی گندی نالی یا گٹر کی لائن میں نہ جائے بلکہ کچی زمین میں نہلائیں تاکہ پانی زمین میں جذب ہو جائے ورنہ ٹب میں نہلائیں اور ٹب کے پانی کو دور جا کر کسی کچی زمین میں ڈال دیں یا کیاری میں ڈال دیں تاکہ جذب ہو جائے۔ غسل کے بعد ایک نقش باوضو لکھ کر کالے یا گہرے نیلے کپڑے میں موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔

اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ حمل برقرار رہے گا۔ بچہ صحیح سلامت پیدا ہوگا اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے لمبی عمر کا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے:

لا ۱۱۱ ح ــ|ــ ۱۱ ۱۱ ھ ٥

۶	۴	۱۰
۱۱	۷	۲
۳	۹	۸

حمل گرنے سے محفوظ

بعض عورتوں کے حمل نو ماہ ہونے سے قبل ہی گر جاتے ہیں۔ حمل کو قائم رکھنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش بہت کارآمد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس نقش کی بدولت حمل قائم رہتا ہے اور اولاد صحیح و سلامت پیدا ہوتی ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر کالے یا گہرے نیلے کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد یہی نقش عورت اپنے گلے سے نکال کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ یہ نقش اس کی گردن

میں سات سال تک رہے۔ اس کے بعد اس کو سمندر، دریا یا جھیل میں پتھر باندھ کر ڈال دیں۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۲	۷۵	۷۸	۶۵
۷۷	۶۶	۷۱	۷۶
۶۷	۸۰	۷۳	۷۰
۷۴	۶۹	۶۸	۷۹

جنّ و آسیب کو جلانے کا فتیلہ

اگر جنّ یا آسیب مریض کو طرح طرح سے تنگ کرتا ہو اور بار بار اس کو پریشان کرتا ہو تو اس کے جلانے کے لئے مندرجہ ذیل تین فتیلے باوضو لکھیں اور ان پر روئی لپیٹ کر کورے مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل خالص ڈال کر چراغ کو کسی اونچی جگہ رکھ دیں اور مریض کو وضو کرا کے چراغ کے سامنے ذرا دُور دری پر بٹھا دیں۔ مریض چراغ کی طرف دیکھتا رہے۔

یہ فتیلہ بعد نماز عصر جلانا ہے اور مغرب سے قبل ختم کرانا ہے۔ اس کے جلانے سے آسیب بھاگ جائے گا۔ ورنہ اگر نہ بھاگا تو جل کر راکھ ہو جائے گا۔ وہ فتیلے یہ ہیں:

۶۴۳۸	۶۴۵۱	۶۴۵۴	۶۴۴۱
۶۴۵۳	۶۴۴۲	۶۴۴۷	۶۴۵۲
۶۴۴۳	۶۴۵۶	۶۴۴۹	۶۴۴۶
۶۴۵۰	۶۴۴۵	۶۴۴۴	۶۴۵۵

۵	۴	۳	۲	۱
۱۰۰	۹۰	۸۰	۷۰	۶۰
بِحَقِّ اِهْيًا اَشْرَاهِيًا عَلِيقًا				
	ها	ها	ها	
۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	

بِحَقِّ عَلِيقًا تَلِيقًا اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَلِيقًا

ہرچہ در وجود فلاں بن فلاں است حاضر شود اگر نہ گریزد سوختہ شود۔

العجل العجل

۶۶۵۴۹۵۶	۶۶۵۴۹۵۱	۶۶۵۴۹۵۸
۶۶۵۴۹۵۷	۶۶۵۴۹۵۵	۶۶۵۴۹۵۳
۶۶۵۴۹۵۲	۶۶۵۴۹۵۹	۶۶۵۴۹۵۴

تنبیہ فلاں کی جگہ لڑکے یا لڑکی یا عورت مرد کا نام لکھیں اور بن کے بعد فلاں کی جگہ لڑکے یا مرد کا نام لکھیں اگر مریض عورت یا لڑکی ہے تو بن کی جگہ بنت کا لفظ لکھیں۔

آسیب یا جنّ کو جلانا

اگر آسیب یا جنّ اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو اور مریض کو طرح طرح سے پریشان کرتا ہو تو اس کے لئے یہ فتیلہ بہت کارآمد ہے۔ اس کو جلانے سے جنّ یا آسیب بھاگ جائے گا۔ اور اگر نہ بھاگے گا تو جل جائے گا۔

یہ فتیلہ باوضو لکھیں اور اس پر نئی روئی لپیٹ کر کورے چراغ میں رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل اصلی ڈال کر جلائیں۔

مریض کو وضو یا غسل کرا کے چراغ سے دور چراغ کی طرف منہ کر کے پاک چٹائی، دری یا مصلے پر بٹھائیں۔ مریض چراغ کو دیکھتا رہے۔ عامل چراغ جلا کر آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کرے اور برابر اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک فتیلہ جل رہا ہے۔ جب

وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا

پر پہنچے تو ان کلمات کو بار بار دھرائے اور بار بار پڑھے۔ اگر آسیب یا جن بھاگ گیا تو ٹھیک ہے ورنہ جل کر راکھ ہو جائے گا اور مریض اس کی شرارتوں سے محفوظ ہو جائے گا۔ فلاں کی جگہ مریض کا نام اور بن کے بعد فلاں کی جگہ مریض کی والدہ کا نام لکھے اگر عورت ہے یا مریض لڑکی ہے تو بن کی جگہ بنت لکھے۔ مثلاً محمد علی بن محمد احمد
یا
فاطمہ بنت زبیدہ

نقش (فتیلہ) یہ ہے:

ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع ع

مریض سے آسیب یا جن کو دور کرنا

اگر آسیب یا جن مریض کو طرح طرح سے پریشان کرتا ہو اور بار بار گھر سے باہر لے جاتا ہو تو باوضو دو نقش تیار کریں ایک نقش کالے یا نیلے کپڑے میں موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرے نقش کا فتیلہ بنا کر نئی غیر استعمال شدہ روئی لے کر اس فتیلے پر لپیٹ کر مٹی کے کورے چراغ میں رکھ دیں اور چراغ میں اصلی سرسوں کا تیل ڈال کر بعد نماز عشاء جلائیں مریض کو ذرا فاصلے پر وضو یا غسل کرا کے پاک چٹائی، دری یا مصلے پر بٹھا دیں مریض چراغ کی لَو کو دیکھتا رہے۔ نقش کے نیچے مریض اور اس کی والدہ کا نام لکھیں۔

وہ نقش یہ ہے:

بدوح بدوح

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

بدوح فلاں بن فلاں بدوح

آسیب سے نجات کے لئے

اگر کسی مریض پر آسیب یا جن کا اثر ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو گیارہ بار پڑھے اور سات کنویں کا تازہ پانی لے کر اس پر دم کرے اور اس پانی سے رات کو آدھی رات کے بعد مریض کو ایسی جگہ غسل دے کہ پانی گٹر کی گندی نالی میں نہ جائے یا کسی ٹب

میں بٹھا کر نہلائے یا ایسے کچے صحن میں نہلائے کہ پانی زمین میں جذب ہو جائے اگر ٹب میں نہلایا ہے تو ٹب کا پانی کسی کیاری یا کچی زمین میں ڈال دے کہ جذب ہو جائے۔ یہ عمل تین دن مسلسل بلا ناغہ کرے۔

وہ آیت یہ ہے:

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿﴾

تنبیہ پانی نہلانے کے لئے سات کنوؤں کا لے تو بہتر ہے ورنہ ایک کنوئیں کا پانی بھی کافی ہے۔ اگر کنواں نہ ہو تو ٹیوب ویل، بورنگ، چشمے، نہر، دریا تالاب کا پانی یا بارش کا پانی لے لیں اگر یہ بھی نہ ملے تو سات نل کا یا ایک ہی نل کا پانی بھی لے سکتے ہیں۔

آسیب زدہ کو ہوش میں لانا

اگر کوئی شخص آسیب یا جن کے سبب بے ہوش ہو گیا ہو اور اسے ہوش میں لانا ہو تو سورۂ نور (پ۱۸) کی آخری تین آیات باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کے منہ پر اس پانی کے چھینٹے مارے جائیں ان شاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا اور جن و آسیب بھاگ جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ

لِبَعْضِ شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۞ لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۞ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۞

مسان کا علاج

نیلے رنگ کے سوت کے اکتالیس (۴۱) تار (دھاگے) لیں پیشانی کے بال سے پاؤں کے انگوٹھے تک ان کو یکجا کر کے سورۂ طارق (پ۳۰) باوضو پڑھ کر ایک گرہ لگا دیں اور اس پر دم کر دیں اسی طرح پڑھتے جائیں اور گرہ لگاتے جائیں اور گرہ پر دم کرتے جائیں۔ اسی طرح اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۂ طارق پڑھ کر اکتالیس (۴۱) گرہ لگائیں اور ان گرہوں پر ساتھ ساتھ دم بھی کرتے جائیں۔

یہ دھاگہ حاملہ عورت کے پیٹ کے نیچے باندھ دیں اور یہ ہر حالت میں بندھا رہے جب بچہ پیدا ہو تب یہ گنڈہ کھول کر بچے کو نہلا کر اس کے گلے میں ڈال دیں اور یہ گنڈہ سات سال تک بچے کے گلے میں پڑا رہے سات سال پورے ہو جائیں تو گنڈے کو پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر یا جھیل میں ڈال دیں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ عمل قائم رہے گا۔ بچہ صحیح و سالم اور تندرست پیدا ہوگا اور لمبی عمر کا

ہوگا۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے۔

سورۂ طارق یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ۙ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ۙ اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ؕ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآئِبِ ؕ اِنَّهٗ عَلٰى رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌ ؕ يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآئِرُ ۙ فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ؕ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِ ۙ وَالۡاَرۡضِ ذَاتِ الصَّدۡعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوۡلٌ فَصۡلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِ ؕ اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ كَيۡدًا ۙ وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًا ۚۖ فَمَهِّلِ الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًا

مسان کی بیماری کا علاج

جو بچہ مسان کی بیماری کے سبب سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ گیا ہو اور گوشت مکمل کر صرف کھال باقی رہ گئی ہو اس کے لئے عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو اکتالیس (۴۱) نقش لکھیں۔ ایک نقش باوضو کالے یا گہرے نیلے کپڑے میں موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ اور بقیہ چالیس نقش باوضو پانی میں گھول کر بچے کو پلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:

بحق باللہ	العلی العظیم
۱۱	

سوکھتے بچے کا علاج

جس بچے کو سوکھے کا مرض ہو اور دن بدن گھلتا جا رہا ہو یہاں تک کہ اس کا جسم صرف ہڈیوں اور کھال کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو اور اس کے جسم کا گوشت مکمل کے غائب ہو گیا ہو۔ کوئی بھی دوا یا غذا اسے نہ لگتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک عدد تازہ بینگن لیں۔ بینگن چاہے گول ہو یا لمبا دونوں کارآمد ہیں۔ اس پر یہ نقش باوضو روشنائی سے بنائیں۔

نقش یہ ہے

دی	ولا	ط
و	ھ	لا
ای	ق	مس

بینگن کو اس چارپائی یا دری کے اوپر لگا دیا جائے۔ جہاں بچہ سوتا ہے۔ بینگن دن بدن سوکھتا رہے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ بچہ دن بدن موٹا اور تندرست ہوتا رہے گا۔ دوسرا نقش باوضو ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اس بیماری سے محفوظ رہے گا۔ کاغذ پر لکھنے والا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۱۶	۳۲۹	۳۲۶	۳۲۳
۳۲۷	۳۲۲	۳۱۷	۳۲۸
۳۲۱	۳۲۴	۳۳۱	۳۱۸
۳۳۰	۳۱۹	۳۲۰	۳۲۵

سخت قسم کے مسان کا علاج

اگر کسی بچے یا عورت پر بہت ہی سخت قسم کا مسان ہو اور اس عورت کے بچے مسان کا شکار ہوں سوکھتے سوکھتے مرجاتے ہوں یا کوئی بچہ سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو اس کے لئے یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور نقش لکھتے وقت دوسرا شخص بالکل سفید رنگ کا جوان مرغ اللہ کے نام پر ذبح کرے اور اس مرغ کا گوشت خیرات کر دیا جائے۔

اس نقش کو باوضو موم جامہ کر کے کالے یا گہرے نیلے کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند ہی دن میں شفاء نصیب ہوگی۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۴۱	۱۴۴	۱۴۷	۱۳۴
۱۴۶	۱۳۵	۱۴۰	۱۴۵
۱۳۶	۱۳۹	۱۴۲	۱۳۹
۱۴۳	۱۳۸	۱۳۷	۱۴۸

مسان کی بیماری کا علاج

اگر کوئی مسان کا مریض ہو اور اس کا بدن دن بدن سوکھتا جاتا ہے جسم پر صرف کھال موجود ہے گوشت پگھل گیا۔ ایسی صورت میں یہ عمل بہت مفید ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ جلد

صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے:

مٹی کی چار ایسی ٹھیکری لی جائیں جن کو پانی نہ لگا ہو بھٹے سے پکنے کے بعد باہر آئی ہوں اور انہیں پانی بالکل نہ لگا ہو۔ ان پر کالی روشنائی سے یہ نقش باوضو لکھیں اور ان چاروں ٹھیکریوں کو آگ میں ڈال کر سرخ کر لیا جائے۔ جب ٹھیکریاں سرخ ہو جائیں تو ان کو نکال کر ٹھنڈا کریں اور پلنگ کے چاروں پایوں کے نیچے دفن کر دیں اگر دفن کرنے کی جگہ نہ ہو تو پایوں کے نیچے رکھ دیں اور چالیس دن تک ان ٹھیکریوں کو وہاں رہنے دیں۔ چالیس دن کے بعد ان ٹھیکریوں کو نکال کر سمندر، دریا، نہر، کنویں جھیل یا تالاب میں ڈال دیں۔

اس عمل کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ جلد ہی تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔ ٹھیکریوں پر لکھا جانے والا نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۲۳	۱۰۲۸	۱۰۳۱	۱۰۱۷
۱۰۳۰	۱۰۱۸	۱۰۲۳	۱۰۲۹
۱۰۱۹	۱۰۳۳	۱۰۲۶	۱۰۲۲
۱۰۲۷	۱۰۲۱	۱۰۲۰	۱۰۳۲

مسان کی بیماری سے نجات

اگر کسی بچے کو مسان کی بیماری نے سکھا دیا ہو اور وہ ہڈیوں اور کھال کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو اور دن بدن سوکھتا جا رہا ہو۔ یا بچے کو مسان کے دورے پڑتے ہوں، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے

ہوجاتے ہوں، آنکھیں چڑھ جاتی ہوں۔ منہ سے جھاگ آنے لگتے ہوں اور بچّہ کا مزاج چڑچڑا ہوگیا ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں یا گہرے نیلے کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ چالیس دن کے اندر بچّہ انشاءاللہ تعالیٰ صحت مند اور تندرست ہوجائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۱۷	۱۰۳۱	۱۰۲۸	۱۰۲۳
۱۰۲۹	۱۰۲۳	۱۰۱۸	۱۰۳۰
۱۰۲۲	۱۰۲۶	۱۰۳۳	۱۰۱۹
۱۰۳۲	۱۰۲۰	۱۰۲۱	۱۰۲۷

مسان کی بیماری سے حفاظت

بچّہ کو مسان کی بیماری سے محفوظ رکھنے کے لئے یہ عمل خاص طور پر ان عورتوں کے لئے ہے جن کے بچّے سوکھے کا شکار ہوکر مرجاتے ہیں۔

دوسو (۲۰۰) گرام اجوائن لیں اور اس پر سورۂ نصر (اِذَا جَآءَ نَصْرُاللّٰہِ) مع اکیس (۲۱) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھ کر دم کریں اور اس اجوائن کو پچاس پچاس گرام تول کر چار حصوں میں کرکے چار پوٹلیاں بنالیں اور زچّہ (جس عورت کے ابھی بچہ پیدا ہوا ہے اور وہ ابھی چلّے میں ہے) کی چارپائی میں چاروں پایوں میں باندھ دیں اور پلنگ (چارپائی) اسی جگہ رہنے

دیں وہاں سے نہ ہٹائیں۔ چالیس دن کے بعد چاروں پوٹلیاں کسی سمندر، دریا، نہر، تالاب، جھیل میں ڈال دیں اور مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر کالے یا گہرے نیلے کپڑے میں موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ بچہ مسان کی آفت سے محفوظ رہے گا۔ یہ عمل خاص طور پر ان عورتوں کے لئے ہے جن کے بچے عام طور پر سوکھے کا شکار ہوجاتے ہیں۔

گلے میں ڈالنے والا نقش یہ ہے:

بحق جبرائیل	۷۸۶	بحق میکائیل
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲
بحق عزرائیل	یا حی یا قیوم	بحق اسرافیل

سورۂ نصر یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۚ

سوکھے کا کامیاب علاج

اگر کوئی عورت، بچّہ یا بڑا سوکھے کے مرض میں مبتلا ہو اور اس کا بدن روز بروز سوکھتا جارہا ہو اور گوشت مکمل کرختم ہوگیا ہو اور مریض چمڑے اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ گیا ہو تو ایسے مریض کے لئے ایک ہزار تیرہ (۱۰۱۳) مرتبہ قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت

کوکسی بھی دن باوضو بعد نمازِ عشاء پڑھ کر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ لے۔ پھر اس تیل کو مریض کے جسم پر مالش کرے یہ عمل رات کو بعد نمازِ عشاء کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن میں مریض صحت یاب و تندرست ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۭ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

آسیب یا جنّ سے نجات

آسیب یا جنّ سے نجات کے لئے اول سورۃ قریش کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ بروز جمعرات بعد نماز عشاء سورہ قریش (پ۳۰) باوضو تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔ اسی طرح یہ عمل چالیس روز تک بلا ناغہ کرے۔ اس دوران ترکِ حیوانات اور پرہیز جلالی کرے۔ چالیسویں روز شیرینی معصوم بچوں میں تقسیم کرے اور اس کا ایصالِ ثواب بزرگوں کی طرف کرے کہ اے اللہ یہ مٹھائی جو میں نے بچوں کو کھلائی ہے اس کا ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچے اور آپ کے طفیل میں تمام بزرگانِ دین کو پہنچے۔

چلہ پورا ہونے کے بعد روزانہ سورۂ قریش اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن بیالیس (۴۲) مرتبہ پڑھ لے اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تریسٹھ (۶۳)

بار پڑھ لے۔ اگر تین دن مسلسل ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ اب دوبارہ چلہ کرے۔

ترکِ حیوانات جلالی یہ ہے:

پیاز، لہسن، گوشت ہر قسم کا، انڈا، مچھلی، مولی، گاجر، بینگن، دال مسور، دال ماش، دودھ، دہی، پکی مٹھائی، پکوان، تیل، اغیار کے گھر کی کھیر، شیر (دودھ) زچگی میں نہ جائے، موتیٰ میں نہ جائے، چمڑے کی جوتی نہ پہنے، چمڑے کا ڈول استعمال نہ کرے چمڑے کے دستانے چمڑے کے موزے استعمال نہ کرے، چمڑے کے مصلے پر نہ بیٹھے نہ نماز پڑھے نہ چمڑے کا لباس پہنے۔ ان سب چیزوں کا پرہیز چالیس دن تک کرنا ہے۔ اگر پرہیز ٹوٹ گیا عمل ختم ہو جائے گا۔ چلے کے بعد سب کھا پی سکتے ہیں

سورۂ قریش کا چلہ کرنے کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہوں گے:

۱۔ اگر عامل کسی آسیب زدہ کو اپنا سلام کہلا کر بھیجے گا تو آسیب فوراً بھاگ جائے گا۔

۲۔ اگر عامل سات مرتبہ باوضو سورۂ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کر کے مریض کو سنگھا دے گا تو آسیب فوراً حاضر ہو گا۔

۳۔ اگر عامل یہ چاہے کہ، آسیب مریض ہی کے بدن میں قید ہو جائے تو تین گنڈے نیلے رنگ کے بنائے ہر گنڈے میں سات سات ڈورے (دھاگے) ہوں گے۔ گنڈہ سوتی

دھاگے کا ہوگا۔ ہر گنڈہ میں سات گرہ لگیں گی۔ اول گنڈہ
جو مریض کے گلے میں باندھا جائے گا اس میں درمیان کی
تین گرہ تین پھندوں کی لگائے اور ہر گرہ پر گیارہ گیارہ بار
سُورۂ قریش پڑھ کر دم کرے باقی چار گرہ پر سات سات
مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح دو گنڈے
اور تیار کرے اور انہیں مریض کے دائیں اور بائیں بازو
پر باندھ دے۔ جب تک یہ گنڈے نہیں کھولے جائیں گے
آسیب بھاگ نہیں سکے گا۔

۴۔ اگر عامل باوضو سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر پانی پر دم
کرکے آسیب زدہ کے منہ پر چھینٹے مارے گا تو آسیب
چیخے گا اور چلائے گا اور مثل آگ کے جلے گا۔

۵۔ اگر آسیب دورانِ گفتگو پریشان کرتا ہو تو ایک سو ایک
(۱۰۱) مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر عطر یا پھول پر دم کرکے
مریض کو سنگھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب یا جن عاجز
اور تنگ ہو کر راہِ فرار اختیار کرے گا اور بھاگ جائے گا۔

۶۔ اگر کسی مریض کو عامل باوضو سورۂ قریش گیارہ مرتبہ پڑھ
کر ایک گلاس پانی پر دم کرکے پلائے تو انشاء اللہ تعالےٰ
مریض کو ہر مرض سے نجات ملے گی۔

سُورۂ قریش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ

فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ
جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

آسیب یا جن کے حملے سے حفاظت کا حصار

یہ حصار آسیب یا جن کے حملے سے محفوظ رکھنے کا بہت پُر اثر ذریعہ ہے۔
اس حصار کی عبارت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر چھری یا چاقو پر دم کرے۔
اور اپنے اور آسیب زدہ کے چاروں طرف لکیر کھینچ کر حصار کرے
انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگنے نہ پائے گا۔

حصار کی عبارت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَاكِرُ
طَاهِرِيْنَ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ بِقَيُّوْدِيَةِ يَا رُوْحُ يَا قُدُّوْسُ
بِحَقِّ سُلَيْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بند شو۔

تنبیہ جو چاقو یا چھری حصار کے لئے استعمال کی جائے اس کا
دستہ لوہے یا پلاسٹک کا ہو۔ اس کا دستہ ہاتھی دانت کا
نہ ہو اور کسی جانور کی کھال دستے پر منڈھی ہوئی نہ ہو اگر لکڑی کا دستہ ہو
جب بھی درست ہے۔

آسیب و جن کی بندش

جب کسی مریض کے سر پر عامل نے کسی آسیب و جن کو
حاضر کیا ہو یا بذاتِ خود آسیب یا جن حاضر ہوا ہو اور اس کو قید کرنا
ہو تو سرخ ریشم کا دھاگہ لے اور پھر سات تار کے پانچ گنڈے بنائے
اور ہر گنڈے پر سات گرہ لگائے ہر گرہ پر مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دم
کرکے پھر گرہ کو بند کرے۔ بوقت ضرورت ایک گنڈا مریض کے گلے میں

باندھے دوسرا داہنے بازو پر باندھے، تیسرا بائیں بازو پر باندھے، چوتھا گنڈا داہنے پیر میں باندھے اور پانچواں گنڈا بائیں پیر میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ آسیب و جن قید رہیگا اور راہِ فرار اختیار نہ کرسکے گا جب تک گنڈے بندھے رہیں گے قید میں رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ ۡ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

جن تابع کرنا

اگر کسی کو جن تابع کرنے کا شوق ہو اور صرف رزقِ حلال کھانے کا عادی ہو اور اس کا مقصد صرف خدمتِ خلق ہو نیت صاف ہو تو یہ عمل اس کے لئے بہت اچھا ہے۔

کامل تنہائی میں پاک مصلّٰی بچھا کر حصار کرکے غسل کرکے خوشبو لگا کر عمل شروع کرے۔ عمل ہمیشہ بعد نمازِ عشاء پڑھیں۔ حصار کے لئے اول تین بار سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھیں اور چھری پر دم کرکے چاروں طرف حصار کی لکیر کھینچ لیں۔

روزانہ کامل یکسوئی اور پوری توجہ کے ساتھ سورۂ مُزمّل (پ ۲۹) چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھنی چاہیئے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف۔ عمل کے دوران اپنی جگہ سے نہ اٹھے نیز عمل پڑھنے کے دوران آس پاس کوئی انسان موجود نہیں ہونا چاہیئے ورنہ اسے بھی نقصان ہوگا اور عامل کے لئے بھی خطرہ ہے۔

عمل کے دوران نہایت ڈراؤنی اور بھیانک صورتیں نظر آئیں

گی۔ لیکن ان سے ہرگز ہرگز ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے وہ حصار کے اندر داخل نہیں ہوسکتے البتہ اگر عامل ڈر گیا اور حصار سے باہر آگیا تو پھر عامل کے لئے خطرہ ہے جان بھی جاسکتی ہے اور دماغ بھی خراب ہوسکتا ہے۔ اس لئے یہ عمل مضبوط دل، مضبوط دماغ اور مضبوط ارادے والا ہی کرسکتا ہے۔ عمل کے آخری دس دنوں میں عامل کو زیادہ ہی ڈرانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ لیکن اگر عامل ثابت قدم رہ کر اپنا چلّہ پورا کرلیتا ہے تو پھر جنّات حاضر ہوکر دوستی کا ہاتھ بڑھاتے ہیں۔ دوستی ہونے کے بعد جب بھی سورۂ مُزمّل تنہائی میں پڑھ کر حاضر ہونے کا حکم دے گا جنّات فوراً حاضر ہوں گے اور عامل کی اطاعت کریں گے اور اس کا حکم بجا لائیں گے اس کا کہنا مانیں گے۔

جن کو قابو میں کرنے کا عمل

یہ عمل بہت آسان اور پڑھنے میں ہلکا ہے لیکن اس میں ایک شرط بہت سخت ہے وہ یہ کہ ایک ہی نشست (بیٹھک) میں سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) مرتبہ پڑھنا ہوتا ہے۔ اگر کوئی باہمت انسان ہو اور اسے اپنے انسانی تقاضوں پر قابو ہو تو اس کے لئے کچھ مشکل بھی نہیں ہے۔

عمل کرتے وقت ان باتوں کا خاص خیال رکھا جائے:

عمل کی جگہ بالکل تنہائی والی ہو وہاں کوئی دوسرا انسان نہ ہو۔ عمل کرنے سے پہلے غسل کرے، نیا لباس پہنے، عود یا لوبان جلائے لباس اور جسم پر خوشبو لگائے۔ خوشبودار پھول رات کی رانی۔

گلاب، جیسے جیلی اپنے پاس رکھے، بدبودار چیز پورے عمل کے دوران استعمال نہ کرے۔ پیاز، لہسن، بینگ اور مولی کا استعمال نہ کرے۔

اس عمل کے لئے حصار اس طرح کرے۔

چاروں قل اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھ کر چھری پر دم کرے اور اس چھری سے اپنے اردگرد دائرے کی صورت میں حصار (لکیر) کھینچ لے۔ عمل شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورۂ نصر (اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ) دس دس مرتبہ پڑھے۔

عمل میں صرف یہ لفظ پڑھنا ہے سوا لاکھ مرتبہ:

یَا شَمْعَلُوْنِیْ

عمل ختم ہونے پر ایک جن عورت آکر سلام کرے گی اگر عمل پورا ہو چکا ہے تو کسی قسم کا خوف نہ کھائے اور سلام کا جواب دے کر اس سے یہ عہد کرے اور وعدہ لے کہ جب کسی خدمتِ خلق کے لئے تمہیں بلاؤں گا تو ضرور حاضر ہونا پڑے گا وہ وعدہ کرے گی اور کوئی نشانی بھی دے گی اور اپنے آنے کا طریقہ بھی بتائے گی۔ نوّے ہزار جنات اس کے تابع ہیں۔

تنبیہ جنات تابع کرنے کے خواہش مند افراد کو یاد رکھنا چاہیے کمزور دل، کمزور ارادے اور کمزور بدن والے ایسا عمل نہ کریں ورنہ خطرہ ہے کہ جان چلی جائے، دل کا دورہ پڑ جائے یا دماغ پاگل ہو جائے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

سورۂ نصر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ

فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ڬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِـيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

سورۂ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ڏ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

سورۂ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ

شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

سورۃ الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ مَلِکِ النَّاسِ ﴿۲﴾ اِلٰہِ النَّاسِ ﴿۳﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ﴿۴﴾ الْخَنَّاسِ ﴿۵﴾ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿۶﴾ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ﴿۷﴾

جنّ پری آسیب سے نجات کا عمل

اگر کسی پر آسیب کا یا جن، پری کا سایہ ہو اور کسی طور جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے چہل کاف کو سات مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے ایک چھٹانک (پچاس گرام) تیل پر دم کرے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ درمیان میں چہل کاف سات مرتبہ پڑھے۔

دم کرنے کے بعد اس تیل کو روئی کے پھائے سے یا کسی پچکاری سے مریض کے پہلے دائیں کان میں ٹپکائے، پھر بائیں کان میں ٹپکائے۔ کان میں تیل ڈالنے کے بعد کان کو خوب ہلا کر تیل کو اندر جذب کر دیں۔ تیل کسی حالت میں بھی کان سے باہر نہ گرے۔

اس کے بعد پڑھے ہوئے تیل کی تین بوندیں دوسرے تیل میں ڈال کر مریض کے پورے جسم کی مالش کرے، جسم کا کوئی حصّہ باقی نہ رہے۔ ناف سے گھٹنوں تک کے حصے میں مریض غسل خانے یا الگ کمرے میں جا کر خود مالش کرے۔ یہ عمل سات دن بلاناغہ کرے۔ اگر اس طرح

کرنے میں دشواری ہو تو تیسرے دن یعنی ایک دن چھوڑ کر عمل کرے۔ اس طرح چودہ دن میں یہ عمل پورا ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض ہر قسم کے اثرات سے پاک ہو کر صحتیاب ہو جائے گا۔ ایک نقش چہل کاف کا باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض آئندہ کے لئے جن آسیب کے اثر سے محفوظ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

چہل کاف یہ ہے:

۱۴- تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵- بعض وجہ سے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶- تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذات خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمت حق متوجہ ہو جاتی ہے۔
ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷- عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوے سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸- انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یا دعاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹- سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰- شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱- تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کر کے لے تو بہتر ہے۔

۲۲- حلال روزی کمانے اور حلال روزی کھانے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳- جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا

۲۴- جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵- بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مقصود کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶- فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کر کے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷- مؤلف کتاب ہذا کے والدین مرحومین اجلہ بزرگان دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چالیس مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین بار پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابر دیوبند صفحہ ۵۵)

کاہنؔ، ساحرؔ، جادوؔگر، رمّالؔ اور نجومیؔ کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ پس نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو۔ کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ص ۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر جوتشی۔ نجومی۔ [5] علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

آسان عملیات وتعویذات

جلد چہاردہم (چودھویں جلد)

الحمدللہ آپ نے پندرھویں جلد سے فائدہ اٹھایا۔
اب انشاء اللہ تعالیٰ پندرھویں اور سولھویں جلد سے فائدہ اٹھائیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض۔ یا دھوتی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپکر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۃ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲- آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

۳- سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا ۙ اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ ؕ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ ۙ وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ۚ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ ۖ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۙ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِھِمْ اَھُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰھُمْ مِّنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ ۝

۴- سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔
سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا ۙ وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا ۙ

۵- سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

۶- سورۃ فلق آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

۷- سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ښ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ڔ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲- مرض، آسیب، سحر، جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض: ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے۔ پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کرکے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱- سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم ؕ

۲- والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳- سورۃ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۃ جن) ایک بار۔

۴- قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔

۵- قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

(۱) الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)

(۲) آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)

(۳) سورۃ کافرون (قل یاایھا الکفرون) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)

(۵) سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)

(۶) سورۃ الناس (قل اعوذ برب الناس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے ڈاکٹر حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کئے بغیر نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کر سکے گا۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَآ اَقْدِرُ وَ تَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ، اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ، وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سو جائے (اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے) سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو حرج نہیں جب سو کر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردّد (شک و شبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک و شبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے۔ جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ نمبر ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَاصلے وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَاصلے وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَاصلے وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰهَاصلے وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَاصلے وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَاصلے وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَاصلے فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَاصلے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَاصلے وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَاط كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَاصلے اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَاصلے فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْیٰهَاط فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَاصلے فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَاصلے وَلَا یَخَافُ عُقْبٰهَاع

(۲) سورۃ اللیل سات مرتبہ (۷ دفعہ)۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَاللَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۝ وَالنَّھَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰٓی ۝ اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۝ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی ۝ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۝ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۝ فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْعُسْرٰی ۝ وَمَا یُغْنِیْ عَنْہُ مَالُہٗٓ اِذَا تَرَدّٰی ۝ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی ۝ فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۝ لَا یَصْلٰھَآ اِلَّا الْاَشْقَی ۝ الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۝ وَسَیُجَنَّبُھَا الْاَتْقَی ۝ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَہٗ یَتَزَکّٰی ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَہٗ مِنْ نِّعْمَۃٍ تُجْزٰٓی ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْہِ رَبِّہِ الْاَعْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۝

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۝ وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰہُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَھُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا یُکَذِّبُکَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۝ اَلَیْسَ اللّٰہُ بِاَحْکَمِ الْحٰکِمِیْنَ ۝

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَھْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالے نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ڏ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

(د) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کر کے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

فسیکفیکھم وھو السمیع العلیم

سفلی اور گندے علم سے حفاظت

اگر کسی شخص کو یہ شبہ ہو کہ اس پر سفلی یعنی گندہ علم کرایا گیا ہے۔ یا آئندہ دشمن گندہ علم کرا کے نقصان پہنچائے گا تو اس سے حفاظت کے لئے ضروری ہے کہ انسان نماز کی پابندی کرے اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھے۔ نوافل کی کثرت رکھے ہر نماز کے بعد تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین تین بار قرآن پاک کی آخری دونوں سورتیں (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝) تین تین بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے پورے جسم پر پھیرلے اور ہر نماز کے بعد ایک (۱۰۰) سو بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اگر ہر نماز کے بعد درود ابراہیمی پڑھنا مشکل ہو تو بعد نمازِ عشاء پانچ سو بار درود ابراہیمی پڑھ لیا کرے۔

اس عمل کے ساتھ ساتھ ہر وقت پاک رہے اور باوضو رہنے کی کوشش کرے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کرلے ایسا کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سفلی جادو اور گندے علم سے محفوظ رہے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ہ

قل اعوذ برب الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ لا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لا وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ لا وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ لا وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ع

قل اعوذ برب الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ لا مَلِکِ النَّاسِ لا اِلٰہِ النَّاسِ لا مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ لا الْخَنَّاسِ ص الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ لا مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ع

درود ابراہیمی یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

دل سے ڈر، خوف، بزدلی اور گھبراہٹ دُور کرنا

بعض لوگوں کے دل میں بلاوجہ ڈر خوف پیدا ہوتا ہے۔ طرح طرح کے وسوسے، بزدلانہ خیالات اور وہم دل میں بزدلی اور گھبراہٹ پیدا کر دیتے ہیں۔ ایسا آدمی ہر طرح سے لائق اور قابل ہونے کے باوجود کسی کام کا نہیں رہتا۔ پریشانیاں قدم قدم پر رکاوٹ بنتی ہیں۔ بے جا ڈر۔ خوف اس کو کسی سے بات کرنے اور کسی جگہ جم کر کام کرنے سے روکتا ہے۔

بعض مرتبہ زنا کاری، عیاشی اور گناہوں کے سبب بھی آدمی بزدل بن جاتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ گناہوں سے سچے دل سے توبہ کرے اور ہر وقت پاک صاف اور باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ اور نماز باجماعت ادا کرے۔ دل سے ڈر خوف نکلنے کے لئے روزانہ باوضو تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار یہ کلمات پڑھیں۔

یَا سَلَامُ یَا حَفِیْظُ یَا قَوِیُّ۔

یہ کلمات ہمیشہ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے ہر قسم کی بزدلی دور ہوگی۔ ڈر، خوف نکل جائے گا۔ پڑھنے میں ناغہ نہ کریں۔

ناکامیوں سے کامیابی کی طرف

بعض مرتبہ انسان ہر طرح سے موزوں اور لائق ہوتا ہے اس کی صحت، اس کا دماغ، اس کی علمی قابلیت اور اس کا ہنر

اس قابل ہوتا ہے کہ ہر شخص اسے آنکھوں پر بٹھائے۔ اس کی قدر
کرے اور اس کے کام سے خود بھی فائدہ اٹھائے اور اس شخص
کو بھی فائدہ پہنچائے۔ لیکن بدقسمتی سے سب خوبیوں کے
باوجود ایسا شخص تنگدست، بھوک سے نڈھال اور پیسے
پیسے سے محتاج ہوتا ہے۔ جہاں قدم رکھتا ہے ناکامی ہوتی
ہے۔ جہاں امید باندھ کر جاتا ہے صاف جواب مل جاتا ہے۔
ایسی صورت میں بعض لوگ ذہنی مریض بن جاتے ہیں
یا احساسِ کمتری کا شکار ہوجاتے ہیں یا پھر آخر میں تنگ آکر
خودکشی کرلیتے ہیں۔ خودکشی سخت گناہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اور
اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم ایسے شخص سے سخت ناراض ہوتے
ہیں۔ لہٰذا ایسی حرکت سے باز رہنا چاہیئے۔
ایسے شخص کو چاہیئے کہ گناہوں سے توبہ کرے۔ نماز باجماعت
کی پابندی کرے۔ ہروقت باوضو اور پاک وصاف رہنے کی
کوشش کرے۔ جب گھر سے نکلے باوضو نکلے۔ اور بعد نمازِ عشاء
یہ عمل کرے۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ

یَا مَالِکُ

اور بعد نمازِ فجر تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ

یَا مَجِیْدُ

پڑھا کرے۔ دونوں عمل کے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ

بار ضرور پڑھے۔
یہ عمل تین چلّے مسلسل بلا ناغہ کرے (یعنی ایک سو بیس دن)
انشاءاللہ تعالیٰ رحمتِ حق کے دروازے کھل جائیں گے۔
باعزت روزگار ملے گا۔ رزق میں برکت ہوگی۔ دل و دماغ
سے نا امیدی کی بیماری نکل جائے گی۔

رزق میں برکت

انسان میں پوری صلاحیت ہونے کے باوجود وہ رزق
کی تنگی سے پریشان رہتا ہے۔ قرض کا بوجھ چڑھتا جاتا ہے
اترنے کا نام نہیں لیتا۔ ہر طرف سے لوگ اسے تنگ کرتے ہیں
ایسی صورت میں حوصلہ ہارنے کی ضرورت نہیں بلکہ رب کا
دروازہ کھٹکھٹانے کی ضرورت ہے۔ اسی کے قبضے میں ہر قسم
کے خزانے ہیں۔ رزق کا مالک بھی وہی ہے۔ جب وہ راضی
ہوجائے گا تو رزق بھی خوب ملے گا۔ لہٰذا اللہ تعالیٰ کو راضی
کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے یہ عمل ضروری ہے۔
نماز کی پابندی کی جائے۔ باجماعت نماز کی ادائیگی
میں اللہ تعالیٰ کی رحمت زیادہ متوجہ ہوتی ہے۔

ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھیں

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْۢبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

نماز فجر کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھیں۔

اَلٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط

عشاء کی نماز کے بعد یہ کلمات تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَزَّاقُ یَا وَاسِعُ

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

یہ عمل بلاناغہ ہمیشہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ رزق میں برکت ہوگی۔ قرض سے نجات ملے گی۔

قرض سے آزادی

بعض مرتبہ انسان اس امید پر کہ قرض لے لوں شاید کچھ نفع ہو جائے اور کاروبار چل نکلے۔ لیکن ہر بار کاروبار میں نقصان ہوتا جاتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے اور قرض اترنے کا نام نہیں لیتا۔ ایسی صورت میں قرض خواہ طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں۔ جس سے تجارت اور کاروبار میں توجہ نہیں قائم رہتی اور نقصان ہوتا ہے دوسری طرف دل اور دماغ بوجھل رہتے ہیں۔

قرض سے نجات کے لئے سب سے بہتر عمل وہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو بتایا تھا۔

نماز مغرب کے بعد یہ دعا ایک سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

قرض اتارنے کا دوسرا عمل یہ ہے:

بعد نماز مغرب باوضو سورۃ واقعہ تین بار پڑھیں اور جب بھی سورہ ختم کریں یہ دعا تین بار پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ یَا رَزَّاقَ الْمُفْلِسِیْنَ وَ یَا رَاحِمَ الْمَسَاکِیْنَ وَیَا خَیْرَ النَّاصِرِیْنَ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کَانَ رِزْقُنَا فِی السَّمَآءِ فَاَنْزِلْہُ وَاِنْ کَانَ فِی الْاَرْضِ فَاَخْرِجْہُ وَاِنْ کَانَ مَعْدُوْمًا فَاَنْبِتْہُ وَاِنْ کَانَ بَعِیْدًا فَقَرِّبْہُ وَاِنْ کَانَ قَرِیْبًا فَیَسِّرْہُ وَاِنْ کَانَ یَسِیْرًا فَکَثِّرْہُ وَاِنْ کَانَ کَثِیْرًا فَطَیِّبْ لَنَا وَبَارِکْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ ط بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ۵

یہ عمل چالیس دن متواتر بلاناغہ کریں۔

تیسرا عمل قرض سے نجات کا یہ ہے کہ تہجد کے وقت اٹھ کر تازہ وضو کریں اور تین مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا وِتْرُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ

كُفُوًا اَحَدٌ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۝
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

یہ عمل ہفتہ میں ایک بار کرنا ہے اسی طرح چار مرتبہ کرنے کے بعد چھوڑ دینا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ قرض جلد اتر جائے گا۔

نظرِ بد کا علاج

بعض مرتبہ بچوں کو نظر لگ جاتی ہے جس کے سبب وہ بیمار ہو جاتے ہیں یا کھانا چھوڑ دیتے ہیں یا بعض مرتبہ الٹیاں شروع ہو جاتی ہیں اور بچہ چڑچڑا اور بدمزاج ہو جاتا ہے۔

نظرِ بد کے لئے یہ عمل بہت مؤثر اور مفید ہے۔

سات سرخ مرچ لے کر ہر ایک مرچ پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کر کے مریض کے اوپر سے سات مرتبہ اُتار کر آگ میں جلا دیں۔ سات مرچ پر سات مرتبہ کے حساب سے یہ آیت انچاس (۴۹) مرتبہ پڑھی جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

جب مریض نظرِ بد کا شکار ہوگا تو مرچیں جلنے سے مرچوں کی دُھسک (دھانس یعنی چھینکیں وغیرہ) نہیں آئیں گی۔ جب تک مرچ کے جلنے سے دھسک نہ آئے برابر یہ عمل جاری رکھیں۔ یہ عمل زیادہ

سے زیادہ سات دن تک کریں۔

نظرِ بد کا خاتمہ

نظر لگنا ایسا عمل ہے جس سے انکار ممکن نہیں۔ نظر بڑوں، چھوٹوں اور جانوروں کو بھی لگ جاتی ہے اور اس کے مختلف اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔

کبھی بھوک نہیں لگتی، کبھی الٹی شروع ہو جاتی ہے، کبھی طبیعت سُست ہو جاتی ہے، کبھی مزاج چڑچڑا ہو جاتا ہے کبھی ماں کا دودھ سوکھ جاتا ہے، کبھی شادی میں رکاوٹیں کھڑی ہو جاتی ہیں، کبھی پڑھنے لکھنے سے طبیعت اچاٹ ہو جاتی ہے۔ کبھی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے، کبھی زندگی کے کام اور مشاغل میں بہت فرق پیدا ہو جاتا ہے۔

نظر اتارنے کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر چند منٹ مریض کے سر پہ رکھیں پھر جلا دیں اگر ایک تعویذ سے نظرِ بد کا اثر پوری طرح ختم نہ ہو تو تین تعویذ کافی ہیں۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

+۱ +۲ +۵ +۷

الباسط   الیابس

نظرِ بد کے سبب شادی میں رکاوٹ

ایسی صورت میں کہ لڑکیوں کے رشتے آتے ہوں اور نظرِ بد

کی وجہ سے طے نہ ہوتے ہوں تو لڑکی کی والدہ یا والد یا لڑکی خود
اَلْحَمْدُ شریف اس طرح پڑھے کہ جب اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ
نَسْتَعِیْنُ ط پر پہنچے تو یہ آیت گیارہ بار پڑھ کر سُورۃ پوری کرلے
اور پانی پر دم کرلے۔ اسی طرح گیارہ بار یہ سُورۃ پڑھے اور ہر
بار پانی پر دم کرے اور یہ پانی تین گھونٹ میں لڑکی کو پلادیا
جائے۔ یا لڑکی خود عمل کرکے پی لے۔ اس عمل کی مدت چالیس
دن ہے یعنی چالیس روز برابر بلاناغہ یہ عمل کرے اور تعویذ
بھی باوضو لکھے اور لڑکی یا لڑکے کے سر پر چند منٹ سر پر رکھے
پھر جلادے۔ یہ تعویذ تین دن جلانا کافی ہے۔
تعویذ یہ ہے

+۱ +۲ +۵ +۷
الیابس الباسط

جانور کی نظرِ بد دُور کرنا

بعض مرتبہ بکری، گائے، بھینس کو نظر لگ جاتی ہے جس
سے جانور سست ہوجاتا ہے۔ نہ چارہ کھاتا ہے نہ جگالی کرتا ہے
اور نہ دودھ دیتا ہے۔ بعض مرتبہ تھنوں سے دودھ کی جگہ خون
نکلتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ ایک پاک صاف بیری کی لکڑی
لے یا کسی ایسے درخت کی لکڑی لے جس میں بدبو نہ ہو اس پر
یہ نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یا بہی کھاتہ

لکھنے والی کچی کالی روشنائی سے لکھے اور وہ لکڑی کسی رسّی میں
باندھ کر جانور کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور اچھا
ہوجائے گا اور اپنے معمولات اسی طریقے پر انجام دینے لگے گا۔
جس طرح اس سے قبل دیا کرتا تھا۔ کھائے گا اور دودھ بھی زیادہ
دے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

+۱ +۲ +۵ +۷
الیابس الباسط

دشمن پر فتح پانے کے لئے

بعض مرتبہ بلاوجہ لوگ دشمن بن جاتے ہیں۔ حسد اور جلن
انسان کو اندھا اور بہرہ کردیتی ہے اور بلاوجہ تنگ کرتا ہے۔
بعض مرتبہ جان سے ختم کرنے کا ارادہ کرلیتا ہے۔ ایسے ظالم شخص
سے حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔
عمل یہ ہے کہ مظلوم شخص جو بے گناہ ہے تین روزے مسلسل
رکھے۔ ناغہ نہ کرے۔ چوتھے دن بعد نماز عشاء سات ہزار (۷۰۰۰)
مرتبہ

یَاخَافِضُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایسے موذی دشمن سے جان و مال محفوظ
رہے گا اور دشمن ناکام ہوگا۔ اور دشمنی چھوڑ دے گا

٭٭

دشمنوں کی حرکتوں سے حفاظت

بعض مرتبہ کسی شخص کے بہت سے دشمن بلاوجہ ستاتے ہیں بلا
ایک نیا منصوبہ تنگ کرنے اور پریشان کرنے کا بناتے ہیں۔ شریف
آدمی کا جینا مشکل کر دیتے ہیں اور نئے نئے فتنے پیدا کرتے ہیں
طرح طرح کے الزامات لگاتے ہیں۔ دشمنوں کی ریشہ دوانیوں
اور شرارتوں سے حفاظت کے لئے بعد نمازِ فجر باوضو قبلہ رخ
بیٹھ کر پانچ سو۵۰۰ مرتبہ

یَا خَافِضُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایسا شخص اس اسم کو پڑھنے کی برکت سے
رحمت الٰہی کے سایہ میں آجائے گا اور دشمنوں کی تمام شرارتوں سے
محفوظ رہے گا اور دشمنی کرنے والے قدم قدم پر ناکام اور ذلیل
ہوں گے۔

یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن اپنی شرارتوں
سے باز نہ آجائیں۔

شیطان صفت انسان سے عورت یا لڑکی کی حفاظت

بعض شیطان صفت انسان کسی لڑکی یا عورت کی عزت کو
پامال کرنے کے لئے ہر وقت منصوبے بناتے رہتے ہوں وہ عورت
یا لڑکی اور اس کے گھر والے سخت تکلیف میں مبتلا رہتے ہوں

بعض مرتبہ ایسا شخص اگر مالدار اور اثر رسوخ والا ہوتا ہے تو اور
زیادہ پریشانی کا باعث بنتا ہے وہ غریب والدین پر طرح طرح
کے مقدمے قائم کر دیتا ہے اور طرح طرح کے الزامات لگا کر تھانے
میں بند کرا دیتا ہے۔

ایسے ظالم اور موذی شخص کے ارادوں کو ناکام بنانے اور
عورت یا لڑکی کی عزت محفوظ کرنے کے لئے یہ عمل بہت مؤثر اور
تیر بہدف ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ شیطان
صفت انسان ہر قسم کے بُرے ارادے سے ناکام ہو کر انتہائی
ذلیل ہوگا۔ عمل یہ ہے:

مسلسل لگاتار بلاناغہ ایک آدمی یا سب گھر والے مل کر
اسم پاک

یَا خَافِضُ

کو گیارہ دن تک آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی (۸۸۸۶) بار پڑھیں
یہ عمل دن میں کیا جائے اور سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے
ختم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے اندر اندر اس
کی خباثتوں سے نجات مل جائے گی۔

شرارتی انسان سے حفاظت

اگر کسی شریف انسان کو کوئی شرارتی اور بدباطن انسان

پریشان کرتا ہو اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اس بُرے آدمی
کی شرارت و خباثت سے نجات کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

عمل یہ ہے:

شریف انسان سات روزے متواتر اور لگاتار رکھے۔ ناغہ
نہ کرے اور روزہ افطار کرنے کے بعد نمازِ مغرب ادا کرے۔
اس کے بعد دس ہزار (۱۰،۰۰۰) مرتبہ

یَاخَافِضُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن کے اندر اندر شرارتی آدمی
اپنی حرکتوں سے باز آجائے گا۔ اور بلاوجہ تنگ کرنا چھوڑ دے گا

یَاخَافِضُ کی زکوٰۃ ادا کرنا

زکوٰۃ ادا کرنے سے عمل میں اللہ تعالیٰ کی رحمت سے بہت
زیادہ تاثیر پیدا ہو جاتی ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ
یَاخَافِضُ
کو روزانہ باوضو قبلہ کی طرف منہ کرکے بارہ ہزار پانچ سو
(۱۲۵۰۰) بار پڑھیں اور بلاناغہ اکتالیس دن تک مسلسل
پڑھیں۔ چلہ پورا کرنے کے بعد اس اسم کو روزانہ باوضو ایک
سَو بار پڑھ لیا کریں تاکہ عمل قابو میں رہے۔ اگر ایک دن چھوٹ
جائے تو دوسرے دن دو سَو بار پڑھیں اور اگر دو دن ناغہ
ہو جائے تو تیسرے دن تین سو (۳۰۰) بار پڑھ لے اور اگر لگاتار

تین دن ناغہ ہو جائے تو چلہ ٹوٹ گیا۔ اب دوبارہ چلہ کرے۔

ہر قسم کے بخار سے نجات

اگر کسی کو روزانہ بخار آتا ہو یا ایک دن چھوڑ کر باری کا
بخار آتا ہو تو باوضو ہلدی کو پیس کر پانی میں حل کرکے اس سے
یہ تعویذ لکھے اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ پھر بخار نہیں آئے گا۔

ظالم کے شر اور فتنہ سے نجات

بعض مرتبہ محلہ میں یا پڑوس میں موذی افراد پیدا ہو جاتے
ہیں جو بلاوجہ ہر شخص کو پریشان کرتے رہتے ہیں اور طرح طرح
نئے نئے انداز میں شرارتیں کرتے ہیں۔ انسان کا سکون برباد
ہو جاتا ہے اور وہ ذہنی مریض بن جاتا ہے۔ اس کے لئے چاند
کی آخری تاریخوں میں باوضو یہ نقش لکھے اور کسی ڈبیہ یا پلاسٹک
کی بوتل میں ڈال کر دو قبروں کے درمیان دفن کردے انشاء اللہ

ظالموں پر رعب غالب ہوگا اور وہ ڈر کے سبب ہر قسم کی شرارتوں سے باز آجائیں گے اور پھر کبھی کسی کو پریشان نہ کریں گے۔

وہ نقش یہ ہے:

یابدوح	یابدوخ	یابدوح
یلبدوح	یابدوح	یابدوح
یاب	یا	ی

یا قاھر فلاں بن فلاں

فلاں بن فلاں کی جگہ ظالم شخص کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے۔ اگر عورت ہے تو فلانہ بنت فلانہ کی جگہ اس کا اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

کند ذہن اور پڑھائی سے بھاگنے والا بچہ

بعض بچے قدرتی طور پر کند ذہن ہوتے ہیں انہیں سبق بہت مشکل سے یاد ہوتا ہے۔ اسی سبب سے وہ پڑھائی سے جی چراتے ہیں اور پڑھنے سے بھاگتے ہیں۔ اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ پڑھنے لکھنے لگے گا۔

اس آیت کو باوضو تین بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرکے صبح وشام بچہ کو کھلا دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچے کا ذہن روشن ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے

نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۙ

یَا حَیُّ ۷۸۶ یَا قَیُّوْمُ

نٓ	وَالْقَلَمِ	وَمَا	يَسْطُرُوْنَ
وَالْقَلَمِ	وَمَا	يَسْطُرُوْنَ	نٓ
وَمَا	يَسْطُرُوْنَ	نٓ	وَالْقَلَمِ
يَسْطُرُوْنَ	نٓ	وَالْقَلَمِ	وَمَا
نٓ	وَالْقَلَمِ	وَمَا	يَسْطُرُوْنَ

آسیب سے مکان کی حفاظت

اگر کسی مکان میں آسیب کا خطرہ ہے یا مکان میں رات کو آدمی چلتے پھرتے نظر آتے ہیں تو ان کے دفعیہ کے لئے لوہے کی پانچ کیلیں نئی لے کر مندرجہ ذیل آیات پانچ بار پڑھ کر ہر کیل پر دم کرے اور چار کیلیں مکان کے چاروں کونوں میں اور پانچویں کیل مکان کی مشرقی دیوار میں گاڑ دو (ٹھونک دو)۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان آسیب کے خطرہ سے بالکل محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۚ

❋

جابر و ظالم حکمران کے سامنے جانے کا عمل

اگر کسی کو سفر کرنا یا کسی جابر و ظالم حاکم کے سامنے جانا ہو یا کسی انتہائی غصے والے شخص سے بات کرنی ہو یا کام پیش آجائے تو باوضو یہ آیت مع بسم اللہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی چھنگلی (سب سے چھوٹی انگلی) پر پھونک مار کر انگلی موڑ کر بند کرلو دوبارہ یہ آیت مع بسم اللہ شریف ایک مرتبہ پڑھ کر اس کے برابر والی انگلی بند کرلو۔ اسی طرح سے برابر پڑھتے پڑھتے مٹھی بند کرلو۔ یہ مٹھی بند ہی رہے جب حاکم یا ظالم شخص کے سامنے جائے تو مٹھی کھول کر اسی ہاتھ سے اسے سلام کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص انتہائی نرم اور موم ہوجائے گا۔ اور جو اس کے اختیار میں ہوگا وہ کام کردے گا انکار نہیں کرے گا مٹھی بند کرنے کے بعد راستے میں نہ کھولو۔ اگر دوسری جگہ یا غیر کے سامنے کھل گئی تو عمل جاتا رہے گا۔
مٹھی اس شخص کے سامنے کھولو جس کے مطیع کرنے کے لئے یہ عمل کیا گیا ہے۔ یہ عمل وقتی ہے جب تک اس حاکم کے پاس رہے گا وہ نرم رہے گا لیکن اس کے کمرے سے نکل کر دوبارہ اس کے کمرے میں جائے گا تو اثر نہ ہوگا۔ دوبارہ پڑھ کر مٹھی بند کرنی ہوگی۔ وہ آیت مع بسم اللہ شریف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ

هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

بہت سے فوائد والا نقش

یہ نقش عجیب و غریب فوائد کا حامل ہے۔ جس میں چند یہ ہیں:

۱۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر پانی سے دھو کر کسی بیمار کو پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی، چاہے اس مریض کو ڈاکٹروں نے جواب دے دیا ہو۔

۲۔ اگر اس نقش کو چینی کی رکابی (بغیر پھول والی پلیٹ) پر باوضو لکھ کر پانی سے دھو کر مسحور (جس پر سفلی یا جادو کیا گیا ہو) کو پلائے اور تھوڑا سا مریض کے منہ پر بھی چھڑک دے تو انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی کا اثر دور ہوگا۔

۳۔ اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو، پڑھنے میں دشواری محسوس کرتا ہو اس کو سات روز مسلسل باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر اسے پلایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دماغ روشن ہوگا۔

۴۔ گھر کو چیچک، طاعون اور ہر قسم کی وبا سے محفوظ رکھنے کے لئے اس نقش کو باوضو لکھ کر گھر کے سب سے باہر والے دروازے پر چسپاں کردے (چپکادے) تو وہ گھر انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی وبا سے محفوظ رہے گا۔

۵۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر پھل والے درخت پر باندھا

جائے تو وہ درخت کثرت سے پھل دے گا اور اس درخت کے پھل آندھی سے گرنے سے محفوظ رہیں گے۔

۶۔ جو شخص اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں باندھے یا دائیں بازو پر باندھ لے اور عورت ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں پہن لے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

۷۔ اگر خواب میں کچھ معلوم کرنا ہو تو اس نقش کو بعد نمازِ عشاء باوضو لکھ کر اور لپیٹ کر اپنے سرہانے تکیہ کے نیچے رکھ لے اور دو ہزار (۲۰۰۰) مرتبہ درود شریف جو یاد ہو پڑھ کر سو رہے۔ برابر تین روز یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک بزرگ خواب میں تشریف لا کر تسلی بخش جواب دیں گے۔ شرط یہ ہے کہ درود شریف پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے بلکہ سو رہے۔

۸۔ اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور وہ اس نقش کو کسی سے باوضو لکھوا کر موم جامہ کر کے اپنی کمر میں باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا وہ نقش یہ ہے۔

۴	۱	۷	۲
۸	فلاں بن فلاں		
	۳	۹	۶

تعویذ برائے چیچک

چیچک یا خسرہ کے لئے یہ نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ اول تو چیچک یا خسرہ ہی نہ نکلے گا اور اگر نکل آیا تو خیریت سے صحت ہو جائے گی۔ بچہ کو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

الحمد للہ رب العلمین	الرحمٰن الرحیم	ملک یوم الدین	ایاک نعبد
وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم صراط الذین	انعمت علیھم
غیر المغضوب علیھم	ولا الضآلین	آمین	آمین
آمین	بحق	کٓھٰیٰعٓصٓ	حٰمٓعٓسٓقٓ

آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہونے کے لئے

عورت کے لئے دردِ زہ بہت تکلیف دہ ہوتا ہے اور بعض مرتبہ ناقابلِ برداشت ہوتا ہے۔ اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ بچہ باآسانی اور جلد پیدا ہو جاتا ہے۔ باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی سیدھی ران میں باندھ دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد خیریت سے پیدا ہو گی اور عورت کو زیادہ تکلیف نہ ہو گی۔ وہ نقش معظم یہ ہے

اذا السماء	انشقت	واذنت لربھا
وحقت	واذا الارض	مدت
والقت	ما فیھا	وتخلت

چوہوں کو بھگانے کا نقش

بعض مرتبہ چوہوں کی بہتات سے پلیگ (طاعون) کی بیماری پھیل جاتی ہے جس سے لاکھوں آدمی مرجاتے ہیں۔ کھیتوں میں چوہے فصل کو خراب کرتے ہیں اور گھروں میں چیزوں کو آلودہ کرتے ہیں۔ اور طرح طرح سے نقصان پہنچاتے ہیں۔ مکان کی بنیادیں کھود کر مکان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ چوہوں کو بھگانے کے لئے یہ نقش باوضو چار عدد لکھ کر کسی بوتل میں ڈال کر مکان کے چاروں کونوں میں دفن کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مکان یا کھیت میں چوہے داخل نہ ہوں گے۔ اور کھیت یا مکان میں رہتے ہیں تو سب بھاگ جائیں گے۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	۶

خواب میں ڈرنے سے حفاظت

اگر کوئی بچہ یا بڑا خواب میں ڈر خوف محسوس کرتا ہے یا ڈراؤنے خواب دیکھتا ہے تو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے

یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ڈراؤنے خواب سے نجات ملے گی اور آرام وسکون کی نیند آئے گی۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

قوتِ مردمی کے لئے

جس مرد میں قوتِ مردمی کی کمی ہو اور اس سلسلے میں بہت پریشان رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت مع بسم اللہ کے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ قوت زیادہ ہوجائے گی۔

وہ تعویذ معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی حاجت حسب منشا پوری ہو تو ان کلمات کو باوضو جمعہ کی رات (جمعرات اور جمعہ کی

درمیانی رات) کو بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) بار پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی حاجت حسبِ منشاء پوری ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِيِّ الْكَافِيْ

اگر ایک مرتبہ پڑھنے سے مطلب حل نہ ہو تو اگلی شبِ جمعہ کو پھر بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ جب تک مقصد حاصل نہ ہو برابر پڑھتے رہیں۔

ماں باپ بھائی بہن سے محبت کے لئے

یہ عمل محبت کا ہے اگر بیٹا یا بیٹی ماں باپ سے نفرت کرتے ہیں یا بھائیوں میں باہمی نفرت ہے یا بہن بھائی میں آپس میں سخت اختلاف پیدا ہوگیا ہے یا بھائیوں میں باہمی نفرت ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور اس کو جلاکر اس کی راکھ محفوظ کرلیں اور اس راکھ کو کسی میٹھی چیز میں ڈال کر اس شخص کو کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوجائے گی۔

وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

تنبیہ یہ عمل صرف جائز محبت پیدا کرنے کے لئے ہے۔ ناجائز محبت کے لئے کرے گا تو ہرگز کامیاب نہ ہوگا، بلکہ ذلیل ورسوا ہوگا لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

ہولِ دل یعنی گھبراہٹ دور کرنا

ہول دل یا دل کی گھبراہٹ کا سبب بعض مرتبہ وہم ہوتا ہے۔ دل میں طرح طرح کے ڈراؤنے وسوسے آتے ہیں جس سے دل گھبرانے لگتا ہے۔ بعض مرتبہ دل کی کمزوری سے بھی ایسا ہونے لگتا ہے۔ اس کا علاج یہ ہے کہ باوضو اس نقش کو لکھے اور موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ ختم ہوجائے گی۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

	۸	
۷	۴	۳
	۲	

ہر دل عزیز بننے کا نقش

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی ہر شخص عزت کرے اور اسے اہمیت دے تو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دوست دشمن سب اس کی عزت کریں گے اور
اس کی مخالفت سے باز رہیں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

اَللّٰہُ	نُوْرُ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ
۵۰۹	۱۰۳۶	۶۷	۲۵۵
۱۰۳۵	۵۰۶	۲۵۸	۶۸
۲۵۷	۶۹	۱۰۳۴	۵۰۷

میاں بیوی میں الفت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور وہ ایک دوسرے کا احترام اور خیال نہ رکھتے ہوں تو اس کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور پاک مٹی کا گولہ بنائے اور اس کے درمیان اس تعویذ کو پلاسٹک میں لپیٹ کر رکھ دے اور گولہ گول کر دے اور چولہے کے نیچے دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں محبت قائم ہو جائے گی۔

تنبیہ: یہ شرط ضرور پیش نظر رہے کہ تعویذ جلے نہیں۔ اسی لیے مٹی کے گولے میں رکھنا ہے۔ اور اگر تعویذ جل گیا تو میاں بیوی میں کسی ایک کو یا دونوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط ضروری ہے۔

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں)

نقش یہ ہے

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

رزق کی بندش کھولنے کا نقش

بعض مرتبہ حاسدین اور دشمن روزی کی بندش کرا دیتے ہیں انسان صبح سے شام تک گھومتا پھرتا ہے لیکن رزق کا انتظام نہیں ہوتا۔ قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہے لیکن رزق کا دروازہ نہیں کھلتا۔ مندرجہ ذیل نقش اس سلسلے میں بہت کارآمد ہے اس کی بدولت اللہ کی رحمت متوجہ ہوتی ہے اور بندش کھل جاتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ اس تعویذ کو باندھنے والا پانچ وقت کی نماز باجماعت ادا کرنے کی کوشش کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے

اس نقش کو باوضو لکھنا ہے اور باوضو موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔

وہ نقش یہ ہے

(نقش اگلے صفحہ پر دیکھیں)

۶۸۳	۶۸۶	۶۸۹	۶۷۵
۶۸۸	۶۷۶	۶۸۲	۶۸۷
۶۷۷	۶۹۱	۶۸۴	۶۸۱
۶۸۵	۶۸۰	۶۷۸	۶۹۰

بے جا خوف اور نظر بد کے واسطے

بعض مرتبہ بے جا خوف انسان کی صحت کو برباد کر دیتا ہے اسی طرح بچے بھی بے جا خوف کا شکار ہو کر کمزور اور چڑچڑے مزاج کے ہو جاتے ہیں۔ اسی طرح نظرِ بد بھی انسان کی صحت کو نقصان پہنچاتی ہے۔ بعض مرتبہ نظر بد کے سبب کھانا بند ہو جاتا ہے اور بعض مرتبہ بچہ بات بات پر روتا ہے۔ اور کمزور اور لاغر ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ تعویذ بہت کارآمد ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں کر کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بچہ صحت مند اور تندرست ہو جائے گا۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۳۲۲۱	۳۲۲۴	۳۲۲۷	۳۲۱۳
۳۲۲۶	۳۲۱۵	۳۲۲۰	۳۲۲۵
۳۲۱۶	۳۲۲۹	۳۲۲۲	۳۲۱۹
۳۲۲۳	۳۲۱۸	۳۲۱۷	۳۲۲۸

آسیب زدہ کے لئے

جس شخص یا بچے پر یا عورت اور بچی پر دیو، جن خبیث، آسیب، ڈاکن وغیرہ جنات کا اثر ہو اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر یا کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا آسیب اور جن دفع ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

۹۱۵۱۳۸۶	۹۱۵۱۳۸۹	۹۱۵۱۳۹۲	۹۱۵۱۳۷۹
۹۱۵۱۳۹۱	۹۱۵۱۳۸۰	۹۱۵۱۳۸۵	۹۱۵۱۳۹۰
۹۱۵۱۳۸۱	۹۱۵۱۳۹۴	۹۱۵۱۳۸۷	۹۱۵۱۳۸۴
۹۱۵۱۳۸۸	۹۱۵۱۳۸۳	۹۱۵۱۳۸۲	۹۱۵۱۳۹۳

رزق میں ترقی

رزق میں ترقی اور اضافہ کے لئے یہ نقش تیر بہدف ہے اس نقش کی برکت سے رزق میں خوب برکت ہوتی ہے گذارہ آسان ہو جاتا ہے اس نقش مبارک کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے نیلے یا کالے کپڑے میں سی کر کالی ڈوری ' باندھ کر گلے میں ڈال لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت

ہوگی اور قرضہ لینے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔
وہ نقشِ معظم یہ ہے:

۷۸۶

بِسۡمِ	اللّٰهِ	الرَّحۡمٰنِ	الرَّحِيۡمِ
یاغفور	یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	یاغفور	یاغفور	یاغفور
یاغفور	برحمتك	یاارحم	الراحمین

عزّت و سُرخ رُوئی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ ہر شخص اس کی عزت کرے اس کی بات مانے اور اس سے محبت کرے اور کسی صورت بھی اس کی مخالفت نہ کرے تو اس کے لئے یہ نقش بہت مجرّب ہے اس نقش کو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے عورت بائیں بازو پر باندھے۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۱۷۰۵۱	۲۳۱۷۰۶۳	۲۳۱۷۰۶۱	۲۳۱۷۰۸۵
۲۳۱۷۰۶۲	۲۳۱۷۰۵۷	۲۳۱۷۰۵۲	۲۳۱۷۰۶۳
۲۳۱۷۰۵۹	۲۳۱۷۰۵۹	۲۳۱۷۰۶۶	۲۳۱۷۰۵۳
۲۳۱۷۰۶۵	۲۳۱۷۰۵۴	۲۳۱۷۰۵۵	۲۳۱۷۰۶۰

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی اہم کام اٹک گیا ہو یا کوئی ضروری مقصد پورا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے جمعہ کی رات کو (وہ رات جو جمعرات اور جمعہ کے درمیان ہے وہ جمعہ کی رات ہے) سات بار سورۂ یٰسین شریف مکمل پڑھے اور اس کا ثواب ان سات سلاطین کی ارواح کو بخشے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک کام پورا نہ ہو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اٹکا ہوا کام پورا ہو جائے گا اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔
ان سات سلاطین کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔ جن کی ارواح کو ثواب پہنچانا ہے۔

① سلطان ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ
② سلطان بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ
③ سلطان محمد صلابت رحمۃ اللہ علیہ
④ سلطان اسمٰعیل سامانی رحمۃ اللہ علیہ
⑤ سلطان سنجر ماضی رحمۃ اللہ علیہ
⑥ سلطان ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ
⑦ سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اس اسم مبارک کو ہر مقصد میں کامیابی کے لئے پڑھنا بہت جلد کامیابی کا سبب بنتا ہے۔ یہ اسم مبارک اکثر علماء و مشائخ کا مختلف طریقے اور مختلف تعداد سے معمول رہا ہے اور ان بزرگانِ دین نے اس عمل کی برکت سے بہت کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اتوار کی رات (ہفتہ کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ اتوار کی رات ہے) سے مسلسل آٹھ رات برابر ہر رات کو تین ہزار بار (۳۰۰۰) اس اسم کو پڑھے۔ پڑھنے میں کمی زیادتی نہ کرے بلکہ پوری تعداد کے مطابق پڑھے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالےٰ جو مراد ہوگی وہ پوری ہوگی۔

اسم معظم یہ ہے:

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔

بچہ کا بات بات پر رونا

اگر بچہ چڑچڑا ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات پر روتا اور مچلتا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ہ

آسیب کو بھگانے کا فتیلہ

یہ فتیلہ (پلیتہ) آسیب، جن، بھوت، پریت، چڑیل وغیرہ بھگانے کے لئے بڑا مجرب ہے۔ اگر کسی کو جن بھوت لپٹ جائے اور کسی طرح نہ جائے تو اس پلیتہ کو باوضو لکھے اور نئی پاک روئی لپیٹ کر اصلی سرسوں کا تیل مٹی کے کورے چراغ میں ڈال کر مریض کو چراغ کے سامنے لائے فاصلے پر باوضو پاک دری یا چٹائی پر بٹھادے کہ وہ چراغ کی لَو کو برابر دیکھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن بھاگ جائے گا اگر نہ بھاگا تو جل جائے گا۔

بہت پُر اثر پلیتہ ہے۔

۲۶۵	۲۵۸	۲۶۳
۲۶۰	۲۶۲	۲۶۴
۲۶۱	۲۶۶	۲۵۹

مانی تلوبہم ملیقا - فرعون نمرود - ہامان - شداد

اگر نہ گریزد سوختہ شود

واسطے برکت رزق و ہر دل عزیزی

یہ نقش کشائش رزق کے واسطے بہت کار آمد ہے۔ اس کی برکت سے رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں اور ہر شخص عزت کرتا ہے اور اس شخص کا احترام مخالف کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے اور وہ بھی عزت کرنے لگتا ہے۔ اس نقش کو بعد نماز فجر باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کرے اور کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔ ہر شخص عزت کرے گا اور مخالف بھی مطیع ہوگا۔

وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۲۲۲۱۶۳	۲۲۲۱۶۶	۲۲۲۱۶۹	۲۲۲۱۵۶
۲۲۲۱۶۸	۲۲۲۱۵۷	۲۲۲۱۶۲	۲۲۲۱۶۷
۲۲۲۱۵۸	۲۲۲۱۷۱	۲۲۲۱۶۴	۲۲۲۱۶۱
۲۲۲۱۶۵	۲۲۲۱۶۰	۲۲۲۱۵۹	۲۲۲۱۷۰

دشمن کو زیر کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر جمعہ کے روز سے جلانا شروع کرے اور ہر نماز کے بعد ایک نقش جلائے۔ چالیس روز عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہوگا۔

اس نقش کے پیچھے دشمن اور اس کی ماں کا نام ضرور لکھے۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

اسی نقش کو باوضو لکھے اور کسی چھوٹی بوتل یا ڈبیہ میں بند کر کے دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہوگا اور دشمنی چھوڑ دے گا۔ اس نقش کے پیچھے دشمن کا اور اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔

نقش اوپر درج ہے۔

آسیب کو بھگانے کا نقش

اگر کوئی شخص مرد، عورت، بچہ، بچی کو شیطان یا آسیب یا جن بھوت ڈراتا ہو یا اسے اکثر بخار رہتا ہو یا کبھی بخار چڑھ گیا اور کبھی اتر گیا۔ ایسی صورت میں یہ نقش بہت مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بدولت جنات کا ڈرانا بند ہو جائے گا۔ اور اگر بخار یا سردی کا بخار ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سی کر کالی ڈوری میں باندھ کر گلے میں ڈال لے۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے

یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح	یابدوح	یابدوح

خوشی اور مسرت کے لئے

بعض حالات انسان کی خوشی چھین لیتے ہیں۔ اور آدمی پریشان، سرگردان اور بے چین رہتا ہے۔ اسے کسی کل چین نہیں ملتا۔ نہ کھانا اچھا لگتا ہے نہ نیند آتی ہے اور نہ خوشی اچھی لگتی ہے ایسی صورت میں یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ناامیدی کی حالت ختم ہو جائے گی اور خوشی اور شادمانی سے دل منور ہوگا اور دل کو سکون حاصل ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

ہر قسم کی بلا دور کرنے کا نقش

انسان بعض مرتبہ اپنے گناہوں کے سبب طرح طرح کی بلاؤں کی لپیٹ میں آجاتا ہے۔ ہر وقت پاک رہنے والا اور نماز کی پابندی کرنے والا بلاؤں کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر گھر میں بلاؤں کی موجودگی کا پتہ چل جائے تو اس نقش کو بڑے کاغذ پر کالی روشنائی سے باوضو لکھ کر دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر لگا دیا جائے تو اس گھر سے بلائیں چلی جاتی ہیں اور آنے والی بلائیں گھر میں داخل نہیں ہوتیں۔ یہ مجرب نقش ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے گھر ہر قسم کی بلاؤں سے پاک ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

خوف اور نظرِ بد کے لئے

یہ نقش ہر قسم کے خوف سے نجات دلاتا ہے اور اس کا باندھنا نظرِ بد کو دور کرتا ہے۔ بے جا خوف اور نظرِ بد کے

سبب بچہ کھانے سے بھاگتا ہے اور ڈر خوف کے سبب دبلا ہوتا چلا جاتا ہے۔

بے جا ڈر، خوف ختم کرنے کے لئے ....

یہ نقش بہت پُر تاثیر ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سی کر کالی ڈوری باندھ کر اس کو بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا بے جا خوف دور ہوگا۔ خوراک بحال ہوگی اور بچہ جلد ہی تندرست ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

٧٨٦

١٦	١٩	٢٢	٩
٢١	١٠	١٥	٢٠
١١	٢٤	١٧	١٤
١٨	١٣	١٢	٢٣

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

پیٹ کے درد کے لئے

بعض مرتبہ پیٹ کا درد بہت تکلیف دہ اور جان لیوا ثابت ہوتا ہے۔ اس کے سبب مریض بُری طرح تڑپتا ہے اس کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مال کی کثرت ہو جائے گی اور عزت میں ترقی ہوگی۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا

بارکت علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید ٥

آسیب دُور کرنا

اگر کسی کو آسیب لپٹ گیا ہو یا آسیب اس کو طرح طرح سے تنگ کرتا ہو یا اس کے کاموں میں رکاوٹ ڈالتا ہو یا اس کو پڑھنے لکھنے نہ دیتا ہو یا اسے آوارہ پھراتا ہو اور گھر میں بیٹھنے نہ دیتا ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کا اسمِ پاک

اَللّٰہُ

کو ایک پاک صاف چینی کی پلیٹ پر باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھے اور اس طرح لکھے کہ پلیٹ پر کوئی جگہ خالی نہ بچے بلکہ ساری پلیٹ اسم پاک اَللّٰہُ سے بھری ہو۔ پھر اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر ایک بوتل میں پانی بھر لے۔ اور اس پانی کے چھینٹے دن میں چار وقت آسیب زدہ کے چہرے پر مارے۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل۔

۲۔ دوپہر گیارہ بجے۔

۳۔ بعد نمازِ عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)

۴۔ بعد نمازِ عشاء (رات دس بجے)

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔۔

گھبراہٹ اور پریشانی دُور کرنا

اگر کسی کو گھبراہٹ بہت ہوتی ہو اور ہر وقت دل ہلتا رہتا ہو جس کے سبب کوئی کام کرنے سے مجبور ہو اسی طرح کہیں آنے جانے سے بھی بے بس ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔ اسی طرح اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ط	ی	ح	م
م	ح	ی	ط
ی	ط	م	ح
ح	م	ط	ی

بچہ یا بچی زیادہ روتی ہو۔

اگر کوئی بچہ یا بچی ہر وقت روتی رہتی ہو اور بات بات پر ضد کرتی ہو یا چڑچڑا مزاج ہو تو ایسی صورت میں باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے مندرجہ ذیل نقش لکھے اور موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کے مزاج میں فرق آئے گا اور اس کا بات بات پر رونا بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ح	ی	ط	م
ط	م	ح	ی
م	ط	ی	ح
ی	ح	م	ط

کتے یا سانپ کے کاٹے ہوئے کے لئے

اگر کسی شخص کو کتا کاٹ لے یا سانپ ڈس لے (کاٹ لے) تو اس کے لئے یہ دو اسمائے الٰہی بہت ہی مجرب اور زود اثر ہیں:

اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ

ان دونوں اسمائے مبارک کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور جس شخص کو کتے نے کاٹا ہو اس کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کو فوراً شفاء حاصل ہوگی۔

اسی طرح سانپ کے ڈسے (کاٹے) والے شخص کو یہی اسمائے الٰہی یعنی

اَلْعَلِیْمُ اَلْحَکِیْمُ

عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر زیتون کے تیل سے دھو کر سانپ کے کاٹے ہوئے کو کھلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کے زہر سے نقصان نہ ہوگا اور مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔

اولاد یا نوکر کا فرماں بردار ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کے بچے اس کا کہنا مانیں اس کی اطاعت کریں اسی طرح کوئی آدمی یہ چاہتا ہے کہ اس کا نوکر اس کا فرمانبردار اور وفادار ہو تو اس کے لئے اسم مبارک

یَا رَقِیْبُ

باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بسکٹ پر گیارہ بار لکھے اور بچے یا نوکر کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کہنا ماننے لگیں گے۔

کھیتی میں برکت اور خوب فصل ہونے کے لیے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کے کھیت میں فصل خوب اُگے اور اس فصل کو کوئی نقصان نہ پہنچے اور خوب برکت ہو تو اس کے لئے جب کھیت میں بیج ڈالے اس وقت اول درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْبَاعِثِ الْوَارِثِ ۝

اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد بیج ڈالنا شروع کرے انشاءاللہ تعالیٰ کھیت میں بہت برکت ہوگی اور خوب فصل پیدا ہوگی کہ نہال ہو جائے گا۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سفر میں ہر طرح کی حفاظت کے لئے

جب بھی سفر میں جائے تو اسمِ مبارک "سَلَامٌ" کا نقش مثلث باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور

موم جامہ کرکے ایک نقش سامان میں رکھ دے اور دوسرا نقش باوضو موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سفر میں جان و مال ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر کوئی سپاہی یا مجاھد میدانِ جنگ میں جائے تو اپنے بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر طرح محفوظ و مامون رہے گا اور بے مثال کامیابیاں حاصل کرے گا۔

وہ نقشِ مبارک یہ ہے،

۷۸۶

ص	لا	م
لا	م	ص
م	ص	لا

سبق آسانی سے یاد ہو، حافظہ قوی ہو

اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو اور اس کا دماغ کمزور ہو اور اسے سبق یاد نہ ہوتا ہو یا قرآن پاک حفظ کر رہا ہو اور اس دوران پچھلا سبق بھول جاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور اس کاغذ کو لپیٹ کر اپنی کتاب میں سبق کی جگہ رکھ لے یا قرآن مجید حفظ کر رہا ہے تو قرآن مجید کے اس مقام پر رکھ لے جہاں اس کا سبق ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی برکت سے سبق جلد یاد ہوگا اور پڑھا ہوا اور حفظ کیا ہوا یاد رہے گا اور حفظ اور فہم بہت کامل ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے:

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝

حاملہ ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ مشہور ہو اور حمل نہ ٹھہرتا ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو کوئی سنار چاندی کی تختی پر کندہ کر دے اور اس تختی کو پلاسٹک کوٹنگ کرا کے وہ عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ اس دوران اپنے مرد سے قربت کرتی رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد حاملہ ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے:

اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۖ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَيِّتِ مِنَ الْحَيِّ ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ۝

جان و اولاد کی حفاظت کے لئے

جو شخص کسی دشمن سے اپنی یا اپنی اولاد کی جان کو خطرے میں محسوس کرتا ہے یا اسے وہم ہے کہ اس کی یا اس کی اولاد کی جان محفوظ نہیں ہے، تو اسے چاہیئے کہ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو کسی سنار سے چاندی کی تختی پر نقش کرا لے اور چالیس مرتبہ یہی آیت باوضو پڑھ کر اس تختی پر دم کر دے اور وہ چاندی کا ٹکڑا انگوٹھی میں نگینے کے نیچے رکھ لے۔ اس انگوٹھی کو اپنے ہاتھ کی انگلی میں پہن لے اور کبھی نہ اتارے۔

انشاءاللہ تعالیٰ جان و مال اور اولاد محفوظ رہیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔
اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ٥

فتح اور کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص جہاد کے لئے محاذ جنگ پر جارہا ہو یا فوج کا سپاہی سرحدی ڈیوٹی پر جارہا ہو یا جنگ کے محاذ پر جارہا ہو تو اپنے ہتھیار یا بندوق پر سورۃ النصر باوضو نقش کرالے یا خود کرلے اور دشمن کے مقابلے پر جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب اور فتحیاب ہوگا اور اس کی جان بھی محفوظ رہے گی۔ سورۃ النصر یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِىْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۚ

ظالم کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر کسی کا معاملہ ظالم آفیسر سے پڑگیا ہو جو بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو اور ہر وقت بے عزتی کرتا ہو یا اور کسی ظالم سے اختلافات چل رہے ہوں اور اس کا سامنا ہونے سے جان کا خطرہ محسوس ہوتا ہو تو جب اس ظالم آفیسر کے پاس جائے یا ظالم شخص سے سامنا ہو تو معوذتین پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان سورتوں کی برکت سے اس ظالم

کے شر اور شرارت سے محفوظ رہے گا اور وہ اسے کسی قسم کا نقصان پہنچا سکے گا
معوذتین یہ ہیں:
(معوذتین سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو کہتے ہیں)۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۚ

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی آدمی بے گناہ ہو اور بلا کسی جرم کے قید ہوگیا ہو یا کسی دشمن نے سازش کرکے قید کرادیا ہو یا کسی غلطی کی وجہ سے قید ہوگیا ہو تو اس کی رہائی کے لئے باوضو یہ نقش مبارک لکھے اور موم جامہ کرکے قیدی کے دائیں بازو پر باندھ دے۔ اگر عورت قیدی ہے تو اس کے بائیں بازو پر باندھ دے یا اس کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قیدی قید سے رہا ہوجائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۵	۱۲
۱۱	۹	۷
۶	۱۳	۸

لاعلاج مریض کے لئے

اگر کوئی شخص ایسا ہو جس پر کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو اور وہ بہت لاغر اور کمزور ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات تین بار پڑھ کر اس مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مریض صحت مند ہو جائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَقْسَمْتُ عَلَیْکَ اَیَّتُھَا الْعِلَّۃُ بِعِزَّۃِ عِزَّۃِ اللّٰہِ وَبِعَظَمَۃِ عَظَمَۃِ اللّٰہِ وَ بِجَلَالِ جَلَالِ اللّٰہِ وَ بِقُدْرَۃِ قُدْرَۃِ اللّٰہِ وَبِسُلْطَانِ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَبِلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَبِمَا جَرٰی بِہِ الْعِلْمُ مِنْ عِنْدِ اللّٰہِ وَبِلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اِلَّا انْصَرَفْتِ۔

بخار کو دفع کرنے کے لئے

بخار کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ بخار اترنے کے بعد دریا، نہر یا سمندر میں ڈال دے۔

وہ نقش یہ ہے:

بسم

یا نار کونی بردا
وسلاما علی
ابراهیم

دردِ سر ہونے کے لئے

اگر کسی کے تمام سر میں درد ہوتا ہو اور کسی بھی طریقے سے نہ جاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے سر میں یا ٹوپی میں سی دے۔ اگر عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش مبارک یہ ہے:

۷۸۶

یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح	یا بدوح

ہولِ دل اور قلبی گھبراہٹ کے لئے

اگر کسی کا دل لرزتا ہو اور انجانا اندیشہ اس کے دل میں پیدا ہوتا ہو اور ہولِ دل کا مرض محسوس ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو چالیس عدد لکھ کر رکھ لے یا ایک نقش روزانہ فجر کی نماز کے بعد لکھ لیا کرے۔ اور باوضو اس نقش کو پانی میں گھول کر ناشتہ سے قبل پی لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل کی گھبراہٹ، ہولِ دل، دل کا کانپنا سب ختم ہو جائے گا۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

ک	ل	م	ل	ا
ا	ک	ل	م	ل
ل	ا	ک	ل	م
م	ل	ا	ک	ل
ل	م	ل	ا	ک

ہر قسم کی بیماری سے حفاظت

اگر شہر میں مختلف قسم کی بیماریاں پھیل رہی ہوں اور ہر وقت اندیشہ لگا ہو کہ کب کونسی بیماری مصیبت کا باعث بن جائے لہٰذا ان تمام وبائی بیماریوں سے بچنے کے لئے اسم پاک "سلامٌ" کا نقش بہت مفید ہے اس نقش کو بعد نماز فجر باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے سب گھر کے افراد کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ گھر کے تمام افراد ہر قسم کی وبا اور بیماری سے محفوظ رہیں گے اور اگر یہی نقش موٹے قلم سے بڑا بڑا لکھ کر گھر کے دروازے پر لگادے تو اہل خانہ تمام آفات اور بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

۷۸۶

م	ا	ل	س
س	ل	ا	م
ا	م	س	ل
س	ل	م	ا

بخار سے نجات کے لئے

اگر کسی کو بخار نے پکڑ لیا ہو اور بخار نہ جاتا ہو تو فجر کی نماز کے بعد باوضو پیپل کے پتے پر یہ آیت لکھے اور مریض کو وہ پتہ چٹا دے۔ جب تک بخار نہ جائے روزانہ لکھ کر ایک پتہ چٹاتا رہے۔ چند دن عمل کرنے سے انشاءاللہ تعالیٰ بخار چلا جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ

بچے کے رونے کے لئے

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کے رونے اور ضد کو ختم کرنے کے لئے یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اس بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر وقت کا رونا اور بات بات پر ضد کرنا ختم ہو جائے گا۔ اور بچہ خوش مزاج ہو جائے گا۔ وہ نقشِ مکرم یہ ہے:

۱۸	۳۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	یا باسط [illegible]	۳۰

نظرِ بد کے واسطے

بچوں کو بعض مرتبہ سخت نظر لگ جاتی ہے جس کے سبب ان کا کھانا پینا بند ہو جاتا ہے اور چڑچڑا مزاج ہو جاتا ہے اور وہ بات بات پر ضد

کرتے ہیں اور روتے رہتے ہیں اس کے سبب روز بروز صحت گرتی جاتی ہے اور ہنسنے کھیلنے والا بچہ دُبلا اور بدمزاج ہو جاتا ہے۔ اس کی نظرِ بد سے حفاظت کے لئے یہ نقش بہت مفید ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ دے اور موم جامہ کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر طرح کی نظرِ بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

بچوں کے ڈبہ مرض کا خاتمہ

اگر کسی بچہ کو ڈبہ کا مرض ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے پہلو میں باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ فوراً شفاء پائے گا۔

وہ نقشِ معظم یہ ہے:

٧٨٦

٢	٧	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨

آسانی کے ساتھ بچہ کی پیدائش

بچہ کی باآسانی پیدائش کے لئے اس آیت کو باوضو لکھے اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی ران پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی کپڑا فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ لہٰذا محتاط کو یہ تعویذ دے جو احتیاط سے استعمال کرے بعد استعمال تعویذ کسی پاک جگہ دفن کردے یا پتھر، اینٹ کے ساتھ باندھ کر کنویں یا نہر یا دریا یا سمندر یا چشمے یا جھیل میں ڈال دے تاکہ آیت کی بے حرمتی نہ ہو۔ وہ آیت یہ ہے:

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ۙ وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ۭ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۙ

دشمن اور نظرِ بد سے حفاظت کے لئے

جس شخص کے بلاوجہ دشمن پیدا ہوگئے ہوں یا لوگ حسد اور بغض کی وجہ سے دشمنی کرتے ہوں تو ان آیات کو باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر ان آیات کو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو چینی کی پلیٹ (جو بغیر پھول کی سادہ ہو) پر لکھے گا اور اس کو پاک پانی سے دھو کر تین دن برابر نہار منہ (ناشتہ اور چائے سے قبل) پیئے گا تو اس کی برکت سے ہر قسم کے وسوسوں اور برے اور

ڈراؤنے خوابوں سے حفاظت رہے گی اور نماز پڑھنے کے دوران جو وسوسے آتے ہیں بند ہو جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کا تمام بوجھ اُتر جائے گا اور طبیعت ہشاش بشاش ہو جائے گی۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَاذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيثَاقَهُ الَّذِي وَاثَقَكُم بِهِ إِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ۝ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُونُوا قَوَّامِينَ لِلّٰهِ شُهَدَاءَ بِالْقِسْطِ ۖ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَىٰ أَلَّا تَعْدِلُوا ۚ اعْدِلُوا هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَىٰ ۖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۚ إِنَّ اللّٰهَ خَبِيرٌ بِمَا تَعْمَلُونَ ۝

شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہ آتا ہو تو اس کے باوضو یہ آیت لکھے اور موم جامہ کر کے مرد ہے تو اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مناسب جگہ رشتہ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ ۝ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ ۝

تنبیہ | اگر رشتہ نہیں آتا ہے یا شادی نہیں ہوتی ہے تو بندش کرائی ہوئی ہے۔ بندش کھولنے کا عمل کرے اور سحر جادو سفلی کا علاج کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر جادو کا اثر ختم ہوتے ہی فوراً رشتہ ہو جائے گا۔

طوفان سے بچنے کے لئے

اگر آدمی پانی کے جہاز یا کشتی میں سوار ہو اور سمندر یا دریا میں طوفانی ہوائیں چل رہی ہوں اور جہاز یا کشتی ڈوبنے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں باوضو سات کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ آیت لکھے اور سمندر یا دریا میں جہاز یا کشتی کے مشرق میں ایک ایک کر کے ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان تھم جائے گا اور سمندر کی لہروں کا تلاطم رُک جائے گا اور جہاز اور کشتی محفوظ ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

أَلَمْ تَرَ أَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُم مِّنْ آيَاتِهِ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ ۝ وَإِذَا غَشِيَهُم مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ ۚ فَلَمَّا نَجَّاهُمْ إِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُم مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمَا يَجْحَدُ بِآيَاتِنَا إِلَّا كُلُّ خَتَّارٍ كَفُورٍ ۝

وہم دُور کرنے کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو وہم کا مرض ہو گیا ہو اور دل و دماغ میں طرح طرح کے وسوسے آتے ہوں اور طبیعت ہر وقت پریشان رہتی ہو تو ایسی صورت میں باوضو جمعہ کے دن بعد نماز فجر کاغذ کے سات ٹکڑوں پر الگ الگ یہ آیت لکھے اور پاک پانی سے دھو کر روزانہ وہ پانی نہار منہ ناشتہ سے قبل پی لے۔ سات دن بلا ناغہ یہ عمل کرے

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کا وہم دور ہو جائے گا۔ اور وہ ہر قسم کی ذہنی پریشانی سے نجات حاصل کرے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

وَاِمَّا یَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّیْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۗ اِنَّهٗ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ ۝ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّیْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۝

دل کی دھڑکن دور کرنا

کسی انجانے خوف کے سبب یا کمزوری کے باعث یا کسی مرض کی وجہ سے دل اکثر دھڑکتا رہتا ہے اور اس کے سبب کوئی کام کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے اور انسان بے کار ہو جاتا ہے اس کے لئے چینی کی پلیٹ میں جس پر پھول پتیاں یا ڈیزائن نہ ہوں بلکہ سادہ پلیٹ ہو اس پر سورۂ قریش باوضو زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے لکھے اور بارش کے پانی سے یا آبِ زمزم سے (اگر یہ پانی نہ مل سکیں تو) کنوئیں، نہر، دریا، چشمے یا پھر شات نلکوں کا پانی لے کر اس سے دھو کر روزانہ ایک پلیٹ کا پانی پی لیا کرے، چند دن پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ دل کے دھڑکنے کا مرض ختم ہو جائے گا۔

سورۂ قریش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر خدانخواستہ کسی کا پیشاب بند ہو گیا ہو اور پیشاب میں بندش کے سبب رکاوٹ ہو اور پیشاب نہ آتا ہو اور مریض بے چین ہو ایسی صورت میں باوضو آیت ذیل عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اس کو پانی سے دھو کر پیئے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَیْنًا ؕ

بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو کاٹ لے اور وہ تڑپ رہا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر جھاڑ دے۔ جھاڑنے کا طریقہ یہ ہے کہ یا تو ہاتھ کے اشارے سے یا کسی درخت کی ٹہنی سے جس میں پتے ہوں مریض کے بدن کے اوپر سے نیچے کی طرف اشارہ کرتا جائے اور یہ کلمات پڑھتا جائے۔ مریض کے جسم سے درد جہاں پر اترے مریض اس جگہ کو پکڑ لے۔ اسی طرح زہر کا

اثر ختم ہو جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحیح ہو جائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

شَجِنِیَۃٌ قَرْنِیَۃٌ مِلحَۃٌ بَحرٌ قَفْطَا۔

دشمن کو ناکام بنانا

اگر کوئی دشمن بہت موذی اور ستانے والا ہو اور نئے نئے طریقوں سے ستاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور پرانی قبر میں دفن کر دے۔ جتنی پرانی قبر ہوگی کام بھی اتنا ہی اچھا اور مضبوط ہوگا۔ دشمن اس عمل کی برکت سے زیر ہوگا۔ ہر ہر قدم پر ناکام ہوگا۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

٧٨٦

٣٩١٨	٣٨٢٥	٣٨٢٠
٣٨٢٣	٣٨٢١	٣٨١٩
٣٨٢٢	٣٨١٧	٣٨٢٤

تنبیہ یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرے اگر ناجائز طریقے سے کسی کو نقصان پہنچانے یا اس کی عزت ختم کرنے کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور خود ذلیل و خوار ہوگا۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوسرے پر وار کرنے سے پہلے اپنے بچاؤ پر غور کرنا چاہیئے کہ وہ وار خود پر حملہ آور ہو جائے گا۔

تبادلہ کرانے کا عمل

اگر کوئی شخص کسی دوسری جگہ تبادلہ ہو کر چلا گیا ہے اور واپس اپنی پرانی

جگہ آنا چاہتا ہے یا کوئی شخص ایک شعبہ سے دوسرے شعبہ میں تبادلہ کرانا چاہتا ہے لیکن رکاوٹ ہو رہی ہے تو اس کے لئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو اکتالیس ٤١ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھا کرے۔ یہ عمل چالیس ٤٠ دن کرے اور عمل کے بعد میں دعاء کرے۔ اگر درمیان میں ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنا پڑھ لے یعنی بیاسی ٨٢ بار پڑھ لے۔ ناغہ نہ کرے تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حسب پسند تبادلہ ہو جائے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

پیشاب رک رک کر آنا

بعض مرتبہ غدود کے ورم کی وجہ سے یا پتھری کے سبب پیشاب رک رک کر قطرہ قطرہ آتا ہے۔ اس کے جاری کرنے کے لئے صبح بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب گیارہ ١١ بار یہ کلمات باوضو پڑھ کر اپنے پیٹ پر پھونک مارے۔ یہ عمل بیماری ختم ہونے تک جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ

جلد صحت حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۝ اَلْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ
اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

بے ہوش کو ہوش میں لانا

اگر کوئی شخص کسی صدمہ سے یا کسی انجانے مرض کے سبب بے ہوش ہو گیا ہو تو اس کو ہوش میں لانے کے لئے باوضو یہ کلمات تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کے حلق میں ڈال دیں اور کچھ پانی بچا کر اس پانی کے چھینٹے مریض کے چہرے پر ماریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط

بہن بھائی، بھائی بھائی میں لڑائی

بعض بچے شرارتی ہوتے ہیں اور بہن بھائی یا بھائی بھائی ہر وقت لڑتے رہتے ہیں۔ اور ان کا جھگڑا کسی صورت ختم ہونے کو نہیں آتا۔ اس کے لئے ایک سو بار باوضو یہ آیت پڑھ کر تکیہ پر دم کرے اسی طرح ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ کر دوسرے کے تکیہ پر دم کیا جائے اور وہ تکیے الگ الگ استعمال کریں یعنی ایک کا تکیہ دوسرا استعمال نہ کرے اس کی آسان شکل یہ ہے کہ دونوں کے تکیوں کے غلافوں کا رنگ الگ الگ ہو تاکہ پہچان رہے یا ان کے نام لکھ دیئے جائیں۔ یہ عمل

چالیس روز کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کی لڑائی ختم ہو جائے گی وہ آیت یہ ہے:

اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا ۝ وَّاَکِیْدُ کَیْدًا ۝

عورت یا دوسرے حیوانات کے دودھ میں اضافہ

اگر کسی عورت کے پستانوں میں دودھ کی کمی ہو جس کے سبب بچہ بھوکا رہتا ہے اور روتا رہتا ہے یا کسی جانور کا دودھ سوکھ گیا ہے، جس سے مالک کو نقصان ہو رہا ہے۔ اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیات لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں باندھ دے۔ اور یہی آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر جانور کے گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالیٰ عورت ہو یا جانور اس کے دودھ زیادہ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ط وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ ۝

برائے تسخیر مخلوق

اگر کوئی آدمی چاہتا ہے کہ لوگ اس کا کہنا مانیں اس کی اطاعت کریں اور کسی معاملے میں اس کی مخالفت نہ کریں تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء روزانہ ایک سو بار سورۃ کوثر پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ

اس کی برکت سے لوگ ادب واحترام سے پیش آئیں گے۔
شرط یہ ہے جب اس عمل کے اثرات ظاہر ہونے لگیں تو کسی کو نہ بتائے کہ میں یہ عمل کرتا ہوں ورنہ اس کی برکات ختم ہو جائیں گی۔
سورۂ کوثر یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

ترقی کاروبار، تجارت میں برکت

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ اس کا کاروبار ترقی کرے اور گاہک زیادہ سے زیادہ آئیں تو اسے چاہیئے کہ عشاء کی نماز کے بعد یہ آیت ایک سو (١٠٠) بار پڑھ لیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہوگی اور گاہک بے شمار آئیں گے۔
وہ آیات یہ ہیں:

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ
الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ
وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

درد کے خاتمہ کے لئے

جسم کے جس حصے میں بھی درد ہو اس جگہ ہاتھ رکھ کر تین بار باوضو یہ آیات پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح تین مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد موقوف ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا
مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

ہر مرض سے شفاء کے لئے

اگر کوئی مریض کسی ایسے مرض میں مبتلا ہو جس کا علاج مشکل ہو رہا ہو تو اس کے لئے آیاتِ شفاء کو کسی چینی کی سفید پلیٹ (بغیر پھول والی) پر باوضو لکھے اور پانی سے باوضو دھو کر روزانہ چار وقت مریض کو پلائے۔ وہ چار وقت یہ ہیں:
١- صبح ناشتہ سے قبل۔
٢- دوپہر گیارہ بجے۔
٣- بعد نماز عصر۔
٤- بعد نماز عشاء
اس طرح پانی پینے سے مریض انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہوگا مریض کا پانی پینے وقت باوضو ہونا شرط نہیں، باوضو، بے وضو ہر حالت میں پانی پی سکتا ہے۔
آیاتِ شفاء یہ ہیں:

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط

نظرِ بد دور کرنے کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر لگ گئی ہو یا کسی جانور پر نظرِ بد کا اثر ہو تو اس کے لئے باوضو یہ آیات تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے انسان یا جانور پر ایک دفعہ دم کرے اس کے بعد دوبارہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے تین بار اسی طرح دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہو گی اور نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

بُرے خواب سے حفاظت

اگر کسی کو ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا سوتے میں ڈرتا ہو تو اس

کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر اس شخص کے گلے میں موم جامہ کرکے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بُرے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ رہے گا اور سوتے میں ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ط لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

استخارہ کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی معاملے میں تذبذب ہو اور خیالات ڈانواڈول ہوں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں اس کے لئے استخارہ اس ترکیب سے کرلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل مکمل یقین کے ساتھ ہاں یا نا کی طرف ہوجائے گا یا خواب میں کوئی ایسا اشارہ مل جائے گا جس کے سبب کام میں یکسوئی پیدا ہو گی، مثلاً ہرا رنگ، ہرا کپڑا یا کھیت یا ہری گھاس کا میدان نظر آیا یہ کامیابی کا رنگ ہے یا خواب میں سیلاب طوفان یا سخت اندھیرا نظر آیا یا جنگ ہو رہی ہے یا آگ جل رہی ہے یہ اشارہ ہے کہ یہ کام کرنا صحیح نہیں ہے اس کام کے کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ استخارہ کا طریقہ یہ ہے:

بعد نمازِ عشاء سونے سے قبل دو رکعت نفل پڑھے ان میں استخارہ کی نیت ہو اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ کلمات ایک سو بار پڑھے:

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝

يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ط

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط

نظرِ بد دور کرنے کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر لگ گئی ہو یا کسی جانور پر نظر بد کا اثر ہو تو اس کے لئے باوضو یہ آیات تین مرتبہ پڑھ کر نظر والے انسان یا جانور پر ایک دفعہ دم کرے اس کے بعد دوبارہ تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے تین بار اسی طرح دم کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اور نظر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

برے خواب سے حفاظت

اگر کسی کو ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا سوتے میں ڈرتا ہو تو اس

کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر اس شخص کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ برے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ رہے گا اور سوتے میں ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ط لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

استخارہ کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی معاملے میں تذبذب ہو اور خیالات ڈانواڈول ہوں کہ یہ کام کروں یا نہ کروں اس کے لئے استخارہ اس ترکیب سے کرلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دل مکمل یقین کے ساتھ ہاں یا نا کی طرف ہو جائے گا یا خواب میں کوئی ایسا اشارہ مل جائے گا جس کے سبب کام میں یکسوئی پیدا ہوگی، مثلاً ہرا رنگ، ہرا کپڑا یا کھیت یا ہری گھاس کا میدان نظر آیا یہ کامیابی کا رنگ ہے یا خواب میں سیلاب طوفان یا سخت اندھیرا نظر آیا یا جنگ ہو رہی ہے یا آگ جل رہی ہے یہ اشارہ ہے کہ یہ کام کرنا صحیح نہیں ہے اس کام کے کرنے سے نقصان کا اندیشہ ہے۔ استخارہ کا طریقہ یہ ہے:

بعد نماز عشاء سونے سے قبل دو رکعت نفل پڑھے اس میں استخارہ کی نیت ہو اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ کلمات ایک سو بار پڑھے:

يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَا رَشِيْدُ اَرْشِدْنِيْ يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ بِحَالِهٖ يَا خَبِيْرُ۔

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور کسی سے بات کئے بغیر سو رہے اس طرح کہ قبلہ کی طرف چہرہ اور سینہ ہو۔ دایاں ہاتھ سر کے نیچے دبا ہو۔ بعد میں نیند کی حالت میں کروٹ لی جائے تو کچھ حرج نہیں ہے۔ یہ عمل تین یا سات دن کرے۔ اگر پہلے ہی دن معلوم ہو جائے تو پھر عمل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

ہر قسم کے درد سے حفاظت

اگر کسی شخص کو سردی کے موسم میں یا برسات میں کوئی پرانا درد تنگ کرتا ہو تو اس سے حفاظت کے لئے بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ عشا باوضو آیاتِ ذیل کو سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے محفوظ رہے گا۔

وہ آیات یہ ہیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۝ ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

بڑھاپے میں کم سنائی دینا

اگر کسی آدمی کی سننے کی طاقت کم ہوگئی ہو اور اسے کم سنائی دیتا ہو تو عشاء کی نماز کے بعد اکتالیس ۴۱ بار مندرجہ ذیل آیت باوضو پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تین مرتبہ ہاتھ اپنے چہرے پر اور کانوں پر پھیر لے۔ اکتالیس ۴۱ روز بلا ناغہ عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کان کی قوتِ سماعت بحال ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے:

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ۝

بغل میں گلٹیاں

اگر کسی کی بغل میں گلٹیاں (پھوڑے) نکلتی ہوں اور ایک ختم ہوئی اور دوسری نکل آئی، دوسری ختم ہوئی تیسری نکل آئی اسی طرح سلسلہ چلتا رہتا ہے تو اس کے خاتمہ کے لئے ان کلمات کو بعد نمازِ فجر سورج نکلنے سے پہلے اور شام کو سورج غروب ہونے کے بعد ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لیا کرے۔ اس عمل کے اول اور آخر میں درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔ جب تک پوری طرح مرض ختم نہ ہو اس عمل کو جاری رکھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝ قٓ۔ اَلرَّحِيْمُ۔ اَلرَّحِيْمُ۔ اَلرَّحِيْمُ۔

پیچش کا خاتمہ

اگر کسی آدمی کی آنتوں میں خراش پیدا ہو جائے تو اسے سادہ یا خونی پیچش ہو جاتی ہے۔ اور اکثر یہ مرض کافی عرصہ چلتا ہے جس سے مریض کمزور اور نڈھال ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے باوضو تین بار مندرجہ ذیل کلمات کو بعد نمازِ فجر سورج نکلنے سے پہلے پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کر کے نہار منہ پی لے۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کریں اور ناشتہ ایک گھنٹہ بعد کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے جلد نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝

پیٹ کا بڑھنا اور موٹاپا کم کرنے کا عمل

اگر کسی کا پیٹ حد سے زیادہ بڑھ گیا ہو اور پیٹ کے بڑھنے سے جسم کی چستی اور پھرتی ختم ہو گئی ہو تو اس کے لئے ایک موٹے کاغذ پر باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھیں اور اس نقش کو رات کو سونے سے قبل اور صبح اٹھنے کے بعد پیٹ پر دائرے کی شکل میں ملا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ گھٹنا شروع ہو جائے گا اور پیٹ کا بڑھنا بند ہو جائے گا۔ جب کاغذ کا کام ختم ہو جائے تو اسے جلا دیں۔ جب تک پیٹ مکمل طور پر کم نہ ہو جائے یہ عمل کرتے رہیں۔

وہ نقش یہ ہے

۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲
۱۲	۱۲	۱۲	۱۲

پنڈلیوں اور ٹانگوں کے پٹھوں کا بیکار ہونا

اگر خدانخواستہ کسی کے ٹانگوں کے پٹھے کمزور ہو گئے ہوں اور بار بار پنڈلیوں کی ایک نس دوسری پر چڑھ جاتی ہے یا پٹھوں کی کمزوری کے سبب چلنے میں دشواری ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

کالے تلوں کا تیل آدھا کلو کسی لکڑی کے کولہو سے نکلوائیں۔ تیل کے لئے تل اتنی مقدار میں لیں کہ ان کا آدھا کلو تیل نکل آئے۔ اس تیل کو کسی بڑی بوتل میں رکھ لیں جس میں ڈھکن یا کارک لگا ہو۔ اس بوتل پر گیارہ ہزار بار (۱۱۰۰۰) باوضو یہ کلمات پڑھ کر دم کریں۔ اگر ایک نشست (بیٹھک) میں پڑھنا مشکل ہو تو ایک ہزار بار پڑھ کر دم کر کے بوتل کا منہ ڈھکن یا کارک سے بند کر دیں اسی طرح ایک بیٹھک میں ایک ہزار بار پڑھ کر دم کریں۔ جب تعداد گیارہ ہزار (۱۱۰۰۰) پوری ہو جائے تو اس تیل میں سے تھوڑا سا تیل روئی پر چُپڑ کر (لگا کر) وہ روئی کھائیں اور تھوڑا تھوڑا تیل دونوں گھٹنوں

اور پنڈلیوں پر مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹانگوں کے رگ پٹھے
مضبوط ہوجائیں گے اور چلنا پھرنا آسان ہوجائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

كُلُّ شَيْءٍ يَرْجِعُ إِلَىٰ أَصْلِهِ

جسم کے کسی حصے کا اکڑ جانا یا جھٹکے لگنا

اگر کسی شخص کے جسم کا کوئی حصہ اکڑ جائے یا پٹھہ اکڑ کر کام
نہ کرنے کے قابل بن جائے یا مریض کو کسی طرح کے جھٹکے لگتے ہوں تو
ایسی صورت میں مندرجہ ذیل کلمات عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر
اس سے باوضو بغیر پھول والی پلیٹوں پر لکھ لیں اور صبح بعد نمازِ فجر
ایک پلیٹ دھو کر مریض کو پلائیں اور اسی طرح بعد نمازِ عشاء ایک
پلیٹ دھو کر مریض کو پلائیں۔ یہ عمل گیارہ دن تک کریں انشاء اللہ تعالیٰ
اس عرصہ میں مریض صحتیاب ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ يَا حَيُّ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ،
يَا حَيُّ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ، يَا حَيُّ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَ يَا حَيُّ بَعْدَ
كُلِّ شَيْءٍ

تپ دق (ٹی۔بی) کا علاج

تپ دق (ٹی۔بی) جان لیوا مرض ہے۔ اس کے علاج میں بڑی
احتیاط کی ضرورت ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ

گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور لکھنے کے لئے چینی کی پلیٹ
بغیر پھول والی استعمال کریں۔ روزانہ تین وقت تین پلیٹ پانی سے
دھو کر مریض کو استعمال کرائیں۔

صبح فجر کی نماز کے بعد۔

بعد نمازِ عصر۔

بعد نمازِ عشاء

جب تک مریض پوری طرح صحتیاب نہ ہوجائے برابر پلاتے
رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹی۔بی کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ اور
مریض تندرست ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۚ الرَّحِيْمُ۔
الرَّحِيْمُ۔ الرَّحِيْمُ۔

جگر کی خرابی کا علاج

اگر کسی کا جگر کام نہ کرتا ہو اسے پیلیا ہوگیا ہو یا کھانا ہضم نہ
ہوتا ہو، یا اس کے چہرے اور پاؤں پر ورم آگیا ہو تو ایسی تمام صورتوں
میں مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر موم جامہ
کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ اور یہی آیت چینی کی بغیر پھول
والی پلیٹوں پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور
ایک پلیٹ روزانہ پانی سے دھو کر نہار منہ (صبح جبکہ کچھ کھایا نہ ہو)
مریض کو پلائیں۔ چند دن کے علاج سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو

فائدہ ہوگا اور وہ صحتیاب ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ۝

جریان کے مرض کا علاج

اگر کسی کو جریان کا مرض ہو اور اس کی وجہ سے اس کے کپڑے ناپاک ہوجاتے ہوں تو ایسی حالت میں مندرجہ ذیل کلمات باوضو پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کریں اور نہار منہ بعد نماز فجر مریض کو وہ پانی پلادیا کریں۔ چند دن کے علاج سے مریض صحتیاب ہوجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا شَافِيْ۔ يَا شَافِيْ۔ يَا شَافِيْ۔ يَا كَافِيْ۔ يَا كَافِيْ۔ يَا كَافِيْ۔ يَا وَدُوْدُ۔ يَا وَدُوْدُ۔ يَا وَدُوْدُ۔ يَا رَحِيْمُ۔ يَا رَحِيْمُ۔ يَا رَحِيْمُ۔

دوکان اور گھر میں برکت کے لئے

دوکان میں برکت نہ ہو تو کاروبار روز بروز گھٹتا جاتا ہے۔ آمدنی ہونے کے باوجود قرض پر قرض چڑھتا جاتا۔ اسی طرح اگر گھر میں برکت نہ ہو تو روز بروز فاقوں کی نوبت آجاتی ہے۔ لڑائی جھگڑا، مار کٹائی اس گھر کا معمول بن جاتا ہے۔ معمولی معمولی بات پر

جھگڑا ہوتا ہو۔ طرح طرح کی بیماریاں، قرض پر قرض چڑھ کر مکان فروخت ہونے کی نوبت آجاتی ہے۔ ایسی حالت میں سب اہل خانہ اللہ رب العزت سے اپنے گناہوں کی معافی مانگیں اور روزانہ ہر نماز کے بعد ایک سو بار استغفار پڑھیں اور ایک سو بار درود شریف پڑھیں اور یہ نقش برکت کسی نیک نمازی سے بڑے کاغذ پر لکھواکر گھر کے صدر دروازے (بڑے دروازے) اور ہر کمرے کے دروازے پر لگادیں اسی طرح دوکان کے دروازے پر لگادیں۔

وہ نقش برکت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ب س م ا ل ل ہ

ا ل و ا س ع

ج ل ج ل ا ل ہ

استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ یا یہ استغفار پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اگر کسی آدمی پر بدبختی کے سبب پریشانی آجائے

اگر کسی سخت گناہ یا بڑی عظیم برائی کے سبب یا کسی بے گناہ یا مظلوم پر ظلم کے سبب یا کسی کا دل دکھا کر اس کی بددعا کے باعث کسی آدمی پر بدبختی چھا جائے اور اسے طرح طرح کے مصائب اور مشکلات گھیر لیں تو اس بدبختی اور ہر قسم کی مصیبت سے بچنے کے لئے توبہ استغفار کرے اور اللہ تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگے اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ کلمات باوضو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کرکے اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے چہرے اور تمام بدن پر پھیر لے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ اس دوران اگر حالت درست ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ ایک چلہ اور کرے۔ اس میں بھی حالات ٹھیک نہ ہوں تو ایک چلہ اور کرے۔ (چلہ چالیس دن عمل کرنے کو کہتے ہیں)۔

توبہ استغفار کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نماز توبہ ظہر، مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر یہ کلمات سو مرتبہ پڑھے:

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّي مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّأَتُوبُ إِلَيْهِ پھر رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی اللہ تعالیٰ سے مانگے کہ وہ غفور الرحیم ہے۔ (یعنی گناہوں کا بخشنے والا اور بے حد رحم کرنے والا ہے)۔

بدبختی سے نجات کے لئے یہ کلمات بعد نماز عشاء ایک سو بار پڑھتے ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا وَدُودُ۔ يَا وَدُودُ۔ يَا وَدُودُ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ. قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ

پیشاب میں خون آنا۔

بعض مرتبہ مثانہ یا گردوں میں پتھری پیدا ہو جاتی ہے اس کی وجہ سے پیشاب میں خون آتا ہے اور بعض مرتبہ بہت گرم چیزیں کھانے سے بھی یہ شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔ اسی طرح حد سے زیادہ لال مرچ کا استعمال بھی پیشاب میں جلن پیدا کرتا ہے۔ لہٰذا اس شکایت کو دور کرنے کے لئے پتھری کا علاج گرم چیزوں اور لال مرچ کے استعمال سے پرہیز کریں۔ اور روحانی علاج اس طرح کریں کہ اول باوضو تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد یہ آیت تین بار پڑھیں اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں اور پانی پر دم کرکے یہ پانی پی لیں یہ پانی ہر دو گھنٹہ بعد ایک گلاس پینا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۭ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

تبادلہ رکوانا

اگر کسی شخص کا تبادلہ ہو گیا اور اپنی بعض مجبوریوں کے سبب اس پر عمل نہیں کر سکتا تو اس کو منسوخ کرانے کے لئے بعد نماز عشاء سورۂ لہب مکمل انیس (۱۹) بار پڑھے اور اس عمل کے اول و آخر میں درود شریف نہ پڑھے۔ اور پڑھتے وقت سر کھول لے یعنی سر سے ٹوپی، رومال، پگڑی اتار کر رکھ دے پھر پڑھے۔ جب تک تبادلہ رک نہ جائے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا تبادلہ منسوخ ہو جائے گا اور وہ بدستور اپنی جگہ پر کام کرتا رہے گا۔

سورۂ لہب یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ۝ سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُهٗ ۭ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ۝ فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝

خونی بواسیر کی تکلیف سے نجات

خونی بواسیر بہت تکلیف دہ مرض ہے اس کا علاج ہی باقاعدہ حکیم حاذق اور مستند طبیب سے کرایا جائے۔ اگر بواسیر کی تکلیف حد سے زیادہ بڑھ جائے اور ناقابل برداشت بن جائے تو مریض باوضو یہ کلمات پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرے اور اس انگلی کو پانی کے برتن میں ڈبو دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر کی تکلیف سے فوراً آرام آجائے گا اور بے چینی ختم ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۭ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

تشخیص (پہچان) جنات

اگر کسی مریض کی بابت معلوم نہ ہو کہ اس پر سحر کیا ہوا ہے یا جنات کا اثر ہے یہ معلوم کرنے کے لئے مریض کو وضو کرا کے ایک پاک کپڑے پر سامنے بٹھا لیا جائے۔ اور عامل گیارہ مرتبہ باوضو یہ کلمات پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اگر مریض پر جنات، آسیب یا پری کا اثر ہے تو وہ حاضر ہو کر بات کرنے لگیں گے۔ اس کے بعد گیارہ بار:

یَا حَفِیْظُ

پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جنات کا اثر فوراً ختم ہو جائے گا اور مریض صحیح حالت میں ہو جائے گا۔

وہ الفاظ جو پڑھ کر مریض پر دم کرتے ہیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ یَا حَفِیْظُ ۔ یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ یَا بَدِیْعُ ۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ یَا بَدِیْعُ۔

نیند میں بچہ کا ڈرنا، دودھ نہ پینا، نظر بد

اگر بچہ وقت سوتے چونک کر اٹھ جاتا ہو یا سوتے میں ڈر لگتا ہو یا بچہ دودھ نہ پیتا ہو اور اکثر بات بات پر ضد کرتا اور روتا ہو یا اسے کسی کی نظر بد لگ گئی ہو تو مندرجہ ذیل سورتیں پڑھ کر چینی پر دم کر کے مریض بچے کو کھلائیں یا پانی پر دم کر کے پلائیں یا مریض بچہ پر روزانہ دم کریں انشاءاللہ تعالیٰ بچہ صحت مند ہو جائے گا۔ وہ سورتیں یہ ہیں:

اول تین بار درود شریف
سورۂ فاتحہ تین بار
آیۃ الکرسی تین بار
سورۃ الکوثر تین بار
قل یا ایھا الکٰفرون تین بار

سورۂ اخلاص تین بار
سورۃ الفلق تین بار
سورۃ الناس تین بار

اور یہ کلمات تین بار پڑھے۔

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۔ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

سورۂ کوثر یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۚ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۚ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۚ

سورۂ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۚ

سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ

وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

سورۂ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۚ

سورۂ الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۚ

ہر بیماری سے صحت، ہر مشکل آسان

یہ نقش معظم لفظ "اللہ" کے عدد (٦٦) کا ہے۔ روزانہ بعد نماز فجر باوضو چوالیس (٤٤) بار لفظ اللہ۔ اللہ پڑھ کر اکتالیس عدد تعویذ لکھ کر رکھ لیں۔ اور جو حاجت مند ہے اس کو ایک تعویذ دے دیں۔ وہ باوضو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہن لے یا اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر عورت ہے تو اپنے گلے میں پہن لے یا بائیں (الٹے) بازو پہ باندھ لے۔

انشاءاللہ تعالیٰ بیمار ہے تو اس کو جلد صحت حاصل ہوگی اور اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو اور مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو مشکل حل ہو جائے گی وہ نقش معظم یہ ہے:

۷۸۶

۲۳	۱۸	۲۵
۲۴	۲۲	۲۰
۱۹	۲۶	۲۱

ہر قسم کے درد سے حفاظت

اگر کسی شخص کے بدن میں بادی کا زور ہو اور اس کے بدن کے کسی نہ کسی حصے میں درد ضرور رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو نمازِ فجر کے بعد سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ تمام بدن پر پھیر لے سر سے پیر تک کوئی حصہ باقی نہ بچے۔ اسی طرح بعد نمازِ عشاء یہی آیت باوضو سات بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں ہاتھ سر سے پاؤں تک تمام بدن پر پھیر لے یہ عمل اسی طرح کرتا رہے گا تو بدن کے کسی بھی حصے میں درد نہ ہوگا اور ہر قسم کے درد سے محفوظ رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ۝

ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ۝

آسانی کے ساتھ بچہ کی پیدائش

اگر عورت کے بچہ ہونے کا درد ہو لیکن بچہ پیدا ہونے میں دشواری ہو اور عورت سخت تکالیف میں مبتلا ہو تو ایسی صورت میں گڑ کی تین ڈلی (گڑ کے ٹکڑے) لے اور اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھے اور آخر میں تین بار درود شریف پڑھے۔ اور اس گڑ کی ایک ڈلی پر دم کر دے۔ اسی طرح بار بار پڑھ کر ایک ایک ڈلی پر دم کرے اور وہ تینوں ڈلیاں عورت کو کھلا دیں۔ اس گڑ کی ڈلیوں کے کھاتے ہی انشاءاللہ تعالیٰ جلد بچہ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

وہ آیت اور کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ۝ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۝ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ ۝

مرگی کا دورہ دور کرنا

اگر خدانخواستہ کسی کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو تو اس دورہ سے خلاصی کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں (مریض کے جسم پر پھونک ماریں) اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دورہ ختم ہوگا اور مریض صحیح حالت میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الٓمّٓصٓ ○ طٰسٓمّٓ ○ كٓهٰيٰعٓصٓ ○ يٰسٓ ○ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ○ حٰمٓ ○ عٓسٓقٓ ۔ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ○

تیسرے دن کے بخار کا علاج

اگر کسی کو ایک دن چھوڑ کر اگلے دن (یعنی تیسرے دن) کا بخار آتا ہو تو سورۂ الم نشرح (پ۳۰) ایک مرتبہ پڑھ کر پاک روئی پر دم کریں اور اسے بیمار کے دونوں کانوں کے سوراخوں میں لگوادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے دن کا بخار آنا بند ہوجائے گا اور مریض تندرست ہوجائے گا۔

سورۂ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ○ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ○

الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ○ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ○ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ○ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ○

تیسرے دن کے بخار کا خاتمہ

اگر کسی کو تیسرے دن بخار چڑھتا ہو اور درمیان کے ایک دن بخار نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے پاک روئی لے کر سات بار سورۂ فاتحہ باوضو پڑھ کر روئی پر دم کر کے مریض کے دائیں کان میں لگادیں اس کے بعد دوبارہ سورۂ فاتحہ پانچ بار پڑھ کر روئی پر دم کریں اور مریض کے بائیں کان میں لگادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار ختم ہوجائے گا اور مریض تندرست ہوجائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

ہر قسم کے ہتھیار سے حفاظت

جو شخص ان آیات کو صبح نماز فجر کے بعد ایک مرتبہ اور

بعد نمازِ عشاء ایک بار پڑھے گا وہ ہر قسم کے ہتھیار کی مار سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیاتِ مبارکہ یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لَقَدۡ جَآءَكُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِكُمۡ عَزِيۡزٌ عَلَيۡهِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِيۡصٌ عَلَيۡكُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِيۡنَ رَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۞ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِىَ اللّٰهُ ۖ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَهُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ ۞

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور بار بار گر جاتا ہو تو اس کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل آیات وکلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ۞ فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۞ اَللّٰهُمَّ احۡفَظۡ حَمۡلَ هٰذِهِ الۡمَرۡاَةِ جَمِيۡعِ الۡاٰفَاتِ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ۞

اٰمِيۡن۔ اٰمِيۡن۔ اٰمِيۡن

برائے بانجھ عورت

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اولاد ہونے کے لئے مندرجہ ذیل الفاظ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا اور اولاد ہوگی۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ هُوَ

اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ

حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ حَیٌّ

قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ قَیُّوۡمٌ

نظرِ بد کا نقش

اگر کسی بچے کو بار بار نظر لگتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر بچے کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظرِ بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

۷۸۶

یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کے دشمن نقصان پہنچانا چاہتے ہیں اور ان کے

نقصان سے محفوظ رہنے کے لئے بے تعداد بغیر گنتی کے کثرت سے یہ کلمات پڑھے۔ ان کلمات کے پڑھنے کے لئے وضو بھی ضروری نہیں ہے۔ بغیر وضو بھی پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہر ہر قدم پر ناکام ہوگا اور ذلیل و خوار ہو کر پیچھا چھوڑ دے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنَاہُ بِمَا شِئْتَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

نظرِ بد، جنّات کا سایہ و دیگر بیماریوں کا علاج

بچوں کی نظرِ بد سے حفاظت، جنات کے اثرات سے بچاؤ اور بہت سی بیماریوں سے (چیچک، خسرہ، انفلوئنزا، ہیضہ وغیرہ کی وباء سے) حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل الفاظ تین مرتبہ پڑھ کر کالے دانے پر یا لوبان کو کوئلے کی آگ پر تھوڑا تھوڑا ڈال کر اس کی دھونی تمام مکان میں دن میں دو بار صبح سورج نکلنے کے بعد شام کو سورج غروب ہونے سے پہلے دھونی کے الفاظ یہ ہیں:

عَلِیْقًا۔ مَلِیْقًا۔ تَلِیْقًا۔ اَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِیْ قُلُوْبِھِمْ۔

پیٹ کے مرض سے نجات

پیٹ کی تمام بیماریوں کے لئے چاہے وہ کسی قسم کی ہوں مثلاً کھانا ہضم نہ ہونا، پیٹ کا اپھار، پیٹ کا درد، پیٹ میں اینٹھن، پیٹ میں کسی بھی قسم کی گڑ بڑ، گیس کا پیدا ہونا، پیٹ کا پھولنا وغیرہ ان سب امراض کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیت چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ اگر پلیٹ نہ ہو تو کسی کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی روزانہ چار وقت مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی بیماریوں سے نجات ملے گی۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَوْ اَنْزَلْنَا ھٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰی جَبَلٍ لَّرَاَیْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰہِ ۝ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُھَا لِلنَّاسِ لَعَلَّھُمْ یَتَفَکَّرُوْنَ ۝

مریض کو پانی پلانے کے چار اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نمازِ عصر
۴۔ بعد نمازِ عشاء

عورت کی پستان (چھاتی) کا درد

اگر کسی عورت کی پستان میں درد ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت ۱۰۷ سات بار پڑھ کر عامل اپنی مخالف پستان پر دم کرے۔ یہ عمل تین بار کرے۔ مثلاً عورت کی دائیں پستان میں درد ہے تو عامل اپنے بائیں (الٹی طرف) پستان پر دم کرے مریضہ کا عامل کے سامنے ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کا شوہر یا قریبی عزیز عامل کو آکر بتائے کہ مریضہ کے فلاں پستان میں درد ہے۔ عامل آیت ذیل ۱۰۷ بار پڑھ کر اپنے مخالف پستان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کو پستان کے درد سے آرام آ جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً ط نُسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِہٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ ٥

گاڑی کا حادثات سے بچاؤ

اگر گاڑی کے پرزے ٹوٹ جاتے ہوں، یا گاڑی بار بار ٹکراتی ہو یا گاڑی بار بار الٹ جاتی ہو یا قابو میں نہ رہتی ہو یا بریک فیل ہو جاتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل الفاظ ۱۰۷ لکھ کر سامنے والے شیشہ کے اوپر ٹیپ یا گوند سے چپکا

دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے گاڑی ہر قسم کے حادثات سے محفوظ ہو جائے گی۔ وہ الفاظ یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

اَللّٰہُ حَافِظِیْ اَللّٰہُ نَاصِرِیْ

اَللّٰہُ نَاظِرِیْ اَللّٰہُ مَعِیْ

اولادِ نرینہ کے لئے

اگر کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو یا لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں تو اس کے لئے میاں بیوی نماز کی پابندی کریں اور باوضو ہر نماز کے بعد یہ آیت ایک سو بار پڑھیں۔ بلاناغہ پابندی کے ساتھ پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۚ

لڑکے، لڑکی کی شادی

گذشتہ دور میں لڑکے لڑکی کی شادی کوئی مسئلہ نہ تھا کیونکہ خاندان میں باہمی طور پر خاندان میں شادیاں ہوتی تھیں لیکن اب جبکہ لڑکیاں تعلیم میں بہت آگے جا چکی ہیں رشتہ کے لئے ڈاکٹر، انجینئر یا دولت مند افراد کی تلاش میں لڑکیاں شادی

کی عمر سے بہت آگے نکل جاتی ہیں اور ان کے چہرے کے نقوش بھی ماند پڑ جاتے ہیں۔

اس کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ بالغ ہوتے ہی لڑکی کا رشتہ کر دیا جائے۔ شادی کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے:

اوّل ایک لاکھ پچیس ہزار بار آیتِ کریمہ کا ختم کیا جائے بہت سے لوگ مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی فرد تھوڑا تھوڑا کر کے مکمل کر لے۔ دونوں طرح درست ہے۔

پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ جب بھی پڑھنے بیٹھیں باوضو ہوں، الفاظ صحیح ادا کریں، تعداد صحیح ہو اور آیتِ کریمہ شروع کرنے سے قبل ہر شخص نماز والا درود شریف گیارہ بار پڑھے اور جب پڑھنا ختم کریں اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پہلے دن جتنی مقدار میں پڑھا ہے اس کو کسی کاغذ پر لکھ لیں جب تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار ہو جائے تو پڑھنا ختم کر دیں۔ ایک لاکھ پچیس ہزار سے تعداد زیادہ نہ ہو نہ کم ہو بلکہ پوری تعداد ہو۔

درود شریف جو نماز میں پڑھا جاتا ہے یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

آیتِ کریمہ یہ ہے:

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

جب سوا لاکھ مرتبہ آیتِ کریمہ کی تعداد مکمل ہو جائے تو اس کے بعد سوا لاکھ مرتبہ (ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ)

یَا لَطِیْفُ

کا ختم کریں۔ چند افراد مل کر پڑھ لیں یا ایک ہی شخص (مرد ہو یا عورت) پڑھ لے۔ جب بھی پڑھنا شروع کرے اوّل درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد

یَا لَطِیْفُ

پڑھنا شروع کرے اور جب پڑھنا ختم کرے گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ جب سوا لاکھ کی تعداد پوری ہو جائے پھر لڑکا یا لڑکی خود یا گھر کا کوئی بھی فرد روزانہ اوّل گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو بار

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے جب تک شادی مکمل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد شادی ہو جائے گی۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

(از حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ)

اگر کسی شخص کی کوئی سخت حاجت ہو تو اسے چاہیئے کہ پوری سورۂ بقرہ (پ۱) پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت جلد پوری ہوگی۔

قرآن شریف حفظ کرنے کے لئے

(از حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ)

اگر کوئی بچہ یا بڑا آدمی قرآن شریف حفظ کرنا چاہتا ہے تو سورۂ یوسف کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن شریف جلد حفظ ہو جائے گا۔

ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کے واسطے

(از حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ)

ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہنے کے لئے ضروری ہے کہ آیۃ الکرسی پڑھ کر گھر سے باہر نکلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ گھر اور اہل خانہ ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہیں گے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا

خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

روزی میں فراخی کے واسطے

(از حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکیؒ)

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور گھر میں کھانے اور خرچ کی پریشانی رہتی ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ روزانہ ان کلمات کو ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی پیدا ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں ملے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا دَآئِمَ الْعِزِّ وَالْمُلْكِ وَالْبَقَاءِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْعَطَاءِ یَا وَدُوْدُ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ

بغیر اسباب کے خوش زندگی گزارنے کے واسطے

(از حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ بغیر اسباب کے محض توکل الٰہی پر خوشگوار زندگی گزارے تو اس کے لئے ہر روز ایک سو بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بغیر اسباب کے خوش زندگی گزرے گی اور کسی قسم کی تنگی نہ ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

دشمن پر غالب ہونے کے واسطے

(از حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہیؒ)

جب دشمن کا سامنا ہو تو مندرجہ ذیل اسماء پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غالب رہے گا اور ناکام نہ ہوگا۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا سُبُّوحُ یَا قُدُّوْسُ یَا غَفُوْرُ یَا وَدُوْدُ

درد سینہ

سینہ کے درد کے لئے یہ آیت لکھ کر گلے میں پہننا بہت مفید ہے۔

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰہُ صَدْرَہٗ لِلْاِسْلَامِ

کھانسی کے لئے

اگر کسی کو کھانسی ہوگئی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے۔

وَشَدَدْنَا مُلْکَہٗ وَاٰتَیْنٰہُ الْحِکْمَۃَ وَ فَصْلَ الْخِطَابِ ٥

کھانسی سے نجات کے لئے

سورۂ اخلاص اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلانا کھانسی کے لئے بہت مفید ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

اور ہم اتارتے ہیں قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

آسان عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۵

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔ اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر محبوب کارنر 5T-2, 11E

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر ۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

نام کتاب : آسان عملیات و تعویذات جلد پندرھویں (۱۵)

نام مرتب : اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)

نام کاتب : سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس

سائز : ۲۳ x ۱۸ / ۸

کل صفحات : ۳۲۰

قیمت : ۳۰۰/ روپے

ناشر : شاہ محمد قمر عالم خان

اشاعت اول : ماہ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ ماہ اپریل ۲۰۰۶ء

مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون نمبر : ۶۷۰۳۴۹۴ (6703494)

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔

(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰھم صل علی محمد وعلی آل محمد

کما صلیت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم

انک حمید مجید

اللّٰھم بارک علی محمد وعلی آل محمد

کما بارکت علی ابراہیم وعلی آل ابراہیم

انک حمید مجید

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق چاشت اوابین اور سنت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا ورد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سو۱۰۰ دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو۲ دو۲ مرتبہ اور عشاء کے بعد تین۳ مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین۳ تین۳ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرے کہ باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اس آیت، دعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کرکے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک وصاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کرکے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کرکے چاندی کے تعویذ میں بند کرلے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرلے یا پاک چمڑے میں سلوالے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پُر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ پکی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر پکی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کرکے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے منتج ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللہِ اَللہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کردے۔ دراصل یہ رمز واشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا وآخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل واحسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوے سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت وخواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یا دعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کیے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لیے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگانِ دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص ۵۸)

کاہنؔ، ساحرؔ، جادوگرؔ، رمّالؔ اور نجومیؔ کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے، کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

"کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکنون کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اس حکم میں رمّال داخل ہے:

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے، پس نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام ہو کہ الہامات کے ذریعہ خبر دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو، کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۹۲، ۱۹۳)

۱؎ جنوں سے دریافت کر کے غیب کی خبریں بتانے والا۔ ۲؎ جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور [illegible] ۳؎ علم رمل کا ماہر، جوتشی، نجومی۔ [illegible]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فہرستِ مضامین

آسان عملیات وتعویذات

جلد پانزدھم (پندرہویں جلد)

کاہنؔ، ساحرؔ، جادوگرؔ، رمّالؔ اور نجومیؔ کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

• کہہ دیجئے کہ نہیں جانتا غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے:

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں شامل داخل ہے"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے، اس لئے نجومی، رمّال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام ہو کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ص ۱۸۳)

لے نجومی ست دریافت کرنے غیب کی خبریں بتانے والا۔ ہے جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور [illegible] کرنے والا، جادو کرنے والا۔ تہ علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔ [illegible]

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فہرستِ مضامین

آسان عملیات وتعویذات

جلد پانزدھم (پندرھویں جلد)

الحمد للہ "آسان عملیات و تعویذات" کی جلد پانزدھم (۱۵) ختم ہوئی۔ اب جلد شانزدھم (۱۶) ملاحظہ فرمائیے۔

استاذِ محترم، استاذ العلماء والفقہاء والمحدثین والمفسرین حضرت مولانا شمس الحق خاں صاحب جلال آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت

استاذِ محترم حضرت مولانا شمس الحق خاں صاحبؒ ابن مولوی عبدالواحد خاں صاحبؒ جلال آبادی، قصبہ جلال آباد ضلع مظفر نگر (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے قصبہ ہی میں حاصل کی۔

دینی علوم کی تکمیل جامعہ اشرفیہ لاہور سے کی۔ تکمیل کے بعد دو سال حیدرآباد سندھ میں رہے اس کے بعد ۱۹۵۰ء میں دارالعلوم کراچی میں مدرس بن گئے اور تمام زندگی دارالعلوم ہی میں تدریس کا فریضہ انجام دیا۔

مورخہ ۲۸ ذی الحجہ ۱۴۲۴ھ / ۲۰ فروری ۲۰۰۴ء کو خطیب جامع مسجد دارالعلوم کراچی جمعہ کا خطبہ پڑھ رہا تھا اور خدا کے مقبول بندے دربارِ خداوندی میں اجسام کے ساتھ حاضری کے منتظر تھے کہ استاذِ محترم کی روح لبیک کہتے ہوئے سب سے پہلے اللہ رب العزت کے دربار میں حاضر ہو گئی۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝

اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے حضرات سے دلی درخواست ہے کہ وہ میرے محسن و مربی استاذِ محترم کے ایصالِ ثواب کے لئے اول تین بار درود شریف اس کے بعد چودہ بار الحمد شریف مکمل اس کے بعد تین بار قل ھو اللہ احد (پوری سورت) آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر استاذِ محترم کی روح کو ایصالِ ثواب کریں۔

فقط والسلام

اعجاز احمد خاں سنگھالوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے)، پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۂ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو ان شاء اللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ سورۂ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲۔ آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللّٰہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم لہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ یعلم ما بین ایدیھم وما خلفھم ولا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء وسع کرسیہ السمٰوٰت والارض ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم

۳۔ سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

والصّٰفّٰت صفا فالزّٰجرٰت زجرا فالتّٰلیٰت ذکرا ان الٰھکم لواحد رب السمٰوٰت والارض وما بینھما ورب المشارق انا زینا السماء الدنیا بزینۃ الکواکب وحفظا من کل شیطٰن مارد لا یسمعون الی الملا الاعلیٰ ویقذفون من کل جانب دحورا ولھم عذاب واصب الا من خطف الخطفۃ فاتبعہ شھاب ثاقب فاستفتھم اھم اشد خلقا ام من خلقنا انا خلقنٰھم من طین لازب

۴۔ سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اوحی الی انہ استمع نفر من الجن فقالوا انا سمعنا قرانا عجبا یھدی الی الرشد فاٰمنا بہ ولن نشرک بربنا احدا وانہ تعٰلیٰ جد ربنا ما اتخذ صاحبۃ ولا ولدا وانہ کان یقول سفیھنا علی اللّٰہ شططا

۵۔ سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل ھو اللّٰہ احد اللّٰہ الصمد لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد

۶۔ سورۃ فلق آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ فلق یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الفلق من شر ما خلق ومن شر غاسق اذا وقب ومن شر النفّٰثٰت فی العقد ومن شر حاسد اذا حسد

۷۔ سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الناس ملک الناس الٰہ الناس من شر الوسواس الخناس الذی یوسوس فی صدور الناس من الجنۃ والناس

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۛ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ؑ

۲۔ مرض۔ آسیب۔ سحر۔ جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کرکے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱۔ سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم

۲۔ والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ ٥ لازب ٥ تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳۔ سورۃ جن شروع سے لے کر لفظ ٥ شططا ٥ تک (سورۃ جن) ایک بار۔

۴۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار۔

۵۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

① الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)

② آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)

③ سورۃ کافرون (قل یاایہا الکٰفرون) آخر تک (سات مرتبہ)

④ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)

⑤ سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)

⑥ سورۃ الناس (قل اعوذ برب النّاس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر، حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے گا۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نمازِ عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے، دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب هٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سو جائے اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے (سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو حرج نہیں) جب سو کر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردد (شک و شبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک و شبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نمازِ عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰهَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْیٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰهَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

(۲) سورۃ الیل سات مرتبہ (۷ دفعہ)۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۙ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۙ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰٓى ۙ
اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۗ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۙ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۙ
فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۗ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۙ وَكَذَّبَ
بِالْحُسْنٰى ۙ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۗ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا
تَرَدّٰى ۗ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۖ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى ۝
فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ۚ لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ۙ الَّذِيْ
كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۗ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ
يَتَزَكّٰى ۚ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۙ اِلَّا ابْتِغَآءَ
وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۚ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۧ

(۳) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ۳۰

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

(۴) سورۃ التین سات مرتبہ (۷ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ وَهٰذَا الْبَلَدِ
الْاَمِيْنِ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۫ ثُمَّ
رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۗ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۗ
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۧ

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

"اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دُعا قبول ہونے کا حال معلوم کر لوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔"

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے اگر مطلب حاصل ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالےٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(۳)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ تین سَو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (پوری سورت پارہ ۳۰) ستّر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۙ الَّذِيْٓ
اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۙ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۗ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۙ
اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۗ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰى
رَبِّكَ فَارْغَبْ ۧ

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالےٰ سے دُعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے"۔

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالے۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

٧٩٦

١	٨١٣	١١	٨
١٢	٧	٢	٨١٢
٦	٩	٨١٥	٣
٨٨٤	٤	٥	١٠

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ؕ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ۚ لَمْ یَلِدْ ۝ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ النَّاسِ ۙ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۬ۙ الۡخَنَّاسِ ۪ۙ الَّذِیۡ یُوَسۡوِسُ فِیۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الۡجِنَّۃِ وَ النَّاسِ ٪

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

مختلف علماء کرام کے عملیات و تعویذات

ہر مشکل کے حل کے لئے

از شیخ الاسلام حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

جب بھی کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے اور کسی کام میں رکاوٹ پیدا ہوگئی ہو تو اس کے لئے اس دعا کو صبح و شام ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی اور مشکل حل ہوجائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ

اگر اس دعا کی کثرت کرلے تو کام جلدی اور آسانی سے ہوجائے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

حضرت شاہ عبد الغنی پھولپوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ جو شخص صبح کو ستر (۷۰) مرتبہ پابندی کے ساتھ یہ آیت پڑھا کرے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ یہ بہت مجرب عمل ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَطِیۡفٌۢ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَ ہُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ ٪

تکلیف سے راہِ نجات خواب میں معلوم کرنا

از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا اسے کوئی شدید تکلیف یا بیماری لپٹ گئی ہو جس سے نجات کا راستہ معلوم کرنا چاہتا ہو تو اس کے لئے تازہ وضو کرے. پاک کپڑے پہن کر پاک بستر پر قبلہ کی طرف کروٹ لے کر (چہرہ اور جسم کے سامنے کا حصہ قبلہ کی طرف ہو) سورۂ والشمس سات بار، سورۂ واللیل سات بار، سورۂ اخلاص یا سورۂ والتین سات بار پڑھ کر پھر کہے:

ثُمَّ يَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ كَذَا وَكَذَا

(یہاں پر اپنے مقصد کو دل اور ذہن میں رکھے کہ اس مقصد کی بابت راہ نجات معلوم کرنا چاہتا ہوں)

وَاجْعَلْ لِّيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا وَّاَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰى اِجَابَةِ دَعْوَتِيْ.

(ترجمہ عربی عبارت) پھر کہے اے اللہ! مجھے خواب میں دکھلا دے ایسے اور ایسے (یہاں اس بات کا دل میں خیال کرے) اور بنا دے میرے لئے (مشکل) سے نکلنے کا آسان راستہ اور مجھے دکھلا دے خواب میں ایسا امر کہ میں اپنی دعا کے قبول ہونے پر اس کو دلیل بنا لوں.

اگر پہلی رات خواب دیکھا تو بہتر ورنہ سات رات تک ایسا کرے.

انشاءاللہ تعالیٰ خواب میں اس کا حل ضرور دیکھے گا.

سورۂ والشمس یہ ہے:

سُوْرَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَا ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْيٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

سورۂ واللیل یہ ہے.

سُوْرَةُ الَّيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ۝ اِنَّ سَعْيَكُمْ لَشَتّٰى ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰى وَاتَّقٰى ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰى ۝ وَاَمَّا مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰى ۝ وَكَذَّبَ بِالْحُسْنٰى ۝ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰى ۝ وَمَا يُغْنِيْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ۝ اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ۝ وَاِنَّ لَنَا

لِلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ۝ فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۝
لَا یَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقَی ۝ الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۝ وَ
سَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ۝ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَکّٰی ۝
وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ
وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَ
لَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۂ والتین یہ ہے

سُوْرَةُ التِّیْنِ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۝ وَهٰذَا
الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ
تَقْوِیْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝
اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ
غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا یُکَذِّبُکَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۝
اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَحْکَمِ الْحٰکِمِیْنَ ۝

قرض سے نجات اور رزق کی بندش کھولنے کے لئے

جو شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور رزق کی بندش ہوگئی ہو کہ خوب محنت کرنے اور بھاگ دوڑ کرنے کے باوجود نہ آمدنی ہوتی ہے نہ قرض سے جان چھوٹتی ہے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اسم شریف

یَا مُغْنِیْ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر فراخی رزق کی دعا مانگے۔ یہ عمل کسی وقت بھی کرے۔

عصر کی نماز کے بعد باوضو تین بار سورۂ مزمل پڑھے۔

یہ دونوں عمل پابندی کے ساتھ کرے جب تک رزق میں فراخی پیدا نہ ہو اور قرض سے نجات حاصل نہ ہو یہ عمل بلا ناغہ پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حالات بہتر ہونا شروع ہو جائیں گے اور رزق وافر ملے گا اور قرض اترنا شروع ہو جائے گا۔

سورۂ مزمل یہ ہے:

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَکِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰٓاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ

اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ
تَرْتِيْلًا ۝ اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ۝ اِنَّ
نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّاَقْوَمُ قِيْلًا ۝ اِنَّ لَكَ
فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ۝ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ
اِلَيْهِ تَبْتِيْلًا ۝ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ۝ وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝ وَذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ
اُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ۝ اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا
وَّجَحِيْمًا ۝ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ۝ يَوْمَ
تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝
اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ
اَرْسَلْنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ۝ فَعَصٰى فِرْعَوْنُ
الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ اَخْذًا وَّبِيْلًا ۝ فَكَيْفَ
تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ
شِيْبَا ۝ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ۚ كَانَ وَعْدُهٗ
مَفْعُوْلًا ۝ اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ
اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ۝ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ
اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ
مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ۚ وَاللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۚ
عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا
مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ۚ عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ

وَاٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ يَبْتَغُوْنَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۖ
فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ
اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۚ
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ
عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ۚ وَاسْتَغْفِرُوا
اللّٰهَ ۚ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

جیل سے رہائی اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص کسی وجہ سے قید ہو گیا ہو یا کسی نے پکڑ کر قید کر دیا ہو
تو اس کے لئے سجدہ کی آیت باوضو پڑھتا جائے اور سجدہ کرتا
جائے اور ختم آیات و سجدات پر رہائی کے لئے دعا کرے۔
اسی طرح ہر مقصد میں کامیابی کے لئے بھی تمام آیات سجدہ کا
پڑھنا اور ہر آیت پر سجدۂ تلاوت کرنا اور ختم آیات و سجدات
پر دعا کرنے سے تمام مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی یہ عمل
بہت مجرب ہے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ قید سے
رہائی حاصل ہوگی اور اگر مقاصد میں کامیابی کے لئے یہ عمل
کرتا ہے تب بھی انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

قرآنی سجدے یہ ہیں۔

پہلا سجدہ

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ

وَيُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ۝ (پ ۹ رکوع ۱۴)

دوسرا سجدہ

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۝ السجدة
(پ ۱۳ رکوع ۸)

تیسرا سجدہ

وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝ السجدة (پ ۱۴ رکوع ۱۲)

چوتھا سجدہ

وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ۝ السجدة (پ ۱۵ رکوع ۱۲)

پانچواں سجدہ

اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُ الرَّحْمٰنِ خَرُّوْا سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۝ السجدة (پ ۱۶ رکوع ۷)

چھٹا سجدہ

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَآبُّ وَكَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ

اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ ۝ السجدة
(پ ۱۷ رکوع ۹)

ساتواں سجدہ

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ ۤ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۝ السجدة (پ ۱۹ رکوع ۳)

آٹھواں سجدہ

اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ السجدة
(پ ۱۹ رکوع ۱۷)

نواں سجدہ

اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّسَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ۝ السجدة
(پ ۲۱ رکوع ۱۵)

دسواں سجدہ

قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ۭ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۝ السجدة (پ ۲۳ رکوع ۱۱)

گیارھواں سجدہ

وَمِنْ اٰیٰتِهِ الَّیْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ط لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِیْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ o فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِیْنَ عِنْدَ رَبِّكَ یُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ لَا یَسْئَمُوْنَ o السجدۃ

(پ ۲۴ رکوع ۱۹)

بارھواں سجدہ

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۩ السجدۃ

(پ ۲۷ رکوع ۷)

تیرھواں سجدہ

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ لَا یَسْجُدُوْنَ o السجدۃ

(پ ۳۰ رکوع ۹)

چودھواں سجدہ

كَلَّا ط لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ o السجدۃ

(پ ۳۰ رکوع ۲۱)

دشمن کے دفع کرنے کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی کا دشمن جان و مال کو نقصان پہنچاتا ہو یا طرح طرح کے حیلے بہانوں سے ستاتا ہو یا............

دشمنی کا کوئی موقع نہ چھوڑتا ہو تو ایسے ظالم دشمن کے دفعیہ کے لئے دشمن کے دفع ہونے کا تصور کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

اور سوتے وقت سورۂ لِاِیْلٰفِ مکمل سات بار پڑھے۔ جب تک دشمن دفع نہ ہو برابر یہ عمل کرتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن اس علاقے سے دفع ہو جائے گا۔

سورۂ لایلف یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَیْشٍ مَكِّیَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ o اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ o فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ o الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ o وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ o

علمی مسئلہ حل ہونے کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ سبق پڑھانے کے دوران اس کا سینہ علوم و معارف سے بھر جائے اور عقدہ علمی کے حل کے لئے اسے زیادہ محنت نہ کرنی پڑے۔ اس کے لئے سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ کسی بھی نماز کے بعد روزانہ اکتالیس بار پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ علم کے

دروازے کھل جائیں گے اور کتاب کا ہر مشکل مقام حل ہوجائے گا۔ سورۃ الم نشرح یہ ہے

سُوْرَۃُ الْاِنْشِرَاحِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَہْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ؕ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۠

تنبیہ: یہ عمل پڑھنے والا پڑھائی کے دوران برابر پڑھتا رہے گا تو کبھی امتحان میں فیل نہ ہوگا بلکہ اچھے نمبروں سے کامیاب ہوگا۔

دفع مرض کے لئے

از حضرت مولانا شمس الحق افغانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو یا اسے کئی قسم کے مرض چمٹ گئے ہوں تو ان کے دفع ہونے کے لئے مکمل صحت بحال ہونے کے لئے یہ دعا روزانہ اکتالیس[۴۱] بار بہ نیت دفع امراض کسی بھی نماز کے بعد پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے

اگر کسی شخص کو کسی موذی مرض نے سخت تکلیف میں مبتلا کیا ہو اور مرض کی شدت سے بے چین اور پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ امام بوصیری رحمۃ اللہ علیہ کا قصیدہ بردہ اکتالیس[۴۱] بار روزانہ پڑھے اور مرض کے ختم ہونے تک برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم کے موذی مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے نجات کے لئے

اگر کسی جگہ یا کسی ادارے میں یا کسی دفتر، کسی کمپنی میں انتشار پیدا ہوجائے ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ڈر ہے تو اس کے لئے روزانہ اکیس[۲۱] بار یہ دعا پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا شر دور ہوجاتے گا اور اس مقام پر امن و امان قائم ہوجائے گا۔ وہ دعا یہ ہے

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَہَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ

دشمن پر فتح پانے کے لئے

نماز ظہر کے بعد سورۂ فتح اکتالیس ۴۱ بار باوضو پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر ضرور فتح حاصل ہوگی اور دشمن
مغلوب ہوگا۔ سورۂ فتح پارہ ۲۶ (حٰمٓ) میں ہے۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو اور ہر وقت
ان سے نقصان کا خطرہ ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ
کرکے مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو
بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں لٹکالے انشاء اللہ تعالیٰ
دشمن کے ہر وار سے محفوظ رہے گا اور دشمن اس کا کچھ نہ بگاڑ
سکے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۴ے۲۰۶	۴ے۲۱۰	۴ے۲۱۳	۴ے۱۹۹
۴ے۲۱۲	۴ے۲۰۰	۴ے۲۰۵	۴ے۲۱۱
۴ے۲۰۱	۴ے۲۱۵	۴ے۲۰۸	۴ے۲۰۴
۴ے۲۰۹	۴ے۲۰۳	۴ے۲۰۲	۴ے۲۱۴

بد دینی اور دل کی سختی

جو شخص اپنے دل میں سختی اور بد دینی پائے تو اسے چاہئے کہ

زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو چینی کی پلیٹ
پر سورۂ یٰسین شریف لکھے اور پانی میں گھول کر پی لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل کی سختی دور ہوگی اور بد دینی سے
نجات حاصل ہوگی اور عقائد اسلام اور احکام اسلام کے
مطابق زندگی گذارنے میں آسانی ہوگی۔
تنبیہ: اگر سورۂ یٰسین شریف ایک پلیٹ میں مکمل
نہ لکھی جاسکے تو باقی حصہ دوسری یا تیسری پلیٹ میں لکھ لے۔

آسیب زدہ کی دیوانگی دور کرنا

اگر کسی بچہ یا عورت پر آسیب کا اثر ہو جس کے سبب اس سے
دیوانہ پن کی حرکتیں سرزد ہوتی ہوں تو اس کے لئے سورۂ یٰسین
شریف باوضو بلند آواز سے تلاوت کرے اور صبح اور شام پڑھ کر
آسیب زدہ پر دم کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مریض چند
دن کے عمل سے اچھا ہو جائے گا۔

ہر مقصد میں کامیابی اور ہر حاجت کا پورا ہونا

سورۂ یٰسین شریف بہت بابرکت سورۃ ہے ہر مقصد میں
کامیابی اور ہر حاجت کے پورا ہونے میں اس کا یہ عمل بہت مجرب
اور بزرگوں کا تجربہ کردہ ہے۔ عمل یہ ہے کہ صبح سویرے جلدی
اٹھ کر فجر کا وقت شروع ہونے کے بعد نماز فجر کی دو سنت ادا
کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے گیارہ بار درود شریف پڑھے

اس کے بعد سورۂ یٰسین پڑھنا شروع کرے جب پہلے (لفظ مُبِیْن) پر پہنچے تو لوٹ کر دوبارہ شروع سے یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے۔ سورۂ یٰسین شریف میں سات جگہ لفظ مُبِیْن آیا ہے لہٰذا ہر مُبِیْن پر پہنچنے کے بعد لوٹ کر شروع سے پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر خضوع و خشوع کے ساتھ اپنی حاجت بارگاہ الٰہی میں پیش کر کے دعا کرے۔ چالیس دن (ایک چلّہ) یہ عمل کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چلّہ پورا ہونے سے پہلے اپنے مقصد اور مطلب میں کامیاب ہو گا اور حاجت پوری ہو گی۔ لیکن پھر بھی چالیس دن پورے کرے۔

ہردلعزیزی، باعزت ہونا، مال میں برکت، دشمن کا سر جھکنا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ اپنے ماحول میں سب لوگوں میں باعزت ہو اور اس کے مال و کاروبار میں برکت اور ترقی ہو اور اگر اس کا کوئی دشمن ہے تو اس کا سر اس کے آگے جھکا رہے تو وہ باوضو

یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ ۙ

لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اسی طرح عورت ہے تو الٹے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر شخص اس کی عزت کرے گا اور اس کے مال اور اس کے کاروبار میں خوب برکت ہو گی

اور دشمن ذلیل و خوار ہو گا۔

حافظہ زیادہ ہونے کے لئے

جو شخص عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو پانچ بار یٰسٓ کا لفظ اس طرح لکھ کر اسے پانی سے گھول کر نہار منہ (صبح کے وقت جب کچھ کھایا پیا نہ ہو) پی لے تو اس کا حافظہ قوی ہو گا جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ کند ذہن اور غبی بچوں کو پلانے سے بڑا فائدہ ہو گا اور ان میں سبق پڑھنے کا شوق اور سبق کو یاد رکھنے کی صلاحیت پیدا ہو گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ پڑھنے لکھنے میں تیز ہو جائے گا۔ لکھنے کی ترکیب یہ ہے۔

یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ

روزی میں برکت کے لئے

جو شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو اور اس کا گذارہ مشکل ہوتا ہو تو رمضان شریف کا چاند دیکھ کر سورۂ فتح (پ ۲۶) کو تین مرتبہ پڑھ کر روزی میں فراخی اور برکت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں خوب برکت ہو گی اور تھوڑی آمدنی میں زیادہ کام ہوں گے۔

بڑی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو یا کسی طرح کام نہ بنتا ہو اور کامیابی دور دور تک نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۂ رحمٰن (پ ۲۷) پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ اس وقت تک کرتا رہے جب تک مکمل کامیابی حاصل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن ہی میں مقصد حاصل ہو گا۔

کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص ایسا ہو جو جس کام کو کرے یا کرنے کا ارادہ کرے تو اسے بار بار ناکامی ہوتی ہو اور جس کام میں ہاتھ ڈالے نقصان اٹھائے ایسی صورت میں عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو سورۂ رحمٰن کا یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لے یا اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر اور عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٣٠٣٠٣	٣٠٢٠٦	٣٠٣٠٩	٣٠٢٩٦
٣٠٣٠٨	٣٠٣٩٧	٣٠٣٠٢	٣٠٣٠٧
٣٠٢٩٨	٣٠٣١١	٣٠٣٠٤	٣٠٣٠١
٣٠٣٠٥	٣٠٣٠٠	٣٠٢٩٩	٣٠٣١٠

میدان جنگ میں حفاظت اور کامیابی کے لئے

جو شخص میدان جنگ میں دشمن کے خلاف برسرپیکار ہو اور بظاہر دشمن ساز و سامان سے طاقت ور دکھائی دیتا ہو تو دشمن کے تمام ہتھیاروں کو ناکام بنانے اور دشمن کی شکست کے لئے سورۂ فتح کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی جھلی (ہرن کی کھال) پر اِنَّا فَتَحْنَا سے حَكِيْمًا تک آیتیں لکھ کر موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی میں رکھ لے یا سر میں کسی کپڑے سے باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے ہتھیار نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہو گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ٥ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ

حاجت روائی کے لئے

اگر کسی کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا اس کے کسی کام میں

میدان جنگ میں حفاظت اور کامیابی کے لئے

جو شخص میدان جنگ میں دشمن کے خلاف برسرپیکار ہو اور بظاہر دشمن ساز و سامان سے طاقت ور دکھائی دیتا ہو تو دشمن کے تمام ہتھیاروں کو ناکام بنانے اور دشمن کی شکست کے لئے سورۂ فتح کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی جھلی (ہرن کی کھال) پر اِنَّا فَتَحْنَا سے حَكِيْمًا تک آیتیں لکھ کر موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی میں رکھ لے یا سر میں کسی کپڑے سے باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے ہتھیار نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا ۙ لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِيْزًا ۝ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ فِيْ قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِيْنَ لِيَزْدَادُوْٓا اِيْمَانًا مَّعَ اِيْمَانِهِمْ ۭ وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۙ

حاجت روائی کے لئے

اگر کسی کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا اس کے کسی کام میں

بڑی رکاوٹ پیدا ہو گئی ہو یا کسی طرح کام نہ بنتا ہو اور کامیابی دور دور تک نظر نہ آتی ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ بار سورۂ رحمٰن (پ ۲۷) پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ اس وقت تک کرتا رہے جب تک مکمل کامیابی حاصل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن ہی میں مقصد حاصل ہوگا۔

کامیابی کے لئے

نیا چاند دیکھنے کے بعد کسی دن بھی ایک ہزار بار سورۂ اخلاص، بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے سورۂ اخلاص کے شروع میں گیارہ بار درود شریف پڑھے جب ہر ایک سو مرتبہ پڑھے تو گیارہ بار درود شریف آخر میں پڑھے۔ پھر دوبارہ سورۂ اخلاص بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھنا شروع کرے جب ایک سو مرتبہ پڑھ چکے تو پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس طرح ایک ہزار کی تعداد پوری کرے اور اس کے بعد مٹھائی، شکر، گڑ، یا بادام پر دم کر کے جس کو کھلائے گا وہ اس سے محبت کرنے لگے گا۔ یہ عمل حب کے لئے بہت مجرب ہے۔

اس کے بعد ہر روز پابندی کے ساتھ سورۂ اخلاص بسم اللہ شریف کے ساتھ بعد نماز فجر ایک سو اکتالیس (۱۴۱) بار جس کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھا جائے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام مخلوق عزت کی نگاہ سے دیکھے گی اور سب لوگ عزت کریں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ اخلاص۔ بسم اللہ شریف کے ساتھ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ ۝ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

ہر مطلب و مشکل میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کا کوئی مطلب اٹک گیا ہو یا کوئی شخص کسی مشکل میں گرفتار ہو گیا ہو یا کسی مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہو یا کسی الجھن کا شکار ہو گیا ہو تو اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل اسماء کو بسم اللہ شریف کے ساتھ باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور ایک پتھر کے ساتھ ڈورے (دھاگے) سے باندھ کر روزانہ زوال (گیارہ ساڑھے گیارہ بجے) سے پہلے دریا، سمندر، نہر، کنواں، چشمہ، جھیل یا تالاب میں ڈال دے۔ یہ عمل سات دن مسلسل بلا ناغہ کرے۔ جب وہ تعویذ دریا یا نہر وغیرہ میں ڈالے اپنا مطلب دل میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلب حل ہو گا اور کامیابی حاصل ہو گی۔ وہ اسماء مع بسم اللہ شریف یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَا حَنَّانُ

یَا مَنَّانُ یَا سُلْطَانُ یَا غُفْرَانُ یَا بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

مرد کی مردمی کو کھولنا

بعض مرتبہ حسد کے سبب یا دشمنی کے سبب مرد کی مردمی کی بندش کر دی جاتی ہے اور وہ بیوی سے ہم بستری کرنے کے قابل نہیں رہتا۔ جب بھی عورت کے نزدیک جاتا ہے اسکی مردمی کا جذبہ ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے چار مرغی کے انڈے لے اور ابال کر چھلکا دور کر دے اور ہر انڈے میں آیات ذیل عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور نہار منہ (جب صبح کو کچھ کھایا پیا نہ ہو) مریض کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی مردمی کھل جائے گی۔

پہلے انڈے پر یہ آیت لکھے۔
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ہ
دوسرے انڈے پر یہ آیت لکھے۔
قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ
سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ہ
تیسرے انڈے پر یہ آیت لکھے۔
اِنَّمَا صَنَعُوْا کَیْدُ سٰحِرٍ وَلَا یُفْلِحُ السّٰحِرُ
حَیْثُ اَتٰی ۔

چوتھے انڈے پر یہ آیت لکھے۔
بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُہٗ
فَاِذَا ھُوَ زَاھِقٌ وَلَکُمُ الْوَیْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ہ
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہ

غیب سے روزی کا انتظام

چاند دیکھ کر ہفتہ یا جمعہ کے دن سے شروع کرے اور مسلسل سات روزے رکھے اور بعد نماز عشاء روزانہ سات دن تک یہ نماز پڑھے۔ ترک حیوانات کرے۔ اس دوران گوشت، گھی، اڑد (ماش کی دال) چمڑے کے جوتے، چمڑے کا ڈول، وغیرہ استعمال نہ کرے۔

اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دوہزار پانچ سو (۲۵۰۰) بار
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ
پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

اس کے بعد چار رکعت نماز نفل اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد آیت الکرسی پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد والشمس وضحٰھا پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد ارایت الذی یکذب بالدین اور چوتھی رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد

شریف) کے بعد قل ھو اللہ احد۔ پڑھے۔ مگر سورۂ فاتحہ پڑھتے وقت اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ہ کی آیت ایک سو بار ہر رکعت میں پڑھے۔

اور نماز پڑھتے وقت یہ تین نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ دو نقش مصلے پر اس طرح لگائے کہ دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں کے نیچے رہیں اور ایک نقش مصلے پر اس طرح لگائیں کہ پیشانی کے نیچے رہے۔ یہ عمل سات دن کرے ناغہ نہ کرے۔ عمل ختم ہونے کے بعد ہر روز دو سو مرتبہ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ" برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ روزی کا انتظام غیب سے ہوگا اور روزی فراخ اور بے گمان ملے گی۔ وہ نقش یہ ہیں۔

۵	۱۸۷۱	۱۸۶۶	۱۸۷۳	۷
۶	۱۸۷۲	۱۸۷۰ یا مفتح فتح بالخیر	۱۸۶۸	۴
۳	۱۸۶۷	۱۸۷۴ فلاں ابن فلاں را از فتوحات غیبے حاصل شود	۱۸۶۹	۲

۵	۱۸۷۱	۱۸۶۶	۱۸۷۳	۷
۶	۱۸۷۲	۱۸۷۰ یا مفتح فتح بالخیر	۱۸۶۸	۴
۳	۱۸۶۷	۱۸۷۴ فلاں ابن فلاں را از فتوحات غیبے حاصل شود	۱۸۶۹	۲

۵	۱۸۷۱	۱۸۶۶	۱۸۷۳	۷
۶	۱۸۷۲	۸۱۷۰ یا مفتح فتح بالخیر	۱۸۶۸	۴
۳	۱۸۶۷	۱۸۷۴ فلاں ابن فلاں را از فتوحات غیبے حاصل شود	۱۸۶۹	۲

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

آیت الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۬ۚ لَا تَاْخُذُہٗ
سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗۤ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ؕ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ
بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

سورۃ الشمس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الشَّمْسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰھَا ۙ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰھَا ۙ وَالنَّھَارِ
اِذَا جَلّٰھَا ۙ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰھَا ۙ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰھَا ۙ

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰھَا ۙ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰھَا ۙ
فَاَلْھَمَھَا فُجُوْرَھَا وَتَقْوٰھَا ۙ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ
زَکّٰھَا ۙ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰھَا ؕ کَذَّبَتْ ثَمُوْدُ
بِطَغْوٰھَآ ۙ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰھَا ۙ فَقَالَ لَھُمْ
رَسُوْلُ اللّٰہِ نَاقَۃَ اللّٰہِ وَسُقْیٰھَا ؕ فَکَذَّبُوْہُ
فَعَقَرُوْھَا ۙ فَدَمْدَمَ عَلَیْھِمْ رَبُّھُمْ بِذَنْۢبِھِمْ
فَسَوّٰھَا ۙ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰھَا ۧ

سورۃ الماعون یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ؕ فَذٰلِکَ الَّذِیْ
یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۙ وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ ؕ
فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۙ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ صَلَاتِھِمْ
سَاھُوْنَ ۙ الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ ۙ وَیَمْنَعُوْنَ
الْمَاعُوْنَ ۧ

سورۃ الاخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ
وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا
اَحَدٌ ۧ

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

غیب سے روزی ملنا

غیب سے روزی ملنے کے لئے باوضو روزانہ یہ نقش ایک ہزار چھ سو (١٦٠٠) مرتبہ لکھ کر آٹے میں لپیٹ کر دریا، نہر، سمندر، جھیل، تالاب (وغیرہ جو بھی موجود ہو اس میں ڈالے) البتہ سب سے پہلے نقش پر اور آخری نقش کی پشت (پیٹھ۔ مخالف سمت) پر یہ عبارت بھی لکھے ایک سو روپیہ یا دو سو روپیہ (جتنا خرچ ہو اتنی رقم لکھے) اس کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پچیس ہزار (٢٥٠٠٠) بار یہ اسم مبارک

یَا حَیُّ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل چالیس روز مسلسل کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی کا انتظام غیب ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

نقش معظم یہ ہے۔

٧٨٦

٧	٢	٩
٨	٦	٤
٣	١٠	٥

برائے رزق میں برکت اور فراخی

جب نیا چاند دیکھے تو اس کی پہلی جمعرات کو روزہ رکھے اور رات کو سحری سے قبل یہ آیت ایک ہزار ایک (١٠٠١) مرتبہ پڑھے۔ اس آیت کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم معظم بہتر (٧٢) مرتبہ اور اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جب یہ عمل مکمل ہو جائے اور رات باقی ہو تو تسبیح حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا پڑھے۔ پھر سو رہے۔ زمین پر سونا ہے چارپائی یا مسہری یا اونچی جگہ نہیں سونا۔ یہ عمل سات دن ہے۔ سات روزے رکھے۔ سات دن پڑھے۔ سات دن تک صرف چاول کھانے ہیں اس کے علاوہ کوئی چیز نہیں کھانی۔ پانی پینا ہے دودھ لسی وغیرہ نہیں پینا۔ تسبیحات فاطمہ یہ ہے۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ — چونتیس ٣٤ بار
سُبْحَانَ اللّٰہِ — تینتیس ٣٣ بار
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ — تینتیس ٣٣ بار

اسم معظم جو بہتر (۷۲) مرتبہ پڑھا جائے گا یہ ہے۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

وہ آیت جو ایک ہزار ایک مرتبہ پڑھنی ہے یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○

تنبیہ :۔ اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس عمل کی برکت سے جو آمدنی ہوگی اسے صرف صحیح، جائز اور نیک مقصد میں خرچ کرنا ہے۔ اگر غلط مصرف۔ ناجائز کام کے لئے (رشوت دینے یا سود ادا کرنے میں) استعمال کرے گا تو یہ آمدنی بند ہو جائے گی۔

دوسرے یہ کہ جتنی آمدنی روزانہ ہو اسے اسی دن خرچ کرنا ہے۔ اسے بچا کر رکھنے سے یہ آمدنی کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔

تیسرے یہ کہ اس آمدنی میں سے کچھ حصہ روزانہ خیرات کیا کرے۔ یا کسی نیک کام تعمیر مسجد یا تعمیر مدرسہ میں خرچ کر دے۔ بچا کر نہ رکھے۔

مسان کی بیماری سے حفاظت

مسان کی بیماری بہت خطرناک ہے۔ یہ چھوٹے بچوں کو ہو جاتی ہے۔ اس بیماری والی عورت سے پرہیز کرنا ازحد ضروری ہے۔ اگر پرہیز نہیں کیا جائے گا تو یہ بیماری اس کو

لگ جائے گی اور کوئی بچہ زندہ نہیں رہے گا اور عورت بانجھ ہو جائے گی۔

مسان کے دوران یا دورانِ علاجِ مسان ان چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔ مولی۔ گاجر، بینگن، دال مسور، چاول، دال ماش، دودھ، دہی، کچی مٹھائی، گڑ کی کھانڈ، پکوان تیل، ہر قسم کا گوشت صرف بکرے کا گوشت استعمال کیا جاتا ہے، غیر کے گھر کی کھیر، دودھ، نہ کھائے، زچگی میں نہ جائے، موتا میں (جس گھر میں میت رکھی ہو) نہ جائے۔ گھی، چینی، بکرے بکری کا گوشت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ چراغ میں روئی کی بتی جو پہلے روز جلائی ہے اس کو دوسرے دن نہ جلائے بلکہ اس بتی کو کنویں، دریا، نہر، سمندر، جھیل، جوہڑ، تالاب وغیرہ میں صبح گیارہ بجے سے پہلے پہلے ڈال دے چراغ کی جس بتی سے اول رات (رات کے شروع میں) چراغ روشن کیا تھا۔ آدھی رات ہو جانے پر اس بتی کو نکال کر دوسری بتی ڈال کر چراغ روشن کرے۔ اور پہلی بتی کو چراغ سے نکال کر الگ رکھ دے اور صبح کو کنویں، سمندر، دریا وغیرہ میں ڈال دے۔ پہلی بتی کسی حالت میں بھی چراغ میں نہ رہے۔ صبح کو چراغ کو خوب رگڑ کر صاف کرے اور دھوئے۔ چراغ کی جلی ہوئی بتی کو چولہے میں نہ جلائے کیونکہ اس بتی کے جلانے سے جو چیز بھی پکے گی اور کوئی دوسری عورت اگر اس کھانے کو کھا لے گی تو اسے مسان کا مرض پیدا ہو جائے گا۔

مسان والے بچہ کو اپنی پستان (چھاتیوں) سے دودھ

نہ پلائے ورنہ دوسرے بچے مسان میں مبتلا ہو جائیں گے، جو
بچے بعد میں پیدا ہوں گے ماں کا دودھ پینے سے مسان کی بیماری
میں مبتلا ہو جائیں گے۔ اسی طرح مسان والی عورت سے غیر
مسان والی عورت گلے نہ ملے ورنہ اسے بھی مسان کی بیماری
لگ جائے گی۔ اور اس بچہ کو گود میں نہ لے جو مسان کی
بیماری میں مبتلا ہے ورنہ گود ہی میں لینے سے مسان کی
بیماری لگ جائے گی۔

جس گھر میں مسان والی عورت رہتی ہو اس گھر میں
غسل نہ کرے ورنہ مسان کی بیماری لگ جائے گی۔ اسی طرح
مسان والی عورت جس جگہ غسل کرے اس جگہ بغیر مسان والی
عورت غسل نہ کرے ورنہ مسان کی بیماری لگ جائے گی۔

مسان والی عورت کو اپنی چارپائی پر نہ بٹھائے اور نہ
اس کا جھوٹا (بچا ہوا) پانی پئے ورنہ مسان کی بیماری
لگ جائے گی۔ مسان والی عورت کے برتنوں میں کھانا، پانی
استعمال نہ کرے ورنہ مسان کی بیماری چمٹ جائے گی۔

کسی دوسری عورت کو مسان والی عورت اپنے چراغ کی
بتی سے چراغ روشن کرنے نہ دے ورنہ اسے مسان کی
بیماری لگ جائے گی۔

مسان کی کئی قسمیں ہیں ان میں سے چند کا ذکر کیا جاتا ہے۔

(۱) مسان خام — مسان خام والی عورت کو حمل ٹھہرتا ہے۔
لیکن کبھی دو ماہ بعد، کبھی تین ماہ بعد،

کبھی چار ماہ بعد، کبھی پانچ ماہ بعد، کبھی چھ ماہ بعد، اور
کبھی سات ماہ بعد گر جاتا ہے۔ یا بچہ پیدا ہوتا ہے اور پیدا
ہوتے ہی مر جاتا ہے یا چند دن یا چند ماہ بعد مر جاتا ہے۔ اس سے
ظاہر ہوتا ہے کہ عورت کو مسان کا مرض ہے لہذا اس کا علاج
کیا جائے گا تو بچہ سلامت رہے گا ورنہ حمل ضائع ہوتے
رہیں گے یا بچے مرتے رہیں گے۔

(۲) مسان پختہ — پختہ مسان یہ ہے کہ بچہ پیدا ہو اور
پیدائش کے بعد پھوڑے پھنسی میں
مبتلا ہو جائے اور چند دن بعد مسان کے آثار اس پر ظاہر
ہوں اور کوئی دوا اس کو فائدہ نہ دے اور اسی بیماری میں
وہ مر جائے۔ جب تک اس کے مسان کا علاج نہ ہو وہ نہ
اچھا اور تندرست ہوگا اور نہ موت سے بچے گا۔ اور نہ حکیم
ڈاکٹر کے علاج سے صحت مند ہوگا۔

(۳) مسان ٹکیا — اس مسان کو کہتے ہیں کہ جب سے بچہ پیدا
ہوا ہے مرجھایا ہوا رہتا ہے۔ خوش و خرم
نہیں رہتا سست اور کملایا ہوا رہتا ہے اس میں ہوشیاری
پیدا نہیں ہوتی۔ اور وہ نہ موٹا ہوتا ہے اور نہ ماں کا دودھ
اس کے لئے فائدہ مند ہوتا ہے اور دودھ بھی مشکل سے پیتا ہے۔
اور آہ آہ اس کے منہ سے نکلتا ہے کیونکہ مسان کے سبب
اس کے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔ آخر کار چند دن بعد مر جاتا ہے۔
ایسے بچے کا علاج روحانی عامل سے کرانا چاہیئے۔ حکیم و

ڈاکٹر کا علاج بچہ کو کچھ فائدہ نہ پہنچائے گا۔

(۴) مسان کلکیا وہ مسان ہے کہ بچہ جب سے ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے اچانک چیخ مارتا ہے اور ہر ہر مرتبہ یہ حرکت کرتا ہے۔ بچہ کا خون روز بروز خشک ہوتا جاتا ہے اور بچہ کا رنگ بدلتا جاتا ہے اور کوئی دوا اس پر اثر نہیں کرتی۔ جب تک مسان کا علاج نہ ہوگا بچہ کو کسی دوا علاج سے فائدہ نہ ہوگا۔ اگر بچہ کی زندگی ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے زندہ رہے گا۔

(۵) مسان مر گیا مسان مر گیا وہ مسان ہے جس میں بچہ کی پیدائش کے بعد آنکھوں میں تبدیلی نظر آتی ہے۔ ماں کی گود میں بچہ جھٹکے کھاتا ہے اور بے ہوش ہو جاتا ہے۔ اور بچے کا رنگ سفید ہو جاتا ہے۔ بچہ دونوں ہاتھوں کو حرکت دیتا رہتا ہے۔ آخر کار اسی بیماری میں مر جاتا ہے۔ ماں کا دودھ بچہ کو فائدہ نہیں دیتا اور نہ کسی حکیم ڈاکٹر کا علاج بچہ کو صحت مند بناتا ہے اور نہ کوئی دوا اس کے لئے مفید ہوتی ہے۔ اس کے مسان کا علاج روحانی معالج سے کرانا ضروری ہے۔

(۶) مسان پھل کیا وہ مسان ہے جس میں بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کے جسم پر آبلے (جیسا کہ ہاتھ جل جانے کے بعد کھال پھول جاتی ہے اور اس میں پانی بھر جاتا ہے) پیدا ہو جائیں اور آبلے کا رنگ سفید ہو۔

اس بیماری میں بچہ کو سخت تکلیف ہوتی ہے اور کوئی دوا، حکیم ڈاکٹر کا علاج اس کے لئے مفید نہیں ہوتا اور اسی بیماری میں آبلے بتاشے کی طرح بڑے بڑے ہو جاتے ہیں اور بچہ مر جاتا ہے۔

(۷) مسان سوکھا اس بیماری میں بچہ پیدا ہونے کے بعد سوکھتا جاتا ہے اور اس کی شکل بندر کی طرح ہو جاتی ہے۔ اس کے تمام بدن کا گوشت گھل جاتا ہے اور صرف جسم ہڈیوں کا ڈھانچہ بن کر رہ جاتا ہے۔ بچہ کو دستوں کی بیماری ہوتی ہے اور ہر وقت روتا رہتا ہے۔ پاخانہ سبزی مائل زرد ہوتا ہے اور بچے کو بخار بھی رہتا ہے۔ اس کا علاج حکیم و ڈاکٹر سے نہیں ہوتا اور نہ کوئی دوا اسے فائدہ دیتی ہے۔ ایسا بچہ تین سال تک زندہ رہتا ہے اور اس کے بعد مر جاتا ہے۔ اس کا علاج روحانی طور پر کرانے ہی سے بچہ زندہ رہ سکتا ہے۔

(۸) مسان نیلا و پیلا بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو انتہائی کمزور ہوتا ہے۔ بچہ چاہے گورا ہو یا اس کا رنگ نیل گوں (نیلے رنگ کی طرح) ہوتا ہے۔ ایسا بچہ ہر وقت روتا رہتا ہے۔ اس کا علاج حکیم ڈاکٹر یا وید کے بس کا نہیں ہے۔ اور نہ کسی بھی قسم کی دوا سے فائدہ ہوگا۔ اس کے مسان کا روحانی علاج ہوگا تب بچہ صحت مند بنے گا۔

(۹) مسان سرخ بادہ یہ مسان کی وہ قسم ہے جس میں بچہ پیدا ہونے کے بعد بچہ کو دورہ پڑتا ہے۔ بچہ کو خارش (کھجلی) کا مرض پیدا ہوتا ہے اور

جسم پر سرخ دانے ظاہر ہوتے ہیں ان میں چپکاہٹ ہوتی
ہے۔ ماں بچہ کو گود میں لیتی ہے تو اس کے بدن پر بھی پھوڑے
ہو جاتے ہیں۔ اسی مرض میں بچہ مر جاتا ہے۔ اس سلسلے
میں حکیم، ڈاکٹر، دوا، وید، سب بیکار ہو جاتے ہیں
کسی سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

(۱۰) مسان چیچک جب بچہ پیدا ہوتا ہے اس کے
بدن پر بڑے بڑے دانے نکلتے
ہیں اور بدن کا کوئی حصہ ان دانوں سے خالی نہیں ہوتا
اور یہ دانے مکئی کے دانوں کی طرح باہم جڑے ہوئے ہوتے
ہیں۔ اس کے بعد ان کی رنگت کالی ہو جاتی ہے۔ ان دانوں
میں کھجلی بہت ہوتی ہے اور بچہ ان دانوں کو چھیل لیتا ہے
لیکن کھجلی ختم نہیں ہوتی۔ اور سانس میں تیزی پیدا
ہو جاتی ہے۔ اسی مرض میں بچہ مر جاتا ہے۔ اس کی والدہ
کے تمام کپڑوں میں سخت بدبو پیدا ہو جاتی ہے۔

خام مسان کا علاج اس نقش اور علاج سے ماں کے دودھ
میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ دودھ زیادہ
ہوتا ہے۔ بچہ کی پیدائش کے فوراً بعد یہ آیات باوضو عرق
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے پاک کاغذ پر لکھے اور
پاک پانی یا آب زم زم میں گھول کر تین ۳ دن یا نو ۹ دن بچہ کو
برابر پلاتے اور اس کی ماں کو بھی پلاتے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
دودھ زیادہ ہوگا اور بچہ خوب سیر ہو کر پئے گا۔ وہ

آیات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

یہ نقش باوضو دو عدد لکھ کر موم جامہ کر کے ماں اور
اس کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ نقش یہ ہے

یاحی بحق اللہ ۷۸۶ رب العلمین

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

یہی علاج مسان پختہ۔ مسان نکیا۔ مسان سوکھا کا ہے۔

مسان کا علاج

مسان بہل گیا۔ مسان مر گیا۔ مسان کلکیا۔ مسان
نیلا و پیلا۔ مسان سرخ بادہ و چیچک کا علاج یہ ہے کہ ایک

ہنڈیا مٹی کی ڈھکن کے ساتھ خرید کر لائے۔ تین پاؤ ثابت
ماش جس میں کیڑا لگا ہوا نہ ہو بلکہ ماش (اڑد) کو صاف
کر کے استعمال کرے۔ وزن کم یا زیادہ نہ ہو۔ پورا ساڑھے
سات سو گرام ہو (یا تین پاؤ ہو) ہفتہ کے دن تعویذ، ماش
ہنڈیا میں ڈال کر بچہ و ماں کے بستر (چارپائی، مسہری
یا سونے کی جگہ) کے سرہانے رات کو ڈھکن کو بند کر کے آٹا
لگا کر رکھ دے (یعنی جمعہ کا دن گذرنے کے بعد جو رات
آتی ہے ہفتہ کی رات ہے اسی رات میں ہنڈیا سرہانے
رکھ دے) اور صبح کو اس ہنڈیا کو لے کر بچہ کے چاروں
طرف سات مرتبہ چکر دے اور گیارہ بجے سے پہلے پہلے وہ ہنڈیا
جنگل میں جا کر دفن کر دے۔ وہ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ
اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ اَلْحَفِيْظُ۔ اَلرَّقِيْبُ
اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ اَلرَّقِيْبُ
اَللّٰهُمَّ بِالْوَاحِدِ الصَّادِقِ مِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ
بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ لَاحَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى
عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ بِحُرْمَةِ حاجی
محمد شاکر قدس سرہ مسان طفل دفع شود۔

گنڈہ برائے مسان

نیلے دھاگے کے اکتالیس[۴۱] تار (اکتالیس[۴۱] دھاگے) لے کر
عورت کے قد کے برابر (قد ناپنے کے لئے عورت سیدھی
کھڑی ہو جائے اور پیشانی کے بال جہاں سے شروع ہوتے
ہیں وہاں سے پاؤں کے انگوٹھے تک ناپ لے۔ یہ قد کا
ناپ ہوگا) لے کر سورۃ فاتحہ (الحمد شریف بسم اللہ کے ساتھ)
پڑھنا شروع کرے ہر مرتبہ سورۃ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ
دھاگے میں ایک گرہ لگا کر پھونک مار دے۔ ہر الحمد شریف
پڑھنے کے بعد ایک گرہ لگائے اور گرہ پر دم کرے گنڈہ
پر اکتالیس[۴۱] گرہ لگیں گی۔ یہ گنڈہ حمل کے زمانہ میں ماں کے
پیٹ پر باندھ دے اور جب بچہ پیدا ہو جائے تو یہ گنڈہ
ماں کے پیٹ سے کھول کر بچے کو نہلا کر اس کے گلے میں
ڈال دے۔ جب بچہ آٹھ سال کا ہو جائے تو گنڈے کو
دریا، سمندر، نہر، جھیل، کنویں، تالاب میں ڈال دے۔ اگر
یہ گنڈہ حمل کے دوران نہ باندھا جا سکا تو بچہ پیدا ہونے
کے بعد اس کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ
محفوظ رہے گا اور بڑی عمر کا ہوگا۔

بچوں کے لئے سوکھا یا مسان کا عمل

بچوں کو سوکھا کا مرض پیدا ہو جاتا ہے بچہ دن بدن

سوکھتا جاتا ہے اور صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ رہ جاتا ہے اور پھر
مرجاتا ہے۔ یہ مسان کے مرض کے سبب ہوتا ہے۔ اس کے لئے
یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ تندرست ہوجائے گا اور لمبی
عمر پائے گا۔

ایک کلو تل سفید لے کر ان کو پانی سے دھو کر صاف
کرلیں مٹی وغیرہ بالکل نہ رہے۔ پھر اس کا تیل لکڑی کے
کوہو میں نکلوائیں۔ اس کے بعد یہ آیات شریفہ پڑھ کر
اس تیل پر دم کریں۔

اس کے بعد بچہ کا سر منڈوا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا
تیل سر سے پاؤں تک تمام جسم پر ملا کریں۔ کوئی جگہ تیل
سے خالی نہ رہے۔ تیل ملنے کے بعد چاہیں تو بچہ کو صابن
سے نہلادیں اور نہ نہلائیں اور تیل بدن پر لگا رہے تو
کچھ حرج نہیں۔ یہ عمل پابندی کے ساتھ چالیس دن تک
کریں ناغہ نہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا۔

دم کرنے والی آیات یہ ہیں:
سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ کے تین مرتبہ پڑھے۔
سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ

اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

اس کے بعد آیۃ الکرسی تین مرتبہ پڑھے۔
آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

اس کے بعد تین مرتبہ والصّٰفّٰت سے من طین لازب تک۔
وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ
ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا
السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ الْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ
كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ
عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ

شِهَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ○

سورہ جن شروع سے لے کر شططا تک تین مرتبہ۔

سورۂ جن شروع سے لے کر شططا تک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ○ يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا ○ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ○

چاروں قل تین تین بار۔ چاروں قل یہ ہیں۔

پہلا قل۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

دوسرا قل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ ○ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

تیسرا قل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

چوتھا قل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ○ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○

عبادت میں سستی وکاہلی دور کرنا

جو شخص عبادت میں سست ہو اور کاہلی کے سبب عبادت میں پیچھے رہتا ہو تو اس کے لئے سوتے وقت دایاں ہاتھ اپنے سینے پر رکھے اور سات بار پڑھے

اَلْمُحْصِيْ

اور کسی سے بات نہ کرے اور سو رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا دل عبادت میں خوب لگے گا اور نماز میں سستی اور کاہلی دور ہو گی اور عبادتِ الٰہی کا پابند ہو جائے گا۔

حمل کی حفاظت

حمل کی حفاظت کے لئے عورت کا شوہر اپنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے بغیر روشنائی کے صبح بعد نماز فجر انیس ۱۹ مرتبہ یہ اسم پاک لکھے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ اگر اسی طرح حمل نو ۹ ماہ سے زائد کا ہو جائے اور بچہ نہ ہوتا ہو تو عورت کے پیٹ پر انیس ۱۹ مرتبہ یہ اسم باوضو لکھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ اسم پاک یہ ہے۔

یَا مُبْدِئُ

غائب شخص کا واپس آنا یا اس کا پتہ ملنا

اگر کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کی کوئی خبر نہ ملے تو اس اسم کو رات کو ستر (۷۰) ستر (۷۰) مرتبہ گھر کے ہر ہر کونے میں پڑھے اور کہے کہ فلاں بیٹا فلاں کا جلد گھر آ جائے۔ یہ عمل ستر (۷۰) دن کرے ناغہ نہ کرے۔

وہ اسم شریف یہ ہے۔

اَلْمُعِيْدُ

انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص ستر دن کے اندر اندر آ جائے گا یا اس کی خبر مل جائے گی۔

دعا کی قبولیت کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی دعا قبول ہو اور اس کی حاجت پوری ہو تو اس کے لئے نماز چاشت (دن کے ۹ بجے وقت ہوتا ہے) کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہو گی وہ اسم مبارک یہ ہے۔

اَلتَّوَّابُ

حاجت پوری ہونے کا عمل

جب کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آئے اور اس کا پورا ہونا مشکل معلوم ہوتا ہو اور اس سلسلے میں طبیعت پریشان رہتی ہو تو چاہیئے کہ پچھلی رات کے وقت جب سب سو رہے ہوں اٹھ کر پاک و صاف جگہ (یا کمرے) میں پاک کپڑوں اور جسم کے ساتھ ایک سو بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چار رکعت نماز حاجت (نماز نفل) پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا اپنی حاجت کی مانگے اور بہت ہی عاجزی اور تضرع وزاری کرے۔ رو کر گڑگڑا کر اللہ تعالیٰ سے قبولیت دعا کی التجا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور پوری ہو گی۔ ترکیب اس نماز کی یہ ہے۔ پہلے حاجت کی نماز کی نیت کر کے تکبیر تحریمہ کہے، اس کے

بعد ثناء، تعوذ و تسمیہ کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھے اس کے بعد
پہلی رکعت میں ایک سو مرتبہ یہ آیت پڑھے۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَ
كَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِيْنَ ٥

اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد یہ آیت ایک سو
بار پڑھے۔

رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ٥

اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو بار پڑھے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ
بِالْعِبَادِ ٥

اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک سو بار پڑھے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى
وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ٥

اور سلام پھیرنے کے بعد ایک سو بار پڑھے

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

اس کے بعد دونوں ہاتھ پھیلا کر اللہ تعالیٰ سے اس طرح
مناجات کرے اور اپنی حاجت طلب کرے۔

اَللّٰهُمَّ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَدَافِعَ الْهَمِّ
وَالْغَمِّ اِنِّیْ تَوَسَّلْتُ اِلَيْكَ بِهٰذِهِ الصَّلٰوةِ
فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ يَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ اِنَّكَ اَنْتَ

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا حَنَّانُ
يَا مَنَّانُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَغْفِرَ
ذُنُوْبِیْ وَاَجِبْ دَعْوَتِیْ وَاقْضِ حَاجَتِیْ
وَانْصُرْ عَلٰى اَعْدَائِیْ وَيَسِّرْ لِیْٓ اَمْرِیْ
وَارْزُقْنِی الصِّحَّةَ وَالْعَافِيَةَ وَاٰتِنِیْ حَسَنَاتِ
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَ
الْاٰخِرَةِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا
وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اس کے بعد ایک سو بار درود شریف پڑھے انشاء اللہ
تعالیٰ اس عمل کی برکت سے اس کی حاجت ضرور پوری ہوگی۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے اور وہ اپنے مقصد
میں کامیاب ہونا مشکل سمجھتا ہو تو ایک ہزار بار درود
تنجینا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت ضرور
پوری ہوگی۔

اسی طرح کوئی جہاز یا کشتی بھنور یا طوفان میں
پھنس جاتے یا ہوائی جہاز یا ریل گاڑی کو حادثے کا
خطرہ ہو تو اس کے لئے درود تنجینا پڑھنا شروع کردے
یا سیلاب یا زلزلے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے درود تنجینا
پڑھنا شروع کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا خطرہ

اور ہر قسم کا طوفان رُک جائے گا۔

ایک بزرگ صالح موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ جو ضریر (نابینا) تھے۔ انہوں نے اپنا گذرا ہوا قصہ بیان فرمایا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا میں اس جہاز میں موجود تھا اس وقت مجھ کو غنودگی سی معلوم ہوئی اور اس حالت میں جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو یہ درود شریف تعلیم فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ ایک ہزار بار اس کو جہاز والے پڑھیں۔ ابھی تین سو (۳۰۰) بار تک نہیں پڑھا تھا کہ جہاز نے ڈوبنے سے نجات پائی۔

درود تنجینا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

مسان کے اثرات کو ختم کرنے کا فلیتہ

یہ فلیتہ چراغ میں جلایا جائے گا۔ مٹی کا کورا چراغ لے جس کو پانی نہ لگا ہو۔ چراغ کو کپڑے سے صاف کر کے اس میں اصلی سرسوں کا تیل ڈالے اور فلیتہ کو روئی میں لپیٹ کر بتی بنائے۔ روئی نئی دھنی ہوئی لے۔ پرانی یا گندی روئی نہ لے۔ اس بتی کو چراغ میں ڈال کر چراغ کو اونچی جگہ رکھے اور عورت بچے کو گود میں لے کر چراغ کی طرف منہ کر کے بیٹھے چاہے چار پائی پر بیٹھے چاہے فرش پر ہر طرح صحیح ہے۔ بعد نماز عشاء چراغ روشن کرے۔ جب تک چراغ روشن رہے ایک آدمی باوضو اس کمرے میں موجود رہے اور چراغ کی بتی آگے سرکاتا رہے جب تمام فلیتہ جل جائے تب چراغ کی باقی بتی نکال کر الگ رکھ لے۔ اور صبح کو جس طرح ممکن ہو گیارہ بجے سے پہلے پہلے اس بجی ہوئی بتی کو دریا، نہر، سمندر، کنویں، تالاب جھیل یا حوض میں ڈال دے۔ دوسرے دن چراغ نہ جلائے تیسرے دن چراغ کو خوب صاف کر کے اس میں نیا سرسوں کا تیل ڈال کر فلیتہ پر نئی روئی لپیٹ کر چراغ جلائے۔ اسی طرح سات فلیتے جلیں گے اور ایک دن چھوڑ کر اگلے دن فلیتہ جلایا جائے گا۔ (مثلاً پہلے دن فلیتہ جلایا دوسرے دن ناغہ کیا نہ جلایا، تیسرے دن فلیتہ جلایا چوتھے دن ناغہ کیا نہ جلایا اور پانچویں دن جلایا) اگر فلیتہ جلنے میں دیر ہو جائے تو آدھی

رات کے بعد دوسرا فلیتہ لے کر پرانی بتی نکال کر اس کو الگ رکھے اور چراغ کا تیل بھی نکال کر رکھ لے اور چراغ خوب صاف کر کے دوسرا فلیتہ نئی روئی میں لپیٹ کر دوبارہ جلائے یہاں تک جلاتے کہ فلیتہ جل کر ختم ہو جائے تیل اور بتی صبح کو کسی پانی کے ذخیرے میں ڈال دے۔

فلیتہ یہ ہے۔

۷۸۶

	۷	۱۱	۸	۱	۱۴
	۶	۹	۲	۱۳	۱۲
۵	۱۰	۱۵	۴	۱۶	۳

سوختم دیوان و پریاں وجان وجانان وخبیثان وخبیثان وجر بلان وکفتاران دحرد جادو وٹونہ وبد ۔ ہر آنچہ وآنچہ در قالب و در اندام فلانہ بنت فلانہ (یہاں پر عورت کا نام اسکی ماں کے نام کے ساتھ لکھے) مستور است الہی اگر نہ گریزند دریں فلیتہ در آتش بسوز و خاکستر گردان بحق تَبَارَكْتَا مَيْتًا تَلِيْنًا أَنْتَ تَعْلَمُ مَا فِي قُلُوبِهِمْ دردسر و درد چشم ہر درد و ہر مرض کہ در بدن ھذا باشد و کسے کہ بر فلانہ بنت فلانہ مسلط کردہ باشد جملہ دفع شود

برائے چیچک

چیچک کے آثار شروع ہوں یا چیچک ظاہر ہو جائے تو

یہ تعویذ عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور دودھ پینے والے بچے کو بکری یا گائے کے دودھ میں گھول کر پلائے اور بڑے بچے کو آب زمزم یا بارش کے پانی یا سات کنویں کے پانی یا دریا کے پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ تعویذ کو ہندسوں کے اعتبار سے پُر کرے پہلے ایک کا ہندسہ لکھے پھر ۲ کا ہندسہ لکھے اسی طرح نقش بھرتا جائے۔

نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دشمن کے شر سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کا دشمن نقصان پہنچانے سے باز رہے اور کسی طرح کا نقصان نہ پہنچا سکے تو اس کے لئے ایک مقررہ وقت پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه پڑھ کر شروع کرے اور ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ۔ يَا اِسْرَارُ

یہ عمل مسلسل کرتا رہے یہاں تک کہ دشمن اپنی روش بدل لے اور دشمنی کرنا چھوڑ دے۔ اگر دشمن شرارت سے باز نہ آئے تو

برابر بڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناکام ہو کر دشمنی چھوڑ دے گا۔

چور کو تکلیف پہنچے اور دل میں درد ہو

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور چور کا پتہ نہ ملتا ہو تو ایک روٹی پر یہ طلسم لکھے اور پانی کی خشک مشک میں اس روٹی کو ڈال کر اس مشک کا منہ رسی سے باندھ کر گھر میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کے دل میں درد ہو گا اور اسے تکلیف پہنچے گی اور وہ چوری کا مال واپس کر دے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ص

ہ ہ ۳ ہ ا ۹ ا ع ا ہ ا ہ ہ ۲ ا ہ ہ ۳ ہ ا ہ ا ہ

ہ

ہ ع ا ۵ عـ و ع ہ و ع عـ و ہ ۲ ہ ہ ۲ ہ ع و

فلیتہ برائے آسیب زدہ

اگر بچے یا بڑے کو جن، بھوت، پری، آسیب تنگ کرے یا لپٹ جائے تو اس کے لئے یہ فلیتہ بہت کار آمد ہے۔ باوضو یہ فلیتہ سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو لپیٹ کر اس پر نئی روئی لپیٹ دے اور مٹی کا کورا چراغ لے کر اسے کپڑے سے صاف کرے پانی سے دھوئے نہ اسے پانی لگائے اور اس میں سرسوں کا اصلی تیل (بغیر ملاوٹ کے) ڈالے۔ ایک مٹھائی کا ڈبہ خرید کر لائے اور گلاب کے پھول اور عطر بھی لائے۔ جس جگہ فلیتہ جلانا ہو اس جگہ کو دھو کر پاک کر لے اور اگر کچی زمین ہے تو خالص مٹی سے اس کو لیپ لے اور چراغ کو کسی اونچی جگہ (میز، کرسی وغیرہ پر) رکھ دے اور مریض کو صاف پاک کپڑے پہنا کر وضو کرا کے ایک پاک مصلے (دری، چادر یا کپڑے) پر بٹھا دے اور چراغ روشن کر دے مریض چراغ کی لو کو دیکھتا رہے۔ اِدھر اُدھر نہ دیکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب وغیرہ جو کچھ اس کے جسم میں داخل ہے جل جائے گا۔ مٹھائی امام جعفر صادقؑ کے ایصال ثواب کی نیت کر کے معصوم بچوں میں تقسیم کر دے۔ فلیتہ یہ ہے۔

شداد علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ
ہامان علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ
فرعون علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ
نمرود علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ

ابلیس	ابلیس	ابلیس
ابلیس	ابلیس	ابلیس
ابلیس	ابلیس	ابلیس

اگر نہ گریزند سوختہ شوند

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

ہر مشکل کے حل کے لئے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے یہ عمل بہت پُرتاثیر ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کی رات کو تمام رات یہ آیت بسم اللہ کے ساتھ پڑھے۔ اول ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف۔ آخر میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے درمیان میں پڑھنے کی آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ ۔

صبح کو روزہ رکھے اور دودھ چاول سے روزہ کھولے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک رات کی محنت سے مطلب حاصل ہو جائے گا۔

برائے دفع مسان

مسان کے باعث بہت سے بچے پیدائش کے بعد مر جاتے ہیں، بعض عورتیں بانجھ ہو جاتی ہیں بعض بچے سوکھ سوکھ کر ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جاتے اور مر جاتے ہیں۔ بعض بچے مختلف بیماریوں اور تکالیف کا شکار ہو جاتے ہیں اس کے لئے یہ تعویذ بہت فائدہ مند اور بار بار تجربہ کیا ہوا ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر سات آل پن اس تعویذ میں لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر یا کالے چمڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ بحکم خدا انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض و بیماری اور

مسان کی جملہ اقسام سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ الٰہی بحرمۃ سورہ مُدَّثِّرُ الٰہی بحرمۃ سورہ یٰسٓ ۝ الٰہی بحرمۃ سورہ یٰٓاَیُّہَا الْمُزَّمِّلُ ۝ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا ۝ الٰہی بحرمۃ اِذَا الشَّمْسُ کُوِّرَتْ ۝ الٰہی بحرمۃ سورہ وَالشَّمْسِ وَضُحٰہَا ۝ الٰہی بحرمۃ وَالضُّحٰی ۝ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۝ الٰہی بحرمۃ سورہ اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ الٰہی بحرمۃ قُلْ یٰٓاَیُّہَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

الٰہی بحرمۃ الیتھا آنچہ از ہفت قسم مسان و مسانی آنچہ کہ در جسم و جسم فلاں بن فلانہ (یا فلانہ بنت فلانہ) باشد دفع شود بحرمۃ النبی وآلہ الامجاد و بحق رب العباد

حمل قائم رہنے کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو یا خون ظاہر ہو گیا ہو اور حمل گرنے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے ایک نوتار کا سرخ دھاگہ لے اتنا لمبا کہ کمر میں باندھا جا سکے۔ سب سے پہلے سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ بعد اس کے یہ پڑھے ایک بار۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالصَّبُوْرُ

پھر اس دھاگے میں ایک گرہ لگادے۔ اور اس گرہ پر ایک مرتبہ پھونک مارے۔ اس طرح سترہ مرتبہ یہ پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالصَّبُوْرُ

اور سترہ گرہ لگائے اور سترہ مرتبہ ہر گرہ پر پھونک مارے۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھے اور دھاگہ کمر میں باندھ لے جب بچہ پیدا ہو تو عورت اپنا دھاگہ کمر سے کھول کر بچے کے نہلانے کے بعد اس کے گلے میں ڈال دے۔ جب بچہ سات سال کا ہو جائے تو دھاگہ بچے کے گلے سے نکال کر سمندر یا دریا، یا نہر یا کنویں یا جھیل یا تالاب میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے حمل قائم رہے گا اور پیدا ہونے والا بچہ بھی لمبی عمر پائے گا۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

نظر بد کا نقش

اگر چھوٹا بچہ ہے اور اسے نظر بد لگی ہے اور وہ روتا ہے

اور آنکھیں بند کرکے روتا ہے اس کے لئے دودھ اور چاول کی کھیر پکا کر صدقہ کرے۔ کھیر اتنی ہو کہ ایک آدمی کا پیٹ بھر جائے بھوکا نہ رہے کسی نیک مرد کو کھلا دے اور یہ تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہشاش بشاش ہو جائے گا اور بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۷	۱۰	۵۲۶
۹	۵۲۷	۳	۸
۵۲۸	۱۲	۵	۲
۶	۱	۵۲۹	۱۱

ہر بیماری سے شفاء کے لئے

ہر قسم کے مرض سے صحتیابی کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھے اور مریض کو روزانہ اس وقت تک پلائے جب تک وہ صحتیاب و تندرست نہ ہو جائے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ شَاهِدٌ اَللّٰهُ حَافِظٌ اَللّٰهُ شَافِيْ اَللّٰهُ مُعِيْنٌ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

ہر مرض کا علاج

اگر کوئی شخص لاعلاج مرض میں مبتلا ہو اور اس کا مرض جاتا نہ ہو تو اس کے لئے یہ نقش تین عدد لکھے ایک نقش لپیٹ کر جلا کر مریض کی ناک میں دھونی دے اور ایک نقش لکھ کر مریض کو پانی میں گھول کر پلائے اور ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد اچھا ہو جائے گا۔ اگر ایک دن میں اچھا نہ ہو تو گھول کر پلانے اور ناک میں دھونی دینے کا عمل چند دن تک برابر کرتا رہے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۱۸	۲۲۲۱	۲۲۲۷	۲۲۱۱
۲۲۲۶	۲۲۱۲	۲۲۱۷	۲۲۲۲
۲۲۱۳	۲۲۲۹	۲۲۱۹	۲۲۱۶
۲۲۲۰	۲۲۱۵	۲۲۱۴	۲۲۲۸

ہمہ بلاہا دفع شوند و صحت حاصل شود۔

برائے محبت زن و شوہر

اگر کوئی شوہر اپنی بیوی سے محبت نہ کرتا ہو اور اس کی خبر گیری میں کوتاہی کرتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ شوہر محبت کرے گا اور بیوی کا خوب خیال رکھے گا، اسی طرح اگر بیوی شوہر سے محبت نہ کرے اور اس کا خیال نہ رکھے تو اس کے لئے بھی یہی آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ عورت فرمانبرداری کرے گی اور شوہر سے محبت بھی کرے گی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

سزایو لرزعی جوسا و بحق حٰمٓ عٓسٓقٓ

برائے محبت میاں بیوی

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کسی ایک کے گلے میں بندھوا دے انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں محبت پیدا ہوگی اور لڑائی جھگڑے کا خاتمہ ہو جائے گا۔

نقش معظم یہ ہے (یہ نقش بیس۲۰ در بیس۲۰ کا ہے)

(اگلے صفحہ پر)

۷۸٦

بحق جبرائیل

بحق دردائیل

۱

۷ ٦

۸ ۱۰ ۲

۴ ۳

۹

بحق زیتمائیل

بحق تنکائیل

الحب فلاں بن فلاں علی حب فلانہ بنت فلانہ

تنبیہ :- صرف جائز مقصد کے لئے کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

ہر بیماری سے صحت کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی بھی بیماری ہو اور وہ تندرست نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور مریض کو پانی سے دھو کر پلائے اور جو کھانا یا پانی استعمال کرے اس پر بھی تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض چند دن کے استعمال سے تندرست ہو جائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o یَا اَللّٰہُ اَنْتَ شَافِیْ اَنْتَ کَافِیْ اَنْتَ مَوْلٰینَا الْحَکِیْم۔

دشمن پر غلبہ اور رزق میں ترقی

دشمن پر غلبہ پانے کے لئے اور رزق میں ترقی کے لئے یہ وظیفہ ہمیشہ باوضو بعد نماز عشاء پڑھے۔ ایسی تسبیح لے جس میں ایک سو۱۰۰ دانے ہوں۔ اول گیارہ۱۱ بار درود شریف پڑھے پھر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o پڑھے، اس کے بعد

اَللّٰہُ الصَّمَدُ

ایک سو۱۰۰ بار پڑھے۔ اسی طرح گیارہ سو۱۱۰۰ بار پڑھنا ہے لیکن ہر تسبیح کے شروع پر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o ایک مرتبہ پڑھے۔ جب گیارہ۱۱ تسبیح کی تعداد (گیارہ سو۱۱۰۰ مرتبہ اللّٰہ الصمد) پوری ہو جائے تو گیارہ۱۱ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی مجرب عمل ہے۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو تو اس کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور پانی

میں گھول کر دونوں کو پلا دے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰	۹	۱
۶	۳ ۷ ۸ ۲	۱۴
۴	۱۱	۵

محبت یا بدوح درمیان فلاں بن فلانہ وفلانہ بنت فلانہ
محبت پیدا شود

تنبیہ: یہ نقش صرف جائز مقصد کے لئے ہے ناجائز محبت کے لئے یا ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہو گا۔

برائے بخار تین روزہ یا چار روزہ

اگر کسی کو تیسرے روز بخار آتا ہو یا چوتھے روز بخار چڑھتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر اس کی دھونی مریض کو دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے جلد ہی نجات مل جائے گی۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

فرعون لعنتی ہامان لعنتی نمرود لعنتی عاد لعنتی
شداد لعنتی ابلیس لعنتی دیواں وپریاں ملحد شیطان

بانجھ عورت کے اولاد کا ہونا

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس کے اولاد ہونے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور نقش کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے اور بوقت صحبت یہ نقش کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کے حمل ٹھہرے گا اور لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

برائے بخار روزانہ، تیسرے دن، چوتھے دن

اگر کسی کو سردی چڑھ کر بخار آتا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے لوبان کی دھونی دے کر دائیں بازو پر باندھ لے۔ جب بخار اتر جائے تو تعویذ کو لوبان کی دھونی دے کر الگ رکھ دے یا کنویں یا دریا یا نہر یا تالاب یا سمندر یا جھیل میں سے کسی ایک میں ڈال دے۔ اس کے ساتھ پتھر ضرور باندھے تاکہ ڈوب جائے اگر پانی نہ ہو تو پاک کپڑے میں لپیٹ کر ایسی پاک جگہ دفن کرے جہاں

لوگوں کے پاؤں نہ پڑتے ہوں۔

اگر بخار روزانہ آتا ہے تو تعویذ تین دن تک باندھے اور تین دن کے بعد کھول کر رکھ دے۔ اسی طرح تیسرے یا چوتھے دن بخار کے تعویذ کو آرام آنے پر کھول کر لوبان کی دھونی دے کر رکھ دے یا پانی میں ڈال دے۔ کیاری وغیرہ میں اس کو دفن نہ کرے کیونکہ کیاری میں ناپاک کھاد ڈالی جاتی ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ماروت۔ باروت۔ ماروت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ باروت۔ ماروت۔ ماروت۔ باروت

ہر بلا سے حفاظت کے لئے نقش آیۃ الکرسی

آیۃ الکرسی کا رات کو پڑھ کر سینہ پر دم کرنا یا آیۃ الکرسی پڑھ کر رات کو دروازے پر دم کرنا ہر قسم کے ڈر خوف، شیطانی و جناتی اثرات چور ڈاکو سے حفاظت اور ہر قسم کی بلا اور آفات کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر کوئی آیۃ الکرسی نہ پڑھ سکے تو اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر، آفات و بلیات اور ڈر خوف جن بھوت چڑیل کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور کوئی شخص اسے نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

یہ نقش ستر بلاؤں سے حفاظت کا ذریعہ ہے۔

نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۴۱۷ ۴	۳۴۲۲ ۹	۳۴۱۸ ۵	۳۴۲۹ ۱۶
۳۴۲۸ ۱۵	۳۴۲۰ ۷	۳۴۲۴ ۱۱	۳۴۱۵ ۲
۳۴۲۷ ۱۴	۳۴۱۹ ۶	۳۴۲۳ ۱۰	۳۴۱۶ ۳
۳۴۱۴ ۱	۳۴۲۵ ۱۲	۳۴۲۱ ۸	۳۴۲۶ ۱۳

بانجھ عورت کے بچہ ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بے اولاد ہو اور اس کے بچہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر عورت کو پانی میں گھول کر پلائے اور اسی رات شوہر سے ہم بستری کرے۔ یہ عمل حیض کے پاک ہونے کے بعد ایک ہفتہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہرے گا اور لڑکا پیدا ہوگا۔ اگرچہ عورت برسوں سے بانجھ ہو۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

یا مجید	یا غنی

یا بدوح — یا قدوس

ناسوت ملکوت جبروت

بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا گھر کا کوئی فرد بلا اطلاع غائب ہو گیا ہو تو اس نقش کو باوضو لکھ کر لپیٹ کر گھوڑے کے بال سے باندھ کر بھاری وزن یا بھاری پتھر کے نیچے اس طرح دبائے کہ وزن اس نقش پر ہو۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶ قل ھو اللہ احد

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۴	۲	۸	۶

اللہ الصمد لم یلد ولم یولد

ناف صحیح ہونے کے لئے

اگر کسی کی ناف جگہ سے اِدھر اُدھر ہو گئی ہو اور اس کی وجہ سے وہ تکلیف میں مبتلا ہو تو سات مرتبہ ہاتھ کی شہادت کی انگلی اس کی ناف کے درمیان گھمائے (پھرائے) اور ہر مرتبہ ایک بار درود شریف پڑھے اور ایک مرتبہ انا انزلنٰہ کی سورت پوری پڑھے۔ اسی طرح سات مرتبہ کرے۔ اگر کسی عورت کی ناف چلی جائے تو سات ٹکڑے روٹی کے لے اور ہر لقمہ پر ایک بار درود شریف اور ایک بار انا انزلنٰہ پوری سورت پڑھ کر دم کرے۔ اسی طرح ساتوں ٹکڑوں پر دم کرے اور عورت کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِیْ لَیْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَ مَآ اَدْرٰکَ

مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

برائے دفع آبلہ

اگر کسی بچے کے بدن پر آبلے پڑ گئے ہوں یعنی بدن پر دانے ہوں جن میں پانی بھرا ہو اس کے لئے سورۂ فیل باوضو ایک کاغذ پر لکھے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دانے صحیح ہو جائیں گے اگر سورۂ فیل کے نیچے یہ تعویذ بھی لکھدے تو زیادہ بہتر ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ھ	۹	ھ
۳	ع	۷
۹	۹	۹

سورۂ فیل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

برائے مسان

مسان کا مرض بہت خطرناک ہوتا ہے اس مرض میں اکثر بچے مر جاتے ہیں اس کے لئے باوضو یہ نقش لکھے اور اس نقش پر اکیس ۲۱ بار باوضو سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے۔ خالی خانے میں مریض اور اسکی والدہ کا نام لکھے اور موم جامہ کر کے مریض بچے کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے مرض مسان سے صحت پائے گا اور لمبی عمر کا ہوگا۔

نقش معظم یہ ہے۔

۱۴	۳۲	۲۶	فلاں بن فلانہ از بیماری مسان خلاص شود و مسانی کلی دور شود	۹
۲۷	۲۸	۶	۱۵	۲۱
۱۰	۱۶	۲۲	۲۳	۲۹
۱۸	۲۴	۳۰	۱۱	۱۷
۳۱	۱۲	۱۳	۱۹	۲۵

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں اپنی بیوی سے کم محبت کرتا ہے یا بیوی اپنے شوہر سے کم التفاتی کرتی ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ کو عرق گلاب زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر عورت باندھنا چاہتی ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں کے اندر باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔ بہت مجرب عمل ہے۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَکُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰہُ قَدِیْرٌ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۔

بِحَقِّ جِبْرَائِیْل بِحَقِّ دَرْدَائِیْل بِحَقِّ رَفْتَمَائِیْل بِحَقِّ تَنْکَفِیْل بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔

چور کا پتہ لگانا

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو اور تمام ملازم چوری سے انکار کرتے ہوں یا جن پر شک ہے وہ انکار کرتے ہیں تو مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھے اور ایک

کپڑے میں لپیٹ کر گائے کے (یا بیل کے) گلے میں باندھ دے ہر شخص کے ہاتھ لگانے سے گائے نہیں بولے گی لیکن جب چور گائے کو ہاتھ لگائے گا تو وہ آواز نکالے گی۔ بس وہی چور ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اِنَّ الَّذِیْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ سَیَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَذِلَّةٌ فِی الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا وَکَذٰلِكَ نَجْزِی الْمُفْتَرِیْنَ ۔

تنبیہ:۔ محض اندازے سے کسی کو چور سمجھنا غلط ہے۔ یہ محض ایک گمان ہے۔ پختہ ثبوت نہیں ہے۔ پختہ ثبوت آنکھوں دیکھا ہوتا ہے وہ بھی دن کے وقت کا لہٰذا اس بنیاد پر کسی کے درپے آزار ہونا لڑائی جھگڑا کرنا صحیح نہیں ہے۔ یہ ایک ترکیب ہے چور پکڑنے کی۔

جن بھوت پری کی نظرِ بد کا نقش

اگر کسی بچے کو جن بھوت پری یا کسی آسیب کی نظر لگی ہو اور بچہ ماں کا دودھ نہیں پیتا اور اس کا پیٹ نرم ہو جائے اور قے کرنا شروع کر دے اور روز بروز سوکھتا جائے تو اس کے لئے چاول اُبال کر پلیٹ میں کر کے اس پر شکر ڈال کر اوپر سے گھی گرم کر کے ڈال دے اور کسی فقیر کو خیرات کر دے اور یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے

گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تندرست ہوتا جائے گا
اور ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۵	۱۱	۹۷۲
۹۷۳	۱۰	۸	۱
۶	۳	۹۷۱	۱۲
۹	۹۷۴	۲	۷

دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی دشمن چرب زبان ہو اور باتونی ہونے کے
سبب لوگوں کو بلاوجہ ستاتا ہو یا ان کی عزت خراب کرتا
ہو تو ایسے شخص کی زبان درازی ختم کرنے اور اس کی
زبان کو شر پھیلانے سے روکنے کے لئے سورۃ والتین ایک
کاغذ پر لکھے اور اس کے نیچے اس کا اور اس کی ماں کا نام
لکھے اور یہ بھی لکھے کہ اس کی زبان بدگوئی اور نقصان
پہنچانے سے عاجز آجائے۔ اور اس کاغذ کو لپیٹ کر
پیر یا جمعرات کے دن پرانی قبر میں دفن کر دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن سے اس شخص کی زبان بدگوئی
اور زبان درازی سے بند ہو جائے گی۔ اور لوگ ایسے
شخص کی شرارتوں سے محفوظ ہو جائیں گے۔
سورۃ والتین یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۙ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۙ وَهٰذَا
الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۙ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ
تَقْوِيْمٍ ۙ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ۙ اِلَّا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ
مَمْنُوْنٍ ۗ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۗ اَلَيْسَ
اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۧ

استخارہ

اگر کسی کو خواب میں کوئی بات معلوم کرنی ہو یا کسی کام
کا انجام اس کی سمجھ میں نہ آرہا ہو تو اسے چاہیئے کہ دو رکعت
نفل بہ نیت استخارہ بعد نماز عشاء ادا کرے اس کے بعد گیارہ
بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔
يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَا رَشِيْدُ اَرْشِدْنِيْ
يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ بِحَالِهٖ يَا خَبِيْرُ ۔
اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے اور کسی سے
گفتگو (بات) نہ کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے دائیں
کروٹ سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو بات معلوم کرنا
چاہتا ہے وہ ضرور معلوم ہو جائے گی اگر ایک دن میں
معلوم نہ ہو تو دوسرے دن بھی یہ عمل کرے، معلوم ہو جائے
تو ٹھیک ہے ورنہ تیسری رات بھی یہ عمل کرے۔ جب تک

بات معلوم نہ ہو جائے برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ بحالہ کے لفظ پر اپنے مقصد کا دھیان رکھے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

استخارہ بابت کسی بات کا معلوم کرنا

اگر کوئی شخص کوئی کام کرنا چاہتا ہو یا کسی ایسی بات کو معلوم کرنا چاہتا ہو جس سے اس کی ذہنی الجھن ختم ہو جائے اور دل میں اطمینان پیدا ہو۔ اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ عشاء کی نماز کے بعد جب سونے کا ارادہ ہو تازہ وضو کرکے دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے ادا کرے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد تین سو تیرہ (۳۱۳) بار

يَا عَلِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا خَبِيْرُ يَا خَبِيْرُ

پڑھیں آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور کسی سے

بات نہ کریں اور قبلہ کی طرف منہ کرکے دائیں کروٹ سو جائیں خواب میں کام کرنے یا ہونے یا نہ کرنے اور نہ ہونے کی بابت معلوم ہو جائے گا۔ اگر خواب میں اندھیرا، آندھی، سیلاب طوفان دیکھے تو کام نہ ہوگا۔ اگر روشنی، کسی بزرگ سے ملاقات یا خود کو سفید کپڑے پہنے دیکھے تو کامیابی ہوگی۔

اگر پہلے دن کچھ معلوم نہ ہو تو یہ عمل تین دن یا پانچ دن کرے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

ہر مرض، دور کرنے کے لئے

ہر مرض سے نجات حاصل کرنے اور ہر قسم کے درد سے صحت مند ہونے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ایک سو مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے اور پانی پر دم کرکے وہ پانی پی لے۔ رات کو سوتے وقت ایک سو مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے تمام بدن پر پھیر لے تو ناگہانی آفات اور ہر قسم کی بیماری اور چوری ڈاکے سے محفوظ رہے گا۔

بھاگے ہوئے کو بلانے کے لئے

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو تو سورۂ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کا نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر نقش پر روئی لپیٹ کر بعد نماز عشاء چراغ کو اس مکان میں جلائے جس کمرے میں وہ سوتا تھا یا رہتا تھا۔ چند دن چراغ جلانے کے بعد وہ بھاگا ہوا شخص واپس گھر میں آجائے گا۔ سورۂ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ کا نقش یہ ہے۔

۷۸٦

۷۲۱۱	۷۲۱۴	۷۲۱۷	۷۲۰۴
۷۲۱٦	۷۲۰۵	۷۲۱۰	۷۲۱۵
۷۲۰٦	۷۲۱۹	۷۲۱۲	۷۲۰۹
۷۲۱۳	۷۲۰۸	۷۲۰۷	۷۲۱۸

بچوں کا بیماری سے اچھا ہونا

اگر گھر میں کوئی بچہ بیمار ہو اور اس کا مرض جاتا نہ ہو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ہ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ہ لَمْ یَلِدْ ہ وَ
لَمْ یُوْلَدْ ہ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ہ

فتوحات ودعا کی مقبولیت کے لئے

یہ درود شریف فتوحات کا دروازہ کھولنے میں سریع التاثیر ہے اور اس درود شریف کا ورد کرنے والے کی دعا قبول ہوتی ہے۔ پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ پڑھے اس کے ساتھ یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

بِعَدَدِ اَسْمَآءِ کُلِّ حُسْنًا۔

ہر درود شریف کے ساتھ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ پڑھنا ہے۔ چالیسؔ دن میں ایک لاکھ پچاس (۱۰۰۰۵۰) مرتبہ کی تعداد پوری کرنی ہے۔ چاند دیکھنے کے بعد پہلی (نوچندی) جمعرات سے پڑھنا شروع کرے اور دوران ورد کسی سے بالکل بات نہ کرے۔ بعد نماز فجر شروع کرے اور اس طرح پڑھے کہ چالیسؔ دن میں ایک لاکھ پچاس کی تعداد پوری ہو جائے درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ پڑھنے کا ایک وقت مقرر کرلے۔ چلہ پورا ہونے کے بعد روزانہ بعد نماز فجر پانچ سو مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس درود شریف کی برکت سے جملہ مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ اور جو دعا کرے گا وہ قبول ہوگی۔ مجرّب عمل ہے۔

برائے فتوحات

مندرجہ ذیل کلمات کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ اوّل بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ کے ساتھ یہ کلمات سات مرتبہ پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ
عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَنْوَاعِ الرِّزْقِ وَالْفُتُوْحَاتِ
وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ یَا بَاسِطَ الَّذِیْ
یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ اُبْسُطْ عَلَیَّ

رِزْقًا وَّاسِعًا مُّتَسِعًا بِلَا مِحْنَةٍ وَّبِغَيْرِ مِنَّةِ خَلْقٍ
بِحَقِّ يَا بَاسِطُ ۔
سات مرتبہ پڑھ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے دم کرے۔ پھر
سات مرتبہ پڑھ کر پشت (پیٹھ کی طرف) دم کرے۔ اس کے بعد
سات مرتبہ پڑھ کر سیدھے ہاتھ کی طرف دم کرے۔ اس کے بعد
سات مرتبہ پڑھ کر بائیں ہاتھ کی طرف دم کرے۔ اس کے بعد
سات مرتبہ پڑھ کر آسمان کی طرف منہ کر کے دم کرے۔ اس کے
بعد سات مرتبہ پڑھ کر زمین کی طرف منہ کر کے دم کرے اس کے
بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام
بدن پر پھیرلے۔ اس کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا
کرے اور اس وظیفہ کا ثواب تمام انبیاء علیہم السلام کو
بخشے۔ چالیس دن پڑھنے کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں
خوب برکت ہوگی اور آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔

فتوحات وغیب سے روزی کا سامان

اگر کوئی شخص پریشان ہو اور قرض پر قرض چڑھ رہا ہو
اور روزی کا کوئی انتظام نہ ہو تو یہ عمل کرے اللہ تعالیٰ غیب
سے اس کو روزی عطا فرمائے گا اور رزق میں برکت ہوگی۔ لیکن
یہ عمل ترک حیوانات کر کے کرنا ہے۔ اس سلسلے میں گھی، تیل،
گوشت، مچھلی، انڈہ، چمڑے کی جوتی، چمڑے کا ڈول، گھڑی
کا چمڑے کا پٹہ، چمڑے کا تعویذ، چمڑے کا پٹہ کمر میں باندھنے کا

(بیلٹ وغیرہ) کا استعمال بالکل نہ کرے۔ عمل کرنے سے تین[۳]
دن قبل ہی سے ترک حیوانات شروع کر دے۔ صرف مونگ کی
دال اُبلی ہوئی لاہوری نمک کے ساتھ بغیر کسی چکنائی کے
استعمال کرے اور وہ خود پکائے، آٹا گندم خود گوندھے
اور خود روٹی پکائے اور صرف دال روٹی کھائے نمک لاہوری
کے علاوہ کوئی دوسرا نمک یا مرچ استعمال نہ کرے اور کھانا
پکاتے وقت باوضو رہے، لکڑی کی کھڑاؤں استعمال کرے
یا ننگے پاؤں جائے۔ ایک کمرہ یا مکان کا کونہ مقرر کر لے۔ اسی
جگہ پکائے اور اسی جگہ بیٹھ کر کھائے۔ ان شرائط کے ساتھ
عمل شروع کرے۔ نقش ذیل پُر کرنے (بھرنے) کا طریقہ یہ ہے
کہ بعد از نماز فجر ہر روز اٹھارہ[۱۸] نقش پُر کرے نقش پُر کرنے کے
بعد دو ہزار دو سو[۲۲۰۰] مرتبہ بِحَقِّ تَتَكَفِّيلُ بِحَقِّ يَا حَيُّ پڑھے۔
باوضو یہ عمل کرے۔ ناغہ نہ کرے درمیان میں کسی سے گفتگو
نہ کرے۔ جملہ نقوش کی پشت پر ایک سو روپے پہلے روز لکھے
دوسرے روز جملہ نقوش کی پشت پر سوا سو روپے لکھے تیسرے
دن جملہ نقوش کی پشت پر ڈیڑھ سو روپے لکھے۔ اسی طرح
پچیس پچیس روپے بڑھاتا جائے اور اٹھارھویں دن کی جو رقم
بنے (۵۲۵ روپے) لکھے۔ روزانہ ان نقوش کو گیہوں کے آٹے
میں لپیٹ کر دریا، سمندر، جھیل، نہر، تالاب میں ڈال دے۔
لکھنے کا مکان، تعویذ ڈالنے کی جگہ تبدیل نہ کرے اور وقت
مقررہ پر لکھے اور وقت مقررہ پر دریا میں ڈالے (یا جس طرح

آسانی ہو سمندر یا جھیل وغیرہ) جب لکھنے بیٹھے تو لوبان کی دھونی دے۔ نقش یہ ہے۔

۷	۲	۹
۸	۶	۴
۳	۱۰	۵

عورت کا حمل قائم رہنے کے لئے

سوا پاؤ کالی مرچ لے کر باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔

سَہِّلْ یَا اِلٰہِیْ کُلَّ صَعْبٍ بِحُرْمَۃِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَہِّلْ

اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر کالی مرچوں پر دم کر کے حاملہ عورت کو دے دے وہ چند دانے کالی مرچ کے روزانہ کھا لیا کرے۔ یہ کالی مرچیں بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی کھاتی رہے تاکہ بچہ ہر بلا اور آفت سے محفوظ رہے۔ جب تک بچہ دودھ پیتا رہے اس کی والدہ یہ کالی مرچ کھاتی رہے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور بڑی عمر کا ہو گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

برائے حب

اگر کوئی عورت، لڑکا، لڑکی یا آدمی گھر سے ناراض ہو کر بھاگ گیا ہے اور اکثر گھر والوں سے باغی رہتا ہے ان کا کہنا نہیں مانتا، ان کو طرح طرح سے ستاتا ہے، ہر بات میں گھر والوں کی مخالفت کرتا ہے تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو اس سے یہ تین فلیتے لکھیں اور مٹی کا نیا چراغ لے کر اس میں سرسوں اور چنبیلی کا تیل یا عطر ڈال کر فلیتے پر روئی لپیٹ کر اس فلیتہ کو بعد نماز عشاء روشن کرے۔ یہ فلیتے تین دن مسلسل روشن کرے۔ اگر مذکورہ شخص دور بھاگ گیا ہے تو آنے میں دیر لگے گی۔ اگر چالیس دن کے اندر اندر آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ چالیس دن گذرنے کے بعد پھر تین فلیتے لکھے اور جلائے۔ اسی طرح انشاء اللہ تعالیٰ واپس آجائے گا۔

وہ فلیتہ یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۱۲۴ ۴ ۷ و مذ" ع ح ۴ ۳ ۱۱ ۱۱ و ا

مادن مسطو اما قسما جع ماسائعرل یاسحاک لکسع دوح

طع ۱۱۱ ۱۲ ۱۳ ح ۳ " لا ح ح ح ع

طا و کمسکہ فکافی وصول و برھن ومحنوبا

ع ح ح ح ۴ ۷ ۱۱ دھ د ف و ۱ ۲ ۱۱

وبکطیع ھصح ھعکحو الحب فلاں بنت فلانہ علی حب فلاں بن فلاں

روزی میں زیادتی کے لئے

رزق میں فراخی اور برکت کے لئے چاند دیکھنے کے بعد پہلے بدھ کے دن وقت زوال کے قریب غسل کرے اور دو رکعت صلوٰۃ الحاجت (نماز حاجت) پڑھے اس کے بعد کمرے میں قبلے کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو۔ کمرہ ایسا ہو جس میں کوئی دوسرا نہ ہو اور نہ کوئی اس کمرے میں آئے۔ پیٹھ دیوار کی طرف ہو اور سیدھے پاؤں کا بوجھ بائیں پاؤں پر رکھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار بار اسم

یَابَاسِطُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل مسلسل ایک ہفتہ کرے۔ مطلب یہ ہے کہ چاند دیکھنے کے بعد جو بدھ آئے اس دن سے عمل شروع کرنا ہے اور سات دن تک بلاناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا دروازہ کھل جائے گا اور تمام ضروریات پوری ہو جائیں گی۔ شادی بیاہ، تعمیر مکان یا کسی دوکان یا مکان کی خریداری کے لئے یہ عمل کرلے تاکہ کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے۔

روزی میں برکت اور فراوانی

کسی کی آمدنی کم ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور زانو کے نیچے رکھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد پانچ ہزار ایک سو اسی (۵۱۸۰) مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے۔

یَابَاسِطُ

اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے کہ اے اللہ میرے رزق میں برکت عطا فرما۔ غیب سے رزق کا انتظام فرما۔ کم محنت سے زیادہ رزق عطا فرما۔ یہ عمل چالیس دن بغیر جگہ تبدیل کئے اور دل و دماغ کو اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رکھے دوسری طرف دھیان نہ دے۔ اس عمل میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ وہ نقش جو زانو کے نیچے رکھا جائے گا یہ ہے۔

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲		۳۰

ظالم کی ہلاکت کے لئے

اگر کوئی شخص کسی ظالم کی قید میں گرفتار ہو گیا ہو۔ مثلاً کوئی مسلمان کسی ہندو، سکھ، عیسائی، یہودی یا کسی غیر مسلم کی جیل میں بند ہو گیا ہو یا کسی غیر مسلم کے ظلم کا نشانہ بن رہا ہو اس کے چھوٹنے کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے جمعہ کے دن نماز کے بعد انیس ۱۹ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر ایک چھٹانک سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور اس سرسوں کو چولہے یا تندور کے نیچے دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ ظالم اور کافر ہلاک ہو جائے گا اور اس کی قید سے رہائی حاصل ہو گی۔

تنبیہ: بلاوجہ اور بلاضرورت کافر کو بھی مارنا حرام اور گناہ ہے اگر کوئی شخص محض دشمنی کی وجہ سے حسد کی وجہ سے کسی کو ہلاک کرے گا تو سخت گنہگار ہو گا اور دنیا و آخرت اس کی دونوں برباد ہوں گی لہذا بغیر انتہائی مجبوری کے اس عمل کو نہ کرے۔ اور اگر اس کی ضرورت محسوس ہو تو کسی نیک دل عالم دین سے اس کی بابت مشورہ کر لے وہ اجازت دیں تو کرے ورنہ محض حسد یا بغض کی وجہ سے کسی کو مارنا سخت گناہ ہے۔

برائے طلب گریختہ (بھاگے ہوئے کو بلانا)

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل

نقش باوضو ایک سفید کپڑے پر لکھے اور لپیٹ کر بتی بنا کر کورے نئے مٹی کے چراغ میں سرسوں کے تیل میں عطر یا چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائے اور اس کا رُخ جس طرف بھاگنے والا گیا ہے اسی طرف رکھے۔ بعد نماز عشاء جلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی بھاگ کر واپس آجائے گا۔ یہ عمل کئی دفعہ کا آزمودہ اور مجرب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔ نقش میں لکھے جانے والے نام بارہ دیوؤں کے ہیں۔

۳ بخم ۱۲ بخم ۱۴۹۱۴۹۱

صلح	ھوہ	سح	ملحد
کلح	مدلع	اھا	مھع
طاس	سلح	سح	املح

باسم تحقیق فلاں بن فلانۃ علیٰ حب فلاں بن فلانۃ

ف: پہلے بھاگنے والے کا نام معہ نام والدہ لکھے اس کے بعد جس کے گھر آنا ہے اس کا نام معہ والدہ کے نام کے لکھے۔

بچے یا بڑے کی نظر بد دور کرنا

اگر کسی بچے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب اکثر روتا رہتا ہو

بات بات پر ضد کرتا ہو، کھانا نہ کھاتا ہو، اسی طرح کسی بڑے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب بدن بوجھل رہتا ہو کسی کام میں دل نہ لگتا ہو اور کوئی کام کرنا بھاری لگتا ہو اکثر سستی کاہلی رہتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ
مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

نظر بد میں مبتلا بچہ، بڑا، بوڑھا یا جانور

اگر کوئی بچہ، بڑا یا بوڑھا نظر بد کا شکار ہو جائے اور کھانا پینا کم ہو جائے، گھبراہٹ اور بے چینی رہتی ہو، دل پریشان رہتا ہو۔ بچہ روتا رہتا ہو تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سات مرتبہ پاک پانی پر یہ آیت پڑھے اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو وہ پانی پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا اور صحت حاصل ہوگی۔ اگر کسی جانور پر نظر بد کا اثر ہے تو اسی طرح پڑھ کر روٹی کے ٹکڑے پر دم کر کے جانور کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نظر بد ختم ہو جائے گی اور گائے، بھینس، بکری چارہ کھانے لگے گی اور دودھ بھی صحیح دینے لگے گی۔ وہ عمل

یہ ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَۃٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ یَعْلَمُہٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ؕ

بیماری سے صحت اور جنگ سے صحیح سلامت واپسی

اگر کوئی بچہ یا بڑا بیمار ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقش با وضو لکھ کر روزانہ پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ اسی طرح اگر کوئی شخص محاذ جنگ پر جا رہا ہو تو با وضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگ سے صحیح و سلامت لوٹے گا۔ وہ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

٨	٦	٤	٢
٢	٤	٦	٨
٦	٨	٢	٤
٤	٢	٨	٦

دشمن کی زبان بندی

اگر کوئی دشمن زبان دراز ہے، ہر شخص سے برائی کرتا ہے، [illegible] کی باتیں کرتا ہے اور [illegible] میں [illegible] ہے اس کے لئے باوضو یہ دو تعویذ لکھے اور موم جامہ کر کے۔ پھر دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔

٥	١٣	[illegible]	١١
١٠	٣	١٢	١
١٥	[illegible]	[illegible]	١
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

٧٨٦

٢١	١	١	[illegible]
[illegible]	١٦	٢٠	٢
١٦	٦	٣	٢٢
[illegible]	٢٢	١٠	٥

تمام امراض، سحر، جادو و آسیب سے نجات

اگر کسی آدمی پر مرض شدید کا حملہ ہے یا سحر، جادو یا آسیب کا اثر ہے جس کے سبب [illegible] رہتی ہے۔ کسی کام میں دل نہیں لگتا ہو جب کام میں [illegible] نقصان ہوتا ہو تو ایسی

حالت میں مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض، سحر، جادو، سفلی، آسیب وغیرہ سے نجات حاصل ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١٢٢٨	١٢٣١	١٢٣٤	١٢٢٠
١٢٣٣	١٢٢١	١٢٢٧	١٢٣٢
١٢٢٢	١٢٣٦	١٢٢٩	١٢٢٦
١٢٣٠	١٢٢٥	١٢٢٣	١٢٣٥

برائے عزت و حرمت اور مکرم و معظم ہونا

اگر کسی شخص کی معاشرہ میں کوئی عزت نہ ہو اور لوگ ہر طرح سے ذلیل اور کمتر سمجھتے ہوں اور اس کے ساتھ توہین آمیز سلوک کرتے ہوں تو اس کے لئے یہ نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے نوچندی جمعرات (نیا چاند دیکھنے کے بعد جو پہلی جمعرات آئے وہ نوچندی جمعرات کہلاتی ہے) کو بعد نماز فجر وضو کر کے لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ عزت کا برتاؤ کریں گے۔ ہر شخص احترام کرنے

لگے گا اور باندھنے والا شخص معزز اور معظم بن جائے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

ک	ب	ی	ر
۱۱	۱۹۹	۲۱	۱
۱۹۸	۸	۴	۲۲
۳	۲۳	۱۹۷	۹

تمام آفات اور بلاؤں سے حفاظت

یہ نقش حروف مقطعات کا ہے۔ اس نقش کی برکت سے تمام آفتیں اور بلائیں دور رہتی ہیں۔ اور مخلوق خدا نقش باندھنے والے کی خوب عزت کرتی ہے اور اس پر فتوحات غیبی اور غیب سے روزی کا دروازہ کھل جاتا ہے۔ عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سلوا کر اپنے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر بچہ روتا ہے یا ضد کرتا ہے یا رات کو ڈرتا ہے تو اس کے لئے بھی یہ تعویذ بہت مفید ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ اس کا رونا اور ڈرنا ختم ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کھیعص

حمعسق

المص

برائے حُب

اگر کسی شخص کا کوئی دشمن ہے اسے دوست بنانا چاہتا ہے تاکہ لڑائی جھگڑے سے نجات حاصل ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور اس شخص کے گذرنے اور آنے جانے کے راستے میں کسی بوتل میں بند کر کے دفن کردے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنی چھوڑ کر دوستی کرنے لگے گا اور جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

سلح	رصلی	بلسخ	رلمصل
صح	لالح	رسیص	لع
طلهل	ملح	سلح	سلح

ابلیس باشیطان الابلیس فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

تنبیہ :۔ یہ جملہ شیاطین کے نام ہیں۔ اس نقش کو اسی طرح لکھنا ہے پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ مطلوب کا نام اسکے والد یا والدہ کے نام کے ساتھ لکھنا ہے اور دوسرے فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام لکھے۔ یہ طلسم صرف جائز کام کے لئے ہے ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو فائدہ نہ ہوگا اور نقصان اٹھائے گا۔

برائے حُب و دوستی

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس سے فلاں شخص دوستی کر لے تو اس کے لئے اس نقش کو باوضو لکھے اور کالے کپڑے میں سی کر کسی درخت میں اس طرح لٹکا دے کہ نقش ہلتا رہے۔ یا گھر کے پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ شخص دوستی کرنے لگے گا۔ اسی طرح کوئی گھر سے ناراض ہو کر یا چھپ کر بھاگ گیا ہو تو اس کے لئے بھی یہ نقش بہت مجرب ہے۔

وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

ک خ ر د

جبرائیل علیہ السلام

اسرافیل علیہ السلام

میکائیل علیہ السلام

عزرائیل علیہ السلام

العبد فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

تسخیر خلائق و فتوح

یہ نقش دو پایہ تسخیر خلائق اور فتوح از غیب کے لئے بہت مؤثر اور مفید ہے۔ نیا چاند دیکھنے کے بعد سات نقش صبح کے وقت باوضو لکھے اور ان میں سے ایک نقش لپیٹ کر بھاری پتھر کے نیچے اس طرح دبائے کہ وزن نقش پر پڑے۔ ایک نقش فلیتہ بنا کر چراغ میں تیل ڈال کر فلیتے پر روئی لپیٹ کر بعد نماز عشاء جلائے اور ایک نقش جلتے ہوئے چراغ میں جلادے اور سات نقش میں سے بقیہ نقش روزانہ ایک نقش دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈال دیا کرے۔ شرط یہ ہے کہ اس میں پانی موجود ہو۔ سوکھا نہ ہو۔ نقش دو پایہ یہ ہے۔

۳۹۱۱	۳۹۱۶	۳۹۰۹
۳۹۱۰	۳۹۱۲	۳۹۱۴
۳۹۱۵	الٰہی تیری مخلوق میری اطاعت کرے اور میرے لئے غیب سے روزی کا انتظام فرما	۳۹۱۳

برائے تسخیر مخلوق اور فتوحات غیبی

یہ نقش دو پایہ تسخیر مخلوق اور غیب سے روزی کے اسباب پیدا ہونے کے لئے بہت مجرب ہے۔ چاند دیکھنے کے بعد پہلے ہفتے میں چاند کی پہلی تاریخ کو یہ نقش دو پایہ لکھے روزانہ

سات نقش دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈالے۔ ایک بھاری پتھر کے نیچے دبائے اور ایک موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے یہ عمل سات دن مسلسل کرے اور ایک نقش فلیتہ بنا کر چراغ میں تیل ڈال کر بعد نماز عشاء جلائے۔

نقش دو پایہ یہ ہے۔

۹۱۸	۷۹۲۴	۲۹۳۴
۵۹۵	۳۹۱۲	۱۹۵۴
۴۹۶۰		۶۹۴۸

برائے قیام حمل

جس عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مجرب ہیں باوضو اس کو پاک کاغذ پر لکھے اور پاک پانی میں اس کو گھول لے اور ایک گھونٹ پانی پی لے اور سات سبز درختوں کے سات پتے (درخت ایک ہی قسم کے نہ ہوں بلکہ الگ الگ ہوں) پانی میں ڈال لے اور حیض ختم ہونے کے بعد پاک ہوکر اس پانی سے غسل کرے (صابن لگانے کی ضرورت نہیں ناپاک حالت ہو تو پہلے غسل کرکے پاک ہو جائے) اور اس پانی کو گندی نالی میں نہ جانے دے اگر پکا گھر ہے تو کسی ٹب میں بیٹھ کر پورے جسم پر پانی بہالے اور ٹب کا پانی کسی ویران جگہ گڈھا کھود کر

یا مٹی نرم ہو تو مٹی ہٹا کر یہ پانی ڈال کر اوپر سے مٹی ڈال دے۔ یہ تین تعویذ ہیں پہلے ماہ پہلا تعویذ استعمال کرے دوسرے ماہ دوسرا تعویذ اور تیسرے ماہ تیسرا تعویذ استعمال کرے۔ پانی بھی پیئے اور غسل بھی کرے۔

پہلا تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ فلانہ بنت فلانہ را حمل شود۔

دوسرا تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو ہو اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ اللّٰہ حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

تیسرا تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ لہ علی علی علی علی علی علی اللھم اللھم اللھم اللھم اللھم اللھم اللھم شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا شراھیا

شراهیا شراهیا شراهیا شراهیا شراهیا شراهیا
شراهیا شراهیا شراهیا قدوس قدوس
قدوس قدوس قدوس قدوس قدوس
قدوس قدوس قدوس
۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ. فلانة بنت فلانة را
حمل شود

برائے فراخی رزق

اگر کوئی بعد نماز فجر تین سو (۳۰۰) مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت رسول کریم محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کو ایصال ثواب کرکے (ثواب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی روح مبارک کو بخشے اور یہ کہے کہ میں نے جو یہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اور درود شریف پڑھا ہے اے اللہ تعالیٰ اس کا ثواب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں پہنچا دے)۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور بے گمان روزی ملے گی۔

درود شریف یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بچہ کی پیدائش کے لئے

اگر کوئی عورت درد زہ (بچہ پیدا ہونے کے درد) میں مبتلا ہو تو اس کے لئے سورۃ اخلاص بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ باوضو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے عورت کو وہ پانی پلائے۔ اگر بچہ پیدا نہ ہو اور درد موقوف ہو جائے (یعنی درد بند ہو جائے) باخیریت سے بچہ پیدا ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے عورت کو وہ پانی پلائے اگر بچہ پیدا ہو جائے ٹھیک ہے۔ اگر درد رک جائیں اور بچہ پیدا نہ ہو تو تیرہ مرتبہ سورۃ اخلاص مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ باوضو پڑھ کر گڑ پر دم کرکے عورت کو کھلائے اگر بچہ پیدا ہو جائے ٹھیک ہے اور اگر اس عمل سے بچہ پیدا نہ ہو اور درد رک جائیں تو جاننا چاہیئے کہ بچہ ماں کے پیٹ میں مرچکا ہے لہٰذا اس کو حکیم یا ڈاکٹر کے علاج سے نکلوایا جائے۔ اگر بچہ پیدا ہو جائے تو ڈیڑھ سو گرام (آدھا پاؤ) کالا دانہ لے اور پانچ

گرام ہلدی باریک پیس کر ملائے اور سورۂ اخلاص باوضو
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ بائیس مرتبہ
پڑھ کر کالے دانے اور ہلدی پر دم کرے اور چند دن عورت
اور بچے کو کوئلے کی آگ میں ڈال کر دھونی دے۔ دھونی
دینے کا طریقہ یہ ہے کہ عورت کی چارپائی سے چادر، دری، گدا
وغیرہ الگ کردے اور پلنگ کے نیچے کوئلے جلتے ہوئے رکھ کر
اس پر کالا دانہ اور ہلدی تھوڑا تھوڑا ڈالتا رہے۔ عورت بچہ
کو گود میں لے کر بیٹھ جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی
برکت سے بچہ اور اسکی والدہ دونوں ہر قسم کی بلا سے محفوظ
ہو جائیں گے۔ یہ عمل بچہ پیدا ہونے کے فوراً بعد شروع کردے
اور صبح وشام دھونی دیا کرے۔

سورۂ اخلاص مع بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

بانجھ عورت کے اولاد ہونا

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو
تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی
جمعرات کو بعد نماز فجر باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے کالے
چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر عورت گلے میں

ڈال لے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

برائے امساک

اگر کسی کو سرعت انزال کی بیماری ہو اور پریشان رہتا ہو
تو اس کے لئے یہ طلسم باوضو لکھے اور ناف پر باندھ لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ جب تک ناف پر طلسم رہے گا انزال نہ ہوگا
جب ناف سے نیچے کرے گا انزال ہوگا۔ یہ صرف جائز حقوق
ادا کرنے کے لئے ہے۔ اگر زناکاری اور حرامکاری کے لئے
کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا اور سخت تکلیف اٹھائے گا۔
وہ طلسم یہ ہے۔

ع ۱۱ ۱۱ ۸۶۱۱ ط   ۱۱۱ ۱ ۹ ۱۱ ۸۲ ۱۱ ۸ ط

برائے حُب

حُب کے لئے بکری کے شانہ پر یہ طلسم باوضو عرق گلاب

میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور کوئلوں کی دہکتی ہوئی آگ یا تندور میں جلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوبہ شخص محبت میں گرفتار ہوکر بھاگتا ہوا آئے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ہ ۱۱ ۱۲ ۱۱ ۱۱ ۱۱ عــــہ ۱۱ ۱۲ ۱۱ ۷ ۹

الحب فلان بن فلانۃ علی حب فلان بن فلانۃ

پہلے فلاں بن فلاں کی جگہ طالب کا نام لکھے اور علیٰ حب کے بعد مطلوبہ شخص کا نام لکھے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے قابل استعمال ہے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا اور دنیا اور آخرت میں ذلت و خواری میں مبتلا ہوگا۔

عزت قائم ہونا اور دینی و دنیاوی کامیابی

یہ نقش بہت مجرب اور فوراً اثر دکھانے والا ہے۔ جو شخص یہ چاہتا ہو کہ ہر شخص اس کی عزت کرے اور اس کے دینی و دنیاوی کام آسانی کے ساتھ انجام پائیں اور اس کو کوئی دشمن نقصان نہ پہنچا سکے اور اس پر چاقو، تلوار، بندوق، پستول اور لاٹھی کا حملہ کسی طرح بھی کامیاب نہ ہو اور ہر حالت میں محفوظ اور زندہ رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش بہت پُر تاثیر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس نقش کی برکت سے انسان باعزت زندگی گذارے گا

اور ہر قسم کی شرارت اور حملے سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر سفید کاغذ پر بعد نماز فجر لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے عورت بائیں بازو پر باندھے۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۵۹۷۴۶۵۳	۵۹۷۴۶۶۶	۵۹۷۴۶۶۳	۵۹۷۴۶۶۰
۵۹۷۴۶۶۴	۵۹۷۴۶۵۹	۵۹۷۴۶۵۴	۵۹۷۴۶۶۵
۵۹۷۴۶۵۸	۵۹۷۴۶۶۱	۵۹۷۴۶۶۸	۵۹۷۴۶۵۵
۵۹۷۴۶۶۷	۵۹۷۴۶۵۶	۵۹۷۴۶۵۷	۵۹۷۴۶۶۲

راستے کی تھکن اور بیماری سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو تو سفر میں ہر قسم کی تھکن اور بیماری اور پریشانی سے حفاظت کے لئے اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے کمر میں باندھ لے۔ اور تمام راستے میں سفر کے دوران باوضو رہے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کرلے۔ انشاء اللہ تعالیٰ راستے کی تکالیف، بیماری اور تھکن سے محفوظ رہے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

اول

دد

برائے نظر بد

اگر بڑے یا بچے کو نظر بد لگی ہو اور اس کی طبیعت نڈھال ہو اور اس کا کھانا پینا کم ہو گیا ہو اور نیند نہ آتی ہو اور بے چینی اور بے کلی میں اضافہ ہو گیا ہو اور مزاج چڑ چڑا ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو بعد نماز فجر لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے پاک چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا اور بچہ تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

٤	١٤	١١	٥
١٥	١	٨	١٠
٦	١٢	١٣	٣
٩	٧	٢	١٦

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر شوہر اور بیوی میں محبت میں کمی ہو یا ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں یا ایک دوسرے سے لاتعلق رہتے ہوں تو اس طلسم کو باوضو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے یا ایک سفید کاغذ پر روزانہ لکھے اور پانی سے دھو کر دونوں میاں بیوی کو روزانہ پلا دیا کرے۔ چند دن پانی پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ اور ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے۔

وہ طلسم یہ ہے۔

ط اا ر ۸ ط اا ا و ال ہ لہ و اا و د   ط و ر ا سر اا ۸۸ اا ۸۱ ۹۹ ع ۹

برائے آسیب

اگر کسی بچے۔ بڑے۔ لڑکی، عورت پر آسیب کا اثر ہو اور وہ گم سم رہتا ہو اور اسے گھر میں نہ رہنے دیتا ہو۔

ہر وقت باہر گھماتا پھراتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو
لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں
سلوا کر گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب کا
اثر دور ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۹۵۴	۱۶۹۶۷	۱۶۹۶۳	۱۶۹۶۱
۱۶۹۶۵	۱۶۹۶۰	۱۶۹۵۵	۱۶۹۶۶
۱۶۹۵۹	۱۶۹۶۲	۱۶۹۶۹	۱۶۹۵۶
۱۶۹۶۸	۱۶۹۵۷	۱۶۹۵۱	۱۶۹۶۳

بچے کا مسان کی بیماری سے صحتیاب ہونا

اگر کسی بچے کو مسان کی بیماری ہو اور وہ دن بدن
گھلتا جا رہا ہو اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہو اور اس کے
جسم کا گوشت غائب ہو چکا ہو تو اس کے لئے ڈھائی کلو
تل سفید لے کر لکڑی کے کولہو سے اس کا تیل نکلوائے اس کو
پلاسٹک کی بوتل میں کر لے تاکہ بوتل ٹوٹنے سے تیل ضائع
نہ ہو اس پر اول و آخر سات سات بار درود قہاری
بلا بسم اللہ شریف کے پڑھے اور ستر بار بغیر بسم اللہ کے
سورۂ والضحیٰ پڑھ کر اس بوتل پر دم کرے۔ اس دم کئے
ہوئے تیل کو مسان والے بچے کے جسم پر زوال سے پہلے
پہلے ہلکی ہلکی مالش کرے۔ مالش و ترتیب سے جسم کا

کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ یہ عمل اکیس ۲۱ روز کرے اور ماش
(اڑد) کا آٹا لے کر بچے کے بدن سے آٹا مل کر جو میل اترے
اس کی ٹکیہ بنا کر چوراہے پر روزانہ ڈال دیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سے مسان کی بیماری دور ہو جائے گی۔
درود قہاری یہ ہے۔ (درود قہاری بغیر بسم اللہ شریف
کے پڑھے)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَاهِرِيْنَ
عَلٰى اَعْدَآءِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔

سورۂ والضحیٰ یہ ہے۔

وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ
رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۭ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ
الْاُوْلٰى ۭ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۭ
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۠ وَوَجَدَكَ ضَاۗلًّا
فَهَدٰى ۠ وَوَجَدَكَ عَاۗىِٕلًا فَاَغْنٰى ۭ
فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۭ وَاَمَّا السَّاۗىِٕلَ فَلَا تَنْهَرْ ۭ
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۧ

ہر مشکل کو آسان کرنے کا عمل

اول وضو کرے اور دو رکعت نماز تحیۃ الوضو پڑھے
اس کے بعد باوضو پڑھنا شروع کرے اول گیارہ بار درود
شریف پڑھے اس کے بعد ایک جلسہ (بیٹھک) میں (پڑھے

کے درمیان نہ اُٹھے بلکہ ختم کر کے اُٹھے اور نہ پڑھنے کے دوران کسی سے بات کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے پڑھے) ایک ہزار ایک بار چہل کاف پڑھے آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ جب کوئی مشکل پیش آئے باوضو اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ چہل کاف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

چہل کاف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُ كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكٍ تَكُرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبَدٍ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكٍ كَفَاكَ مَا بِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

احتلام سے حفاظت

اگر کسی کو احتلام کی کثرت ہو اور اس کے سبب اکثر فجر کی نماز قضا ہو جاتی ہو تو اس کے لئے چہل کاف کو اتوار کی رات (ہفتہ کا دن گذر کر جو رات آتی ہے اتوار کی رات ہوگی) گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے حفاظت ہوگی۔

پیٹ کے درد سے آرام

اگر کسی کے پیٹ میں درد رہتا ہو تو چہل کاف کو سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے مریض کو دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نمک کے کھاتے ہی پیٹ کا درد دور ہوگا۔

قوت مردمی کا کھولنا

اگر کسی کی قوت مردمی باندھ دی گئی ہو اور ناکارہ ہو گیا ہو تو اس کے لئے باوضو چہل کاف لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی بحال ہو جائے گی۔

عورت کے دودھ میں زیادتی

اگر کسی عورت کا دودھ کم ہو گیا ہو یا دونوں چھاتیاں خشک ہو گئی ہوں کہ بچے کا پیٹ نہیں بھرتا بچہ بھوک سے روتا رہتا ہے اور روز بروز کمزور ہوتا جا رہا ہے۔ اس کے لئے یہ تعویذ باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں کرکے عورت گلے میں یا بائیں بازو پہ باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب دودھ پیدا ہو گا جو بچے کی توراک کے لئے کافی ہو گا۔

وہ طلسم تعویذ یہ ہے۔

صد صد صد صد صد صد صد صد

ما ۱۱ لہ اللہ ۱۱ ۳۱ ۱۱۱ ۱۱ ۶ ۱ ۲ ۸۸

جانور کے دودھ پیدا ہونا

اگر کسی اونٹنی، گائے، بھینس، بھیڑ، بکری کے تھنوں میں دودھ کم ہو گیا ہو اور مادہ جانور بچے کو مار کر بھگاتی ہو۔ اور بچے بھوکے رہتے ہوں تو مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے جانور کے سینگوں میں باندھ دے۔ اگر سینگ نہ ہوں تو گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جانور دودھ دینے لگے گا اور صحیح مقدار میں دودھ پیدا ہو گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ شَافِیْ

بِسْمِ اللّٰہِ مَعَافِیْ بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرُ الْاَسْمَآءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

برائے دردِ سر

اگر کسی کے سر میں اکثر درد رہتا ہو یا آدھے سر کا درد سخت تکلیف دیتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے ٹوپی میں سی لے یا پگڑی میں ٹانک لے یا سر میں باندھ لے۔ عورت ہے تو اپنی چوٹی میں لگا لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد یا آدھے سر کا درد غائب ہو جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کٓھٰیٰعٓصٓ ۝ ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّا ۝ ــــ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ یَشْفِیْنِ ۝ یَاشَافِیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

برائے نظرِ بد

اگر کسی بچے بڑے یا جانور پر نظرِ بد کا سخت اثر ہو جس کے سبب کھانا پینا بند ہو گیا ہو یا کم ہو گیا ہو بدن میں سستی و کاہلی بہت زیادہ ہو۔ کسی کام میں دل نہ لگتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو

لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سِلوا کر کالی ڈوری باندھ کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد کا اثر ختم ہوگا اور جسم ہلکا پھلکا ہو جائے گا تمام کاہلی و سُستی دور ہو جائے گی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

بِسْمِ

اللّٰہِ

الرَّحْمٰنِ

الرَّحِیْمِ

ہر قسم کا درد اور ہر قسم کا مرض دور ہو

ہر مرض۔ ہر بیماری اور ہر قسم کے درد سے نجات کے لئے باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف اور درمیان میں ایک سو مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ پڑھ کر درد کی جگہ دم کرے یا مرض ہے تو دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اور پانی پر دم کر کے پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا درد ہر قسم کا مرض دور ہوگا۔ اسی طرح سوتے وقت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ ایک سو بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر ہاتھ پھیر کر سو رہے تو ہر قسم کے شر و آفت اور ناگہانی موت اور چور ڈاکو کے حملے سے محفوظ رہے گا۔

درود شریف یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

پیٹ کے درد کے لئے

جس شخص کے اکثر پیٹ میں درد رہتا ہو اس کے لئے یہ نقش باوضو دو عدد لکھے۔ ایک نقش باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلا دے اور دوسرا نقش باوضو موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے درد سے آرام ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

وَاُفَوِّضُ	اَمْرِیْ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ
بَصِیْرٌ	بِالْعِبَادِ	یَاحَافِظُ	یَاحَفِیْظُ
یَامُجِیْبُ	یَاکَبِیْرُ	یَارَحِیْمُ	یَارَحْمٰنُ
یَاسُبْحَانُ	یَادَیَّانُ	یَاحَنَّانُ	یَامَنَّانُ

برائے دردِ زہ (بچہ پیدا ہونے کا درد)

اگر عورت کے بچہ پیدا ہونے کا وقت ہو جائے اور

دردزہ شروع ہو جائے تو مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھ کر پاک
کپڑے میں باندھ کر عورت کی پیشانی پر باندھ دے اور بچہ
پیدا ہوتے ہی کھول کر الگ کر لے۔ اس طلسم کی برکت سے
اللہ تعالیٰ کا کرم ہوگا اور بچہ بخیر و عافیت پیدا ہوگا۔
وہ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ الٰہی بحرمۃ یَمْلِیْخَا
مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَط آذَرْفَطْیُوْنَس تَبْیُوْنَس
یُوَانَس بُوْس اِسْمُ کَلْبُہُمْ قِطْمِیْر۔

براۓ نظر بد

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگ جائے جس کے سبب
اس کا جسم نڈھال ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ طلسم باوضو لکھے
اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں یا کالے چمڑے میں سلوا کر
کالی ڈوری باندھ کر گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
نظر بد سے حفاظت ہو جائے گی اور مریض صحیح وسالم ہو جائے گا
وہ طلسم یہ ہے۔

عسـ ۱۶ اح ۱۱۰
صح سر ۱۱

مرگی کا علاج

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کو مرگی کا مرض ہو تو اس کے لئے

اتوار کے دن ایک شخص باوضو سفید مرغ کو ذبح کرے اور
اسی دوران دوسرا شخص باوضو یہ طلسم ایک پاک کاغذ پر
لکھے اور کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں موم جامہ کر کے مریض
کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب
ہو جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

صح ۱۵ صح ۳ ۵ لمحمد صح

محبت پیدا ہونے کے لئے

اولاد کو ماں باپ سے محبت نہیں ہے یا ماں باپ
اولاد سے محبت نہیں کرتے تو اس کے لئے یہ طلسم بہت مجرب ہے
اگر لڑکا (مرد) ہے اور اس میں محبت کی کمی ہے تو سیاہ چڑیا
لے کر اس کو ایک شخص باوضو ذبح کرے اور دوسرا شخص
باوضو ایک طلسم لکھے اور کسی ٹھیکری میں لپیٹ کر پرانی
قبر میں دفن کر دے۔ یہ عمل مسلسل تین دن کرے۔ اگر
لڑکی (عورت) میں محبت کی کمی ہے تو سیاہ چڑا (نر)
ذبح کرے۔
وہ طلسم یہ ہے۔

۱۱۱ ۱۱۱ دل اح درام ۱۸۱ لالا ۱۱

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز

مقصد کے لئے کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا بلکہ دنیا اور آخرت
میں نقصان اٹھائے گا۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے دفع مسانی

مسانی کے دفع کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ ایک
گز موٹا کپڑا لے اور باوضو اس پر سورۂ یٰسٓ تین مرتبہ پڑھے
اور کپڑے پر دم کرکے حفاظت سے رکھ دے۔ یہ کپڑا حاملہ
نہ دیکھے اس سے چھپا کر رکھے۔ جب بچہ پیدا ہو جائے تو
اسے غسل دے کر اس کپڑے میں لپیٹ کر بچہ کو اسکی ماں
کے حوالے کر دے۔ دوسرے دن اس کپڑے کو بچہ کے جسم سے
اُتار کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر ایک طرف سے جلانا شروع
کر دے جب کپڑا مکمل جل جائے یا کپڑے کا زیادہ حصہ
جل جائے تو مٹی کے برتن اور اس جلے ہوئے کپڑے کو صبح
صادق کے وقت شہر سے باہر دفن کر دے اور دفن کرنے والا
آتے جاتے کسی سے بات نہ کرے بلکہ بالکل خاموش رہے
اور آتے جاتے وقت پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھے۔ انشاءاللہ
تعالیٰ اس عمل کی برکت سے بچہ اور اس کی ماں مسان کے مرض
سے اور مسانی سے محفوظ ہو جائیں گے۔

غیب سے فتوحات ہونا اور روزی ملنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بے گمان رزق عطا فرمائے

اور جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیاب ہو۔ ہر قسم کی رکاوٹ
کے بغیر زیادہ تعداد میں رزق ملتا رہے۔ تو اسے چاہیئے کہ
اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے درمیان
میں یہ کلمات ایک سو بار پڑھے۔ یہ عمل ہر نماز کے بعد کرے۔
یعنی دعا مانگنے سے پہلے یہ ایک تسبیح پڑھ لیا کرے انشاءاللہ
تعالیٰ غیب سے روزی کا سامان ہو جائے گا اور رزق کے
سلسلے میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

وہ پڑھنے والے کلمات یہ ہیں یہ کلمات بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یَا بَاسِطُ
یَا بَاسِطُ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ۔

برائے دشمنی

دو آدمیوں میں ناجائز محبت ہے یا کسی کا لڑکا کسی
دوسرے کی لڑکی کے عشق میں مبتلا ہو گیا ہے اور حالات

ایسے ہیں کہ دونوں کی شادی ناممکن ہے اور لڑکا چھوڑنا بھی چاہتا ہے لیکن دل کے ہاتھوں مجبور ہے تو ایسی صورت میں یہ نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر چند دن پلائے انشاء اللہ تعالیٰ دل میں نفرت پیدا ہو جائے گی اسی طرح لڑکی والے چاہتے ہیں کہ لڑکی کے دل میں نفرت پیدا ہو جائے تو اس کو بھی چند دن باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ نفرت پیدا ہو جائے گی۔ اگر دونوں میں سے کسی ایک کو پلانا ممکن نہ ہو تو اس کو روزانہ لکھ کر جلا دیا کرے۔ چند دن یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ نقش بعد نماز ظہر لکھے اور یہ نقش لکھتے وقت منہ میں میٹھی یا کڑوی چیز رکھ لے۔ اگر کڑوی چیز نہ ملے تو نیم کے پتے منہ میں چبا لے۔

۲	۱۳	۱۲	۷
۱۱	۸	۱	۱۴
۵	۱۰	۱۵	۴
۱۶	۳	۶	۹

یا قہار

سبان فلان بن فلانۃ البغض

فلان بن فلانۃ

برائے محبت

دو بھائیوں میں، بہن بھائی، شوہر بیوی، ماں بیٹی، باپ بیٹے میں محبت کی کمی ہو تو اس کے لئے مطلوب کے جسم کا پہنا ہوا ایسا کپڑا لے جس کو دھویا گیا نہ ہو بلکہ پہنا ہوا ہو اس کرتے میں سے تھوڑا سا ٹکڑا پھاڑ کر اس پر یہ طلسم لکھے اور اس کپڑے کے ٹکڑے کو آگ میں جلا دے۔ یہ عمل تین دن مسلسل کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ جس وقت پہلا طلسم جلائے اسی وقت دوسرا اور تیسرا بھی جلائے یہ تینوں روزانہ کپڑے کے ٹکڑے پر لکھنے ہیں۔

۱۲ع ۱۱ع ۱۱ ۷۷ ۱ع ع ۵۰ ۱۱ ۱۱ ۲۱۲ ۱۱ ۱۱

۵اع الا ۱۱ ۱۲ ۶ ۹ ۱۱ ۱۱ ۲۶ ۱۱ ۱۱ عود ۱۰

۱۲ ۱۲ الا ا ھع ۵ د د ۱ ۵۱۱ اذ م ط ۱۱۱۱۱ الا ھے

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام میں استعمال کرنے کے لئے ہے۔ ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو ناکام ہوگا۔ اور دنیا و آخرت میں ذلیل و خوار ہوگا۔

برائے محبت

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی محسوس ہو یا اولاد اور ماں باپ میں محبت نہ ہو تو اس کے لئے یہ بہت مجرب ثابت ہے۔ اسی طرح اگر کوئی گھر سے فرار ہو گیا ہو یا نوکر

کوئی سامان چرا کر بھاگ گیا ہو تو کالی مرغ کے انڈے پر
نیا چاند دیکھنے کے بعد چاند کی پہلی تاریخ کو صبح صبح یہ
طلسم باوضو لکھے اور اس انڈے کو آگ میں جلا دے اس پر
طالب اور مطلوب کا نام مع والدہ کے نام کے لکھے انشاء اللہ
تعالیٰ اس عمل سے دونوں میں محبت پیدا ہوگی اگر بھاگا ہوا
دور چلا گیا ہے تو چند دن میں آجائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ح ۱۱۸ ۶ و اع ۱۱ ۱۱ ۱۲ ھ حم ۳۴۸ ۱۹۹۹ ۱۹۹۹

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد میں استعمال کرنے کے
لئے ہے اگر کوئی شخص ناجائز مقصد میں استعمال کرے گا
تو ہرگز کامیاب نہ ہوگا بلکہ دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا
ہوگا۔ لہٰذا اس کو صرف جائز مقصد میں استعمال کیا جائے۔

خوشنویس و آرٹسٹ سید احمد شاہ رحمۃ اللہ علیہ مورخہ ۱۲، و ۱۳ ذیقعدہ ۱۴۲۱ھ
مطابق ۱۵، ۱۶ دسمبر ۲۰۰۰ء جمعرات و جمعہ کی درمیانی رات ساڑھے آٹھ بجے جناح اسپتال
میں انتقال فرما گئے اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ٥ جمعہ کے دن ابراھیم حیدری
قبرستان میں تدفین عمل میں آئی۔ مرحوم خطِ نسخ، خطِ نستعلیق، خطِ ثلث، خطِ رقاع،
خطِ دیوانی، خطِ توقیع، خطِ محقق، خطِ ریحان، خطِ غبار، خطِ گلزار، خطِ طغریٰ خطِ مقابل
اور خطِ کوفی کے ماہر تھے۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء، قرآن پاک کے سیپارے، قاعدے اور
بے شمار اردو، سندھی کی اسلامی کتابیں کتابت کیں آخر میں فضائلِ درود شریف کی کتاب
کے اسّی صفحے لکھے تھے کہ پیغامِ اجل آگیا اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے بچے ابھی چھوٹے ہیں،
اللہ تعالیٰ ان کا نگہبان ہو۔ قارئین سے گزارش ہے کہ وہ مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لئے
اول تین بار درود شریف، ۱۴ مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص اور آخر میں تین بار
درود شریف پڑھ کر مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی دعا فرمائیں۔ شکریہ۔

اعجاز احمد سنگھانوی

آسان عملیات و تعویذات

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

[illegible]

عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، علماء دیوبند و سہارنپور اور انکے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد: ۱۶

مرتبہ

عامل کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم۔ اے

اسلامیات، تاریخ اسلام، عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۲ محبوب کارنر ST-2, III E نزد غول مارکیٹ ناظم آباد ۳ کراچی ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات. جلد سولہویں (۱۶)

نام مُرتب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)

نام کاتب : ——— سیّد احمد شاہ، عبدالغفار رئیس

سائز : ——— ۲۳ × ۱۸ / ۸

کُل صفحات : ——— ۳۲۰

قیمت : ——— ۱۲۰/- روپے

ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خاں

اشاعت اوّل : ——— ماہ ربیع الاول ۱۴۲۸ھ / ماہ اپریل ۲۰۰۷ء

مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم
فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (6703496)

کتبخانہ انذشاہ کی جملہ مطبوعات کے لئے تمام خط وکتابت اس پتہ پر کریں۔

مظہر بک ڈپو دوکان ۵ محبوب کارنر E III و ST-2 نزد گول مارکیٹ، ناظم آباد نمبر ۲۔ کراچی نمبر ۱۸ پوسٹ کوڈ نمبر ۷۴۶۰۰

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اوّل وقت نماز ادا کریں۔

(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک
صلی اللہ علیہ وسلم

نام کتاب : ——— آسان عملیات وتعویذات۔ جلد سولہویں (۱۶)

نام مرتب : ——— اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم اے)

نام کاتب : ——— سید احمد شاہ، عبدالغفار رئیس

سائز : — ۲۲ x ۱۸ / ۸

کل صفحات : — ۳۲۰

قیمت : ——— ۱۰۰/ روپے

ناشر : ——— شاہ محمد قمر عالم خان

اشاعت اول : ——— ماہ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ / ماہ اپریل ۲۰۰۶ء

مصحح : مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون : ۶۷۰۳۴۹۴ (6703496)

کتب خانہ انور شاہ کی جملہ مطبوعات کے لئے تمام خط وکتابت اس پتہ پر کریں۔

مظہر بک ڈپو دوکان ۶ محبوب کارنر E /III و 2.ST نزد گول مارکیٹ، ناظم آباد ۳۔ کراچی ۱۸۔ پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

اجازت از طرف مؤلف

میں جملہ مرد عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

(۱) نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔

(۲) حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

(۳) سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

(۴) تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔

(۵) عورت اپنے شوہر کے ساتھ یا کسی محرم کیساتھ جائے اور پردے کی سختی سے پابندی کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰھم

صلّ علیٰ محمّد و علیٰ آلِ محمّد

کما صلیت علیٰ ابراھیم و علیٰ آلِ ابراھیم

انک حمید مجید

اللّٰھم

بارک علیٰ محمّد و علیٰ آلِ محمّد

کما بارکت علیٰ ابراھیم و علیٰ آلِ ابراھیم

انک حمید مجید۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱۔ تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲۔ کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد ۱۰۰ دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے، ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک ۱۰۰ سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے، بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوّں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو ۲ دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین ۳ مرتبہ؛ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ ۱۱ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین ۳ تین ۳ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳۔ تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرکے باوضو رہے۔

۴۔ نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

۵۔ تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کر کے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کئے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

۷۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

۸۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کر کے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

۹۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کر کے چاندی کے تعویذ میں بند کر لے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کر لے یا پاک چمڑے میں سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

۱۰۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال بآسانی مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

۱۱۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

۱۲۔ تعویذ ہمیشہ پکی کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر پکی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کر کے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

۱۳۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مُرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ دراصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

۱۴۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں۔

۱۵۔ بغض و حب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کر کے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے۔

۱۶۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہو گی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔
ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالےٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالےٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

۱۷۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعویٰ سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالےٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

۱۸۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یاد ہاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹- سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰- شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱- تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲- حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے۔ حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳- جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴- جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵- بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کیے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶- فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لیے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷- مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگانِ دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو بھی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند صـ۵)

یاد حاؤں میں استعمال ہوتے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل
کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العلمین ہے لہٰذا اسی کے کرم وفضل پر نظر
رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات
کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش وتعویذ لکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعتِ اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل
اور آخرت میں تباہ وبرباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا
لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے
دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط
ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا
رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ
علیہ والہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے
اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرلے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے
گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنوئیں
میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے
ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ جو
شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ وعمل کے ذریعہ
سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل
ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام
ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز
ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت
غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد
ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور
دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا
ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین اجلہ بزرگانِ دین ومشائخ عظام جن کے
عملیات وتعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ
الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف
تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت
کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل
اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا
اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا ضیاء الحق
منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵)

کاہن[۱]، ساحر[۲]، جادوگر[۳]، رمّال[۴] اور نجومی[۵] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے، اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

• کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے، تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمّال داخل ہے۔"

پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی
اور مصیبت سے جلد نجات حاصل ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَ نَجَّیْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِیْمِ

بے اولاد کے اولاد ہونا

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد
نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو بعد
نماز فجر ایک سو تینتیس (۱۳۳) بار پاک مصلے
پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے اور ایک گلاس پانی پر
دم کر کے میاں بیوی دونوں روزانہ پیا کریں۔
انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۝
یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّ
یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ۝

پاگل پن، جادو وغیرہ کا دور کرنا

اگر کسی آدمی کو شبہ ہو کہ اس کا دماغی توازن بگڑتا
جا رہا ہے اور بھول چوک اور دماغی غفلت حد سے زیادہ
بڑھ گئی ہے یا اپنی اصلی حالت میں نہیں ہے یا شبہ ہو کہ
کسی نے اس پر کچھ کر دیا ہے تو اس آیت کو باوضو
اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں
جب تک طبیعت اپنی اصلی حالت پر نہ آ جائے برابر
پلاتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض دور ہو جائیں گے
اور صحت بحال ہو جاتے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

ذِیْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِیْنٍ ۝ مُّطَاعٍ ثَمَّ
اَمِیْنٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۝ وَلَقَدْ رَاٰهُ
بِالْاُفُقِ الْمُبِیْنِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَیْبِ بِضَنِیْنٍ ۝
وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَیْطٰنٍ رَّجِیْمٍ ۝ فَاَیْنَ تَذْهَبُوْنَ ۝
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ
اَنْ یَّسْتَقِیْمَ ۝ وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّا اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

بخار کی تیزی، غصہ اور فسد کا خاتمہ

اگر کسی آدمی یا بچے کو تیز بخار ہو۔ بخار سے جسم
جل رہا ہو۔ بخار اترنے کا نام نہیں لیتا ہو [illegible]

نہیں کر رہی ہے تو یہ قرآنی آیت باوضو گیارہ گیارہ بار پڑھ کر
مریض پر دم کریں یہ عمل دن میں چار مرتبہ کریں

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر
۴۔ بعد نماز عشاء

اسی طرح غصہ اور ضد کے خاتمہ کے لئے بھی اس
آیت کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر خود یا جو زیادہ غصہ کرتا ہے
یا جو بچہ ضد کرتا ہے اس پر پھونکیں۔ یہ عمل روزانہ کریں
چند دن کرنے کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ غصہ اور ضد
ختم ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ ۝

جھوٹے مقدمے۔ تہمت اور بے عزتی سے نجات

اگر کسی آدمی کو جھوٹے مقدمہ میں پھنسا لیا گیا ہو
اور اسے بلاوجہ تنگ کیا جا رہا ہو یا کسی نے جھوٹی تہمت
لگائی ہو یا دشمن بے عزتی کرنے پر اترا ہوا ہو۔ ان سب سے
نجات کے لئے یہ آیت کثرت سے ہر حال میں پڑھے۔
چلتے پھرتے۔ بیٹھے ہوتے لیٹے ہوتے ہر حال میں اسے
پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جھوٹے مقدمہ، تہمت
یا بے عزتی سے جلد نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے

وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

نافرمان اولاد کی اصلاح

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا بیوی نافرمان ہو اور کسی طرح
کہنا نہ مانتے ہوں اور طرح طرح کے غلط کام کرتے ہوں
جن کے کرنے سے تکلیف ہوتی ہے اور دماغ کھولنے
لگتا ہے۔ ان کی اصلاح اور اچھی باتوں کی طرف راغب
کرنے کے لئے ان کی پیشانی کے بال پکڑ کر گیارہ بار یہ
آیت پڑھ کر ان پر دم کریں انشاء اللہ تعالیٰ بدی چھوڑ کر
اچھی عادتوں کے مالک بن جائیں گے۔ آیت یہ ہے۔

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝

مرتے دم تک صحیح و سلامت رہنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ مرتے دم تک ہاتھ پیروں
کی سلامتی کے ساتھ رہے۔ اس کے ہاتھ پاؤں اور جسم
کے اعضاء آخر وقت تک کام کرتے رہیں۔ اس کو کوئی
مرض ایسا نہ لپٹ جائے جس سے وہ دوسروں کا محتاج
ہو جائے۔ اسی طرح زندگی میں کوئی حادثہ ایسا پیش
نہ آجائے جس سے ہاتھ پیر معذور ہو جائیں اور کام

کرنے کے قابل نہ رہیں۔ اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو
تین مرتبہ یہ آیت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی
معذوری سے محفوظ رہے گا اور چلتے ہاتھ پیروں کے
ساتھ موت آئے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ۚ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝

نامعلوم اور لاعلاج مرض سے صحت

اگر کسی آدمی کو ایسی بیماری لپٹ گئی ہو جس کا پتہ
نہ چلتا ہو اور جب بیماری کا صحیح پتہ نہیں چلتا تو علاج
بھی مشکل ہو رہا ہو۔ ایسی صورت میں یہ آیت چلتے
پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، لیٹتے غرضیکہ ہر حالت میں برابر
پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحتیاب ہو جائے گا۔
وہ آیت یہ ہے۔

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

اولاد پیدا ہونے کے لئے

جو شخص اولاد سے محروم ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو

تو اس کے لئے یہ آیت کثرت سے پڑھا کرے ناغہ اور سستی
نہ کرے بلکہ برابر پڑھتا رہے جب تک کہ اولاد پیدا نہ ہو۔
انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ضرور پیدا ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَلَّذِيْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۚ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ۚ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۚ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

بیٹا یا بیٹی کی شادی کے لئے

آجکل جہاں اور بہت سے نئے نئے مسائل پیدا
ہوئے ہیں سب سے بڑا مسئلہ بیٹا یا بیٹی کی شادی کا
ہے۔ لڑکیاں مناسب رشتوں سے محروم ہیں اور لڑکے
چاند جیسی مالدار دلہن کی تمنا لئے ہوئے بوڑھے ہو گئے
لیکن گھر آباد نہ ہوا۔ کنوارے کے کنوارے ہی رہے۔
لاکھ جتن کئے لیکن رشتہ ہی نہ ہوا۔ یہاں تک کہ
لڑکے اور لڑکیاں بوڑھے ہو گئے والدین رشتہ کی
امید پہ آخرت کے سفر پر روانہ ہو گئے لیکن اس
سلسلے میں جہاں دنیاوی تدابیر اختیار کی ہیں۔ اللہ تعالیٰ
سے لو لگاتے۔ اس سے مانگتے اس سے رشتے طلب کرتے
تو یقینی کامیابی حاصل ہوتی۔

لڑکے یا لڑکی کے رشتہ کے لئے یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ باوضو عشاء کی نماز کے بعد اکیس (۲۱) دن تک برابر بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے رشتے کا انتظام ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَهُوَ الَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ۝

ہر مشکل آسان ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مشکل معاملے میں پھنس گیا ہو اور مشکل حل نہ ہوتی ہو تو مشکل آسان کرنے کے لئے روزانہ باوضو بعد نماز فجر ایک سو تیرہ (۱۱۳) مرتبہ یہ آیت پڑھے اور جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکل آسان ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

یَفْرَحُ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝ بِنَصْرِ اللّٰهِ ؕ یَنْصُرُ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ۝

استخارہ جس سے صحیح بات معلوم ہوتی ہے

جو شخص شادی بیاہ کے بارے میں استخارہ کرنا چاہتا ہے کہ یہ شادی میرے لئے صحیح ہے یا نقصان دہ، اسی طرح کوئی کاروبار کرنا چاہتا ہے اور یہ معلوم

کرنا چاہتا ہے کہ اس کاروبار میں نفع ہو گا یا نقصان، سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے لیکن معلوم کرنا چاہتا ہے کہ یہ سفر کامیابی کا ذریعہ بنے گا یا نہیں۔ اس کے لئے یہ استخارہ بہت مفید ہے۔

عشاء کی نماز کے بعد دو رکعت نفل استخارہ کی نیت سے پڑھے اس کے بعد ان آیتوں کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر بغیر کسی سے بات کئے پاک بستر پر باوضو قبلہ رُخ دائیں کروٹ سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح بات خواب میں معلوم ہو جائے گی۔ اگر ڈراؤنا خواب دیکھے تو خطرہ ہے اگر اچھا خواب دیکھے تو کامیابی حاصل ہوگی۔ اگر ایک دن معلوم نہ ہو تو تین دن، سات دن یا گیارہ دن تک یہ استخارہ کا عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح بات کا پتہ لگ جائے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اَلَا یَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ اللَّطِیْفُ الْخَبِیْرُ ۝

دشمن سے حفاظت

اگر کسی کا دشمن خطرناک، ظالم، لڑاکا اور بدقماش ہو تو اس کے شر سے بچنے کے لئے یہ آیت باوضو بعد نماز

فجر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام
بدن پر پھیر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہوگا،
اور کچھ بگاڑ نہ سکے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ یُدَافِعُ عَنِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا ط
اِنَّ اللّٰہَ لَا یُحِبُّ کُلَّ خَوَّانٍ کَفُوْرٍ ۝

سرطان، طاعون اور پھوڑے پھنسی سے بچاؤ

اگر کسی جگہ سرطان، طاعون یا پھوڑے پھنسی کی
وبا پھیل گئی ہو تو اس سے بچنے اور بچوں کو بچانے
کے لئے ان الفاظ کو بعد نماز فجر گیارہ مرتبہ پڑھ کر
اللہ تعالیٰ سے ان آفات سے حفاظت کی دعا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ سرطان، طاعون، پھوڑے پھنسی
سے محفوظ رہے گا۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَا مَالِكُ ، یَا قُدُّوْسُ ، یَا سَلَامُ

گناہوں میں مبتلا اور بے راہ کو سیدھی راہ پر لانا

اگر کوئی آدمی غلط لوگوں اور برے ماحول میں
کسی بھی قسم کے گناہوں میں مبتلا ہو گیا ہو اور نماز
و روزہ سے دور ہو گیا ہو، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول
صلی اللہ علیہ وسلم کی ارشاد فرمودہ راہ راست کو چھوڑ کر
غفلت کا راستہ اختیار کر لیا ہو اس کی گناہوں سے

دوری اور نماز روزہ کی طرف توجہ مبذول کرانے کے لئے
ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باوضو یہ آیت پڑھ کر پانی پر
دم کر کے ایسے شخص کو پلائے۔ جب تک پوری طرح
گناہوں کو نہ چھوڑے اور نماز روزہ کا پابند
نہ ہو جائے برابر پڑھ پڑھ کر دم کر کر کے پانی پلاتا
رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ راہِ ہدایت نصیب ہوگی۔
وہ آیت یہ ہے۔

وَاَھْدِیَكَ اِلٰی رَبِّكَ فَتَخْشٰی ۝

مصیبتوں سے نجات

اگر کوئی شخص طرح طرح کی پریشانیوں میں
مبتلا ہو اور ہر شخص کسی نہ کسی طرح اسے ستاتا ہو،
اس کا حق مارتا ہو، اس پر ظلم کرتا ہو تو اس کے لئے
بعد نماز فجر یہ آیت باوضو ایک سو ایک (۱۰۱)
مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دین و دنیا کی کامیابیاں
حاصل ہوں گی اور ظالم اور حق مارنے والے ذلیل
و خوار ہوں گے اور ہر طرح سے خوشی و مسرت کی زندگی
شروع ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ
عُقْبَی الدَّارِ ۝

کسی بھی قسم کی بدنامی سے حفاظت

اگر کوئی آدمی ناحق کسی کو بدنام کرنے پر تیار ہو اور ہر طرح سے بدنام کرنے کا پکا ارادہ کر رکھا ہو اور جھوٹے الزامات لگاتا رہتا ہو اور طرح طرح سے نئے نئے الزامات کا سلسلہ شروع کر رکھا ہو۔ ایسے ظالم شخص کے شر سے بچنے اور ہر قسم کی بدنامی سے محفوظ رہنے کے لئے اس آیت کو بعد نماز فجر اور بعد نماز عشاء اکتالیس ۴۱ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے حملوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیت یہ ہے

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيعًا ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝

غم اور پریشانی دور کرنا اور مالی حالت اچھی ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ ہر قسم کا غم اور ہر قسم کی پریشانی ختم ہو جائے اور غربت کا خاتمہ ہو۔ مالی مشکلات سے نجات ملے، عزت و وقار کے ساتھ زندگی گذرے کسی کی محتاجگی نہ ہو بلکہ ہر طرح سے خوشی اور خوشحالی ہو۔ اس کے لئے یہ آیت ہر روز بعد نماز فجر ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو قبلہ رخ ہو کر پاک

مصلے پر بیٹھ کر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی خوشی اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب زندگی گذارے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

إِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۚ إِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا ۝

ناجائز عشق و محبت کے جال سے نکلنا

اگر کوئی شخص کسی طرح کسی کی ناجائز محبت اور ناجائز عشق میں پھنس گیا ہو۔ اس محبت کے جھوٹے جال سے نکلنا چاہتا ہے اور اس سلسلے میں بہت پریشان ہے تو اس کے لئے اول نماز پنج وقتہ کی پابندی کرے اور ہر نماز باجماعت ادا کرے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ کلمہ طیبہ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ ؕ پڑھا کرے۔

اور عشاء کی نماز کے بعد باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

رَبِّ اصْرِفْ عَنِّي السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ وَاجْعَلْنِي مِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

جب تک چھٹکارہ نہ ہو برابر عمل کرتا رہے اور آہستہ آہستہ اس سے کنارہ کشی اختیار کرلے اور ملنا جلنا بند کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس مصیبت سے جان چھوٹ جائے گی۔

عملیات جمع فرمودہ حضرت مولانا
محمد یونس پالنپوری مدظلہ العالی

یہ عملیات وتعویذات بکھرے موتی مرتبہ حضرت مولانا محمد یونس پالنپوری مدظلہ العالی سے لئے گئے ہیں انہوں نے اس کتاب میں مختلف بزرگوں کے واقعات، عملیات قیمتی نصائح جمع کئے ہیں. مولانا موصوف اور ناشرین کتاب مکتبہ شیخ سعید احمد خان رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ قاسم سینٹر اردو بازار کراچی کے شکریہ کے ساتھ درج کئے جارہے ہیں. ناظرین اور اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے جملہ حضرات مرتب اور ناشرین کی صحت وعافیت اور ترقی درجات کی دعا کریں۔

نظر بد دور کرنے کا وظیفہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگ جائے اور اس کے سبب وہ نڈھال رہتا ہو طبیعت گری گری رہتی ہو یا بچہ ہے تو اکثر روتا رہتا ہے کھاتا پیتا کچھ نہیں ہر وقت ضد کرتا رہتا ہے. اس کے لئے یہ دعا پڑھ کر بچوں یا بڑوں پر دم کردیں. وہ دعا یہ ہے. (اگلے صفحہ)

اَللّٰھُمَّ ذَا السُّلْطَانِ الْعَظِیْمِ وَالْمَنِّ
الْقَدِیْمِ ذَا الْوَجْہِ الْکَرِیْمِ وَلِیَّ الْکَلِمَاتِ
التَّامَّاتِ وَالدَّعْوَاتِ الْمُسْتَجَابَاتِ عَافِ
.... مِنْ اَنْفُسِ الْجِنِّ وَاَعْیُنِ الْاِنْسِ

نقطے والی جگہ پر اس آدمی. بچے یا جانور کا نام لیں۔

غمگین آدمی کا غم دور کرنا

اگر کوئی شخص کسی رنج وغم میں مبتلا ہو تو اس کے کان میں اذان دی جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے اس کا رنج وغم دور ہو گا اور طبیعت ہشاش بشاش رہنے لگے گی ۔ اذان کے کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط
اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط
اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط اَشْھَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط
حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ط حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط
حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط اَللّٰہُ اَکْبَرُ ط
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ط

تنبیہ: اذان بغیر وضو کے بھی دی جاسکتی ہے. لہذا اگر وضو نہ ہو تو ایسے موقع پر اذان دے سکتے ہیں۔

بداخلاق بچہ یا بداخلاق انسان یا شرارتی جانور

اگر کوئی بچہ بداخلاق و بدتمیز ہو یا کوئی انسان بداخلاق اور بدتہذیب ہو یا جانور شرارت کرتا ہو تو اس کے کان میں اذان دی جائے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ راہِ راست پر آجائے گا۔

غول بیابانی (بھوت پریت) سے نجات

اگر کوئی شخص سنسان جگہ یا خالی مکان یا جنگل بیابان میں یا پہاڑوں میں غول بیابانی (بھوت پریت) دیکھے اور وہ اس کو ڈرائیں یا پریشان کریں تو فوراً اذان دینا شروع کردے انشاء اللہ تعالیٰ بھوت پریت کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

پاؤں کا درد و تکلیف کا عمل

اگر کسی کے پاؤں یا گھٹنے میں تکلیف ہو تو سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر پاؤں یا گھٹنے پر پھونکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ اَعُوْذُ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا۔

روزی اور گھر میں برکت کے لئے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو یا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو یا آمدنی تو بہت ہے لیکن گھر میں خیر و برکت کی کمی ہے اس کے لئے یہ عمل پابندی سے کرے انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی ہوگی اور گھر میں خیر و برکت کی زیادتی ہوگی۔

جب گھر میں داخل ہو اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ کہے اور اس کے بعد ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

اندھے پن، کوڑھی اور فالج کے مرض سے حفاظت

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ مرتے دم تک اندھا نہ ہو اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے اور اس پر زندگی میں کبھی بھی فالج کا اثر نہ ہو اور ہر قسم کی کمزوری سے نجات حاصل ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر تین مرتبہ یہ پڑھے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ

اس کے علاوہ یہ دعا بھی روزانہ پابندی کے ساتھ کسی نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اندھے پن،

کوڑھ اور فالج کے مرض سے محفوظ رہے گا اور بڑھاپے
کی کمزوری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِمَّا عِنْدَکَ وَاَفِضْ
عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِکَ
وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ۔

قید سے رہائی کے لئے

جو شخص قید ہو گیا ہو اور قید سے پریشان ہو اس کے
گھر والے بھی پریشان ہوں تو اس کے لئے کثرت سے یہ
کلمات پڑھیں قیدی بھی پڑھے اور گھر والے بھی برابر
پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قید سے رہائی
حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ
اسی طرح دینی و دنیاوی مصیبتوں سے بچنے کے لئے
بھی لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کا پڑھنا بہت
مفید ہے اسی طرح اپنے مقصد میں کامیابی کے لئے بھی
یہ کلمات بہت مجرب ہیں۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت کے لئے

جب ظالم کا سامنا ہو جائے یا ظالم کے آنے کا پتہ چلے
تو یہ دعا پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ظالم

کچھ نہ بگاڑ سکے گا اور اس سے دور بھاگ جائے گا۔
وہ دعا یہ ہے۔
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ سُبْحَانَ اللّٰہِ
رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

دعا کی قبولیت کے لئے مجرب عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہو کہ اس کی دعا قبول ہو اور وہ
اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے تو اس کے لئے باوضو
ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔
پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ
اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔ اسی طرح ہجوم افکار
ومصائب سے نجات کے لئے کثرت سے
حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔
پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ہجوم افکار و مصائب
سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر بلا سے حفاظت کے لئے

جو شخص چاہتا ہے کہ وہ دن بھر ہر قسم کی برائی اور تکلیف
سے محفوظ رہے اور دشمن کا کوئی وار اس پر کارگر نہ ہو
تو اس کو چاہئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو آیۃ الکرسی اور

سورۂ مومن کی پہلی تین آیتیں (حٰمٓ سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک) پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام دن خیر و عافیت سے گذرے گا اور پڑھنے والا ہر قسم کی برائی اور تکلیف اور دشمن کے شر و فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

حٰمٓ سے اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک کی آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

حٰمٓ ○ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِیْدِ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ ○

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر جہاد کا موقع ہو یا کسی جگہ دشمن گھات میں ہو یا رات کو نقصان پہنچانے کا ارادہ رکھتا ہو تو اسے

حفاظت کے لئے

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ط

پڑھ لے۔ جب دشمن کا سامنا ہو جائے تب بھی

حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ط

پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا اور خائب و خاسر ہو کر لوٹے گا۔

بیمار کا صحتیاب ہونا

اگر کوئی شخص بیمار ہو اس کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کی صحتیابی کے لئے باوضو سورۂ انعام (پ۷) مکمل سورت ایک بیٹھک میں پڑھ کر مریض پر دم کرے، چند دن یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا اور مختلف امراض دفع ہو جائیں گے۔

پریشانی اور برے حال سے نجات

اگر کوئی شخص پریشان ہو اور بری حالت میں ہو، بیماری اور تنگدستی سے اس کی صحت بھی برباد ہو چکی ہو تو اس کو چاہیئے کہ کسی وقت باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام بیماری، تنگدستی اور پریشانی دور ہو جائے گی۔ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ، سستی

کرے گا تو ناکام رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۔

سفر میں سلامت رہنا اور بخیریت واپس آنا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا سفر سلامتی کے ساتھ پورا ہو اور وہ اپنے گھر صحت و سلامتی کے ساتھ واپس آئے اور سفر کے دوران اسے مالی اور جانی نقصان نہ پہنچے تو اس کے لئے بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب (یعنی صبح و شام) یہ آیت ایک ایک مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت و سلامتی کے ساتھ سفر ہو گا اور اس دوران کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور خیر و عافیت کے ساتھ گھر واپس آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝

اہل و عیال کی عافیت کے لئے

اگر کسی کو اپنے اہل و عیال کی عافیت کی فکر رہتی ہو تو اس کے لئے صبح و شام ایک ایک مرتبہ یہ کلمات

پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مال، اولاد، اور جملہ اہل خانہ ہر قسم کے چوروں، ڈاکوؤں، لٹیروں اور ہر قسم کے ظالموں قاتلوں سے محفوظ رہیں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ۔

خواب میں رسولِ پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت

اگر کوئی مسلمان نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کا شوق رکھتا ہو تو وہ جمعہ کی رات (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے) میں دو رکعت نفل نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد ایک سو بار یہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

اگر کوئی شخص چند مرتبہ یہ عمل کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور آقائے دو جہان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ طلب سچی ہو اور گناہوں سے بچتا ہو اور نماز باجماعت کا پابند ہو۔

ہر چیز سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ چور، ڈاکو اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے تو اسے چاہیئے کہ رات کو سونے سے پہلے سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوری، ڈاکہ اور قتل سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

قتل اور لوٹ مار سے حفاظت

اگر کوئی شخص ڈاکو یا لٹیرے یا قاتل کے نرغے میں

پھنس جائے یا ان میں سے کسی ظالم کا سامنا ہو جائے اور وہ اسے قتل کرنا چاہتے ہوں تو اس کے لئے اول چار رکعت نماز نفل پڑھے۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا وار خالی جائے گا اور دشمن ناکام ہوگا اور نقصان اٹھائے گا اور قتل اور لوٹ مار سے پڑھنے والا شخص محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدِ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

بلاؤں کو دور کرنے اور حاجتوں کو پورا کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں پیدا ہو جائے اور خدا تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کا جذبہ پیدا ہو جائے نیکیاں کثرت سے ہونے لگیں اور ہر قسم کی بلا دور ہو اور تمام حاجتیں پوری ہوں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

کسی بھی ماہ کا چاند نظر آنے کے بعد پہلے جمعہ سے

مستقل سات دن تک مندرجہ ذیل ترکیب کے حساب
سے روزانہ دن میں یا رات میں ایک وقت اور جگہ مقرر کرکے
پابندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے ان مبارک ناموں کا وظیفہ
پڑھے اگر کسی مجبوری سے جگہ اور وقت تبدیل ہو جائے
تو کوئی حرج نہیں ہے۔

جمعہ کے دن	یَا اَللّٰہُ یَا ھُوَ	ایک ہزار مرتبہ
ہفتہ کے دن	یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ	ایک ہزار مرتبہ
اتوار کے دن	یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ	ایک ہزار مرتبہ
پیر کے دن	یَا صَمَدُ یَا وِتْرُ	ایک ہزار مرتبہ
منگل کے دن	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ	ایک ہزار مرتبہ
بدھ کے دن	یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ	ایک ہزار مرتبہ
جمعرات کے دن	یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ	ایک ہزار مرتبہ

دل کی بیماری کا مجرب عمل

جس شخص کو دل کی بیماری ہو، دل دھڑکتا ہو یا
سانس لینے میں گھٹن محسوس ہوتی ہو یا دل کمزور ہو یا
سانس پھول جاتا ہو تو اس کے لئے ایک سو گیارہ (۱۱۱)
مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اپنے دل پر دم کرے۔ یہ
عمل جس وقت چاہے کرے انشاءاللہ تعالیٰ دل کے ہر قسم
کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ

ملازمت حاصل ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو
اور روزگار نہ ملتا ہو یا ملازمت حاصل کرنے کے لئے
دن بھر چکر لگاتا ہو لیکن کہیں کامیابی نہیں ہوتی ہو تو
یہ عمل بہت مفید اور جلد روزگار ملنے میں بہت
مددگار ہے۔

فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اسی جگہ بیٹھے رہیں جگہ
نہ بدلیں نہ وہاں سے اٹھیں اور سورۃ الضحیٰ اس
ترکیب سے پڑھیں کہ جب کاف آئے تو یَا کَرِیْمُ
نو مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل صرف نو دن کریں۔ انشاءاللہ
تعالیٰ ملازمت مل جائے گی۔ اگر خدانخواستہ ملازمت
نہ ملے تو یَا کَرِیْمُ اٹھارہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور پھر
نو دن عمل کرے۔ اس کے باوجود بھی ملازمت نہ ملے تو
پھر نو دن عمل کرے اور یَا کَرِیْمُ ستائیس مرتبہ پڑھے
انشاءاللہ تعالیٰ بفضل خدا اشرطیہ ملازمت مل جائے گی
عمل شرط ہے۔ سُوْرَۃُ الضُّحٰی یہ ہے۔ اس میں ہر کاف
پر سطر کھینچ دی ہے اور اس میں نو مقام پر کاف آیا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالضُّحٰی ۙ وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۙ مَا وَدَّعَکَ
رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ۙ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ

الْاُوْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ۝
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰی ۝ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
فَهَدٰی ۝ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ۝ فَاَمَّا
الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝
وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝

بچوں کی بدتمیزی کا سبب اور اس کا علاج

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں۔ والدین کو چاہئے کہ وہ اپنے گناہوں سے توبہ کریں نماز کی پابندی کریں۔ اور تین بار سورۂ فاتحہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے بچوں کو روزانہ پلایا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے بچے تمیزدار ہوجائیں گے۔ جب تک بچے تمیز والے نہ بن جائیں یہ عمل کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے میاں بیوی اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہیں۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

جنّات کی شرارت سے حفاظت

اگر کسی بچے یا بڑے یا عورت یا لڑکی کو جن ستاتا ہو اور اس کو دورہ پڑتا ہو تو اس کے کان میں باوضو یہ آیات پڑھ کر اس کے کان میں پھونک مار دے (دم کردے) انشاء اللہ تعالیٰ جن جل جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ
اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ
يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ
فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۗ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝
وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

چوری اور شیطانی، جنّاتی اثرات سے حفاظت

اگر کوئی شخص ایسے مقام پر رہتا ہو جہاں چوری کا ڈر ہو یا شیطان کے شر کا ڈر ہو یا جنّات آسیب حملہ کرتے ہوں یا سونے نہ دیتے ہوں یا خواب میں ڈراتے ہوں تو اس کے لئے اکیس ۲۱ مرتبہ سونے سے پہلے باوضو

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ان تمام پریشانیوں سے

محفوظ رہے گا۔

ظالم پر غلبہ پانے کے لئے

اگر کوئی شخص ظالموں میں پھنسا ہوا ہے اور ظالم لوگ ظلم کرتے رہتے ہیں تو ان کو مغلوب اور زیر کرنے اور ان کے ظلم سے محفوظ رہنے کے لئے بچاس (۵۰) مرتبہ روزانہ کسی وقت باوضو

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

ذہن کھولنے اور حافظہ مضبوط ہونے کے لئے

اگر کسی بچے یا بڑے کا ذہن کند ہے۔ کوئی بات ذہن میں نہیں بیٹھتی اسی طرح حافظہ کمزور ہے کہ کوئی سبق یا بات یاد نہیں رہتی۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

پڑھ کر پانی پر دم کر کے نہار منہ وہ پانی پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہوگا اور ذہن کھل جائے گا۔

قرآن پاک کو آسانی سے یاد کرنے اور علم حاصل کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے اور یہ چاہتا ہے کہ حفظ آسانی کے ساتھ ہو جائے اور اسے کوئی بوجھ محسوس نہ ہو اور جتنا یاد کرے اسے نہ بھولے اسی طرح جو علم حاصل کرے۔ اساتذہ سے جو سبق پڑھے اسے نہ بھولے تو اس کو چاہیئے کہ سات دن تک ایک روٹی کے ٹکڑے پر حسب ترتیب آیاتِ ذیل بعد نماز فجر باوضو روزانہ لکھ کر صبح کھا لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظ مثالی بن جائے گا جو کچھ یاد کرے گا آسانی سے یاد ہو جائے گی اور حفظ محفوظ رہے گا۔ وہ ترتیب یہ ہے۔

ہفتہ کے دن یہ آیت لکھے۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ
اتوار کے دن یہ آیت لکھے۔ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا
پیر کے دن یہ آیت لکھے۔ سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى
منگل کے دن یہ آیت لکھے۔ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى
بدھ کے دن یہ آیت لکھے۔ لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ
جمعرات کے دن یہ آیت لکھے۔ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ
جمعہ کے دن یہ آیت لکھے۔ فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر قسم کے شر اور

فتنہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے بعد نماز فجر تین بار سورۂ اخلاص. تین بار سورۂ فلق اور تین بار سورۂ ناس پڑھے اور اسی طرح یہ تینوں سورتیں بعد نماز مغرب تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

سورۂ فلق یہ ہے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۧ

ہر قسم کے رنج وغم اور فکر وتشویش سے حفاظت

جو شخص یہ آیت صبح کو بعد نماز فجر سات بار اور بعد نماز مغرب سات بار پڑھ لیا کرے اس کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے ہر قسم کے رنج وغم اور فکر وتشویش سے محفوظ فرما دے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

ہر قسم کی بیماری سے نجات کے لئے

انسان کو کسی بھی قسم کی بیماری ہو اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل عمل روزانہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ عمل یہ ہے۔ مریض روزانہ سورۂ فاتحہ اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے یا دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لیا کرے۔ نیز اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی دن بھر پیتا رہے۔ نیز

یَا سَلَامُ

ایک سو تینتالیس ۱۴۳ بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں ہر قسم کی بیماری سے

تندرست ہو جائے گا۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؏

زبان کی تیزی ختم کرنا

جس شخص کی زبان ہر وقت چلتی رہتی ہو اور ڈر لگا رہتا ہو کہ بہت سی باتیں گناہ کی جھوٹ کی، غیبت کی ہو جاتی ہیں جس سے نامۂ اعمال سیاہ ہو جاتا ہے ایسے شخص کو چاہیے کہ روزانہ ایک سو مرتبہ استغفار کا ورد کرے۔ تاکہ گناہوں کی معافی ہو جائے۔ استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

جنات کے شر سے حفاظت

اگر کسی شخص کا سامنا جنات سے ہو جائے یا جنگل میں، گھر میں، میدان میں، پہاڑ میں یا دریا کے کنارے، قبرستان میں، ندی نالوں کے پاس، کوڑے کے ڈھیر پر جنات

دکھائی دیں تو یہ آیات پڑھ کر پھونک دے اور دونوں ہاتھوں پہ دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ قف یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ یَطْلُبُہٗ حَثِیْثًا ۙ وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِہٖ ؕ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ ؕ تَبٰرَکَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

شیطان (جنات) سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا گھر اور اہل وعیال شیطان کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہیں تو رات کو سونے سے قبل سورۂ بقرہ کی چار آیتیں، آیۃ الکرسی اس کے بعد کی دو آیتیں اور سورہ بقرہ کی تین آیتیں۔

سب آیات جن کو پڑھنا ہے وہ یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الٓمّٓ ۚ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ ۚۖ فِیْہِ ۚ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ ۙ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ

أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ ۚ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۝ أُولٰئِكَ عَلٰى هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝

وَإِلٰهُكُمْ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۖ لَّا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ۝

اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّومُ ۚ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۚ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ مَن ذَا الَّذِي يَشْفَعُ عِندَهُ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۖ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ إِلَّا بِمَا شَاءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ ۖ وَلَا يَئُودُهُ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۝ لَا إِكْرَاهَ فِي الدِّينِ ۖ قَد تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَن يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِن بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِينَ آمَنُوا يُخْرِجُهُم مِّنَ الظُّلُمٰتِ إِلَى النُّورِ ۖ وَالَّذِينَ كَفَرُوا أَوْلِيَاؤُهُمُ الطَّاغُوتُ يُخْرِجُونَهُم مِّنَ النُّورِ إِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ أُولٰئِكَ أَصْحٰبُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ ۝

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَإِن تُبْدُوا مَا فِي أَنفُسِكُمْ أَوْ تُخْفُوهُ يُحَاسِبْكُم بِهِ اللّٰهُ ۖ فَيَغْفِرُ لِمَن يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَاءُ ۗ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْهِ مِن رَّبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ ۚ كُلٌّ آمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهِ وَكُتُبِهِ وَرُسُلِهِ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّن رُّسُلِهِ ۚ وَقَالُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا ۖ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۗ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا إِن نَّسِينَا أَوْ أَخْطَأْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا إِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهُ عَلَى الَّذِينَ مِن قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِ ۖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا ۚ أَنتَ مَوْلٰنَا فَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِينَ ۝

انسانی اور شیطانی شرارتوں اور جن بھوت سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ اس کو رات کو سوتے وقت آرام سے نیند آئے۔ رات میں اس کی نیند اُچاٹ نہ ہو اور نہ اسے جاگتے جاگتے رات گزارنی پڑے۔ اس کے لئے رات کو سونے سے پہلے اکیس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ ۝

پڑھ کر سوئے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیند سکون سے آئے گی اور رات کو تمام انسانی، شیطانی شرارتوں اور جن، بھوت اور آگ سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کا درد یا جادو کا دور کرنا

اگر کسی آدمی کے جسم کے کسی حصہ میں درد ہو یا اُس پر کسی نے جادو کرا دیا ہو تو درد دور کرنے اور جادو وغیرہ سے نجات کے لئے برابر سات دن بلاناغہ ایک سو بار روزانہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے اور درد کی جگہ دم کرے اور پانی پر دم کر کے وہ پانی چار مرتبہ دن میں پی لے۔ پینے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل

انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوگا اور جادو ٹوٹ جائے گا۔

رزق میں برکت اور اضافہ کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں برکت ہو اور اس کی آمدنی بڑھ جائے اور زیادہ ہو جائے تو

اس کے لئے اتوار کی صبح سورج نکلتے ہی تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھے اور ایک سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا دروازہ کھل جائے گا اور گھر میں خوب برکت ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

مرگی والے کو ہوش میں لانا

اگر کوئی مرگی کا مریض بے ہوش ہو گیا ہو اس کو ہوش میں لانا ہو تو اس کے لئے اکتالیس مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھ کر مرگی والے کے کان میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً ہوش میں آجائے گا۔

بچوں کو ہر قسم کی آفات و بلیّات سے محفوظ کرنا

بچوں کی حفاظت بہت ضروری ہے آجکل کی مصروف زندگی میں جبکہ ماں باپ دونوں کام پر جاتے ہوں بچوں کی حفاظت کا مسئلہ اور زیادہ اہم ہو جاتا ہے۔ بچوں کو ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رکھنے کے لئے [illegible] اکیس بار ایک سفید کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری میں باندھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کے نقصان سے بچ جائے گا۔

کھیتی کی پیداوار میں زیادتی اور حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا کھیت ہر قسم کی چوری سے محفوظ رہے اور فصل موذی جانوروں سے خراب نہ ہو نہ فصل کو کیڑا لگے تو اس کے لئے باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار سفید کاغذ پر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی تمام کھیت میں چھڑک دے۔ جب بھی فصل ہوا کرے یہ عمل کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ فصل ہر قسم کے نقصانات سے محفوظ رہے گی اور پیداوار خوب ہوگی۔

پریشانیوں سے نجات

اگر کوئی آدمی پریشانیوں میں گھر جائے یا طرح طرح کی پریشانیاں اسے لپٹ جائیں تو اسے چاہیئے کہ اس دعا کو روزانہ ایک سو بار کسی بھی وقت پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے پریشانیاں ختم ہو جائیں گی۔ جب تک پریشانیاں ختم نہ ہوں برابر پڑھتا رہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

تَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ یَکُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیْرًا ۝

سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص ایسی جگہ ہو جہاں سانپ، بچھو اور موذی جانور کثرت سے ہوں اور خطرہ ہو کہ وہ نقصان پہنچائیں گے تو اس کے لئے یہ دعا شام بعد نماز مغرب ایک سو بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اور سینے پر دم کر لے۔ اور اپنے چاروں طرف پھونک مار دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام موذی جانوروں کے شر سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

پیشاب کی بندش اور پتھری کا نبوی علاج

اگر کسی شخص کا پیشاب بند ہو گیا ہو یا پتھری ہو تو اس کے لئے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اور اس کو پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی پیشاب کھل جائے گا اور اگر چند دن یہ پانی پڑھ پڑھ کر پیتا رہا تو انشاء اللہ تعالیٰ پتھری بھی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ اَمْرُكَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا رَحْمَتُكَ فِی السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ فِی الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَایَانَا اَنْتَ رَبُّ الطَّیِّبِیْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً مِّنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ عَلٰی هٰذَا الْوَجَعِ۔

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی حصہ میں درد ہو اور اس کی وجہ سے بے چینی ہو، آرام کسی طور نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً تکلیف سے نجات ملے گی۔

وہ عمل یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

سب سے پہلے تین مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

پڑھے۔ اس کے بعد سات مرتبہ پڑھے

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص صبح بعد نماز فجر باوضو ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور اس کے بعد سورۃ مؤمن کی پہلی تین آیتیں پڑھ لے گا وہ انشاء اللہ تعالیٰ اس دن ہر بلا، ہر تکلیف اور ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سورۃ مؤمن کی پہلی تین آیتیں یہ ہیں۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِیْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ۝

غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ہ

دعا ضرور قبول ہونے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو اور اس کا مقصد ضرور پورا ہو تو اس کے لئے یہ دعا مانگنے کے بعد اپنے مقصد کی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الطَّاهِرِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ الْاَحَبِّ اِلَيْكَ الَّذِىْ اِذَا دُعِيْتَ بِهٖ اَجَبْتَ وَاِذَا سُئِلْتَ بِهٖ اَعْطَيْتَ وَاِذَا اسْتُرْحِمْتَ بِهٖ رَحِمْتَ وَاِذَا اسْتُفْرِجْتَ بِهٖ فَرَّجْتَ۔

پریشانی دور کرنے کا عمل

اگر کسی کو کوئی پریشانی چمٹ گئی ہو یا کوئی غم لپٹ گیا ہو تو اس کے لئے اپنا دایاں ہاتھ سر پر پھیرتا جائے اور کہتا جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اس عمل کو چند مرتبہ کرنے کے بعد اپنا دایاں ہاتھ اپنی پیشانی (ماتھے) پر پھیرتا جائے اور کہتا جائے:

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ عَنِّى الْهَمَّ وَالْحُزْنَ

اپنے بیوی بچوں کو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دینا

اگر کوئی شخص جب کسی کام سے یا ملازمت کے سلسلے میں یا سفر میں کہیں جاتا ہے تو اپنی جان، اپنے اہل وعیال اور مال واسباب کے بارے میں اکثر فکرمند رہتا ہے کہ بیوی بچوں کو نقصان نہ پہنچے۔ گھر میں ڈاکو نہ آجائیں۔ مال واسباب کو لوٹ کر کوئی نہ لے جائے۔ مال کو نقصان نہ پہنچے۔ اہل وعیال اور گھر والوں اور مال و اسباب کی حفاظت کے لئے تین تین بار یہ کلمات کہہ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بیوی، بچے، مال ودولت اور گھر محفوظ ہو جائے گا اور ان سب کو کوئی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِىْ وَنَفْسِىْ وَوَلَدِىْ وَاَهْلِىْ وَمَالِىْ۔

شیطان کے شر سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطان کے اثرات سے طرح طرح کے گناہوں میں مبتلا ہے اور دل ودماغ میں گناہوں کے خیالات کثرت سے آتے ہیں اور طرح طرح کے گناہ ہوجاتے ہیں۔ اس سے بچنے کے لئے بعد نماز فجر یہ کلمات

تین بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سارا دن شیطان کے شر سے اور شیطانی خیالات و گناہوں سے محفوظ رہے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَوَجْھِہِ الْکَرِیْمِ وَسُلْطَانِہِ الْقَدِیْمِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ؕ

ہر قسم کا ڈر، خوف، گھبراہٹ اور وحشت دور کرنا

اگر کوئی شخص رات کو اپنے راستے میں، یا گھر میں یا جہاں ٹھہرا ہوا ہے اس جگہ میں کوئی ڈراؤنی چیزیں دیکھے یا کوئی چیز رات کے اندھیرے میں اسے ڈرائے۔ اسی طرح نیند میں جھٹکا لگے اور نیند اچاٹ ہو جائے (غائب ہو جائے) یا ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں تو ان سب کے خاتمہ کے لئے یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ان کلمات کی برکت سے ہر قسم کا ڈر خوف دور ہو گا، ڈراؤنی شکلیں نظر نہیں آئیں گی اور نیند میں بھی کوئی نہیں ڈرائے گا، پرسکون نیند آئے گی۔ اندھیرے راستے میں بھی کوئی رکاوٹ نہیں بنے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ ۝

ہر بیماری اور درد سر سے نجات

مندرجہ ذیل دعا ہر بیماری سے نجات کا ذریعہ ہے۔ اس دعا کو بیمار ایک مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ یہ عمل دن میں دو مرتبہ کرے صبح بعد نماز فجر اور شام کو بعد نماز مغرب۔ اسی طرح سر میں درد ہو تو سر پہ ہاتھ رکھ کر ایک مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ صحت حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَی الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِہٖ اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ سَکَّنْتُکَ بِالَّذِیْ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا۔

ہر قسم کا غم دور کرنا

اگر کسی آدمی کو کسی قسم کا غم لپٹ جائے اور وہ غم کسی طور جان نہ چھوڑتا ہو تو اس سے نجات کے لئے ان الفاظ کو پڑھ کر اس غم سے نجات کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا غم دور ہو جائے گا۔

وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَا حَلِیْمُ۔ یَا عَلِیْمُ۔ یَا عَلِیُّ۔ یَا عَظِیْمُ

سخت ترین مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی آدمی کسی سخت مصیبت میں پھنس گیا ہو یا کوئی مقدمہ سخت ہو اس میں کامیابی انتہائی ضروری ہو تو اس کے لئے ایک لاکھ اکیاون ہزار (۱۵۱۰۰۰) مرتبہ یہ اسماء پڑھے۔ تھوڑا تھوڑا کر کے تعداد پوری کر لے۔ اس دوران شرط یہ ہے کہ باوضو پڑھے۔ کپڑے پاک ہوں۔ بدن پاک ہو، جگہ پاک ہو۔ مصلیٰ پاک ہو۔ بدن اور کپڑوں پر خوشبو لگائیں۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا حَلِیْمُ۔ یَا عَلِیْمُ۔ یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ

دعا کا قبول ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو

اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو جائے تو دعا کرنے سے پہلے ان الفاظ کو زبان سے ادا کرے اس کے بعد دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہو گی۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَا رَجَآءَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تَقْطَعْ رَجَآءَنَا

یَا غِیَاثَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَغِثْنَا

یَا مُعِیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَعِنَّا

یَا مُحِبَّ التَّوَّابِیْنَ تُبْ عَلَیْنَا

اولاد کے زندہ رہنے کے لئے

اگر کسی عورت کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو تو

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کو اکسٹھ (۶۱) بار باوضو کسی پاک کاغذ پر لکھا جائے اور تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر عورت اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی اور بڑی عمر کی ہو گی۔ یہ عمل مجرب اور آزمودہ ہے۔

ہر قسم کا غم دور کرنا اور حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی غم لپٹ گیا ہو یا کسی غم سے انسان پیچھا چھڑانا چاہتا ہو تو وہ اس کے لئے ستر ہزار مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء ان کلمات کو پڑھے اور انشاء اللہ

تعالیٰ سارا غم فوراً دور ہو جائے گا اور اللہ تعالیٰ ہر قسم
کی حاجت پوری فرمائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ہر قسم کی سخت بیماری سے صحتیابی

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو مثلاً
کینسر، کالا یرقان، خطرناک پھوڑا، پیٹ کا السر، شوگر
(ذیابیطس) وغیرہ میں مبتلا ہو تو ان امراض سے
صحتیابی کے لئے یہ عمل انشاء اللہ تعالیٰ بہت مفید ہے۔
صبح کے وقت سورۂ فاتحہ اکیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، کے ساتھ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں
پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کرے۔
منہ دھو کر باوضو سورۂ فاتحہ اکیس بار بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھ کر ایک گلاس پانی
پر دم کر کے وہ پانی تھوڑا تھوڑا چار وقت پی لے۔ پینے
کے چار وقت یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل
(۲) دن کو زوال سے قبل (گیارہ بجے)
(۳) بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے قبل)
(۴) بعد نماز عشاء (سوتے وقت)

یَا سَلَامُ ایک سو تینتالیس (۱۴۳) مرتبہ پڑھ کر

دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔
اگر مریض خود نہ کر سکے تو کوئی دوسرا یہ عمل کر دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہی تندرست ہو جائے گا۔
اس سلسلے میں روزانہ حسبِ حیثیت صدقہ بھی
کر دیا کرے۔

سحر یا سفلی کا علاج

اگر کسی آدمی پر سحر یا سفلی کرا دیا گیا ہو اور وہ سر درد،
پیٹ کے درد، بدن کے درد، بخار، سر چکرانے، بھوک
نہ لگنے کی شکایت کرتا ہو تو اس کے لئے بیری کے سات پتے
لے کر سل بٹے پر کوٹ لے یا پیس لے۔ اور اس کو پانی
میں ڈال کر آیۃ الکرسی ایک بار باوضو پڑھ کر اس
پانی پر دم کرے اور مریض کو تین گھونٹ پانی پلائے۔
باقی پانی سے مریض کو نہلا دے۔ یہ عمل تین دن یا سات
دن کرے۔ اگر مریض تین دن میں صحیح اور تندرست
ہو جائے تو چھوڑ دے ورنہ سات دن یہ عمل کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد ہی سحر یا سفلی جادو سے
صحتیاب ہو گا۔
مجرب عمل ہے۔ یہ عمل اس آدمی کے لئے بہت
مؤثر ہے جس کی قوت مردمی باندھ دی گئی ہو اور بیوی
کے قابل نہ رہا ہو۔ اگر سات دن میں قوت مردمی بحال نہ ہو

تو چودہ ۱۴ دن یہ عمل کرے۔

مرض، آسیب، جن کا خلل دور کرنا

اگر کسی آدمی کو کوئی مرض لپٹ گیا ہو یا آسیب و جن کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے لئے لفظ

اَللّٰہُ

چھیاسٹھ (۶۶) بار باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی دن میں چار وقت مریض کو تھوڑا تھوڑا پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور تندرست ہو جائے گا۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل۔
(۲) دوپہر گیارہ بجے (زوال سے پہلے)
(۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے پہلے)
(۴) بعد نماز عشاء (سونے سے پہلے)

آسیب کے اثر کا علاج

ایک چینی کی پاک صاف پلیٹ لے کر پانی میں زعفران گھول کر اس سے تمام پلیٹ پر اسم الٰہی

اَللّٰہُ

باوضو لکھے اور اس طرح لکھے کہ پلیٹ پر کوئی جگہ خالی نہ رہے پوری پلیٹ بھر جائے پھر اس پلیٹ کو پانی میں

گھول کر وہ پانی آسیب والے کو چار وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب، جن، بھوت، پریت کا اثر ختم ہو جائے گا۔ یہ عمل چند دن کرے۔ ایک ہی دن چند پلیٹیں لکھ کر رکھ لے روزانہ ایک پلیٹ کا پانی استعمال کرے۔ پینے کے اوقات یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے قبل
(۲) دوپہر گیارہ بجے (زوال سے پہلے)
(۳) بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے قبل)
(۴) بعد نماز عشاء (سونے سے قبل)

ظالم حاکم کے سامنے جانا

اگر کسی کا واسطہ کسی ظالم حاکم سے پڑ جائے تو جب بھی اس حاکم کے پاس جائے تو جاتے ہوتے یہ اسماء پڑھتا ہوا جائے، پڑھنے کی تعداد مقرر نہیں ہے جتنی مرتبہ بھی پڑھ سکے پڑھ لے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور اگر کوئی کام کرنے کا ہوا تو وہ بھی کر دے گا۔

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز پڑھ کر کسی سے

بات نہ کرے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے مغرب کی اذان تک

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

برابر پڑھتا رہے اور اذان شروع ہونے سے چند منٹ قبل اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہوگی اور مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا۔

درختوں کے پھل میں برکت

اگر کوئی شخص اپنے باغ کے درختوں پر کثرت سے پھل ہونے کا متمنی ہو اور چاہتا ہو کہ اس کے درخت پھلوں سے خوب لد جائیں اور ان پر خوب پھل لگیں اور پھل ہر قسم کے نقصان اور کیڑہ لگنے سے محفوظ رہیں تو اس کے لئے ایک چینی کی پلیٹ پر اسم الٰہی

اَلرَّحِیْمُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو لکھے اور وہ پانی تھوڑا تھوڑا تمام درختوں کی جڑوں میں پھل آنے سے پہلے ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ درختوں پر خوب پھل لگے گا۔

اپنے عہدہ پر قائم رہنا

اگر کوئی چاہتا ہو کہ وہ اپنے عہدہ پر قائم رہے۔ سب اس کی اطاعت کریں اور اس کو معزول نہ کیا جائے نہ اس جگہ سے اس کا تبادلہ کیا جائے تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھا کرے۔

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ

غریبی دور کرنا

اگر کوئی شخص غریب اور مفلس ہو اس کا گذارہ مشکل سے ہوتا ہو اور آمدنی محدود ہو تھوڑی سی آمدنی اور خرچہ زیادہ ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بیس بار یہ اسم الٰہی پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن بعد اس کے آثار دیکھے گا کہ مال کی آمد شروع ہوگی اور آہستہ آہستہ مالی مشکلات کا خاتمہ ہوگا اور مالدار بن جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا مَالِكُ

دشمن مہربان، بیوی مطیع اولاد فرمانبردار

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا دشمن دشمنی چھوڑ دے اور مہربان بن جائے یا بیوی کہنا نہیں مانتی

وہ اطاعت گذار بن جائے یا اولاد نافرمان ہے فرمانبردار
بن جائے تو اس کے لئے یہ اسم الٰہی

یَا قُدُّوْسُ

کو تین سو انیس (۳۱۹) بار باوضو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم
کرکے دشمن، بیوی یا اولاد کو کھلا دے انشاءاللہ تعالیٰ
دشمن دوست اور بیوی اطاعت گذار اور اولاد
فرمانبردار بن جائے گی۔

ہر مرض سے صحتیابی

اگر کوئی شخص کسی بھی مرض میں مبتلا ہو وہ اگر خود
یا کوئی دوسرا اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

کو ایک سو اکسٹھ (۱۶۱) بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے یا مریض
خود پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کرکے اپنے تمام بدن
پر مل لے تو انشاءاللہ تعالیٰ مریض جلد تندرست
ہو جائے گا۔

دشمن کے لشکر کو شکست دینے کے لئے

اگر کوئی دشمن کافر مشرک یا غیر مسلم حملہ کرنے
آرہے ہوں تو دشمن کی طرف ہاتھ کا اشارہ کرکے ستر بار
یہ اسم مبارک پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا

اور حملہ نہ کرسکے گا اور واپس بھاگ جائے گا۔
وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا عَزِیْزُ

گمشدہ کی واپسی

اگر کسی کا مال گم ہو گیا ہو یا ڈاکو سامان لوٹ کر لے گئے
ہوں یا کوئی گھر کا فرد یا نوکر بھاگ گیا ہو اسکی واپسی
ضروری ہو تو اس اسم الٰہی کو باوضو ایک بیٹھک (نشست)
میں پانچ ہزار بار پڑھے۔ جب تک مال یا شخص واپس
نہ آئے برابر پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالیٰ مال واپس
مل جائے گا اور گھر کا بھاگا ہوا آدمی بھی واپس آجائے گا۔
وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَا خَالِقُ

اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو
تو وہ عورت سات دن متواتر بلا ناغہ روزے رکھے اور
پانی سے روزہ افطار کرے اس کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ

یَا بَارِئُ

پڑھے یہ عمل ہر مہینہ ایام سے پاک ہونے پر کرے
جب تک حمل نہ ٹھہرے برابر عمل کرتی رہے۔ انشاءاللہ

تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اور زیادہ عمر کا ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔
شرط پابندی سے عمل کرنا ہے۔

ہر حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص بہت ضروری مقصد رکھتا ہو اور اس کا پورا ہونا لازمی چاہتا ہو تو اس کے لئے اپنے گھر میں مسجد میں کھلے آسمان کے نیچے یعنی سر پر کسی قسم کی چھت نہ ہو سر سے ٹوپی یا پگڑی اتار کر ننگے سر ہاتھ اٹھا کر ایک سو (۱۰۰) بار

یَا قَہَّارُ

پڑھے گا اور اپنی حاجت پورا ہونے یا مقصد میں کامیابی کی دعا کرے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

مال دار ہونے کا عمل

کوئی شخص غریب ہو۔ کھانے کا بندوبست مشکل ہوتا ہو غربت کے سبب کوئی ضرورت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے چاشت (دن کے نو بجے یا دس بجے) کے وقت چار رکعت چاشت کی نماز دو دو رکعت کر کے ادا کرے پھر سلام پھیر کر سجدے میں جا کر

یَا وَہَّابُ

ایک سو چار ۱۰۴ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے رزق میں زیادتی

اور برکت کی دعا کرے یہ عمل پابندی کے ساتھ روزانہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل پر پابندی کرنے کی برکت سے جلد ہی مالدار ہو جاتے گا۔

رزق کے دروازے کھولنا

جو آدمی مفلس اور بے روزگار ہو اس کے لئے یہ عمل بہت تیر بہدف ہے اور عمل میں زیادہ محنت بھی نہیں ہے لیکن رزق کے دروازے کھولنے کا عظیم سبب ہے۔ عمل یہ ہے۔

اپنے مکان کے چاروں کونوں میں نماز فجر سے پہلے دس دس مرتبہ

یَا رَزَّاقُ

پڑھ پڑھ کر ہر ہر کونے میں دم کرے اور منہ قبلے کی طرف رکھے اور شروع مکان کے داہنے کونے سے کرے۔ یہ عمل روزانہ ہمیشہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھل جائیں گے اور بیماری اور مفلسی اس گھر میں ہرگز نہ آئے گی۔ مجرب عمل ہے۔

برائے استخارہ

اگر کوئی شخص کسی بات کی بابت معلوم کرنا چاہتا ہے یا کسی کاروبار یا شادی یا سفر یا شراکت داری کی بابت

معلوم کرنا چاہتا ہے کہ اس کے لئے مفید ہے یا نقصان دہ
تو ایک سو بار

یَا عَلِیْمُ

عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر باوضو پاک بستر پر دائیں
کروٹ قبلہ رُخ سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب
میں اس کام کی خوبی یا خرابی معلوم ہو جائے گی۔

نامعلوم بات کا معلوم کرنا

اگر کسی کو کسی نامعلوم بات کی بابت معلوم کرنا ہو
کہ بھاگا ہوا شخص اسی شہر میں ہے یا دور چلا گیا ہے۔
مریض پر جادو غیر لوگوں نے کرایا ہے یا رشتہ داروں نے۔
اس کاروبار میں گھاٹا ہوگا یا نفع، یہ بیمار جلد صحتیاب
ہو گا یا اس کی بیماری طویل عرصے چلے گی یا مجھے امتحان میں
کامیابی حاصل ہو گی یا فیل ہو جاؤں گا۔ اس ادارے
میں انٹرویو اور ٹیسٹ دیا ہے وہاں ملازمت
مل جائے گی یا ناکامی ہو گی۔ باہر کے ملک جانے کا
ارادہ ہے اس میں کامیابی ہو گی یا ناکامی کا منہ دیکھنا
پڑے گا۔

اس کے لئے بعد نماز عشاء تمام کاموں سے فارغ
ہو کر وضو کرے دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے
بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ستر (۷۰)

مرتبہ
سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّكَ
أَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ۔
پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔
يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ يَا خَبِيْرُ أَخْبِرْنِيْ يَا
مُبِيْنُ بَيِّنْ لِيْ۔

اس کے بعد باوضو ہی پاک بستر پر قبلہ رُخ اپنے
مقصد کو دماغ میں رکھ کر لیٹ جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
رات کو معلوم ہو جائے گا اگر پہلے دن معلوم نہ ہو تو
چند دن یہ عمل کرے۔

فقر و فاقہ، دکھ بیماری، تنہائی، کسمپرسی، مصیبت

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو۔ گھر میں اکثر کھانے
کو نہیں ہوتا اسی کے ساتھ دکھ اور بیماری بھی گھیرے
ہوئے ہے۔ اس حالت میں دوست احباب اور
رشتہ داروں نے ملنا جلنا چھوڑ دیا ہے۔ ہر طرح سے آدمی
تنہا اور بے وسیلہ ہو چکا ہے۔ اس مصیبت سے نجات
کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ

يَا لَطِيْفُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام پریشانیاں، بیماریاں،
مصیبتیں دور ہو جائیں گی اور جملہ دوست، احباب

اور رشتہ دار گرویدہ ہو جائیں گے۔

استخارہ کے لئے

اگر کوئی شخص استخارہ کرنا چاہتا ہے اور یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ یہ کام اچھا رہے گا یا بُرا، فلاں کے ساتھ کاروباری شراکت مفید رہے گی یا نقصان دہ، فلاں جگہ رشتہ صحیح ہے یا غلط، فلاں کے ساتھ دوستی درست ہے یا نقصان دہ اس کے لئے

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ

تین سو بار باوضو پڑھے اور پاک بستر پر قبلہ رُخ سو جائے۔ درمیان میں کسی سے بات چیت نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس بات کا نیک و بد حال سوتے میں معلوم ہو جائے گا۔ اچھا خواب دیکھے تو معاملہ کرلے اگر خواب ڈراؤنا دیکھے تو انکار کر دے اسی طرح سونے کے بعد گھبراہٹ یا ذہن پر بوجھ محسوس کرے تو معاملہ غلط ہے نہ کرے اگر دل و دماغ پر فرحت و خوشی محسوس ہو تو اس معاملے کو کرنے میں فائدہ ہے۔

مقدمہ میں کامیابی

اگر کسی کا مقدمہ لگ گیا ہو اور عدالت میں جب پیشی ہو تو پانی سے ہاتھ بھگو کر گیارہ مرتبہ

یَا حَلِیْمُ

پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کر کے اپنے چہرے (منہ) پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سختی نہ کر سکے گا اور حاکم یا جج نرمی و مہربانی سے پیش آئے گا۔ جب بھی پیشی ہو یہ عمل کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا اور کامیابی حاصل ہوگی۔

بُرے اخلاق اور روحانی امراض سے حفاظت

اگر کوئی شخص بُرے اخلاق کا مالک ہو اور ہر کسی سے اس کا جھگڑا ہوتا ہو یا وہ روحانی امراض میں مبتلا ہو حسد، بغض، کینہ، دشمنی، غیبت، ان کے علاوہ زنا، شراب اور جوا وغیرہ جیسے گناہوں میں مبتلا ہو تو ان سب روحانی امراض سے چھٹکارہ کے لئے ہر نماز کے بعد ایک سو ایک بار

یَا غَفُوْرُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے ان تمام روحانی امراض سے نجات حاصل ہوگی اور مال و صحت میں برکت ہوگی۔ تندرستی قائم ہوگی۔

دمہ، تھکن، جسم کا بھاری پن

اگر کسی شخص کو دمہ کی شکایت ہو یا تھکن رہتی ہو یا جسم بھاری رہتا ہو تو اسم الٰہی

یَاشَکُوْرُ

گیارہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پانی پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

عہدہ پر بحالی کے لئے

اگر کوئی آدمی اپنے عہدہ سے معزول ہو گیا ہو یا عہدہ سے نیچے والے عہدے پر لگا دیا گیا ہو اور چاہتا ہو کہ اپنے سابقہ عہدے پر بحال ہو جائے تو اس کے لئے مسلسل سات روزے رکھے اور روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَاکَبِیْرُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے عہدہ پر بحال ہو جائے گا اور اسے بزرگی اور برتری نصیب ہوگی۔ معزول کرنے والے افسر خود ذلیل و خوار ہو کر وہاں سے تبادلہ ہو کر چلے جائیں گے۔

بیمار کی صحتیابی کے لئے

اگر کوئی شخص مسلسل بیمار چل رہا ہو اور اس کی بیماری ختم نہ ہوتی ہو یا کسی کو کوئی موذی مرض چمٹ گیا ہو تو اس کے لئے مریض خود پڑھ لے یا کوئی دوسرا مرد ہو یا عورت، بچہ ہو یا بچی نو مرتبہ

یَاکَبِیْرُ

پڑھ کر مریض پر دم کر دیا کرے اگر مریض خود پڑھے تو نو مرتبہ پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے تمام بدن پر مل لے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو اپنے سینے پر دم کر لے۔ یہ عمل نوے (۹۰) دن مسلسل کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

روزی میں برکت اور اضافہ

اگر کسی شخص کی روزی تنگ ہو گذارہ مشکل سے ہوتا ہو تو اس کے لئے روزانہ یہ اسم بارہ ہزار بار باوضو پڑھے اول و آخر ایک ایک سو بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل باوضو بہتر (۷۲) دن بلاناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور اضافہ ہوگا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے۔

یَابَاسِطُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

مشکل آسان کرنا

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے اور وہ مشکل آسان نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے ہر نماز کے بعد باوضو

یَاخَافِضُ

ایک ہزار چار سو اکیاسی (۱۴۸۱) بار پڑھے جب تک مشکل آسان نہ ہو جائے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو جائے گی اور کام ہو جائے گا۔

بڑے دشمن کو ناکام کرنا

اگر کسی کے دشمن اثر و رسوخ والے ہوں یا بڑے طاقتور ہوں یا طاقتور گروہ سے تعلق رکھتے ہیں اور ان کا مقابلہ مشکل ہو اور ان کے نقصان سے محفوظ رہنا ناممکن ہو تو اس کے لئے تین دن مسلسل روزے رکھے۔ پھر چوتھے دن ایک ہی مجلس (بیٹھک) میں چند آدمی مل کر

یَاخَافِضُ

ستر ہزار (۷۰۰۰۰) مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دشمنوں کی ناکامی اور آپس میں لڑائی جھگڑا پیدا ہونے کی دعا کریں اور یہ دعا کریں کہ دشمن ہمیشہ کے لئے یہاں سے دفع ہو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام ہو کر شہر چھوڑ جائے گا

روزی میں برکت کے لئے

جو شخص غربت کے باعث پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی روزی میں اضافہ اور برکت پیدا ہو تو اس کے لئے قبلہ رُخ بیٹھ کر باوضو اکتالیس ۴۱ بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی روزی میں برکت اور اضافہ محسوس کرے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَارَقِیْبُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ

گم شدہ بچہ یا چیز کا ملنا

اگر کسی کا بچہ گُم ہو جائے یا چیز گم ہو جائے یا گھر سے کوئی ناراض ہو کر چلا جائے یا کوئی جانور لاپتہ ہو جائے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَارَقِیْبُ

کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ بچہ یا چیز یا جانور مل جائے گا۔ جب تک نہ ملے برابر پڑھتا رہے چلتے پھرتے وضو بے وضو ہر حال میں پڑھتا رہے۔

میاں بیوی کا جھگڑا ختم

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو۔ گھر کا سکون برباد

ہو چکا ہو۔ ہر وقت کی بک بک جھک جھک سے بچے الگ پریشان رہتے ہوں۔ نہ رات کو سکون نہ دن کو چین۔ ایسی صورت میں

یَا وَدُوْدُ

ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر تمام کھانے پر دم کرے اور سب گھر والے ایک ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپس کا جھگڑا ختم ہو کر باہمی محبت و پیار پیدا ہو گا اور گھر کا سکون لوٹ آئے گا۔ مجرب عمل ہے۔

ہر قسم کی پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی شخص کسی قسم کی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا اس پر اچانک پریشانی آجائے تو اس کے دور کرنے کے لئے اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اور اس کے بعد یہ دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند مرتبہ یہ عمل کرنے سے تمام پریشانی دور ہو جائے گی۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ اَللّٰهُمَّ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدِ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ مَلَاَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ وَ

بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ قَدَرْتَ بِهَا عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِكَ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ یَا غِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ۔

ہر قسم کے موذی مرض سے نجات

اگر کوئی شخص کسی موذی مرض میں مبتلا ہو مثلاً برص، آتشک، جذام، شوگر، بلڈ پریشر، کینسر، کالا یرقان وغیرہ تو وہ چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ تاریخ کو روزے رکھے اور افطار کے بعد مغرب کی نماز پڑھ کر کثرت سے

یَا مَجِیْدُ

پڑھتا رہے اور عشاء کی اذان کے وقت پانی پر دم کر کے پی لے۔ یہ عمل تینوں دن برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

عزت کا مقام حاصل کرنے کے لئے

جس شخص کو اپنے گھر، اپنے دوستوں، اپنے ملنے جلنے والوں میں عزت کا مقام حاصل نہ ہو اور لوگ اسے بے عزت اور گھٹیا خیال کرتے ہوں تو اس کے لئے روزانہ

بعد نماز فجر ننانوے ۹۹ بار

یَا مَجِیْدُ

پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے ہتھیلیاں اپنے تمام
بدن پر پھیر لے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس ۴۱ دن عمل کرنے کی
برکت سے ہر جگہ عزت ملے گی اور دوست احباب میں
باعزت شمار ہوگا:

بیوی اور اولاد کا فرمانبردار ہونا

جس شخص کی بیوی یا اولاد نافرمان ہو اور اس کا
کہنا نہ مانتے ہوں ہر وقت مخالفت کرتے رہتے ہوں
تو اس کے لئے صبح کے وقت بچہ یا بیوی کی پیشانی (ماتھے)
پر ہاتھ رکھ کر اکتیس ۳۱ مرتبہ

یَا شَہِیْدُ

پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیوی یا بچہ فرمانبردار
بن جائے گا۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو
اس کے لئے آدھی رات کو اٹھ کر ننگے سر ایک سو آٹھ
(۱۰۸) مرتبہ

یَا حَقُّ

پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے قید سے
رہائی مل جائے گی۔

گمشدہ چیز کا ملنا

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا بچہ غائب ہو جائے
تو ایک پاک چوکور (چار کونے والا) کاغذ لے کر ہر کونے پر

اَلْحَقُّ

لکھے اس طرح:

آدھی رات کو اس کاغذ کو دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر
پر کھلا رکھ کر بغیر چھت کی جگہ آسمان کے نیچے کھڑا
ہو جائے اور

یَا حَقُّ

ایک سو ننانوے (۱۹۹) بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ
گمشدہ چیز یا بچہ مل جائے گا۔

—

بُرے کاموں سے بچنے کا عمل

اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا بندہ اور حضور اکرم حضرت محمد مصطفٰے احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا امتی اور آپ سے محبت کرنے والا ہو لیکن پھر بھی گناہوں میں مبتلا ہو اور بار بار اس گناہ کا ارتکاب کرتا ہو لاکھ سمجھانے کے باوجود گناہ سے نہیں بچ سکتا تو اس کو چاہیئے کہ دس بار

یَا وَکِیْلُ

پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے اور دس بار یہ اسم مبارک لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پی لے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے اس گناہ سے ہمیشہ کے لئے بچ جائے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

اگر کسی کی روزی تنگ ہے۔ محدود آمدنی میں گھر کا گزارہ مشکل ہے گھر میں ہر چیز کی کمی رہتی ہے۔ پیٹ بھر کر کھانا نصیب نہیں ہوتا ہر وقت طبیعت پریشان رہتی ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب اور مفید ہے۔ باوضو ایک بیٹھک (نشست) میں ایک ہزار بار

یَا قَوِیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار بار یہ آیت پڑھے

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ہ

یہ عمل اکتالیس دن بلا ناغہ کرے اور پڑھنے کا ایک وقت مقرر کر کے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں اضافہ شروع ہو جائے گا۔ عمل شرط ہے۔

طاقتور دشمن کو دفع کرنا

اگر کوئی دشمن طاقتور اور خطرناک ہو اور ہر وقت نقصان کے لئے تیار رہتا ہو اور نقصان پہنچانے کے نئے نئے منصوبے بناتا رہتا ہو تو اس کے نقصان سے محفوظ رہنے اور اس کو دفع کرنے کے لئے تھوڑا سا خمیری آٹا لے کر اس کی ایک ہزار ایک سو (گیارہ سو۔ ۱۱۰۰) چنے کے برابر یا اس سے بھی چھوٹی گولیاں بنائے اور پھر

یَا قَوِیُّ

ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گولی پر دم کرے اور وہ گولی مرغ کو کھلا دے۔ یہاں تک کہ سب گولیاں مرغ کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دشمن مغلوب ہو گا، قہر خداوندی میں مبتلا ہو گا اور وہاں سے دفع ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے پہلے کسی شریعت کے پابند

نیک دل عالم دین سے مشورہ کرلے اور پھر کرے ورنہ ناجائز طور پر کسی کو تباہ و برباد کرنے کی کوشش کرے گا تو خود تباہ ہونے کا ڈر ہے۔ لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

فاسق و فاجر لڑکے یا لڑکی کی اصلاح

اگر کسی کی لڑکی یا لڑکا غلط کاموں میں گرفتار ہو اور کسی طور بھی اپنی نازیبا حرکتوں سے باز نہیں آتے تو

اَلْقَوِیُّ الْمَتِیْنُ

دس مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس لڑکے یا لڑکی کو وہ پانی پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس (۴۱) دن کے عمل سے وہ راہ راست پر آجائیں گے۔

بُری عادتیں دور کرنا

اگر کوئی شخص بُری عادتوں میں مبتلا ہو یا اس کی اولاد بُری عادتوں کی عادی ہو تو ان کے صحیح ہونے کے لئے مسلسل پینتالیس (۴۵) دن ترانوے (۹۳) مرتبہ روزانہ

یَا حَمِیْدُ

باوضو پڑھے اور بُری عادتوں سے نجات کی دعا کرے۔ اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ کا فضل ہوگا اور انشاء اللہ تعالیٰ تمام بُری عادتیں چھوٹ جائیں گی۔

خود کو عزت والا اور محبوب بنانا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اور اس سے محبت کریں۔ اُس کی محبت و عزت ان کے دلوں میں بیٹھ جائے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا بَاطِنُ

ہر فرض نماز کے بعد تینتیس (۳۳) مرتبہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص بھی اسے دیکھے گا محبت کرے گا۔ اور اس کے ساتھ عزت و احترام کا برتاؤ کرے گا۔

زمین، امانت، کاغذات کی حفاظت

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی زمین پر کوئی قبضہ نہ کرے۔ اسی طرح اگر کوئی رقم یا کوئی چیز یا مکان یا دوکان یا گاڑی کے کاغذات کسی کے پاس رکھواتے ہیں وہ کاغذات محفوظ رہیں اور ان میں خیانت نہ ہو تو ایک کاغذ پر

اَلْبَاطِنُ

باوضو لکھ کر ان کاغذات میں رکھ دے۔ اگر زمین ہے تو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر ایک پلاسٹک کی

بوتل میں بند کر کے زمین کے درمیان بہت گہرائی میں
دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس زمین پر کوئی
قبضہ نہ کر سکے گا۔ اور زمین محفوظ رہے گی اور کاغذات
و امانت بھی محفوظ رہے گی۔

شراب اور زناکاری سے حفاظت

جو شخص شراب کی بُری لت میں گرفتار ہو یا زناکاری
جیسے خبیث عمل میں مبتلا ہو اور اس سے بچنا چاہتا ہو
تو ہر نماز فرض کے بعد سات مرتبہ

اَلْبَرُّ

پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ شراب کی عادت چھوٹ
جائے گی اور اسی طرح زناکاری سے نفرت ہو جائے گی۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو سانپ ڈس لے (کاٹ لے)
تو اسمائے الٰہی

اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ

کو ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو پڑھ کر کاٹے
ہوئے مقام پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
سانپ کا کاٹا ہوا مریض تندرست ہو جائے گا۔

گرفتاری سے بچنے کا عمل

اگر کسی شخص کو کسی سلسلے میں اپنی گرفتاری کا ڈر
ہو تو گرفتاری سے محفوظ رہنے کے لئے نماز فجر سے قبل
باوضو ایک سو پچیس (۱۲۵) بار اسم الٰہی

یَا صَمَدُ

سجدے میں سر رکھ کر پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی
حفاظت اور دشمن کی ناکامی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ
تعالیٰ حالات ایسے بدل جائیں گے کہ گرفتاری سے
بچ جائے گا۔

لڑکا ہونے کے لئے

جس شخص کے لڑکا نہ ہوتا ہو اور لڑکیاں ہی لڑکیاں
ہوں تو وہ شخص روزانہ باوضو چالیس۴۰ مرتبہ

اَلْاَوَّلُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مراد پوری ہوگی
اور لڑکا ہوگا۔

تمام حاجتیں پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی تمام حاجتیں
پوری ہوں اور وہ اپنے جملہ مقاصد میں کامیاب ہو تو

اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔ اول دو رکعت نماز نفل ادا کرے اس کے بعد ایک سو پینتالیس (۱۴۵) مرتبہ

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

پڑھے۔ اور روزانہ پڑھتا رہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرنے کی برکت سے اس کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

بیماری سے نجات اور لمبی عمر کے لئے

اگر کوئی شخص ایک ہزار بار اسم الٰہی

یَا حَیُّ

پڑھ کر بیمار پر دم کرے یا بیمار خود پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کرے اور تمام بدن پر پھیر لے تو جلد ہی انشاء اللہ بیماری سے نجات حاصل ہو گی اور مریض کی عمر لمبی ہو گی۔ مجرب عمل ہے۔

گھر کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا تمام گھر اور اسمیں رہنے والے تمام بیماریوں سے محفوظ رہیں۔ نیز وبائی امراض اور خطرناک بیماریاں (چیچک، یرقان، ہیضہ، کالا یرقان، موتی جھرا یعنی ٹائیفائیڈ وغیرہ)

اس گھر میں داخل نہ ہوں تو اسم الٰہی

اَلْحَیُّ

ایک سو بیس (۱۲۰) بار باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دروازے پر لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں رہنے والے تمام افراد ہر قسم کی بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

نیند نہ آنے یا زیادہ نیند آنے کا عمل

اگر کسی آدمی کو رات کو نیند نہ آتی ہو اور رات جاگ کر گذارتا ہو تو یہ دو آیتیں ایک ایک مرتبہ پڑھے۔

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ فَضَرَبْنَا عَلٰى اٰذَانِهِمْ فِى الْكَهْفِ

انشاء اللہ تعالیٰ جلد نیند آجائے گی۔

اسی طرح جو شخص بہت زیادہ سونے کا عادی ہو اس کے لئے یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نیند بھاگ جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

الٓمّٓ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ

چوری گیا ہوا مال ملنا

اگر کسی کے گھر چوری ہو گئی ہو اور چور ڈاکو لوٹ مار کر کے سامان لے گئے ہوں تو کثرت سے چلتے پھرتے،

وضو، بے وضو ہر وقت

یَا مُبْدِئُ

پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ اس کا پڑھنا چھوڑ دے۔
جب تک مال نہ ملے برابر پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
مال ضرور مل جائے گا۔ عمل شرط ہے اور اللہ تعالیٰ پر
سچا عقیدہ رکھے کہ اس کا نام بابرکت ہے میرا گیا ہوا مال
ضرور ملے گا۔

گم شدہ اور کھویا ہوا مال یا لڑکا مل جائے

اگر کسی کا مال کھو گیا ہو یا لڑکا، لڑکی یا عورت،
نوکر بھاگ گئے ہوں یا غائب ہو گئے ہوں تو اس کے
لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے۔ عمل یہ ہے۔
جب گھر کے تمام آدمی سو جائیں تو گھر کے چاروں
کونوں میں کھڑے ہو کر ستر ستر مرتبہ اسم الٰہی

یَا مُعِیْدُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ شخص یا مال سات
دن میں مل جائے گا یا اس کا پتہ معلوم ہو جائے گا۔

بیماری سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس کی صحت خراب ہو
تو اس کے لئے اسم الٰہی

اَلْحَیُّ

باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر چینی کی
پلیٹ میں اس طرح لکھے کہ تمام پلیٹ میں یہ نام
لکھا ہوا ہو کوئی جگہ پلیٹ میں خالی نہ رہے۔ اس
پلیٹ کو میٹھے پانی سے دھو کر مریض کو پلایا جائے۔
ایک پلیٹ کا پانی تین دن تک مریض کو صبح وشام
پلا جائے جب تک مریض صحتیاب نہ ہو جائے برابر
پلاتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تندرست
ہو جائے گا۔

سستی کاہلی دور کرنا

اگر کوئی شخص سستی اور کاہلی میں گرفتار ہو
جس کے سبب وہ ترقی سے محروم ہو اور اس کو ہر کام
میں ناکامی ہوتی ہو اور ہر کام سستی کے سبب خراب
ہو جاتا ہو تو اس کے لئے فجر کی نماز کے بعد سے سورج
نکلنے تک

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

برابر پڑھتا رہے اس کے بعد اشراق کی دو یا چار رکعت
پڑھ کر سستی و کاہلی دور ہونے کی دعا کرے۔ چند
دن عمل کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی
سستی و کاہلی دور ہو جائے گی اور ہر وقت بدن

چاق وچوبند رہے گا۔

حاکم کے سامنے پیش ہونا

اگر کوئی شخص حاکم کے سامنے پیش ہونا چاہتا ہے لیکن ڈرتا ہے کہ حاکم اس پر کوئی ظالمانہ فیصلہ نہ کردے تو اس کے لئے

یَا اَحَدُ

نو مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرکے حاکم کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور جو کام ہے وہ مرضی کے مطابق کردے گا۔

دعا کا ضرور قبول ہونا

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی دعا ضرور قبول ہو اور کسی صورت میں بھی نامقبول نہ ہو ورنہ بہت بڑا نقصان ہو جائے گا اور زندگی پر اس کے اثرات بہت خطرناک پڑیں گے۔ زندگی کا کیریئر تباہ ہو جائے گا۔ اس مقصد کے لئے جب بھی دعا مانگے دعا کرنے سے پہلے تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنِّیْ اَشْھَدُ اَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

پھر جو مقصد ہے اس کی دعا مانگے پھر تین بار درود شریف پڑھ کر دعا کو ختم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن میں دعا کی قبولیت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

دودھ کی کمی دور کرنا

اگر کسی عورت یا جانور کے دودھ کم ہو اور بچہ پوری طرح سیراب نہیں ہوتا بلکہ بھوکا رہتا ہے تو اس کے لئے اسم الٰہی

اَلْمَتِیْنُ

سفید پاک کاغذ پر گیارہ مرتبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کے ساتھ لکھ کر اور پانی سے دھو کر عورت یا جانور کو روزانہ پلایا کرے۔ چند دن عمل کرنے کی برکت سے

انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ مقدار میں پیدا ہوگا کہ بچہ سیر ہو کر پیئے گا۔ بہت مجرب عمل ہے۔

عزت، فتح اور کامیابی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ سب لوگ اس کی عزت کریں۔ جس کام میں ہاتھ ڈالے کامیابی ملے۔ اگر دشمن سے مقابلہ ہو کامیابی حاصل ہو۔ اس کے لئے اسم الٰہی

یَا حَمِیْدُ

بعد نماز فجر روزانہ ننانوے (۹۹) بار پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر شخص عزت کرے گا اور ہر کام میں کامیابی حاصل ہوگی اور غیب سے دشمن کے مقابلے میں فتح حاصل ہوگی اور چہرے پر نور ظاہر ہوگا۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کسی کی بیوی کے حمل ہو اور وہ ڈرتا ہو کہ حمل گر نہ جائے بلکہ محفوظ رہے تو اس کے لئے بعد نماز فجر نوّے (۹۰) مرتبہ

یَا مُبْدِئُ

پڑھ کر شہادت کی انگلی (ہاتھ کے انگوٹھے کے برابر والی انگلی) پر دم کرے اور وہ انگلی بیوی کے

پیٹ کے چاروں طرف پھیر دے۔ یہ عمل صرف ایک مرتبہ کرنا کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا اور بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔

لڑکے کی تمام آفات سے حفاظت

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا لڑکا تمام آفات و بلیات اور ہر قسم کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہے اور جوان ہونے تک اسے کوئی نقصان نہ پہنچے تو اسم الٰہی

اَلْبَرُّ

کو ایک سانس میں سات بار پڑھ کر اپنے لڑکے پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ لڑکا بالغ ہونے تک تمام حادثات، آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

شراب پینے کی عادت چھڑوانا

اگر کسی کا بیٹا، بیٹی یا کوئی عزیز شراب پیتا ہے۔ اور شراب پینے سے باز نہیں آتا تو وہ اسم الٰہی

اَلتَّوَّابُ

کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی پلیٹ پر اس طرح لکھے کہ کوئی جگہ خالی نہ رہے اور اس پلیٹ کو بارش کے پانی سے دھو کر

شراب پینے والے کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے شراب پینے کی عادت چھوٹ جائے گی اور وہ انشاء اللہ تعالیٰ تائب ہو جائے گا۔

دشمن کو دوست بنانا

اگر کسی شخص کے دشمن خطرناک اور موذی ہوں ہر وقت نقصان پہنچانے کے نئے نئے طریقے اختیار کرتے رہتے ہوں تو ان کی دشمنی کو ختم کرنے اور ان کو دوست بنانے کے لئے اسم الٰہی

اَلْعَفُوُّ

چلتے پھرتے ہر حالت میں اور ہر نماز کے بعد ایک ایک سو مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن مسلسل کرے اور درمیان میں ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست بن جائیں گے۔

بیماری سے نجات کے لئے

جو شخص کسی بھی بیماری میں مبتلا ہو اس کی صحت کے لئے

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِکَ الْخَیْرُ وَاَنْتَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

باوضو ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو

روزانہ پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہو گا۔

دشمنوں کی زبان بندی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے دشمن اس کی مخالفت نہ کریں، اس کے خلاف بدگوئی اور بدزبانی نہ کریں نہ اس کی غیبت کریں نہ شکایت کریں تو اس کے لئے رات کو جب آدھی رات گذر جائے بستر سے اُٹھ کر وضو کرے اور گیارہ سو بار اسم الٰہی

یَا صَبُوْرُ

پڑھے۔ یہ عمل گیارہ دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی زبانیں بند ہو جائیں گی اور اس کے خلاف کچھ نہ بول سکیں گے۔

ہر قسم کا غم دور کرنا

اگر کوئی آدمی کسی غم میں یا مصیبت میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ یہ غم اور مصیبت جلد از جلد دور ہو جائے تو اس کے لئے روزانہ ایک ہزار بار

یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

پڑھے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا غم ختم ہو گا مصیبت دور ہو گی اور رزق میں برکت ہو گی۔

مختلف علماء کے عملیات و تعویذات

پڑھ کر بھول جانا، حافظ کی کمزوری

اگر کسی طالب علم میں بھول چوک کا مادّہ بہت زیادہ ہو اور جو قرآن پاک یاد کرتا ہے بھول جاتا ہے یا کتابیں پڑھتا ہے لیکن خوب یاد کرنے کے باوجود یاد نہیں کر سکتا اور بھول جاتا ہے تو اس کے لئے یہ نقش باوضو ایک بسکٹ یا روٹی کے ٹکڑے پر لکھے اور وہ بسکٹ یا روٹی کا ٹکڑا چار دن تک مسلسل مذکورہ طالب علم کو نہار منہ (جبکہ صبح کو کھایا پیا نہ ہو) کھلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظ طاقت والا ہو جائے گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

یہ دونوں ایک ہی نقش کا حصہ ہیں۔

۷۸۶

الرَّحِیْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللّٰہِ	بِسْمِ
السِّرَّ	یَعْلَمُ	الدُّعَاءِ	یَاسَمِیْعُ
لَنَا	لَاعِلْمَ	سُبْحٰنَکَ	بِاِسْمِہٖ
یَااَللّٰہُ	عَلَّمْتَنَا	مَا	اِلَّا

۷۸۶

۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶
۹۸۶	۹۱۶	۹۱۶	۹۱۶
۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶
۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶	۹۸۶

ہر مرض سے صحت اور جنگ سے بسلامتی واپسی

اگر کوئی شخص کسی بھی بیماری میں مبتلا ہو، بچہ ہو یا بڑا اس کو یہ نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر صبح

ناشتہ سے قبل پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد صحتیاب ہوگا۔ اگر کوئی شخص محاذ جنگ پر جا رہا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پہ باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگ سے صحت و سلامتی کے ساتھ واپس آئے گا۔ اسی طرح اگر کوئی بچہ ڈرتا ہو یا روتا رہتا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اس کا ڈر وخوف دور ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۸	۶	۴	۲
۲	۴	۶	۸
۶	۸	۲	۴
۳	۲	۸	۶

ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو یا کوئی ضرورت پیش آگئی ہو تو اس کے لئے نیا چاند دیکھنے سے پہلے بعد نماز عصر غسل کرے اور شام کو چاند دیکھے اور بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد

سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

پڑھے اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مشکل کے حل ہونے یا اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا اور اس کی مشکل حل ہوگی۔

لڑکا ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران محلول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے بائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

۷۸۶

ح	و	ح	دو
دع	دع	ح	دو
ک	و	ح	و۴ع

برائے حُب

سورۂ والنازعات (پوری سورت) گیارہ بار باوضو پڑھ کر گڑ، مٹھائی، کھیر، چنے یا کھجور، انار، انگور پر دم کر کے

جس کو کھلائے وہ محبت کرنے لگے گا۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے درست ہے اگر ناجائز مقصد کے لئے کرے گا تو ذلیل و خوار ہوگا اور ناکام رہے گا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

سورۂ والنازعات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ۙ وَّ النّٰشِطٰتِ نَشْطًا ۙ وَّ السّٰبِحٰتِ سَبْحًا ۙ فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ۙ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ۘ یَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۙ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ؕ قُلُوْبٌ یَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۙ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ یَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِی الْحَافِرَةِ ؕ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ؕ قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ۘ فَاِنَّمَا هِیَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ؕ هَلْ اَتٰىكَ حَدِیْثُ مُوْسٰی ۘ اِذْ نَادٰهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًی ۚ اِذْهَبْ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰی ۖ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰۤی اَنْ تَزَكّٰی ۙ وَاَهْدِیَكَ اِلٰی رَبِّكَ فَتَخْشٰی ۚ فَاَرٰىهُ الْاٰیَةَ الْكُبْرٰی ۖ فَكَذَّبَ وَعَصٰی ۖ ثُمَّ اَدْبَرَ یَسْعٰی ۖ فَحَشَرَ فَنَادٰی ۖ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰی ۖ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

وَالْاُوْلٰی ۝ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَعِبْرَۃً لِّمَنْ یَّخْشٰی ۝ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ بَنٰہَا ۝ رَفَعَ سَمْکَہَا فَسَوّٰہَا ۝ وَاَغْطَشَ لَیْلَہَا وَاَخْرَجَ ضُحٰہَا ۝ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِکَ دَحٰہَا ۝ اَخْرَجَ مِنْہَا مَآءَہَا وَمَرْعٰہَا ۝ وَالْجِبَالَ اَرْسٰہَا ۝ مَتَاعًا لَّکُمْ وَلِاَنْعَامِکُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّۃُ الْکُبْرٰی ۝ یَوْمَ یَتَذَکَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰی ۝ وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِمَنْ یَّرٰی ۝ فَاَمَّا مَنْ طَغٰی ۝ وَاٰثَرَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا ۝ فَاِنَّ الْجَحِیْمَ ہِیَ الْمَاْوٰی ۝ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَنَہَی النَّفْسَ عَنِ الْہَوٰی ۝ فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ہِیَ الْمَاْوٰی ۝ یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰہَا ۝ فِیْمَ اَنْتَ مِنْ ذِکْرٰہَا ۝ اِلٰی رَبِّکَ مُنْتَہٰہَا ۝ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ یَّخْشٰہَا ۝ کَاَنَّہُمْ یَوْمَ یَرَوْنَہَا لَمْ یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّۃً اَوْ ضُحٰہَا ۝

برائے روشنی چشم (آنکھ کی نگاہ تیز ہونا)

اگر کسی کی بینائی کم ہو گئی ہو یا کم ہوتی جاتی ہو تو اس کے لئے بعد نماز عصر سورۂ عم یتساءلون ایک بار پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر مل لیا کرے

انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی زیادہ ہو جائے گی۔

سورۂ عم یتساءلون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ ۝ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ ۝ الَّذِیْ ہُمْ فِیْہِ مُخْتَلِفُوْنَ ۝ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِہٰدًا ۝ وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ۝ وَّخَلَقْنٰکُمْ اَزْوَاجًا ۝ وَّجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتًا ۝ وَّجَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا ۝ وَّجَعَلْنَا النَّہَارَ مَعَاشًا ۝ وَّبَنَیْنَا فَوْقَکُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۝ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّہَّاجًا ۝ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝ لِّنُخْرِجَ بِہٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۝ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ۝ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ کَانَ مِیْقَاتًا ۝ یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۝ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ اَبْوَابًا ۝ وَّسُیِّرَتِ الْجِبَالُ فَکَانَتْ سَرَابًا ۝ اِنَّ جَہَنَّمَ کَانَتْ مِرْصَادًا ۝ لِّلطّٰغِیْنَ مَاٰبًا ۝ لّٰبِثِیْنَ فِیْہَآ اَحْقَابًا ۝ لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْہَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۝ اِلَّا حَمِیْمًا وَّغَسَّاقًا ۝ جَزَآءً وِّفَاقًا ۝ اِنَّہُمْ کَانُوْا لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا ۝ وَّکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا کِذَّابًا ۝ وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰہُ کِتٰبًا ۝ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِیْدَکُمْ اِلَّا عَذَابًا ۝ اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ مَفَازًا ۝

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۙ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۙ وَّ
كَاْسًا دِهَاقًا ۭ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّ
لَا كِذّٰبًا ۚ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ۙ
رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ
لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۚ يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۭ لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ
لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ
عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ
يَدٰهُ وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝

ہر قسم کے گناہ سے حفاظت کے لئے

سورۂ عبس وتولّٰی (پوری سورت) رات کو سوتے وقت باوضو ایک بار پڑھ لیا کرے تو اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ صبح تک گناہوں سے محفوظ رہے گا۔ سورت پڑھنے کے بعد دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر ہاتھ پھیر کر سوجائے۔

سورۂ عبس وتولّٰی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ۙ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ
لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ۙ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ۭ

اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۙ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۭ وَمَا
عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۭ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۙ
وَهُوَ يَخْشٰى ۙ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۚ كَلَّآ اِنَّهَا
تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۘ فِيْ صُحُفٍ
مُّكَرَّمَةٍ ۙ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۙ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ
كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ۭ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۭ مِنْ
اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۭ مِنْ نُّطْفَةٍ ۭ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۙ
ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۙ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۙ
ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۭ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۭ
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۙ اَنَّا صَبَبْنَا
الْمَآءَ صَبًّا ۙ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۙ فَاَنْۢبَتْنَا
فِيْهَا حَبًّا ۙ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۙ وَّزَيْتُوْنًا وَّ
نَخْلًا ۙ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۙ
مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۭ فَاِذَا جَآءَتِ
الصَّآخَّةُ ۡ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۙ
وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۙ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۭ
لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۭ
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۙ ضَاحِكَةٌ
مُّسْتَبْشِرَةٌ ۚ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا
غَبَرَةٌ ۙ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۭ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝

ہر مرض سے شفاء کے لئے

انسان کو کوئی بھی جسمانی بیماری ہو اس کے صحیح ہونے کے لئے تل کا تیل سوا پاؤ (تین سو گرام) لے کر سورۂ اذا الشمس کورت (پوری سورت) باوضو گیارہ بار پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اور مریض کو چاہیئے کہ روزانہ ایک وقت مقرر کر کے یہ تیل پورے جسم پر لگا لیا کرے کوئی جگہ نہ چھوٹے۔ اکتالیس۴۱ دن مسلسل استعمال کرنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

سورۂ اذا الشمس کورت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝ وَإِذَا النُّجُومُ انكَدَرَتْ ۝ وَإِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ۝ وَإِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ۝ وَإِذَا الْوُحُوشُ حُشِرَتْ ۝ وَإِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ۝ وَإِذَا النُّفُوسُ زُوِّجَتْ ۝ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ ۝ بِأَيِّ ذَنبٍ قُتِلَتْ ۝ وَإِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝ وَإِذَا السَّمَاءُ كُشِطَتْ ۝ وَإِذَا الْجَحِيمُ سُعِّرَتْ ۝ وَإِذَا الْجَنَّةُ أُزْلِفَتْ ۝ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا أَحْضَرَتْ ۝ فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۝ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ ۝ وَالصُّبْحِ

إِذَا تَنَفَّسَ ۝ إِنَّهُ لَقَوْلُ رَسُولٍ كَرِيمٍ ۝ ذِي قُوَّةٍ عِندَ ذِي الْعَرْشِ مَكِينٍ ۝ مُّطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ ۝ وَمَا صَاحِبُكُم بِمَجْنُونٍ ۝ وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ ۝ وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ ۝ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَّجِيمٍ ۝ فَأَيْنَ تَذْهَبُونَ ۝ إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِينَ ۝ لِمَن شَاءَ مِنكُمْ أَن يَسْتَقِيمَ ۝ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَن يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ ۝

ذہن کھلنے کے لئے

اگر کوئی بچہ کند ذہن ہو اور کوئی بات اس کے ذہن میں نہ بیٹھتی ہو اور جو سبق پڑھتا ہو اس کے ذہن میں نہ ٹھہرتا ہو تو اس کے لئے ایک مٹی کی ہنڈیا، یا مٹی کا پیالہ یا مٹی کی صراحی لے کر اس کو دھو کر اس میں پانی بھر لے اور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور اس بچے کو روزانہ نہار منہ (جب بچہ نے صبح کو کچھ کھایا نہ ہو منہ دھلوا کر) یہ پانی پلا دیں۔ یہ عمل روزانہ کریں انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا ذہن کھل جائے گا اور وہ پڑھنے لکھنے میں تیز ہو جائے گا۔ اور بھول چوک کا مرض ختم ہو گا اور جو کچھ سنے گا ہرگز نہ بھولے گا۔

برائے محبت

اگر کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے یہ طلسم باوضو دو عدد لکھے اور موم جامہ کرکے ایک اپنے داہنے بازو پر باندھ لے اور دوسرا طلسم آگ میں جلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مذکورہ شخص محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱۸۱۹۷۷۱۱۱لله ۱۱ ط ۱۱ ۵ ۱۱ ۱۲ ۱۹ ھ ۱ ے ۳۲۷۱۱۱ ے ۸۱۹۹ ط ھ ۱ ط ۱۱۱ ۹۹ ۱۱

فلاں بن فلانۃ علیٰ حب فلاں بن فلانۃ

پہلے فلاں بن فلانہ کی جگہ مطلوب کا نام لکھے اور علیٰ حب کے بعد فلاں بن فلانہ کی جگہ طالب کا نام لکھے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے ہے ناجائز کام میں استعمال کرے گا تو ذلیل و رسوا ہو گا اور ناکام رہے گا۔ لہذا اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک عالم دین سے مشورہ کر لے۔

چور کے پیٹ میں درد پیدا ہونا

اگر چور کسی جگہ چوری کر کے بھاگ گیا ہو تو اس کے لئے ترنج (ترنج یعنی چکوترا۔ بڑا لیموں) کے گیارہ پتوں پر

مندرجہ ذیل عبارت باوضو لکھے اور اگر چور کا نام معلوم ہے تو وہ بھی لکھ دے ورنہ صرف یہ عبارت ہی لکھ کر وہ پتے ایک ایک کرکے آگ میں جلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کے پیٹ میں درد ہوگا۔ جب تک چور مال واپس نہ کرے برابر لکھ کر روزانہ پتے جلاتا رہے۔ وہ عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ یاالٰہی سارق (چور) بحق كٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ بحق ط و ط و و طم و س (طا واؤ طا واؤ، واؤ طا میم واؤ سین) در شکم دزد (اگر نام معلوم ہے مع والدہ کے نام لکھے ورنہ چور لکھے) درد شدید پیدا شود۔

برائے دفع آسیب و جن و گریۂ کودک (بچہ کا رونا) و نظرِ بد

اگر کسی بچے کو جن چمٹ جائے یا آسیب کا اس پر حملہ ہو یا بچہ ہر وقت روتا رہتا ہو اور کسی طرح بھی چپ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش بہت مجرّب ہے اسی طرح اگر کسی بچے کو نظر بد لگی ہو تو اس کے لئے بھی یہ نقش بہت کارآمد ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسیب و جن کے اثر سے محفوظ ہو جائے گا اور اگر نظر بد کا اثر ہے تو

دور ہو جائے گا اور ہر وقت کا رونا بند ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

ن	ی	ج	د
ن	ج	ن	ک
م	د	ی	ک
ج	ز	ی	د

برائے وسعت رزق

مندرجہ ذیل کلمات اول و آخر تین تین بار درود شریف درمیان میں یہ کلمات بیس بار روزانہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ کسی کا محتاج نہ رہے گا بلکہ رزق زیادہ ملے گا اور لوگ اس کے محتاج رہیں گے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ یَامَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُبْرِءُ اَحَدٌ مِّنَ الْبَرِیَّاتِ اِلَّا مِنْ مَّنِّہٖ وَاِحْسَانِہٖ۔

برائے حب

مطلوب کے سر کے بال لا کر یہ طلسم ان بالوں میں لپیٹ کر بتی بنا کر اس پر روئی لپیٹ کر مٹی کے نئے چراغ

میں چنبیلی کے تیل میں سرسوں کا تیل ڈال کر بعد نماز عشاء جلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب دیوانہ ہو کر آئے گا۔

وہ طلسم یہ ہے۔

ع دنا ۵۵۵۹۹۹۹۹۹ ۱۱۱۱ ۹۱

تنبیہ: یہ صرف جائز کام کے لئے کرے۔ ناجائز کام میں کبھی کامیاب نہ ہو گا بلکہ نقصان اٹھائے گا۔

ہر قسم کی بلا آفات و غم و پریشانی سے نجات

یہ دعا سات کاف والی ہے اس دعا کو دعائے قطب بھی کہتے ہیں۔ ہر قسم کی بلا، آفات، غم و رنج پریشانی اور تفکرات دور کرنے کے لئے یہ دعا بڑی مؤثر ہے۔ بعد نماز فجر باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے اول سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

اس کے بعد ایک سو گیارہ ۱۱۱ بار یہ دعا (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰہُ الْکَافِیْ قَصَدْتُ الْکَافِیْ وَوَجَدْتُ الْکَافِیْ
کَفَانِیَ الْکَافِیْ لِکُلِّ کَافٍ وَّنِعْمَ الْکَافِیْ وَ
لِلّٰہِ الْحَمْدُ ؕ

آخر میں پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر مصیبت سے نجات کی دعا کرے۔ یہی عمل عشاء کی نماز کے بعد کرے جب تک پریشانی رہے یہ عمل کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے تمام پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

برائے حُب

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور نیچے طالب اور مطلوب کا نام مع والدہ کے لکھے اور اس کو لپیٹ کر بتی بنالے اور اس پر روئی لپیٹ کر مٹی کے کورے چراغ میں خوشبودار تیل ڈال کر چراغ کی بتی کا رُخ محبوب کے گھر کی طرف کرے اور باوضو پاک مصلّے پر بیٹھ کر طالب اور مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق اسم

یَا بُدُّوْحُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے محبوب گرویدہ ہو کر آ ملے گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

بحق جبرائیل   ۷۸۶ قل ھو اللہ احد   بحق میکائیل

۲	۳	٦	۸
۸	٦	۴	۲
۴	۲	۸	٦
٦	۸	۲	۴

اللہ الصمد لم یلد ولم یولد   بحق عزرائیل   [illegible]   بحق اسرافیل

یہی نقش دشمن کی زبان بند کرنے کے کام بھی آتا ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر لپیٹ کر گھوڑے کی دم کے بال سے باندھ کر بھاری پتھر یا وزن کے نیچے دبا دے۔ اس طرح دبائے کہ پتھر کا وزن پورا پورا نقش پر پڑے۔ اگر بھاری پتھر نہ ملے تو کسی بہت وزنی چیز کے نیچے دبا دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان، بدگوئی، جھوٹے الزام اور شرارتی باتوں سے بند رہے گی۔ اس نقش کے نیچے الحب کی بجائے بستم زبان فلان بن فلانہ لکھے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے کرنا۔ ناجائز کام میں اس نقش کو استعمال کرنے کی کوشش کرے گا تو ناکام رہے گا اور ذلیل و خوار ہو گا اور دنیا و آخرت برباد ہو گی لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے بہتر یہ ہے کہ عمل کرنے سے قبل کسی نیک متقی عالمِ دین سے مشورہ کر لے تاکہ نقصان

سے محفوظ رہے۔

ظالم اور حاسد کے شر سے اور درد سر، درد جگر، درد سینہ، دانت و کان کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کے حاسد ہوں یا کسی ظالم سے واسطہ پڑ گیا ہو، یا نظر بد، پریوں کی نظر بد، قرضہ کا بوجھ، آنکھوں کی بیماری کا قائم رہنا، نماز میں سستی، دیوانگی، درد سر، آدھے سر کا درد، درد جگر، درد سینہ، درد کان، درد ناسور، دانتوں کا درد، بخار، جاڑے کا بخار، گردن کا درد کے لئے ان کلمات کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ اول و آخر تین بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ امراض سے صحت حاصل ہوگی اور ظلم، حسد، نظر بد، پریوں کے اثر اور ان کی نظر بد، قرضہ اور نماز میں سستی سے نجات ملے گی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا ھُوَ یَا مَنْ لَیْسَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ اَسْئَلُكَ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَ تَرْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ہ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔

برائے تسخیر مخلوق

لوگوں کی تسخیر کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان میں پانچ سو مرتبہ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ پڑھے۔ اس میں کسی قسم کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے لوگ ہمیشہ مسخر رہیں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا
صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

سرخروئی، عزت، اور خوشحالی کے لئے

لوگوں کی نگاہ میں عزت حاصل کرنے کے لئے اور

خوشحالی اور ترقی کے لئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد دو سو مرتبہ

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبُ

آخر میں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اس کے بعد اپنے مطلب کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگے۔

برائے حُب

حب کے لئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد چالیس مرتبہ یہ آیت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ پڑھے اور آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے اور چینی یا کسی میٹھی چیز پر دم کرکے مطلوب کو کھلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبوب مسخر ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

برائے روزی از غیب

اگر کوئی شخص روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو، یا دوکان نہ چلتی ہو یا آمدنی قلیل ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھ کر پیسے رکھنے کے گلّے میں

یا بٹوے میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ بٹوہ یا گلّہ خالی نہ رہے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

عو۳۱ عنص ۵۹۱

برائے اطاعت امراء ومخلوق

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ افسران محکمہ، امراء، صاحب اقتدار لوگ اور مخلوقِ خدا اطاعت کرے اور عزت کا برتاؤ کرے تو ان اسماء کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورتیں بائیں بازو پر باندھیں۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

لھو لھو تتلح

دشمن کو زیر کرنے کے لئے

دشمن کو زیر کرنے اور اس کو نیچا دکھانے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ بعد نماز مغرب باوضو دو سو مرتبہ سورۂ الم ترکیف (پ۳۰) مکمل سورت پڑھے اور اسی طرح بعد نماز عشاء باوضو دو سو مرتبہ الم ترکیف (پ۳۰) مکمل سورت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوکر سرنگوں ہوگا۔

سورۂ الم ترکیف یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
اَلَمْ تَرَ كَیْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ ۞ اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ فِیْ تَضْلِیْلٍ ۞ وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا اَبَابِیْلَ ۞ تَرْمِیْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ ۞ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۞

دشمن کو دفع کرنے کے لئے

دشمن کو دفع کرنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ صرف پڑھنا شروع کرتے وقت ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ پڑھے اس کے بعد ایک سو مرتبہ
یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ۔ یَا اِسْرَار
پڑھے لیکن شرط یہ ہے کہ وقت مقررہ پر پڑھے وقت کو آگے پیچھے نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔ یہ عمل اکتالیس ۴۱ دن کرے اگر اس مدت میں دفع نہ ہو تو مزید اکتالیس دن عمل کرے۔ جب تک دشمن دفع نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔

تنبیہ: یہ عمل بلا وجہ کسی کو بے گھر اور بے دخل کرنے کے لئے کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ صرف جائز مقصد کے لئے کرنا چاہیئے۔ بہتر یہ ہے کہ کسی شرع کے پابند عالم دین سے مشورہ کر کے کام کرے ورنہ دنیا و آخرت دونوں میں عذاب اٹھائے گا۔

برائے دشمنی

اگر دو شخص کسی آدمی کو ستانے اور اس پر ظلم کرنے کے لئے متحد ہو جائیں تو اس کے لئے کوے کے پر اور اُلو کے پر لے کر ان پروں پر کوے اور اُلو کا خون ملا کر لگائے اور آگ میں جلائے اور کہے کہ فلاں بن فلانہ و فلاں بن فلانہ میں جدائی ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جدائی ہو جائے گی۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز کام کے لئے کیا جائے۔ اگر ناجائز کام کے لئے بلا وجہ خاندان کے افراد میں دشمنی پیدا کرے گا تو سخت مصیبت میں گرفتار ہوگا اور نقصان اُٹھائے گا۔

سخت بیمار مریض کا حال معلوم کرنا کہ زندہ رہے گا یا مر جائے گا

اگر یہ معلوم کرنا چاہتا ہے کہ سخت بیمار رہنے والا مریض زندہ رہے گا یا مر جائے گا۔ تو مریض کے نام کے اعداد و اس کی والدہ کے نام کے اعداد اور والد کے نام کے اعداد۔ جس دن معلوم کر رہا ہے اس دن کے اعداد ابجد کے حساب سے جمع کرے اور ان اعداد کو تیس ۳۰ سے

تقسیم کرے جو اعداد باقی بچیں ان کو لوح نقش حیات ولوح نقش ممات سے معلوم کرے۔

لوح حیات

۱	۱۱	۲۱	۳	۱۳
۲۳	۵	۱۵	۲۵	۷
۷	۲۰	۹	۱۹	۲۹
۰	۰	۰	۰	۰

لوح ممات

۲	۱۲	۲۲	۴	۱۴
۲۴	۶	۱۶	۲۶	۸
۱۸	۲۸	۱۰	۲۰	۳۰
۰	۰	۰	۰	۰

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہوگیا اور اس کی رہائی مشکل ہو رہی ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو ایک سفید کاغذ پہ لکھے اور موم جامہ کرکے قیدی کے دائیں بازو پہ باندھ دے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پہ باندھے۔ لیکن نقش باندھنے سے قبل کھیر پکا کر سات نیک نمازیوں

کو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب کی نیت سے کھلا دے۔ اور نقش قیدی کے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قید سے رہائی حاصل ہوگی۔

۷۸۶

ک	۸	۴۱	۲۰۱
۴۲	ر	۲۱	۷
۱۹۹	۳۹	ی	۲۲
۹	۲۳	۱۹۸	م

گمشدہ کی واپسی کے لئے

اگر کوئی بچہ گم ہوگیا ہو یا کوئی شخص ناراض ہو کر گھر سے نکل گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے بعد نماز عشاء ستّر مرتبہ

یَا مُعِیْدُ

پڑھ کر کمرے کے ایک کونے میں پھونک ماریں۔ اسی طرح پھر دوبارہ ستّر مرتبہ یَا مُعِیْدُ پڑھ کر دوسرے کونے میں پھونک ماریں پھر ستّر مرتبہ یَا مُعِیْدُ پڑھ کر تیسرے کونے میں پھونک ماریں پھر اس کے بعد ستّر مرتبہ پڑھ کر چوتھے کونے میں پھونک ماریں۔ چند دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا شخص جلد

واپس آجائے گا۔ اگر دور چلا گیا ہے تو ہو سکتا ہے زیادہ دن لگ جائیں۔ جب تک بھاگا ہوا واپس نہ آئے یہ عمل کرتا رہے۔

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر سفلی جادو کر دیا گیا ہو جس سے اس کی صحت خراب ہونے لگی ہو، حافظہ کمزور ہو گیا ہو مزاج میں چڑچڑاپن پیدا ہو گیا ہو اور بدن میں سستی کاہلی پیدا ہو گئی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات سات مرتبہ پڑھ کر پانی پہ دم کر کے مریض کو پلائے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض ختم ہو کر صحت بحال ہوگی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

سونے کی حالت میں بچوں کا ڈرنا

اگر لڑکا یا لڑکی خواب میں ڈرتی ہوں تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر اور کالی ڈوری باندھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا خواب میں ڈرنا بند ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۳۵۹۳	۱
۳۵۹۲	۲	۷	۱۲
۳	۳۵۹۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۳۵۹۴

گھر کی آسیب، جن، بھوت سے حفاظت

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر مکان کے ہر ہر کونے میں لگا دے۔ غسل خانے اور پاخانے میں نہ لگائے۔ البتہ باورچی خانے کے کونوں میں ضرور لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر کے اندر سے جن، بھوت، آسیب بھاگ جائیں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۲۱	۱۶	۲۳
۲۲	۲۰	۱۸
۱۷	۲۴	۱۹

نقش واسطے ہر کامیابی کے لئے

یہ نقش پندرہ کا ہے۔ اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد یہ کام کرتا ہے۔ طریقہ زکوٰۃ کا یہ ہے کہ اول تین روز تک ہر روز تین ہزار مرتبہ لکھے اور روزانہ کے نقش آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈال دے۔ اس کے بعد تین روز تک ہر روز ایک ہزار مرتبہ لکھے اور روزانہ آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈال دے۔ اس کے بعد پانچ سو نقش روزانہ پانچ دن تک لکھے اور آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈال دے۔ اس کے بعد روزانہ نو نقش لکھا کرے اور ان نقوش کو دس پندرہ دن بعد آٹے میں لپیٹ کر دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈال دیا کرے۔ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن اٹھارہ نقش لکھے اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو ستائیس عدد نقش لکھے اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا اور کسی وجہ سے نقش نہیں لکھے گئے تو پھر عمل باطل ہو گیا اب دوبارہ نئے

سرے سے زکوٰۃ ادا کرے۔ تعویذات کو آٹے میں جس وقت چاہے لپیٹ لے لیکن نقوش کو دریا، سمندر، جھیل یا نہر میں ڈالنے کا وقت نماز فجر کے بعد گیارہ بجے دن تک ہے زوال سے پہلے پہلے ڈالنا ہے۔ اور یہ سب عمل باوضو کرے۔ بغیر وضو کے کوئی کام نہ کرے۔

جب عمل پورا ہو جائے پھر جس ضرورت کا نقش دینا ہو اسکی بابت نقش کی پشت پر لکھدے مثلاً بیماری سے شفا ہو۔ فلاں بن فلاں کا قرض ادا ہو جائے، فلاں بن فلاں کا کاروبار ترقی کرے، فلاں بن فلاں کو ملازمت مل جائے، فلاں بن فلاں امتحان میں کامیاب ہو جائے، وغیرہ وغیرہ۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

بچوں کی بیماری کے واسطے

اگر کسی بچے پر آسیب کا سایہ ہو یا اسے جن بھوت ستاتے ہوں یا بخار وغیرہ آتا ہو یا کوئی دوسرا مرض اسے چمٹ گیا ہو اور کسی طرح فائدہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے

یہ نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر بچہ کو روزانہ پلائے اور ایک نقش موم جامہ کرکے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری میں باندھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی بیماری سے صحتیاب ہوگا اور آسیب و جن کے اثرات سے محفوظ ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳	۴
۱	۵	۹
۶	۷	۲

چونتیس عدد کا آبی نقش اور اسکی زکوٰۃ کا طریقہ

نقش چونتیس کا آبی نقش بہت سے فوائد کا حامل ہے۔ یہ مجرب نقش ہے لیکن شرط یہ ہے کہ اس نقش کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے تب یہ مؤثر طریقہ سے اللہ تعالیٰ کے فضل سے کام کرتا ہے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو چونتیس ۱۳۴ دن تک روزانہ ایک سو چونتیس نقش لکھا کرے اور آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر سمندر، دریا، نہر یا جھیل یا تالاب میں ڈال دے لیکن تالاب ایسا ہو جس میں مچھلیاں ہوں۔ جب تعداد پوری ہو جائے تو چونتیس ۳۴ نقش روزانہ لکھا کرے اور دس دن بعد، بیس دن بعد ان تمام

نقوش کو گولیاں بنا کر آٹے میں لپیٹ کر سمندر، دریا، نہر، جھیل یا تالاب میں ڈال دیا کرے دن میں صبح گیارہ بجے سے پہلے پہلے ڈالے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنے نقش لکھے اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین گنے نقوش لکھے۔ اگر تین دن مسلسل ناغہ ہو گئی ہو تو پھر دوبارہ زکوٰۃ ادا کرے ورنہ نقش کے ذریعہ کام نہ ہوگا۔

اگر یہ نقش مریض کو دینا ہے تو پانی میں گھول کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض اچھا ہو جائے گا۔ اگر کسی مقصد کے لئے دینا ہے تو اس مقصد کو تعویذ کی پشت پر لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

کھیت کی نقصان پہنچانے والے جانوروں سے حفاظت

اگر کسی کے کھیت میں ہرن، گیدڑ، چوہے، خرگوش یا دوسرے جانور داخل ہو کر فصل کو نقصان پہنچاتے ہیں

توچار کاغذ کے ٹکڑوں پر یہ آیت باوضو لکھے۔ وہ آیت یہ ہے
صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۙ
ان چاروں کاغذوں کو الگ الگ مٹی کی ہنڈیوں میں ڈال کر اوپر سے ڈھکن بند کر کے کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دے اور پانچویں ہنڈیا میں اس جانور کا نام ایک کاغذ پر لکھ کر ڈال دے اور اسے کھیت کے درمیان میں گہرا دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کھیت میں وہ نقصان پہنچانے والا جانور جس کا نام لکھ کر دفن کیا گیا ہے کبھی نہ آئے گا۔

جاڑے کا بخار

اگر کسی کو جاڑ چڑھ کر بخار آتا ہو اور اس سخت جاڑہ چڑھتا ہو تو اس کے واسطے یہ نقش باوضو لکھے اور باوضو پانی میں گھول کر مریض کو وہ پانی پلائے یہ عمل صبح کو کرے زوال سے پہلے پہلے۔ سات دن پانی برابر پلانا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا۔
وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۲۷	۳۰	۱
۲۹	۲	۷	۲۸
۳	۳۲	۲۵	۶
۲۶	۵	۴	۳۱

ہر قسم کے سحر، جادو، غیبی بلا سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کو شبہ ہو کہ کوئی دشمن اس پر سحر، جادو کرا دے گا یا راستے میں غیبی بلا اسے ستائے گی یا رات کو اکیلے جاتے ہوئے اسے اپنے پیچھے کسی کے چلنے کی آہٹ ہوتی ہو تو اس سے حفاظت کے لئے باوضو یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے سحر، جادو اور بلا سے محفوظ رہے گا اور کسی قسم کا نقصان نہ ہو گا اور نڈر ہو کر راستہ چلے گا۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۳۸۱	۲۷۳۸۴	۲۷۳۸۷	۲۷۳۷۴
۲۷۳۸۶	۲۷۳۷۵	۲۷۳۸۰	۲۷۳۸۵
۲۷۳۷۶	۲۷۳۸۹	۲۷۳۸۲	۲۷۳۷۹
۲۷۳۸۳	۲۷۳۷۸	۲۷۳۷۷	۲۷۳۸۸

بخار، ہر قسم کا درد، ہر بلا، دیو، پری، شیاطین و جنات سے نجات

ہر قسم کے بخار، ہر قسم کا درد، دردسر، درد آدھا سر، درد پیٹ، درد کمر، جوڑوں کے درد سے نجات کے لئے اور

ہر بلا، شیاطین، جنات، دیو، پری، آسیب وغیرہ سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں یا کالے چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈالے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۝

رزق میں ترقی اور برکت کے لئے

اگر رزق میں برکت نہ ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش بعد نماز فجر باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے ٹوپی یا سر میں باندھ لے۔ عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۲۱	۱۲	۳۸	۱۹۹
۳۷	س	ک	۱۳
۲۰۱	م	ی	۱۹
۱۱	۱۸	۲۰۲	۳۶

بچہ کا رونا

اگر کوئی بچہ بے جا ضد کرتا ہو اور بات بات پر روتا ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مجرب ہے باوضو اس تعویذ کو لکھ کر باوضو موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری باندھ کر بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا بند ہو جائے گا اور ضد کرنا بھی چھوڑ دے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ۝ وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ۝

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝

۷۸۶

د	ط	ب
ج	ھ	ز
ح	ا	و

خفقان اور ہول دل، دل کی گھبراہٹ اور تیز حرکت کرنا

اگر کسی شخص کو دل میں تیز دھڑکن یا ہول دل اور

گھبراہٹ کا مرض ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ خفقان، دل کی تیز دھڑکن، ہول دل اور گھبراہٹ سے نجات حاصل ہوگی اور مریض جلد صحتیاب ہو جائیگا وہ نقش معظم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا کافی

یا حفیظ	یا اللہ		یا [illegible]
۹	[illegible]	۱۲	۱
[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱۳
[illegible]	[illegible]	۱	۶
۱۰	۵	[illegible]	۱۵

یا شافی

لڑکا یا لڑکی کا ہر بلا سے محفوظ رہنا

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ بچہ ہر بلا، مرض اور چوٹ وغیرہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ ہر مرض، چوٹ، بلا اور گرنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۴	۱۴	۱۵	۱
۹	۷	۶	۱۲
۵	۱۱	۱۰	۸
۱۶	۲	۳	۱۳

تیسرے روز کا بخار

اگر کسی شخص کو ایک دن چھوڑ کر بخار آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو تین عدد عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ اور ایک تعویذ روزانہ باوضو گھول کر مریض کو وہ پانی پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

آسیب کو بھگانے کا پلیتہ

اگر کسی کو آسیب تنگ کرتا ہو اور اس کو بار بار دورہ پڑتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل پلیتہ باوضو لکھے اور اس کو جلا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائے۔

گھبراہٹ کا مرض ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ باوضو لکھے
اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ خفقان، دل کی تیز دھڑکن، ہول دل اور گھبراہٹ
سے نجات حاصل ہوگی اور مریض جلد صحتیاب ہوجائیگا
وہ نقش معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

	یَا حَفِیْظُ	یَا اَللّٰہُ		یَا حَافِظُ	
یَا کَافِی	٨	١١	١٤	١	یَا شَافِی
[illegible]	١٣	٢	٧	١٢	[illegible]
	٣	١٢ [illegible] دفع شود	٩	٦	
	١٠	٥	٤	١٥	
		اَلْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ			

لڑکا یا لڑکی کا ہر بلا سے محفوظ رہنا

اگر کوئی یہ چاہتا ہے کہ بچہ ہر بلا، مرض اور چوٹ
وغیرہ سے محفوظ رہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل
نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے
میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
بچہ ہر مرض، چوٹ، بلا اور گرنے سے محفوظ رہے گا۔
وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

٤	١٤	١٥	١
٩	٧	٦	١٢
٥	١١	١٠	٨
١٦	٢	٣	١٣

تیسرے روز کا بخار

اگر کسی شخص کو ایک دن چھوڑ کر بخار آتا ہو تو
اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو تین عدد عرق
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ اور ایک تعویذ
روزانہ باوضو گھول کر مریض کو وہ پانی پلائے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ بخار سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

٧٨٦

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

آسیب کو بھگانے کا پلیتہ

اگر کسی کو آسیب تنگ کرتا ہو اور اس کو بار بار دورہ
پڑتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل پلیتہ باوضو لکھے اور
اس کو جلا کر اس کا دھواں مریض کی ناک میں پہنچائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہو جائے گا۔
وہ پلیتہ یہ ہے۔

۴۸۸۹۵	۴۸۸۹۸	۴۸۹۰۱	۴۸۸۸۸
۴۸۹۰۰	۴۸۸۸۹	۴۸۸۹۴	۴۸۸۹۹
۴۸۸۹۰	۴۸۹۰۳	۴۸۸۹۶	۴۸۸۹۳
۴۸۸۹۷	۴۸۸۹۲	۴۸۸۹۱	۴۸۹۰۲

آسانی کے ساتھ بچہ کی پیدائش

اگر کسی عورت کے بچہ ہونے والا ہو تو اس کے لئے سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہو گا اور درد سے نجات حاصل ہو گی۔

آسانی سے بچہ پیدا ہونا

اگر کسی عورت کو دردِ زہ (بچہ ہونے کے درد) کی تکلیف شدید ہو لیکن بچہ پیدا نہ ہوتا ہو تو اس نقش کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور باوضو پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ پیدا ہو گا۔
وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَ حُقَّتْ ۝ وَ اِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَ اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَ تَخَلَّتْ ۝

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶ فلانہ بنت فلانہ	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

فلانہ بنت فلانہ کی جگہ عورت کا نام اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے۔

سحر، جادو، آسیب، جن بھوت سے نجات

اگر کسی پر سحر یا جادو کا اثر ظاہر ہو یا آسیب و جن بھوت ستاتے ہوں تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بیالیس عدد لکھے۔ ایک عدد موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری میں باندھ کر گلے میں ڈال لے یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اکتالیس ۴۱ تعویذوں کو روزانہ ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض سے سحر، جادو، آسیب جن بھوت دور ہو جائیں گے

اور مریض صحت مند ہو جائے گا اور کامیابیوں کے دروازے کھل جائیں گے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

١٩٢٣	١٩٢٦	١٩٢٩	١٩١٦
١٩٢٨	١٩١٧	١٩٢٢	١٩٢٧
١٩١٨	١٩٣١	١٩٢٤	١٩٢١
١٩٢٥	١٩٢٠	١٩١٩	١٩٣٠

کسی ظالم حاکم سے کام نکالنا

اگر کسی ظالم و جابر حاکم کے پاس کوئی کام اٹک جائے اور وہ اس کو انجام دینے میں حیلے بہانے کر رہا ہو اور کسی طرح کام ہونے نہیں دیتا تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور اپنے سر کی ٹوپی یا پگڑی میں اس کو موم جامہ کر کے لگا لے اور حاکم کے پاس جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم پڑ جائے گا اور ٹھنڈے مزاج سے بات کرے گا اور کام بھی کر دے گا۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

یاسلام	یاوھاب	یاوھاب	یاجامع
یامجیب	یاجامع	یارحیم	یااللہ
یاحمید	یاواسع	یاباعث	یاحی
یاجامع	یامجیب	یامجیب	یامجیب

دشمن پر فتح پانے کے لئے

اگر کوئی مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر اپنے داہنے بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ کوئی دشمن اس پر غالب نہ آسکے گا اور ہمیشہ یہی غالب رہے گا اور کامیاب ہوگا۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ اَللّٰھُمَّ انْصُرْنَا مِنْ کُلِّ عَدُوٍّ صَغِیْرٍ وَّکَبِیْرٍ قَرِیْبٍ وَبَعِیْدٍ ذَکَرٍ وَّاُنْثٰی حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ شَاھِدٍ وَّغَائِبٍ وَّضِیْعٍ وَّ شَرِیْفٍ کَافِرٍ وَّمُسْلِمٍ وَلَا تُسَلِّطْ عَلَیْنَا مَنْ لَا یَرْحَمُنَا وَلَا یَخْفٰی عَلَیْکَ مَنْ تَخْفٰی عَلٰی غَیْرِکَ

پیٹ کے درد کا علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہوتا ہو یا اچانک درد شروع ہو گیا یا اکثر پیٹ میں درد شروع ہو جاتا ہے اس کے لئے یہ تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے درد سے فوراً آرام آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱٦
۱۳	۱۵	۱۷
۱۴	۱۹	۱۲

بخار کے واسطے تعویذ

کسی بھی قسم کا بخار ہو، روزانہ کا بخار ہو، تیسرے دن کا بخار ہو یا موسمی بخار ہو یا ملیریا بخار ہو یا لو لگنے سے بخار آگیا ہو۔ سب کے لئے یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار فوراً دور ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴	۹	۲
۳	۵	۷
۸	۱	٦

نظر بد، ڈر، خوف، گھبراہٹ کے لئے

اگر کسی پر نظر بد کا اثر ہو یا دل میں بے جا ڈر و خوف بیٹھ گیا ہو یا اس کا دل ہر وقت گھبراتا رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا کالے چمڑے میں سلوا کر دائیں بازو پر باندھ لے

یا عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اور اگر بازو پر نہ باندھے تو گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ نظر بد، ڈر، خوف اور گھبراہٹ سے نجات حاصل ہوگی۔
وہ نقش یہ ہے۔

میکائیل ۷۸۶ جبرائیل

۱٦	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

عزرائیل — اسرافیل

روزی کی بندش کھولنا رکاوٹیں دور کرنا

اگر کسی کی روزی باندھ دی گئی ہو یا اس کے ہر ہر کام میں رکاوٹیں پیش آتی ہوں اور کوئی کام ڈھنگ سے انجام نہ پاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے۔ ورنہ گلے میں ڈال لے۔

وہ نقش معظم یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

٦٨٣	٦٨٦	٦٨٩	٦٧٥
٦٨٨	٦٧٦	٦٨٢	٦٨٧
٦٧٧	٦٩١	٦٨٤	٦٨١
٦٨٥	٦٨٠	٦٧٩	٦٩٠

جن بھوت، دیو، پری، آسیب سے گھر کی حفاظت

مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر گھر کی اس دیوار پر لگائے جو دروازے کے بالکل مقابل ہو یعنی جب کمرے میں داخل ہوں تو سامنے دیوار پر نقش نظر آئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جن، بھوت، پریت، دیو، آسیب سب رخصت ہو جائیں گے اور آئندہ اس گھر میں داخل نہ ہوں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ مَاشَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ہ یَابُدُّوْحُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

بخار کے لئے

ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ

مریض شفایاب ہوگا اور بخار چلا جائے گا۔
وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔

شیطان، جن، بھوت، پریت، دیو، آسیب کا خوف دور ہو

اگر کوئی بچہ شیطان، جن، بھوت، پریت، دیو آسیب سے ڈرتا ہو محض وہم کی وجہ سے یا اسے یہ نظر آتے ہوں اور ڈراتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے یا چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال دے اور نہاتے وقت بھی نقش کو گلے سے نہ نکالے ہر وقت پہنے رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جنات سے ہر قسم کا خوف دور ہوگا اور وہ ڈرانا بند کر دیں گے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہ

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح
یابدوح	یابدوح

ہر قسم کا ڈر خوف، ڈراؤنے خواب سے نجات کے لئے

اگر کسی بڑے یا بچے کے دل میں خوف بیٹھ جائے اور رات میں اکیلا جاتے ہوئے ڈر محسوس ہو یا اسے ڈراؤنے خواب آتے ہوں۔ رات کو سوتے سوتے جھٹکا لگتا ہو اور نیند اُچاٹ ہو جاتی ہو یا اسے عجیب و غریب شکلیں نظر آتی ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سلوا کر یا کالے پاک چمڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال دے اور گلے سے تعویذ کبھی نہ نکالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا ڈر خوف ختم ہو گا اور جو ہیولے کی شکل میں نظر آتے ہیں وہ نظر آنا بند ہو جائیں گے۔ اگر تعویذ گلے میں باندھنے کے بعد بھی نظر آنا بند نہ ہوں یا ڈر خوف ختم نہ ہو تو یہی نقش اکیس عدد باوضو لکھ کر روزانہ ایک عدد پانی میں گھول کر پلا دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا ڈر خوف نکل جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یا اللہُ	یا رحمٰنُ	یا رحیمُ
یا مالِکُ	یا قدُّوسُ	یا سلٰمُ
یا مؤمِنُ	ما مُهیمِنُ	یا واجِدُ
یا واحِدُ	یا ماجِدُ	یا ربُّ

فتح و نصرت

دشمن کے مقابلہ میں جانے سے قبل باوضو چینی کی پلیٹ میں یہ نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور مقابلہ پر جانے سے قبل اس کو دھو کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی۔ یہ عمل کھیلوں میں، مقابلے میں، تقریری مقابلے میں جانے سے قبل پی کر جاتے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہو گی۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۹	۱۹	۲۰۲	م
۲۰۳	۳۹	ی	۱۸
۳۸	ح	۲۱	۱۱
ک	۱۲	۳۷	۲۰۱

حرز امام شافعیؒ تمام بلاؤں سے حفاظت کے لئے

یہ حرز صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء ایک ایک بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاء، آفات اور تکالیف سے محفوظ رہے گا۔ وہ حرز یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ وَبِنُوْرِ قُدْسِكَ وَعَظِيْمِ رُكْنِكَ وَعَظْمَةِ طَهَارَتِكَ وَبَرَكَةِ جَلَالِكَ وَجَمَالِكَ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ وَعَاهَةٍ وَمِنْ شَرِّ طَوَارِقِ النَّهَارِ وَطَوَارِقِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَارَحْمٰنُ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مَعَاذِیْ بِكَ اَعُوْذُ اَنْتَ مَلَاذِیْ بِكَ اَلُوْذُ اَنْتَ غِيَاثِیْ بِكَ اَسْتَغِيْثُ يَامَنْ ذَلَّتْ لَهٗ رِقَابُ الْجَبَابِرَةِ وَخَضَعَتْ لَهٗ اَعْنَاقُ الْفَرَاعِنَةِ اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِكَ وَكَرَمِ جَلَالِكَ اَنْ تُجِيْرَنِیْ مِنْ كَشْفِ سِرِّكَ وَلِسَانِ ذِكْرِكَ وَالْهَرَبِ عَنْ شُكْرِكَ اَنَا فِیْ حِرْزِكَ لَيْلًا وَّنَهَارًا صَغِيْرِیْ وَاَصْغَارِیْ فِیْ ذِكْرِكَ شِعَارِیْ وَثَنَآءُكَ دِثَارِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اَجِرْنِیْ مِنْ خَيْرِ بِكَ وَقِنَا شَرَّ عِبَادِكَ وَاضْطَرِبْ عَلٰی شَرِّ اَوْقَاتِ حِفْظِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

ہر قسم کے امتحان اور مقصد میں کامیابی، چوری شدہ مال کی واپسی، ظالم سے حفاظت

یہ دعا امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی ہے۔ بادشاہ نے قتل کی نیت سے دربار میں بلایا تھا لیکن امام صاحبؒ یہ دعا پڑھ کر دربار میں پہنچے تو بادشاہ نے عزت و تکریم کا معاملہ فرمایا اور ھدیہ بھی دیا۔ امتحان میں کامیابی کے لئے بھی اس کا تجربہ کیا گیا ہے۔ امتحان کا پرچہ دینے سے پہلے اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ امتحان میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل ہوگی۔ اسی طرح چوری گیا ہوا مال ملنے کے لئے اس دعا کو ایک مرتبہ پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ چوری گیا ہوا مال مل جائے گا۔ اس دعا کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھ لیا جائے تو تمام بلاؤں، ہر قسم کی آفت ہر مرض اور شیطان و جنات کے شر سے خدا کے فضل سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ وَالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ وَتَفْسِيْرِ الْمُبِيْنِ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ هٰذِهِ الْمَلٰٓئِكَةِ وَحَمَلَةِ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِیِّ وَبَيِّنَاتٍ ۝

وَاَسْئَلُكَ رَبَّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ
وَعِزْرَائِيْلَ وَدَرْدَائِيْلَ ۝ وَاَسْئَلُكَ بِخَاتَمِ
سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ وَاَسْئَلُكَ
بِحَقِّ اٰدَمَ صَفِيِّ اللّٰهِ ۝ وَاِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ
وَمُوْسٰى كَلِيْمِ اللّٰهِ ۝ وَعِيْسٰى رُوْحِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ
رَّسُوْلِ اللّٰهِ ۝ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا
عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ
الْاَخْسَرِيْنَ ۝ مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ
اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۝ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دشمن سے حفاظت

یہ دعا دشمن سے حفاظت کے لئے بہت موثر اور لاجواب ہے۔ اس دعا کو اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف درمیان میں گیارہ مرتبہ اس دعا کو پڑھا کرے اسی طرح بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء پڑھ لیا کرے۔ کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ اس پر غالب نہیں آئے گا اور نہ اسے نقصان پہنچا سکے گا۔

وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا

عَلٰى كُلِّ عَدُوٍّ صَغِيْرٍ اَوْ كَبِيْرٍ قَرِيْبٍ اَوْ بَعِيْدٍ
ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ شَرِيْفٍ اَوْ وَضِيْعٍ
شَاهِدٍ اَوْ غَائِبٍ كَافِرٍ اَوْ مُسْلِمٍ ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا
مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا وَلَا يُطِيْعُ اكْفِنِيْ مَنْ لَّمْ يَكْفِهٖ
غَيْرُكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۝

موذی جانور کے کاٹنے اور تکلیف دینے سے حفاظت

اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ دعا پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے موذی جانور مثلاً کتا، بھیڑیا، سانپ، بچھو، تتیا، شہد کی مکھی، وغیرہ سے محفوظ رہے گا اور اس کو کوئی جانور بھی تکلیف نہ پہنچا سکے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى
بَطْنِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ۝ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

ہر بلا سے حفاظت کے لئے

جو شخص روزانہ بعد نماز فجر ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھ لیا کرے وہ رات دن (یعنی چوبیس گھنٹے) ہر بلا سے

محفوظ ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ چوبیس گھنٹے میں اسے کوئی آفت نہیں آئے گی اور وہ ہر طرح محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَکَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝ مَا شَآءَ اللّٰهُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۝ وَاَحْصٰی کُلَّ شَیْءٍ عَدَدًا ۝ اَللّٰھُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ غَیْرِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّةٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ۝

جنگل بیابان میں سفر کرنا اور ڈر خوف سے نجات

اگر کوئی شخص جنگل میں یا پہاڑوں کے درمیان سفر کر رہا ہے۔ اس کے دل میں جن، بھوت، لٹیرے، ڈاکو، قاتل کا ڈر بیٹھا ہوا ہے۔ اس کے دل سے ڈر خوف دور کرنے اور جن بھوت، لٹیرے، ڈاکو اور قاتل سے محفوظ رہنے کے لئے یہ دعا بآواز بلند پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرات سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ

مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّکَرْھًا وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

ظالم حاکم کے سامنے پیش ہونا

اگر کوئی حاکم ظالم ہو اور اس سے واسطہ پڑ جائے اور اس کے پاس جانا ضروری ہو تو ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے۔ اور ایک مرتبہ کاغذ یا چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی منہ پر مل لے لیکن شرط یہ ہے کہ منہ کو کپڑے سے صاف نہ کرے اور پانی منہ پر لگے از خود سوکھ جائے۔ جب حاکم کے سامنے جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ تعظیم و عزت کا برتاؤ کرے گا اور جو کام ہوگا بخوشی انجام دے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ ۝ یَا بُرْھَانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ ۝ یَا حَنَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ ۝ یَا مَنَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ ۝ یَا دَیَّانُ اَلْاَمَانُ اَلْاَمَانُ ۝ مِنْ فِتْنَةِ الزَّمَانِ وَجَفَآءِ الْاِخْوَانِ وَشَرِّ الشَّیْطَانِ وَظُلْمِ السُّلْطَانِ بِفَضْلِكَ یَا رَحِیْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ۝ وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۝

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید میں چلا گیا ہو اور رہائی کا کوئی انتظام نہ ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات کو روزانہ کسی وقت ایک سو مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جلد ہی قید سے رہا ہو جائے گا اور اس کی رہائی کا سامان غیب سے پیدا ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝
لَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ
تُظْهِرُوْنَ ۝ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ۝
وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

زہر سے حفاظت کے لئے

اگر کسی کو شبہ ہو کہ اس کھانے میں زہر ملا یا گیا ہے۔ کھانے سے پہلے ایک مرتبہ سورۃ قریش پڑھ کر کھانے پر دم کر لے اور کھا لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کھانے سے زہر کے اثرات زائل ہو جائیں گے۔ اگر کسی کو زہر کھلا دیا گیا ہو تو باوضو پاک برتن (چینی کی پلیٹ) پر سورۃ قریش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ انسانی جسم سے

زہر کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض تندرست ہو جائے گا۔
سورۃ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اِلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

جادو، سحر کے اثر کو ختم کرنا

اگر کسی پر جادو، سحر یا سفلی کر دیا گیا ہو اور اس کی صحت خراب رہتی ہو، کاروبار تباہ ہو چکا ہو، کسی کام میں دلچسپی نہ ہو ہر وقت غصہ اور جھنجھلاہٹ رہتی ہو رات کو نیند نہ آتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے ۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر (سورج غروب ہونے سے پہلے)
۴۔ بعد نماز عشاء (سونے سے پہلے)

یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا اور کام ترقی کرے گا۔

اگر دوکان کی بندش کر دی گئی ہو اور دوکان نہ چلتی ہو تو اس کے لئے بھی یہی آیت باوضو ایک پلیٹ پر

لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر وہ پانی چار وقت دوکان کے
باہر اور اندر چھڑکے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ دوکان خوب چلے گی اور بندش ختم
ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ
اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

رزق میں برکت اور ترقی کے لئے

اگر کوئی شخص کم آمدنی کے سبب پریشان ہو اور
اس کا گزارہ مشکل سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا
ہو جس کی ادائیگی ناممکن نظر آتی ہو تو اس کے لئے تین
روزے رکھے اور باوضو ایک پلیٹ میں یہ آیت عرق
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی میں
گھول کر اس پانی سے روزہ کھولے اور اللہ تعالیٰ سے رزق
کی فراخی۔ رزق میں برکت اور ترقی کی دعا کرے۔ اللہ
تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں خوب برکت ہوگی۔
وہ آیات یہ ہیں۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ
الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ؕ وَفِىْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ

دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

رزق کا بند دروازہ کھلنا

جس شخص کی روزی بندش کا شکار ہو اور ہر طرف
سے مایوسی ہوتی ہو، جس چیز میں ہاتھ ڈالو نقصان
کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ قرض پر قرض چڑھتا
جاتا ہے۔ تفکرات اور پریشانی نے گھیر رکھا ہو تو ایسی
صورت میں اللہ تعالیٰ سے تعلق اور اس کی یاد ہی مصیبت
سے نجات دلا سکتی ہے اور رزق کا دروازہ اللہ تعالیٰ
کے حکم ہی سے کھلتا ہے۔ اول نماز کی پابندی کی جائے۔
جماعت کے ساتھ نماز ادا کی جائے۔ اپنے گناہوں سے
توبہ کی جائے اور درود شریف کی کثرت کی جائے۔ اور یہ
کلمات نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے اور اسی طرح
بعد نماز عشاء ایک سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
رزق کی بندش کھل جائے گی۔ ان کو پڑھنے سے پہلے
گیارہ بار درود شریف اور ایک سو بار یہ کلمات پڑھنے
کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ۝ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ ۝ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَيْهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۝ مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ۔

فقر و غربت کا خاتمہ

اگر کوئی شخص غربت اور فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور ہر وقت پریشان رہتا ہو تو اس کے لئے یہ دعا بہت بہتر ہے۔ اس کو روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غریبی ختم ہو جائے گی اور وہ مالدار ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

روزی فراخ ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص کم آمدنی کے سبب پریشان ہو اور گھر میں کھانے پینے میں تنگی رہتی ہو تو اس کے لئے یہ کلمات بہت مفید ہیں روزانہ بعد نماز فجر ایک سو بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور ہر قسم کی تنگی جاتی رہے گی۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

يَا ذَا الْاِسْمِ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ يَا وَدُوْدُ يَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَا فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔

جنگل کا شکار یا دریائی یا سمندری شکار کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ جنگل میں بآسانی شکار مل جائے یا دریا یا سمندر سے مچھلیاں زیادہ سے زیادہ تعداد میں پکڑے تو اس کو چاہیئے کہ ایک تانبے یا لوہے کی پلیٹ لے کر باوضو اس پر یہ آیات کندہ کرائے اور اس کو جال میں باندھ دے یا بندوق کے ساتھ باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ خوب شکار ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ لِتَجْرِيَ الْفُلْكُ فِيْهِ بِاَمْرِهٖ

وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ
وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
جَمِيْعًا مِّنْهُ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝

ہر قسم کا رنج وغم دور کرنا

اگر کسی آدمی کو رنج وغم نے جکڑ لیا ہو اور اس کا غم دور نہیں ہوتا تو اس کے لئے سورۃ الم نشرح پوری سورت کو چینی کی پلیٹ پر باوضو لکھے۔ اور لکھنے کے لئے زعفران کو عرق گلاب میں گھول لے۔ اور نہار منہ (جب صبح کو کچھ کھایا پیا نہ ہو) پی لے۔ یہ عمل چند دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دل سے ہر قسم کا بوجھ اور رنج وغم دور ہو جائے گا۔

سورہ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ
وِزْرَكَ ۝ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا
لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝
اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ
فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

کاہلی اور سستی کو دور کرنا

اگر کسی شخص میں کاہلی اور سستی بہت زیادہ ہو جس کے سبب ضروری کام رُک جاتے ہوں یا کام مکمل نہ ہوتا ہو تو اس کے دور کرنے کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو یہ آیات ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی سے گھول کر پی لیا کرے۔ چند دن عمل کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کاہلی اور سستی دور ہو جائے گی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَيًّا مَّا
تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى وَلَا تَجْهَرْ
بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ
سَبِيْلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ
وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

نقش برائے ہر کام

یہ نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اور [illegible] لکھے اور نقش کی پشت (پیچھے) پر کام کا نام لکھے [illegible] جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر

باندھ لے اور اگر عورت ہے تو دائیں بازو پر باندھے۔
وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

حتعط یا بیدل ۸	انطا یا بیدل ۱	وتطا یا بیدل ۶
حبت یا بیدل ۳	ہتذا یا بیدل ۵	زتطا یا بیدل ۷
دتعط یا بیدل ۴	ہتذا یا بیدل ۹	بتطا یا بیدل ۲

ہر مرض، ہر بیماری، ہر درد سے نجات

جو شخص کسی مرض میں مبتلا ہو یا موذی بیماری لپٹ گئی ہو یا جسم کے کسی حصہ میں شدید درد ہو تو اس کے لئے ایک سو مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو روزانہ وہ پانی پلائے۔ اور جسم کے جس حصہ میں درد ہو ایک سو مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر درد کی جگہ روزانہ دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا۔ اور مریض صحتیاب ہوگا۔

چوری سے حفاظت اور قتل و غارتگری سے حفاظت

جو شخص سونے سے قبل ایک سو مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے تمام بدن پر پھیر لے اور مکان کے ہر ہر کونے میں پھونک مار دے صرف غسل خانہ اور پاخانہ میں پھونک نہ مارے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پڑھنے والا قتل اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا اور گھر چوری ڈاکہ سے حفاظت میں ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔

برائے حصول مقصد (از شیخ شہاب الدین سہروردیؒ)

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے جب دن اور رات روشن ہوں پہلی تاریخ سے شروع کرے اور یہ عمل کرنے سے پہلے غسل کرے پاک لباس پہنے خوشبو لگائے تنہائی میں اگر الگ کمرہ نہ ہو تو پردے لگا کر تنہائی کر لے۔ اور ایک وقت مقرر کر کے چالیس رات یہ نماز پڑھے چار رکعت نماز کی نیت سے پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد قل یآیھا الکافرون آخر تک اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد قل ھو اللہ احد (پوری سورت) قل اعوذ برب الفلق (پوری سورت) قل اعوذ برب الناس (پوری سورت) وآیۃ الکرسی (وھو العلی العظیم تک سات مرتبہ) پڑھے اور دوسری یعنی آخری دو رکعت بھی اسی طرح ان سورتوں کے ساتھ (الحمد کے بعد قل ھو اللہ احد آخر

تک قل اعوذ برب الفلق آخر تک، قل اعوذ برب الناس آخر تک، آیۃ الکرسی وھو العلی العظیم تک سات مرتبہ. (صرف آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھنی ہے باقی سورتیں ایک ایک مرتبہ پڑھنی ہیں) اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے (نماز والا درود بہتر ہے) اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا بِالْخَیْرِ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے

سورۂ فاتحہ کا عمل برائے حل مقصد

(مقصد میں کامیابی کے لئے)

جو شخص کسی مقصد میں کامیابی چاہتا ہے اور کامیاب نہیں ہوتا بار بار رکاوٹیں آڑے آجاتی ہیں اس کے لئے سورۂ فاتحہ کا ورد بہت کامیاب عمل ہے ہر مقصد میں کامیابی کے لئے تیر بہدف [illegible] کا طریقہ یہ ہے کہ اول چاروں قل (قل یا ایہا الکافرون، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس) بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر اپنے [illegible] اور اس کے بعد دونوں ہتھیلیوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیرلے۔ اس کے بعد بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو

پہنچائے (کہ اے اللہ تعالیٰ یہ جو سورۂ فاتحہ پڑھی ہے اس کا ثواب حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے) اس کے بعد پھر بسم اللہ کے ساتھ سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس کا ثواب حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ بسم اللہ کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا رحمۃ اللہ علیہ کو بخشے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ کی ایک ایک آیت روزانہ اس ترتیب اور تعداد کے مطابق پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مراد پوری ہوگی۔ ہر مطلب حاصل ہوگا اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے فتح و کامیابی

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ ہر جگہ فتح و کامیابی حاصل کرے تو اس کو چاہئیے کہ باوضو سورۂ مزمل عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے یا عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس کام میں ہاتھ ڈالے گا کامیابی حاصل ہوگی۔ سورۂ مزمل انتیسویں پارہ میں ہے۔

کسی قسم کا کام اٹکنا

اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا کوئی مسئلہ پھنس گیا ہو اور مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو روزانہ سورۂ مزمل دس مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی وہ کام مکمل ہو جائے گا۔ مجرب عمل ہے۔ (سورۂ مزمل انتیسویں (۲۹) پارہ میں ہے۔)

برائے فرزند نرینہ

اگر کسی کے یہاں لڑکا پیدا نہیں ہوتا اور کوئی علاج اور دوا کام نہیں کرتے تو اس کے لئے یہ عمل ضروری ہے۔ میاں بیوی روزہ رکھیں اور بعد نماز عصر غسل کریں اور اول گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد اکیس (۲۱) بار سورۂ مزمل پڑھیں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے۔ شوہر پڑھے یا عورت پڑھ لے۔ اسی پانی سے روزہ کھولیں۔ اسی طرح تین دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ یہ عمل ہر ماہ عورت کے حیض سے پاک ہونے کے بعد کریں۔ جب تک حمل نہ ٹھہرے برابر عمل کرتے رہیں۔

اگر قرض ادا نہ ہوتا ہو

اگر کوئی شخص قرض میں جکڑ گیا ہو اور قرض کسی طرح ادا ہونے کا نام نہیں لیتا تو اس کے لئے بعد نماز عشاء سونے سے قبل اول گیارہ (۱۱) بار درود شریف اس کے بعد دس مرتبہ سورۂ مزمل (پ ۲۹) اس کے بعد گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر روزانہ دعا کیا کرے کہ اللہ تعالیٰ قرض ادا ہونے کا اپنی قدرت کاملہ سے انتظام فرما دے۔ اس کے بعد سو جائے۔ نہ کسی سے بات کرے نہ کوئی دوسرا کام کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

برائے برکت بے حساب کے لئے

مندرجہ ذیل نقش بروز بدھ باوضو لکھ کر رقم کے بٹوے یا تھیلی یا پیٹی (بکس) میں رکھے یا گلے میں رکھے انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

۱	۵	۱	
۲۱	ص	و	و
من اللہ	ص	ن	

تین دن یا چار دن کا بخار

اگر کسی کو ایک دن چھوڑ کر دوسرے دن بخار آتا ہے یا دو دن چھوڑ کر بخار آتا ہے تو ان الفاظ کو لکھ کر جلا کر ناک میں اس کی دھونی دے۔ مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بخار سے نجات ملے گی وہ الفاظ یہ ہیں۔

فرعون لعنتی ہامان لعنتی نمرود لعنتی عاد لعنتی شداد لعنتی پلیداد لعنتی طلیقا لعنتی ابلیس لعنتی دیوان پریان ملحد شیطان

برائے محبت

جائز محبت کے لئے یہ طلسم بہت مجرب ہے۔ ایک طلسم لکھ کر مرد دائیں بازو پہ باندھے اور عورت بائیں بازو پہ باندھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۱۸۱۹۷۷۱ ا ر لھ ا ا ظ ا ا ۱۲۱ ۹ ے م ۳۷۲۱۱۱ ط ۱۸۱۹۹ ط لو ا ط ۱۱۱ ۵۹۱۱

برائے قضائے حاجت (حاجت پورا ہونے کے لئے)

پیر کے دن سے شروع کرے اور بارہ دن عمل کرے۔ باوضو بعد نماز فجر ہر روز پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْفَیَّاضُ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

اس کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ النَّبِیُّ الْمُخْتَارُ الْکَرِیْمُ

اس کے بعد بیس۲۰ مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الَّذِیْ اُمِّیِّ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

اس کے بعد بارہ۱۲ مرتبہ پڑھے۔

یَا اَللّٰهُ اَنْتَ صَمَدِیْ وَمِنْكَ مَدَدِیْ وَعَلَیْكَ مُعْتَمِدِیْ

اس کے بعد دس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھے۔

سورہ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

اس کے بعد دس مرتبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

اس کے بعد بارہ مرتبہ پڑھے۔

يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ فَرِّجْ يَا مُسَبِّبُ سَبِّبْ يَامُسَهِّلُ سَهِّلْ يَامُدَبِّرُ دَبِّرْ يَامُسَيِّرُ يَسِّرْ يَامُتَمِّمُ تَمِّمْ۔

اس کے بعد اپنی ضروریات کی دعا مانگے اور اپنی حیثیت کے مطابق کھانے کی میٹھی چیز (حلوا، مٹھائی، میٹھی سویاں، میٹھے چاول وغیرہ) معصوم بچوں میں یا نمازیوں میں تقسیم کردے۔

کلمہ طیبہ کے ورد کا دوسرا طریقہ (حاجت روائی کے لئے)

بروز ہفتہ یا جمعہ کے دن شروع کرے اکیاسی[۸۱۰۰۰] ہزار بار کلمہ طیبہ پڑھے۔ جس روز شروع کرے اول غسل کرے۔ پاک لباس پہنے، خوشبو لگائے۔ پاک مصلے پر قبلہ رخ بیٹھے اور پڑھنا شروع کرنے سے قبل چار رکعت نفل نماز اس ترکیب سے پڑھے۔

جب الحمد شریف پڑھنا شروع کرے تو آیت

اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ

کو ایک سو[۱۰۰] مرتبہ پڑھے اس کے بعد سورۂ فاتحہ ختم کر کے کوئی بھی سورۃ ایک بار پڑھ لے اس کے بعد ہفتہ کے دن شروع کرے اور اول و آخر درود شریف اکتالیس[۴۱]

اکتالیس[۴۱] مرتبہ پڑھے اس کے بعد بارہ ہزار مرتبہ کلمۂ طیبہ پڑھے۔ اس کے بعد روزانہ گیارہ ہزار پانچ سو (۱۱۵۰۰) مرتبہ پڑھے تاکہ جمعہ تک اکیاسی ہزار ہو جائے۔ اس کے بعد اپنے مطلب کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

یرقان (پیلیہ) سے نجات

اگر کسی کو یرقان (پیلیہ) ہوگیا ہو جس کے سبب طبیعت سخت خراب ہو تو اس کے لئے سورۂ لَمْ یَكُنِ الَّذِیْنَ (سورۂ بیّنہ پ۳۰) باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور یہی سورت ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان ختم ہو جائے گا۔

خنازیر (کنٹھ مالا بخار) کا علاج

اگر کسی بچے کو کنٹھ مالا بخار کا مرض ہوگیا ہو تو اس کے لئے گیارہ عدد نیلے دھاگے لے کر ایک ساتھ ملا کر ڈوری بنائی جائے۔ بل دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ پڑھ کر ان دھاگوں میں ایک گرہ دے کر پھونک مار دے۔ اس طرح اس دھاگے میں گیارہ گرہیں دی جائیں اور یہ گنڈہ مریض کے بازو پہ باندھ دیں اور کھانا خیرات

کردیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

تپ دق (ٹھہرا ہوا بخار یعنی ہر وقت رہنے والا بخار) کے لئے

اگر کوئی شخص تپ دق کا مریض ہو اور اسے ہر وقت بخار رہتا ہو جس کے سبب از حد کمزوری ہوگئی ہو تو اس کے لئے سورۂ فاتحہ چالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے مریض کے چہرے پر چھینٹے دے اور وہی پانی اس مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن بعد مریض کو بخار سے نجات حاصل ہوگی اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ

خارش کا علاج

اگر خارش کا مرض گھر میں داخل ہوگیا تو یہ سب گھر والوں کو چمٹ جائے گا اور بڑی مشکل سے جان چھوٹے گی اس لئے اگر خدانخواستہ گھر کے کسی ایک فرد

کو خارش ہو جائے تو فوراً اس کے علاج کی طرف توجہ کی جائے۔ اس کے لئے صبح کو باوضو سات مرتبہ سورۂ قدر (پ ۳۰) پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے اسی طرح شام کو کسی وقت باوضو سات بار سورۂ قدر (پ ۳۰) پانی پر دم کرکے پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد خارش ختم ہو جائے گی۔ مجرب عمل ہے۔ سورۂ قدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ښ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۭ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ڏ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۭ تَنَزَّلُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ښ سَلٰمٌ ۣ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۧ

لقوے کا علاج

اگر کسی شخص کو لقوہ ہو جائے (لقوے میں منہ کا جبڑا ٹیڑھا ہو جاتا ہے اور جبڑا کام نہیں کرتا) اس کے لئے چینی کی پلیٹ (جو زیر استعمال نہ ہو اور اس پر پھول پتی نہ بنے ہوں) لے کر اس پر سورۂ زلزال (پ ۳۰) باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض چند دن میں صحتیاب ہوگا۔

اور لقوے کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

فالج سے نجات

اگر کسی پر فالج کا اثر ہو اور ہاتھ پاؤں صحیح کام نہ کر سکیں تو اس کے لئے تانبے کی قلعی دار پلیٹ لے کر اس پر کتاب میں زعفران گھول کر قلم سے باوضو یہ آیات لکھے اور پانی سے دھو کر اس پانی کو فالج زدہ حصے پر لگائے اور کچھ پانی پئے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ۝

ناسور (کینسر) کا علاج

اگر کسی کو ناسور (کینسر) کا مرض ہو جائے اور کسی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو تو سات دن تک باوضو ایک سو بار

یَا رَقِیْبُ

پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات دن میں مریض تندرست ہو جائے گا۔

پھوڑے پھنسی یا ناسور کا علاج

اگر کسی کو پھنسی نکل آئے ہوں یا ناسور ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو ایک ہزار گیارہ (۱۰۱۱) بار پڑھ کر دوا یا مرہم پر دم کرے اور وہ مرہم یا دوا پھوڑے پھنسی یا ناسور پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دس دن عمل کرنے کی برکت سے مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا۔

کوڑھ کا علاج

اگر کسی کو کوڑھ کا مرض ہو گیا ہو جس میں ہاتھوں اور پیروں کی انگلیاں گلنے لگتی ہیں اور ناخن اور انگلیوں کے سرے گل گل کر گرنے لگتے ہیں بعض مرتبہ تمام انگلیاں جھڑ جاتی ہیں اس کے لئے روزہ رکھے اور روزہ کھولنے اور نماز پڑھنے کے بعد

یَا مَجِیْدُ

کثرت سے پڑھے۔ عشاء کی نماز تک برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب اور بار بار کا تجربہ کردہ ہے۔ یہ استخارہ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی دن جواب دے گا اگر خدانخواستہ پہلے دن جواب نہ ملے تو برابر کرتے رہیں انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کرنے کے بعد جواب مل جائے گا۔ پھر ایسا ہو گا کہ روزانہ جواب مل جایا کرے گا۔

اس کے لئے بستر پاک، چارپائی پاک، بدن پاک، کپڑے پاک، چہرہ قبلہ رُخ ہو۔ باوضو، اب چارپائی پر دائیں کروٹ قبلہ رُخ لیٹ کر تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ احد (آخر تک) تین مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مبارک کو ھدیہ کریں۔ پھر دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اس کا ثواب حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشیں اس کے بعد دل میں دعا کرے کہ اے علام الغیوب فلاں کام میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ مجھے غیب سے اطلاع ہو جائے۔ اس کے بعد یہ رباعی پڑھنا شروع کرے ؎

خیر البشر بس اضطرارے دارم
در دل طپش و بہ سینہ تابے دارم
تسکین بہ دل پُر اضطرارم بخشی
اُمید قوی ازاں جنابے دارم

یہ نہایت پاکیزہ عمل ہے۔ اگرچہ یہ استخارہ ہے مگر جو صاحب اس کی مداومت کریں گے یعنی اکثر عمل کرتے رہیں گے وہ قسم قسم کی برکات دیکھیں گے۔ نیز اس عمل کے روزانہ کرنے کی برکت سے روزی بھی غیب سے ملتی ہے۔ اور ہر قسم کی فکر دور ہوتی ہے۔

قوت مردمی کے لئے

اگر کسی شخص کی قوّت مردمی کمزور ہو چکی ہو۔ جریان کا مرض ہو اور ہر طرح سے از کار رفتہ ہو چکا ہو۔ اس نقش معظم کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالےٰ ایسی زبردست قوت پیدا ہو گی، کہ حیرت ہو گی۔ اگر اس نقش کو باوضو تانبے کی تختی پر کندہ کر کے بوقت مباشرت کمر پر باندھ کر مشغول ہو تو کامیاب رہے گا۔ اور کبھی شرمندہ نہ ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

استخارہ

یہ استخارہ بہت مجرب اور بار بار کا تجربہ کردہ ہے۔ یہ استخارہ انشاءاللہ تعالیٰ پہلے ہی دن جواب دے گا اگر خدانخواستہ پہلے دن جواب نہ ملے تو برابر کرتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کرنے کے بعد جواب مل جائے گا۔ پھر ایسا ہو گا کہ روزانہ جواب مل جایا کرے گا۔

اس کے لئے بستر پاک، چارپائی پاک، بدن پاک، کپڑے پاک، چہرہ قبلہ رُخ ہو۔ باوضو، اب چارپائی پر دائیں کروٹ قبلہ رُخ لیٹ کر تین مرتبہ درود شریف، تین مرتبہ قل ھو اللہ احد (آخر تک) تین مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مبارک کو ھدیہ کریں۔ پھر دوبارہ اسی طرح پڑھ کر اس کا ثواب حضرت جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشیں اس کے بعد دل میں دعا کرے کہ اے علام الغیوب فلاں کام میں جو کچھ ہونے والا ہے۔ مجھے غیب سے اطلاع ہو جائے۔ اس کے بعد یہ رباعی پڑھنا شروع کرے ؎

خیر البشر بس اضطرارے دارم
در دل طپش و بہ سینہ تابے دارم
تسکین بہ دل پُر اضطرارم بخشی
اُمید قوی ازاں جنابے دارم

یہ نہایت پاکیزہ عمل ہے۔ اگرچہ یہ استخارہ ہے مگر جو صاحب اس کی مداومت کریں گے یعنی اکثر عمل کرتے رہیں گے وہ قسم قسم کی برکات دیکھیں گے۔ نیز اس عمل کے روزانہ کرنے کی برکت سے روزی بھی غیب سے ملتی ہے۔ اور ہر قسم کی فکر دور ہوتی ہے۔

قوت مردمی کے لئے

اگر کسی شخص کی قوت مردمی کمزور ہو چکی ہو۔ جریان کا مرض ہو اور ہر طرح سے از کار رفتہ ہو چکا ہو۔ اس نقش معظم کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالےٰ ایسی زبردست قوت پیدا ہو گی کہ حیرت ہو گی۔ اگر اس نقش کو باوضو [illegible] کی تختی پر کندہ کر کے بوقت مباشرت کمر میں باندھ کر مشغول ہو تو کامیاب رہے گا۔ اور کبھی شرمندہ نہ ہو گا۔

وہ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

یامقتدر	ر	لی	ط	ض	یاغالب
ر	ر	ھو	صلح	ر	ح
ھے	د	ر	ع	لو	ج
ے ح	ح	م	ط	ر	ح
لو	م	ط	ع	صلح	ص
یاقوی	س	ط	لی	ر	یاغالب

فتوحات غیبی کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور بظاہر مال کی آمد کے آثار نہ ہوں۔ گھر میں کھانے میں تنگی رہتی ہے۔ اس کے لئے بعد نماز عصر تا مغرب کسی سے کلام نہ کرے اور سر کھول کر آسمان کے نیچے (یعنی سر کے اوپر کوئی سائبان یا چھت نہ ہو بلکہ سر کے اوپر آسمان ہو) روزانہ تین سو (۳۰۰) مرتبہ

یَا اَللّٰہُ - یَا رَحْمٰنُ - یَا رَحِیْمُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں غیب سے فتوحات ہوں گی۔ قرض سے نجات اور ملازمت مل جائے گی۔ اگر ملازمت ہے تو آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا بہت ہی بابرکت عمل ہے۔ شرط ہے روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھنے کی۔

بھاگے ہوئے کو واپس بلانا

اگر گھر کا کوئی فرد بالڑکا یا لڑکی یا عورت یا مرد، نوکر یا جانور بھاگ گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو اس کے واپس لوٹ آنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ شخص یا جانور از خود واپس آجائے گا۔ عمل یہ ہے۔

سورۃ یٰسین شریف شروع سے من المکرمین تک سات مرتبہ پڑھ کر ایک بند تالے پر (تالا اگر کھلا ہو تو اسے پہلے بند کرلیں) دم کر کے وہ تالا ایک ہنڈیا یا کولر یا مٹکے میں پانی بھر کر اس میں ڈال دیں اور اندھیری جگہ رکھ دیں۔ اندھیری جگہ نہ ہو تو اس پر کمبل یا رضائی ڈال دیں۔ اگر دریا یا نہر یا تالاب قریب ہو اور پانی اس کا پاک ہو تو اس میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا پریشان ہو کر جلد واپس آئے گا۔ مجرب عمل ہے۔

سورۃ یٰسین شریف من المکرمین تک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝

لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝
اِنَّا جَعَلْنَا فِىْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِىَ اِلَى الْاَذْقَانِ
فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ
سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ
لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ
اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ
مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِىَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ
فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْىِ
الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ وَكُلَّ
شَىْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِىْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاضْرِبْ لَهُمْ
مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ اِذْ جَآءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝
اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا
بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝ قَالُوْا
مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ
مِنْ شَىْءٍ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝ قَالُوْا رَبُّنَا
يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ لَئِنْ لَّمْ
تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ۝ قَالُوْا طَآئِرُكُمْ مَّعَكُمْ اَئِنْ ذُكِّرْتُمْ
بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝ وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا
الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۝

اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْئَلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ۝
وَمَا لِىَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِىْ فَطَرَنِىْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝
ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ
لَّا تُغْنِ عَنِّىْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ۝ اِنِّىْٓ
اِذًا لَّفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝ اِنِّىْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ۝
قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِىْ يَعْلَمُوْنَ
بِمَا غَفَرَ لِىْ رَبِّىْ وَجَعَلَنِىْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ۝

آدھے سر کے درد کا عمل

اگر کوئی شخص آدھے سر کے درد کی جھاڑ کا عامل بننا چاہتا ہے تو وہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ عامل ہونے کے بعد جس درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) کے مریض پر پڑھ کر دم کرے گا فوراً اس کا آدھا سر کا درد غائب ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے

ویران کنویں (چاہ) کی منڈیر پر صبح کے وقت بیٹھے اور دس ہزار بار

قُلْ بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ

پڑھے۔ پڑھنے والا عامل ہو جائے گا۔ اب جس کو درد شقیقہ (آدھے سر کا درد) یعنی آدھا سیسی کا درد ہو تو سورج نکلنے کے وقت گیارہ مرتبہ یہ آیت

قُلْ بَلَاءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ

اور تین بار سورۃ فاتحہ اور اس کے اول و آخر درود شریف
تین تین بار پڑھ کر سر پر دم کریں انشاءاللہ تعالیٰ فوراً
درد سے آرام آئے گا۔
سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۙ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۙ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ
وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

درود شریف یہ ہے۔
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

عورت کے حاملہ نہ ہونے کا عمل

بعض مرتبہ بیماریوں یا کمزوری کے سبب ضرورت
ہوتی ہے کہ حمل نہ ٹھہرے تو اس کے لئے یہ عمل بہت

مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔
باوضو سورۃ تبت یدا ابی لہب (پوری سورت) ایک
کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر گڑ (قند سیاہ) میں گھول کر
عورت کو پلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ عورت حاملہ نہ ہوگی۔
تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے ہے محض کسی کو
اولاد سے محروم کرنے کے لئے کرے گا تو سخت گنہگار
ہوگا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔
سورۃ تبت یدا ابی لہب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۙ مَآ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ
وَمَا کَسَبَ ۙ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۙ وَّامْرَاَتُہٗ
حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۙ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۧ

ناجائز دوستی ختم کرنا

اگر کسی دو شخصوں کے درمیان ناجائز اور خلاف
شرع تعلق ہو تو ذیل کا عمل کریں انشاءاللہ تعالیٰ
کبھی خطا نہ ہوگا۔ یہ عمل بہت مجرب ہے۔
سات کنکریاں نمک کی لے کر۔ ہر کنکری (نمک کا چھوٹا
ٹکڑا) پر سات سات مرتبہ ذیل کی آیت باوضو پڑھ کر
اور ہر بار ان دونوں کا نام مع والدہ لیتا جائے جن کے
درمیان جدائی کرانا مقصود ہے۔ پھر وہ کنکریاں سمندر،

دریا، نہر، تالاب، جھیل یا کنوئیں میں ڈال دو۔
انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم میں جدائی ہو جائے گی۔
عمل چاند کے مہینے کے آخری دنوں میں جبکہ چاند باریک ہو چکا ہو (چاند کی بیس تاریخ کے بعد) منگل یا اتوار کے دن سے شروع کرے۔ عمل پڑھنے کا وقت زوال کے بعد سے غروب آفتاب (سورج ڈوبنے) تک ہے۔ پڑھتے وقت عامل منہ میں کوئی تلخ (کڑوی) چیز ضرور رکھے۔ جیسے نیم کے پتے یا ایلوا۔ یہ عمل سات دن تک برابر کرے تاکہ دونوں میں مکمل طور پر جدائی ہو جائے۔ آیت شریفہ یہ ہے۔

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ۝

دودھ زیادہ ہونے کے لئے

اگر گائے، بھینس، بکری یا دیگر کسی جانور کے تھنوں میں دودھ کم پیدا ہوتا ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے جانور کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ کثرت سے ہوگا۔ یہ نقش بچے والی عورت کے گلے میں بھی باندھ سکتے ہیں۔

وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بحق جبرئیل	٦	١	٨	بحق میکائیل
انا اعطینک	٧	٥	٣	الکوثر کوثر کوثر کوثر
بحق اسرافیل	٢	٩	٤	بحق عزرائیل

حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ وہ جناب خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار مبارک خواب میں کرے تو نیا چاند دیکھنے کے بعد شروع کی تاریخوں میں (پندرہ تاریخ سے پہلے پہلے) بعد نماز عشاء غسل کرے پاک و صاف سفید کپڑے پہنے اور کپڑوں پر خوشبو لگائے پاک جگہ مصلے پر بیٹھ کر قبلہ رخ (قبلہ کی طرف منہ کر کے یک ہی نشست میں (بیٹھک میں۔ یعنی درمیان میں بات نہ کرے اور نہ اٹھ کر ادھر ادھر جائے) نو ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

نو دن روزانہ بعد نماز عشاء یہ درود شریف نو ہزار مرتبہ پڑھے۔ یہ اس کی زکوٰۃ ہے دسویں دن نوسو (٩٠٠) مرتبہ اس درود شریف کو پڑھ کر قبلے کی طرف منہ کر کے پاک بستر پر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں دیدار

مبارک ہوگا۔ اگر پہلے دن دیدار نہ ہو تو عمل ترک نہ کرے۔ روزانہ نوسو(۹۰۰) مرتبہ پڑھ کر سویا کرے۔ ضرور فیضیاب جمال مبارک ہوگا۔

خواب میں اپنے کسی مرحوم عزیز یا دوست سے ملاقات

اگر کسی شخص کا کوئی عزیز دوست یا رشتہ دار (والدین یا بھائی بہن وغیرہ) انتقال کر گئے ہوں اور کوئی شخص ان افراد کو خواب میں دیکھنا اور ان سے ملاقات کرنا چاہتا ہے تو جمعہ کے دن عصر و مغرب کے درمیان باوضو اس نقش معظم کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور سوتے وقت اس نقش کو تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔ اور اس مرحوم کی صورت کا تصور رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رات کو خواب میں مرحوم عزیز سے ملاقات ہوگی اور تمام حال اس کا معلوم ہوگا۔ نقش کے نیچے مرحوم کا نام مع والدہ کے لکھے۔ وہ نقش معظم یہ ہے

ودود
جبرائیل
۵ ۲
۱ ۶
قدوس
خالق
۹
دردائیل
نورائیل
۳ ۸
۷ ۴

کسی شخص سے کام لینا

اگر کسی شخص کا کام کسی افسر، صدر محکمہ یا متعلقہ کلرک سے پڑ جائے اور اندیشہ ہو کہ وہ کام نہ کرے گا یا مزاج کا سخت ہے۔ تو اس شخص کے پاس جانے سے پہلے اس نقش معظم کو باوضو لکھ کر بھاری پتھر (یا بھاری وزن) کے نیچے رکھ کر ملاقات کو جائے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص محبت سے پیش آئے گا۔ اور کام پوری دلچسپی سے کرے گا ملاقات سے آکر تعویذ کو فوراً وزن کے نیچے سے نکال کر کنویں میں ڈال دو۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ اس شخص اور اس کے والد کا نام لکھو۔

اهدنا الصراط	المستقیم
انه سمیع	علیم
فلاں	ابن فلاں

ہر کام کے لئے نقش

یہ عمل چاند دیکھنے کے بعد کسی دن بھی شروع کر سکتے

ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ سرکنڈے، نرسل یا گیلی لکڑی کے
قلم سے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے قبلہ رخ
مصلے پر بیٹھ کر باوضو چوہتر (۷۴) عدد نقش سورج
نکلنے کے بعد سے زوال سے پہلے پہلے لکھیں۔

جس مقصد کے لئے یہ نقش لکھا جا رہا ہے ہر نقش
کے نیچے مقصد لکھیں مثلاً ایک شخص کا نام زاہد علی ہے
قرض میں بندھا ہوا ہے اور قرض کی ادائیگی کے سلسلے
میں پریشان ہے۔ تو ہر نقش کے نیچے لکھے الٰہی زاہد علی
کا قرض خزانۂ غیب سے جلد ادا ہو جائے۔ اور اگر نوکری
کے لئے عمل کرنا ہے تو یوں عبارت لکھے۔ زاہد علی کو
نوکری کا حکم جلد ہو جائے۔ اسی طرح جو مطلب ہو
اس کو عبارت میں ہر نقش کے نیچے لکھ دیں۔ اور ہر نقش
کے اوپر ۷۸۶ ضرور لکھیں اگر کسی وجہ سے زوال سے پہلے
پہلے ۷۴ نقش پورے نہ لکھے جا سکیں تو دوسرے دن
زوال سے پہلے پہلے لکھ کر پورے کر لے۔ یعنی چوہتر نقش
تو اس دن لکھے اور پچھلے دن کے جتنے نقش باقی ہیں وہ
لکھ لے۔ زوال کے بعد نقش نہ لکھے۔ ان لکھے ہوئے
نقوش کو گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر روزانہ
ایسی جگہ ڈال دیں جہاں مچھلیاں ہوں۔ دریا، سمندر،
جھیل، نہر وغیرہ۔ نقوش کا روزانہ ڈالنا ضروری نہیں
ہے۔ آخری دن بھی تمام نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی

بنا کر ڈال سکتے ہیں۔ اگر نہر، دریا قریب نہ ہوں تو کنویں
میں بھی مجبوراً ڈال سکتے ہیں۔ صبح کے وقت یہ نقش
لکھیں اور رات کو اندھیرے کمرے میں بیٹھ کر جہاں
روشنی بالکل نہ ہو۔ نہ کوئی دوسرا آدمی ہو چوہتر (۷۴)
مرتبہ یہ آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ کے ساتھ پڑھیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ ٥

ہر مرتبہ یہاں وہی عبارت پڑھیں جو نقش کے نیچے
لکھی ہے اس کے بعد یہ آیت پڑھیں۔

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ
نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ٥

اس عمل کے اول تین بار درود شریف پڑھیں اور عمل
کے آخر میں تین بار درود شریف پڑھیں۔ اگر ہر مرتبہ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ نہ پڑھ سکیں تو
پہلی مرتبہ پڑھ لینا بھی کافی ہے یہ عمل چالیس دن
بلا ناغہ کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن پورے
نہ ہوں گے کہ غیب سے کامیابی کا سامان ہو جائے گا۔
شرط یہ ہے کہ نقش اصول کے مطابق بھرا جائے۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۳۵۲	۱۳۵۸	۱۳۵۵	۱۳۴۴
۱۳۴۶	۱۳۵۳	۱۳۶۰	۱۳۵۰
۱۳۵۷	۱۳۵۱	۱۳۴۵	۱۳۵۶
۱۳۵۴	۱۳۴۷	۱۳۴۹	۱۳۵۹

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاہِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاہِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ہر مشکل کے حل کے لئے

حضرت شیخ برہان بلقب رازالحق قدس سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا کہ ہر مشکل کے حل کے لئے نماز قلاقل ادا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان ہوگی۔ اس نماز کی چار رکعت ہیں یہ نماز مغرب اور عشاء کی نماز کے درمیان پڑھی جاتی ہے۔ چار رکعت نفل کی نیت کرے اور پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد قل یاایہا الکافرون پوری سورت پڑھے۔ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد

سورہ اخلاص پوری سورت پڑھے۔ تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ فلق پوری سورت پڑھے۔ چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الناس پوری سورت پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد سر کو سجدہ میں رکھے اور ستر (۷۰) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اس کے بعد جو مشکل اور مقصد ہے اس کے لئے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی۔ اور مقصد حل ہوگا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۝ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۝ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

کینسر (سرطان) کا علاج

اگر کسی شخص کو کینسر (سرطان) کا مرض لاحق ہو اور وہ کسی طرح اچھا نہ ہوتا ہو تو سات دن متواتر روزانہ باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو مرتبہ

یَا رَقِیْبُ

پڑھ کر دم کرے اور زخم پر بھی دم کرے اور اگر کینسر کا زخم جسم کے اندر ہے تو اس جگہ دم کرے۔ عورت اگر غیر محرم ہے تو اس کے زخم پر دم نہ کرے۔ بلکہ اسے صرف پانی پر دم کر کے دے دے اور اگر جسم کے باہر زخم ہے تو سرسوں کے تیل پر بھی دم کر دے وہ تیل زخم پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زخم صحیح ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

ہر قسم کی بیماری سے شفاء کے لئے

کسی بھی قسم کی بیماری ہو اس بیماری سے نجات کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیات مٹی کے نئے کورے برتن پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر مریض کو پلا دے۔ اگر بارش کا پانی موجود نہ ہو تو کسی کنویں، نہر، دریا، چشمہ، جھیل کا پانی استعمال کر لے۔ ورنہ سات نلوں کا پانی لے لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی۔

وہ آیات یہ ہیں۔

اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰهِ یَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ
فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَیْهِ
یُرْجَعُوْنَ ۝ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا
وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓی اِبْرٰهِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ وَاِسْحٰقَ
وَیَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِیَ مُوْسٰی
وَعِیْسٰی وَالنَّبِیُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ
بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۝
وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ
یُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ مِنَ
الْخٰسِرِیْنَ ۝

دشمن پر غالب ہونے کے لئے

اگر کوئی دشمن زبردست ہو اور دشمنی میں غالب رہتا ہو تو اس کو مغلوب کرنے کے لئے ہرن کی باریک کھال پر پیر کے دن چڑھتے چاند کے دنوں میں یعنی جب چاند دیکھنے کے بعد چار تاریخ سے چودہ تاریخ چاند تک پیر کے دن یہ آیات شہتوت کے پتوں کو کچل کر اس کے پانی سے باوضو لکھے اور ان آیات کے آخر میں یہ الفاظ لکھ کر اس دشمن کا نام اور اس کی والدہ کا نام بھی لکھے اس کے بعد اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے۔ وہ الفاظ یہ ہیں۔

یَا مُؤَلِّفَ الْقُلُوْبِ اَلِّفْ بَیْنَ شریف خان بن شاہینہ علی حُبّ سعید الدین بن سلیمہ بانو

اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں باندھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں ڈال لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن زیر ہوگا اور دشمنی سے باز آجائے گا۔ اسی طرح یہ نقش کوئی واعظ، متکلم، مقرر اپنے پاس رکھے گا تو لوگ اس کی بات مانیں گے اس کے کلام کی اہمیت کو تسلیم کریں گے اور اس کی تقریر سے بہت زیادہ متاثر ہوں گے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا ۗ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ ۗ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

بھاگے ہوئے یا چور کو واپس لانا

یہ عمل بھاگے ہوئے کو واپس لانے اور چور کو واپس لوٹانے میں بہت کامیاب ہے۔ چمڑے کا ایک ٹکڑا لے یا کدو کا چھلکا سوکھا ہوا لے کر اسے صاف کر کے اور اس کو لکھنے کے قابل بنا لے۔ اندھیری اور تنہا جگہ میں بیٹھ کر جہاں کوئی دوسرا نہ ہو پرکار سے ایک دائرہ اس پر کھینچے اور دائرے کے درمیان ان آیتوں کو باوضو لکھے۔ پھر بھاگے ہوئے یا چور کا نام اس کی والدہ یا والد کے نام کے ساتھ لکھے اور ایسی اندھیری کوٹھری میں رکھ دے یا دفن کر دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے۔ جب بھاگا ہوا یا چور آجائے اس کو نکال کر کنویں، نہر، دریا، سمندر جھیل میں پتھر باندھ کر ڈال دے۔ ورنہ بھاگنے والا

پھر بھاگ جائے گا اور جو رجگہ جگہ بھاگتا پھرے گا. اس سے اس کو تکلیف ہوگی. وہ آیات یہ ہیں۔

قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝

ہر قسم کے شر اور فتنہ سے حفاظت

اگر کوئی شخص شر و فتنہ کا شکار ہو گیا ہو اور اس سے حفاظت چاہتا ہو تو ان آیات کو باوضو ایک کاغذ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور نرسل (کھوکھلے سرکنڈے جس سے قلم بناتے ہیں) کے چھوٹے ٹکڑے میں رکھ کر موم سے بند کرے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے تو بچہ ہر قسم کے مرض، ام الصبیان، جنات، نظر بد، سوکھا مسان سے محفوظ رہے گا۔

اسی طرح ان آیات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ہرن کی باریک کھال پر لکھے اور انگوٹھی کے نیچے رکھ کر نگینہ جڑ والے اور اس انگوٹھی کو پہن لے لیکن شرط یہ ہے کہ انگوٹھی بیت الخلاء یا ناپاک جگہ اور ناپاک حالت میں نہ پہنے بلکہ اتار کر رکھ دے جب پاک حالت میں ہو پہن لے۔ اس کی برکت سے لوگ اطاعت کریں گے اور ہر شخص

محبت کا برتاؤ کرے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر سے حفاظت رہے اور دشمنوں کے دل میں خوف خدا پیدا ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓ ۝ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۝

حافظہ اور یادداشت کے لئے

حافظہ کی مضبوطی اور پکی یادداشت کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں یا مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ اور بچہ کے گلے میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہوگا۔ انہی آیات کو باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کمزور حافظہ والے کو روزانہ پلایا کرے تو حافظہ مضبوط ہوگا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ

مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ ۗ
وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ ۗ وَالرَّاسِخُونَ
فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ
رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ ۝ رَبَّنَا
لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا
مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝
رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ
إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝

نیک فطرت اور خوش قسمت بچہ کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کے گھر جو بچہ پیدا ہو وہ نیک، صالح اور اچھی عادت کا ہو اور اس کا نصیب اچھا ہو۔ اور حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہو اور حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے۔ اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہرن کی کھال پر مندرجہ ذیل آیات لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی بائیں کوکھ پر باندھ دیں اور جب بچہ خیریت کے ساتھ پیدا ہو جائے تو اسی نقش کو کھول کر بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ خوش اخلاق، بانصیب اور لمبی عمر کا ہوگا۔

اسی طرح ان آیات کو عرق گلاب میں زعفران سے گھول کر اس سے باوضو یہ آیات لوہے یا تانبے کی تختی پر لکھ کر

اوپر پلاسٹک کوٹنگ کرا کے بچہ کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ رونے، ضد کرنے، اکڑنے سے محفوظ رہے گا۔ ماں کا دودھ آسانی سے پیئے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ اور بچہ تھوڑے دودھ پر صبر کرے گا۔ بچہ خوش اخلاق ہوگا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

إِذْ قَالَتِ امْرَأَتُ عِمْرَانَ رَبِّ إِنِّي نَذَرْتُ
لَكَ مَا فِي بَطْنِي مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّي ۖ إِنَّكَ أَنْتَ
السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ إِنِّي
وَضَعْتُهَا أُنْثَىٰ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ وَلَيْسَ
الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ ۖ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي
أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ۝
فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُولٍ حَسَنٍ وَأَنْبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَكَفَّلَهَا
زَكَرِيَّا ۖ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ
عِنْدَهَا رِزْقًا ۖ قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا ۖ قَالَتْ هُوَ
مِنْ عِنْدِ اللَّهِ ۖ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

ایسی نعمت جو ہمیشہ ساتھ رہے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کو ایسی نعمت ملے جو کبھی اس سے نہ چھینی جا سکے اور نہ ضائع ہو اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول ایک سو ایک مرتبہ اور عمل کے آخر میں ایک سو ایک

مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں
ایک ہزار (۱۰۰۰) بار سورۃ فاتحہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ
سے اپنی پسندیدہ نعمت کے لئے دعا کریں۔ یہ عمل
چالیس دن مسلسل بلاناغہ کریں اگر رات کو یہ عمل
نہ ہو سکے تو دن کے وقت کسی نماز کے بعد یعنی
فجر یا ظہر کے بعد کر لیا کریں۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ
نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝
صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ
الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

طاعون سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی علاقے میں طاعون پھیل گیا ہو تو اس سے
بچاؤ کے لئے اکتالیس(۴۱) مرتبہ سورۃ فاتحہ بوصل میم
یعنی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

مطلب یہ ہے کہ الرحیم کا میم الحمد کے
لام سے ملا کر پڑھنا ہے۔ اور اس طرح اکتالیس(۴۱) مرتبہ
پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے رکھ لیں
اور چار مرتبہ دن بھر میں مکان کے کونوں میں چھڑکیں
اور چار وقت ہی تمام گھر والے ایک ایک گھونٹ
پانی پیئیں انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا اور
گھر کے تمام افراد طاعون سے محفوظ رہیں گے۔

پانی پینے اور پانی چھڑکنے کے اوقات مندرجہ ذیل
ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۔۔۔ ۲۔ صبح گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر ۔۔۔ ۴۔ بعد نماز عشاء

پڑھا ہوا پانی غسل خانے اور پاخانے کو چھوڑ کر ہر کمرے
اور باورچی خانہ کے کونوں میں ہلکا ہلکا چھڑکا جائے۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۞ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۞ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۞ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۞ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۞

ناف جگہ سے دوسری جگہ ہو گئی ہو

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ٹل گئی ہو جس کے سبب پیٹ میں درد اور اینٹھن پیدا ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے ناف کی جگہ باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

تنبیہ: جب تک تعویذ ناف پر بندھا رہے گا ناف اپنی جگہ پر رہے گی اگر خدانخواستہ تعویذ ناف سے اِدھر اُدھر ہو گیا تو ناف بھی اِدھر اُدھر ہو جائے گی۔ یہ تعویذ ایک ہفتہ باندھنے کے بعد کھول کر رکھ دیں۔ جب آئندہ ناف ٹل جائے تو پھر باندھ لیں۔ ایک ہفتہ باندھنے سے ناف اپنی جگہ مضبوط ہو جائے گی اس وقت کھول کر رکھ دیں۔

مسان کے مریض کا علاج

اگر بچہ مسان کے مرض میں مبتلا ہو جائے اور بچہ روز بروز سوکھتا جاتا ہو، اس کا گوشت گھل رہا ہو اور جسم صرف ہڈیوں کا ڈھانچہ بن گیا ہو تو اول چنبیلی کو دھو کر سکھا کر یا اگر چنبیلی کا انتظام نہ ہو تو سرسوں لے کر اسے دھو کر سکھا کر اس کا تیل لکڑی کے کولہو سے نکلوایا جائے تیل وزن میں ایک پاؤ ہونا چاہیئے۔

بعد نماز عشاء یہ آیت باوضو ایک ہزار تیرہ (١٠١٣) مرتبہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

اس دم کئے ہوئے تیل کو ہتھیلی پر تھوڑا تھوڑا لے کر بچے کو مالش کریں اور اس کے بدن پر ہلکا ہلکا لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ گیارہ دن کے اندر تندرست ہو جائیگا لیکن تیل برابر لگاتے رہیں یہاں تک کہ تیل ختم ہو جائے۔ تیل لگانے کے بعد بچہ کو نہلانا ضروری نہیں ہے۔ البتہ کپڑے سے ہلکے ہلکے صاف کردیں تو صحیح ہے لیکن شرط یہ ہے کہ تیل دو تین گھنٹے برابر لگا رہے اس کے بعد صاف کریں یا اگر بچہ کو نہلانا ممکن ہو تو نہلا دیں اگر نہلانے سے بچہ کو بخار ہونے یا بیمار ہونے کا ڈر ہو تو نہ نہلائیں۔

وہ آیت یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

حاکم، افسر یا مخالف کو مہربان کرنا

اگر کوئی حاکم، افسر یا مخالف سخت ناراض ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے چہرے پر پھیر لے۔ اور حاکم، افسر یا مخالف کے سامنے جائے ان شاء اللہ تعالیٰ مہربانی سے پیش آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ اٰيَةٍۢ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

چور اور ہر موذی جانور سے حفاظت

اگر کسی جگہ چوری، ڈاکے کا ڈر ہو یا ایسی جگہ ہو جہاں موذی جانور (تکلیف دینے والے جانور مثلاً سانپ، بچھو، کھن کھجورے یا دیگر جانور) ہوں تو ان چور، ڈاکو یا موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے درمیان میں یہ آیتیں پڑھے اور سو رہے یہ آیتیں پڑھنے کے بعد کسی سے بات نہ کرے۔ اگر بات کرنی پڑ جائے تو دوبارہ پڑھ لے اور سو جائے۔

وہ آیتیں یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ

وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۚ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ
رُّسُلِهٖ ۚ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ
رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا
وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ
وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪ وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ
مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اولاد ہونے کے لئے

جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ ہر طرح کوشش کر چکا ہو تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز عشاء روزانہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں

یہ آیت ایک سو اکیاون (۱۵۱) بار پڑھے۔ یہ عمل روزانہ کرے ناغہ نہ کرے اور نہ ناامید ہو کر چھوڑے اللہ تعالیٰ سے لو لگائے رکھے اس کے خزانے میں کوئی کمی نہیں ہے شرط عمل اور یقین کامل کے ساتھ مسلسل عمل کرنا ہے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ
سَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

رزق میں ترقی کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا رزق بڑھ جائے اور آمدنی میں اضافہ ہو جائے تو اس کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے جمعہ سے چار جمعہ تک بعد نماز مغرب باوضو پڑھے اور رزق میں زیادتی

کی دعا کرے۔ اور یہی آیت باوضو لکھ کر ہر جمعہ کے دن
کسی کنویں، نہر، دریا، جھیل، سمندر یا تالاب میں
ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ
شروع ہو جائے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ
فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ع

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

قرض کی ادائیگی

اگر کوئی شخص قرض میں بندھ گیا ہو اور قرض
اُترنے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے اول و آخر
درود شریف تین تین مرتبہ اور درمیان میں یہ آیت
سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل دن میں دو بار بعد نماز
فجر اور بعد نماز مغرب کیا کرے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام
ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ
مَنْ تَشَاۗءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاۗءُ ۡ وَتُعِزُّ
مَنْ تَشَاۗءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاۗءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ
اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

موتیا بند اور پڑبال کے لئے

اگر کسی کی آنکھوں میں موتیا بند پیدا ہو گیا ہو یا
پڑبال کا مرض ہو اس کے دور کرنے کے لئے اول و آخر
تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ
مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تمام انگلیوں کے پوروں (سروں)
پر دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
جلد ہی فائدہ محسوس ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں (اگلے صفحہ پر)

اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ط اَلْحَقُّ النُّوْرُ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

تلی کا علاج

اگر کسی کی تلی بڑھ گئی ہو جس سے صحت پر اثر پڑ رہا ہو تو مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں یا تلی کی جگہ پیٹ پر باندھ دیں اور ذرا سی راکھ لے کر کلمہ کی انگلی پر لگا کر ایک مرتبہ

یَا وَدُوْدُ

پڑھ کر انگلی پر پھونک مار کر تلی کی جگہ کے اوپر ایک بار ضرب (×) کا نشان بنا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تلی کا بڑھنا اور مرض ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات جو کاغذ پر لکھے جائیں گے یہ ہیں۔

فِیْھِنَّ تَسْطَارُ الْقَلَمِ۔

تبادلہ کی منسوخی کے لئے

ملازمت کے سلسلے میں کسی جگہ سے دوسری جگہ یا ایک شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو رکوانا یا منسوخ کرانا اور تبادلہ اسی جگہ دوبارہ کرانا یا کسی اور جگہ جو مناسب ہو کر آنا مقصود ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو انیس (۱۹) روز تک انیس (۱۹) مرتبہ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ہ پوری سورت پڑھ کر دعا کیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تبادلہ رک جائے گا یا جس جگہ جانا چاہتا ہے چلا جائے گا۔

تبت یدا پڑھنے کے لئے صرف ایک مرتبہ شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ پڑھے اور اول و آخر درود شریف نہ پڑھے۔

سورۃ تبت یدا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ہ مَآ اَغْنٰی عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا کَسَبَ ہ سَیَصْلٰی نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ہ وَّامْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ ہ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ہ

چیچک کی بیماری سے نجات

اگر کسی بچہ کو یا بڑے کو چیچک (لاکڑا کاکڑا) نکل آئے اور ساتھ میں بخار بھی تیز ہو تو اس کے دفعیہ اور دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل عمل بہت فائدہ مند ہے۔

بعد نماز عصر باوضو پاک مصلّٰی پر قبلہ کی طرف منہ کر کے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھیں۔ اور اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سورۃ فاتحہ بسم اللہ شریف کو الحمد شریف کے ساتھ ملا کر اس طرح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

آخر تک مکمل سورت اکتالیس (۴۱) مرتبہ اور اس کے بعد سورۃ کوثر (پ۳۰) اکتیس (۳۱) مرتبہ پڑھ کر اس کاغذ پر دم کریں جس پر یہ نقش لکھا ہے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد صحتیاب ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

یَا اَللّٰهُ یَا شَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا بَاقِیْ یَا کَافِیْ

إِنَّا أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝ اٰمِيْن

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَانْحَرْ ۝ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

یَا اَللّٰهُ یَا شَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا دَائِمُ

سورہ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۃ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

إِنَّا أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

سحر، جادو، سفلی کو ختم کرنے کے لئے

اگر کسی پر کسی دشمن نے سحر، جادو، سفلی کرادیا ہو جس کے سبب اس کی نیند غائب ہوگئی ہو اور اس کی بھوک ختم ہوگئی ہو سر میں درد چکر، بھول چوک اور آئے دن پریشانی میں زیادتی ہو رہی ہو۔ ایک الجھن ختم نہیں ہوئی کہ دوسری پیدا ہوگئی۔ غرضیکہ ہر کام میں طرح طرح کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، کاروبار میں نقصان ہوتا ہے۔ دفتر میں ہر ایک سے لڑائی ہوتی ہے گھر میں ہر طرح کی برکت ختم ہو چکی ہو اور مالی مشکلات کے سبب گذارہ مشکل ہو گیا ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو ایک کاغذ پر یہ آیتیں لکھیں اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں۔ اگر لکھنا نہ جانتے ہوں تو کسی دوسرے سے لکھوالیں اور ایک پلیٹ چینی کی لے کر اس پر بھی یہی آیتیں لکھیں اور پانی میں گھول کر پئیں۔ یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝

سردی کا بخار

اگر کسی شخص کو سردی سے بخار آتا ہو یا کبھی بخار اترتا ہو اور کبھی چڑھتا ہو تو اس کے لئے اس آیت کو باوضو بیری کی لکڑی پر لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دے۔ لیکن جب بیمار پیشاب یا پاخانہ کرنے جائے تو اس لکڑی کو گلے سے اتار دے کیونکہ لکڑی پر قرآنی آیت لکھی ہے اور اس کا پاخانہ یا غسل خانے میں لے جانا جائز نہیں ہے اور منع ہے اسی طرح ناپاک حالت (یعنی جس پر غسل لازم ہو) اس کو بھی اس لکڑی کو گلے میں ڈالنا یا ہاتھ لگانا درست نہیں ہے۔ لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے البتہ اگر اس کو پلاسٹک کوٹنگ کرالیا جائے تو جائز ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

نافرمان اولاد کو مطیع کرنا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور وہ اس کے سبب پریشان ہو تو ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو بار یہ آیت پڑھے آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اولاد کی اصلاح اور

فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ جب ذُرِّيَّتِي کا لفظ ادا
کرے تو اولاد کا تصور اور خیال دل میں لائے۔

وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ
اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

تنگ دستی دور کرنے کے لئے

جو شخص مالی حیثیت سے کمزور ہو اور گذارہ مشکل
ہوتا ہو۔ ہر وقت قرض پر قرض چڑھتا رہتا ہو۔ اسی
سبب ہر وقت پریشان رہتا ہو تو رزق میں برکت
آمدنی میں اضافہ اور ترقی اور قرض سے نجات کے لئے
یہ عمل بہت مفید ہے۔ ہمیشہ اس عمل کو کرتا رہے کبھی
مالی مشکلات میں مبتلا نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔
بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے

اس کے بعد پانچ سو ۵۰۰ بار یہ اسماء پڑھے آخر میں گیارہ بار
درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے
اور غیب سے روزی کا انتظام ہونے کی دعا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بے گمان رزق کا انتظام ہوگا اور
تھوڑی رقم میں زیادہ برکت ہوگی۔ یہ عمل مسلسل اور
بلاناغہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض اترنے
کے ذرائع اور اسباب پیدا ہوں گے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

يَا كَرِيْمُ ۔ يَا وَهَّابُ ۔ يَا ذَا الطَّوْلِ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

چور یا بھاگے ہوئے کا واپس لانا

اگر کوئی شخص گھر سے بھاگ گیا ہو یا چور گھر سے
قیمتی سامان لے کر فرار ہو گئے ہوں تو اس کے لئے یہ آیت
باوضو ایک سفید نئے کپڑے کے ٹکڑے پر لکھے اور
اس کے نیچے بھاگے ہوئے یا چور کا نام مع اس کی والدہ یا

والد کے نام کے لکھے اور اس کپڑے کو اس مکان یا
دوکان کی دیوار پر میخ (موٹی کیل) سے ٹھونک کر
لگادے اور اس پر کپڑا ڈال کر اندھیرا کر دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بھاگنے والا چور مع سامان جلدی
آجائے گا۔ اگر دور گیا ہے تو کچھ دن لگیں گے۔
وہ آیت یہ ہے۔
وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا
الْخَيْرَاتِ ۚ أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا ۚ
إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ○

چکر آنے کا علاج

اگر کسی کے جسم میں اسقدر کمزوری پیدا ہو گئی ہو کہ
اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے آنکھوں کے سامنے اندھیرا
آجاتا ہو اور دماغ گھومنے لگتا ہو ہر وقت گرنے کا
خطرہ رہتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل آیات
کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض مرد ہے تو اس کی
ٹوپی میں سی دیں اور اگر عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔
انشاء اللہ تعالیٰ چکر آنے کا مرض ختم ہو جائے گا۔
وہ آیات وکلمات یہ ہیں۔
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ
وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۙ أَلَمْ تَرَ إِلَىٰ رَبِّكَ

كَيْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ۚ
ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيلًا ۙ بِسْمِ اللَّهِ
الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۙ بِسْمِ اللَّهِ الْكَافِي
بِسْمِ اللَّهِ الْمُعَافِي وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
إِلَّا بِاللَّهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ۔

حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو اور وہ اس
سلسلے میں بہت پریشان ہو تو یہ آیات چالیس (۴۰) دن
مسلسل باوضو ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی
سے دھو کر پیئے اور ایک کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ
کر کے کمر میں باندھے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حمل
قرار پائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔
وہ آیات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ○ لِلَّهِ
مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۚ يَخْلُقُ مَا يَشَاءُ ۚ
يَهَبُ لِمَنْ يَشَاءُ إِنَاثًا وَيَهَبُ لِمَنْ
يَشَاءُ الذُّكُورَ ۙ أَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا
وَإِنَاثًا ۖ وَيَجْعَلُ مَنْ يَشَاءُ عَقِيمًا ۚ
إِنَّهُ عَلِيمٌ قَدِيرٌ ○

زبان کی سوجن

اگر کسی کی زبان پر سوجن آگئی ہو اور ورم کی وجہ سے بولنا مشکل ہو گیا ہو تو باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں تین سو (۳۰۰) بار یہ اسم مبارک پڑھے اور مریض کی زبان پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے سوجن ختم ہو جائیگی۔
اگر غیر عورت ہو تو اس کے لئے لمبی نلکی یا ربڑ کا پائپ استعمال کریں اور پائپ میں یا نلکی میں پھونک ماریں غیر عورت اپنی زبان پر اس کا منہ رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ورم سے نجات حاصل ہو گی۔
وہ اسم مبارک یہ ہے۔

اَلْعَلِیُّ

نیز اکتالیس مرتبہ باوضو روزانہ یہ آیت پڑھ کر دم کرنے سے بھی زبان کی سوجن ختم ہو جاتی ہے وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ ؕ

لقوہ کا علاج

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ لقوہ ہو گیا ہو اور

اس کا منہ ٹیڑھا ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔
نیز اسی آیت کو اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلاتے۔ چند دن پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ لقوہ کے مرض سے نجات حاصل ہو گی۔
وہ آیت یہ ہے۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

منہ میں چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو جائیں اور مرچ کا استعمال مشکل ہو جائے کھانا کھانے میں تکلیف

ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ والضحیٰ والیل اذا سجیٰ ہ
آخر تک اکتالیس ۴۱ مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کر کے چبایا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی چھالے ختم ہو جائیں گے۔ نیز اس کے
لئے سورۃ اخلاص اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے استعمال
کرنے سے بھی منہ کے چھالے ختم ہو جائیں گے۔

سورۃ والضحیٰ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
وَالضُّحٰی ہ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ہ مَا وَدَّعَكَ
رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ہ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ
الْاُوْلٰی ہ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ہ
اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ہ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
فَهَدٰی ہ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ہ فَاَمَّا
الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ہ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا
تَنْهَرْ ہ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ہ

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ہ لَمْ یَلِدْ ہ
وَلَمْ یُوْلَدْ ہ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ہ

ہر مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی ایسی مشکل سامنے آ گئی ہو جس کا حل موجود نہ ہو

جس کے سبب روز بروز پریشانی بڑھتی جاتی ہو اس کے
لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور
درمیان میں گیارہ سو ۱۱۰۰ بار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ط

نیز یہ شعر بھی ہر نماز کے بعد پانچ یا سات مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

فَسَهِّلْ یَا اِلٰهِیْ كُلَّ صَعْبٍ
بِحُرْمَةِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَهِّلْ

میاں بیوی میں محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں محبت کی کمی ہو اور ایک دوسرے
سے الگ الگ رہتے ہوں۔ زیادہ بات چیت نہ ہوتی ہو
اور نہ ایک دوسرے کے ساتھ گھلتے ملتے ہوں تو اس کے لئے
اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف درمیان میں ساٹھ ۶۰
مرتبہ سورۃ ماعون پڑھ کر کسی میٹھی چیز (کھجور، کشمش،
چینی، مٹھائی، مصری، شربت، مربہ، معجون) پر دم کر کے
دونوں کو کھلا دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں
مثالی محبت پیدا ہو جائے گی اور باہمی محبت اور یکجہتی
میں اضافہ ہو گا۔

سورۃ ماعون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ
اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُكَذِّبُ بِالدِّیْنِ ہ فَذٰلِكَ الَّذِیْ

يَدُعُّ الْيَتِيْمَ ۙ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ
الْمِسْكِيْنِ ۗ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ
صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ الَّذِيْنَ هُمْ يُرَآءُوْنَ ۙ
وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۧ

میاں بیوی میں محبت قائم ہونا

اگر میاں بیوی میں محبت نہ ہو اور ہر وقت آپس میں شکوہ و شکایت اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو۔ ہر وقت کے جھگڑے سے گھر کا ماحول سوگوار رہتا ہو اور دونوں میاں بیوی ذہنی مریض بنتے جا رہے ہوں تو اس کے لئے

میاں بیوی دونوں کا پہنا ہوا کپڑا لے (دھلا ہوا نہ ہو بلکہ پہنا ہوا ہو) اور اسمیں سے تھوڑا تھوڑا ٹکڑا کاٹ لے اور چالیس مرتبہ باوضو

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

پڑھے اور دونوں ٹکڑوں پر دم کر دے۔ ان دونوں ٹکڑوں کو اوپر نیچے رکھ کر بتی بنالے اور مٹی کا نیا چراغ لے کر سرسوں کا تیل ڈال کر اس بتی کو چراغ کی طرح جلائے۔ اس کی راکھ اور چراغ کو جنگل میں ایسی جگہ دفن کر دے جہاں کسی کا قدم نہ پڑے۔ ورنہ سمندر، دریا، نہر، جھیل، کنویں میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میاں بیوی میں خوب محبت ہو جائے گی۔

ہمیشہ جوان رہنے کا عمل

سناء مکی ایک چھٹانک، گلاب کے پھول (کوئٹہ کا گلاب ہو تو بہتر ہے) ایک چھٹانک دونوں کو سکھا کر ہاون دستے میں کوٹ کر باریک کر لیں اور ململ کے کپڑے یا باریک چھلنی میں چھان کر ایک چھٹانک شہد میں ملا کر چھوٹے بیر کی برابر گولیاں بنالیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی لے کر چالیس مرتبہ

یَا قَوِیُّ

پڑھ کر اس گولی پر دم کریں اور گولی کھا کر ایک پاؤ گرم گرم دودھ پی کر سو جائیں۔ یہ عمل تین ماہ تک کریں۔ اس کے بعد چھوڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوتِ مردمی میں خوب ترقی ہوگی۔

قوت مردمی کی بحالی

اگر کسی کی قوتِ مردمی کمزور ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت فائدہ مند ہے۔ شہد اصلی ایک پاؤ، عرق پیاز (پیاز کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیا جائے) ایک کلو ان دونوں کو ایک دیگچی (پتیلی یا بھگونے) میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں ہلکی آنچ پر پکائیں۔

پکنے وقت دیگچی کے اندر جو جھاگ پیدا ہوں ان کو چمچے
سے اُتارتے رہیں۔ جب جھاگ پیدا ہونا بند ہو جائیں
اور شہد سُرخ ہو جائے اس کو ٹھنڈا کر کے کسی بوتل
میں بند کرلیں۔ رات کو سوتے وقت ایک یا دو چمچے
(چائے کا چمچہ) ایک گلاس دودھ میں ملا کر رکھ دیں۔
اور اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان
میں ستر (۷۰) مرتبہ

یَا جَبَّارُ یَا اَللّٰہُ

پڑھ کر دم کر کے دودھ پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن
ہی قوت اُبھر جائے گی اور طاقت محسوس ہو گی۔ اس
عمل کو مسلسل چالیس دن کریں۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اولاد کے لئے

اگر کسی مرد کے اندر اولاد کے جراثیم نہ ہوں اور

اولاد نہ ہوتی ہو یا مردانہ کمزوری کے سبب اولاد سے محروم
ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک کلو ماش
کی دال دُھلی ہوئی لے کر اسے اتنے عرق پیاز میں بھگوئے
کہ دال اس عرق میں ڈوب جائے۔ جب دال تمام عرق
جذب کر لے تو اس کو سائے میں سکھائے جب دال
سوکھ جائے دوبارہ اسے پیاز کے عرق میں بھگو دے۔ پھر
عرق جذب ہونے کے بعد دال کو سائے میں سکھائے
اس طرح سات مرتبہ کرے۔ جب سات مرتبہ یہ عمل کرنے
کے بعد دال سوکھ جائے تو ایک کلو مصری ملا کر ہاون دستہ
میں کوٹ لیں۔ اور باریک کپڑے میں چھان کر رکھ لیں۔
رات کو سوتے وقت ایک چمچہ (چائے کا چمچہ) وہ
سفوف لے کر سورۃ والسماء والطارق (پوری سورت)
باوضو سات مرتبہ پڑھ کر سفوف پر دم کرے اور سفوف
کھا کر گرم دودھ ایک گلاس پی لے۔ یہ سفوف دو ماہ تک
مسلسل استعمال کرنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد
پیدا ہو گی اور مایوسی ختم ہو گی۔

سورۃ والسماء والطارق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ وَمَآ اَدْرٰکَ مَا الطَّارِقُ ۙ
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ۙ اِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَیْهَا حَافِظٌ ؕ
فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ

ذَافِقٍ ۙ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ ۙ
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ۙ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ
فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ۙ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ
الرَّجْعِ ۙ وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلٌ
فَصْلٌ ۙ وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ۙ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ
كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ
رُوَيْدًا ۧ

ہڈیوں کا بخار دور کرنا

اگر کسی کو ہڈیوں کا بخار ہو گیا ہو اور ہر وقت بدن
جلتا ہے۔ دن بدن کمزوری بڑھتی جاتی ہے۔ نہ کھانے کو
دل چاہتا ہے نہ کسی کام کرنے کو دل تیار ہوتا ہے۔ اس
بخار سے نجات کے لئے یہ عمل کریں۔
دو لیموں لے کر ان پر سورۃ کافرون اکیس ۲۱ مرتبہ
پڑھ کر پانی کی سکنجبین تیار کریں اور پی لیں۔ یہ عمل دو ماہ
مسلسل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پرانے سے پرانا بخار
دور ہو جائے گا۔
سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ

مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۙ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۧ

مردانہ قوت کا عمل

اگر کوئی شخص مردانہ قوت میں کمی محسوس کرتا ہے
تو اسے یہ عمل کرنا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طاقت و
قوت مردانہ میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔
ایک سانس میں پندرہ ۱۵ مرتبہ
یَا قَوِیُّ
پڑھے اور اسی دوران بدن پر ہاتھ پھیرتا جائے جب
پندرہ مرتبہ کہہ لے تو اپنے بدن پر پھونک مارے۔
یہ عمل سات مرتبہ کرنا ہے۔ اس عمل کو چالیس ۴۰ دن
مسلسل بلا ناغہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ بے پناہ قوت
کا مالک بن جائے گا۔

طاقتور بننے کے لئے

اگر کوئی شخص خود میں قوت مردمی کی کمی محسوس
کرتا ہو تو دیسی انڈا ابال کر اس کا چھلکا اُتار لے اور
باوضو سورۃ اخلاص اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر انڈے پر دم کرے
اور انڈہ کھالے۔ صبح و شام اسی طرح دو انڈے کھا لیا
کرے۔ شرط یہ ہے کہ بیوی کے پاس نہ جائے (یعنی عورت

کے مرد کے تعلقات) قائم نہ کرے۔ پندرہ دن مسلسل پرہیز کرے اور اس دوران جو کی روٹی یا جو کا دلیہ استعمال کرے۔ ہر سال ایک ماہ اسی طرح انڈے استعمال کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی بوڑھا نہ ہوگا۔ اور بے پناہ قوت مردمی کا مالک ہوگا۔

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۧ

مریض کا ہر قسم کے مرض سے صحتیاب ہونا

اگر کوئی شخص سخت بیمار ہو اور اس کی بیماری سحر، جادو، سفلی یا جنات کے اثرات کے سبب نہ ہو تو اس کا آسان علاج یہ ہے کہ مریض کو وضو کرائیں اگر غسل کی ضرورت ہو تو غسل کرائیں اور سیدھا لٹا دیں۔ سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اس کے بعد سورۃ مجادلہ (پ۲۸) پوری سورت بلند آواز سے پڑھیں تاکہ مریض اس کو سنے اس دوران اگر مریض سو جائے تو اُمید ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ مریض ضرور صحتیاب ہوگا۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کردیں۔ سنانے کے دوران اگر مریض سو جائے تو پھر بھی

عمل پورا کریں ادھورا نہ چھوڑیں۔ اگر مریض پر سحر، جادو، سفلی یا جنات کا اثر ہے تو اس کا علاج سحر جادو جنات کے ختم کرنے کے عمل سے ہوگا۔ اس عمل کے سبب نہیں ہوگا لہٰذا عامل کو چاہیئے کہ پہلے تشخیص کرے کہ مرض بیماری ہے یا جادو یا سفلی کا اثر ہے یا جنات کی شرارت ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰۤى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

شوگر، کینسر، بلڈ پریشر، دل کا وال بند ہونے کا علاج

اگر کسی شخص کو جان لیوا مرض چمٹ جائیں مثلاً شوگر ہو جائے، بلڈ پریشر بڑھ جائے یا کم ہو جائے یا دل کا وال بند ہو جائے یا اور کوئی موذی مرض لپٹ جائے تو اس کے ختم کرنے اور صحتیاب ہونے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

ایک چھوٹا کورا مٹکا پانی کا لیں اور اس کو دھو کر

پانی بھرلیں۔ اس مٹکے کو ہاتھ لگانے سے پہلے وضو ضرور
کریں۔ بغیر وضو کے مٹکے کو ہاتھ نہ لگائیں۔ مطلب یہ
ہے کہ جب مٹکا خریدنے جائیں تو پہلے وضو کرلیں۔ بغیر
وضو مٹکے کو نہ چھوئیں اور نہ اسمیں پانی پیئیں ورنہ
اثر نہ ہوگا۔

صحیح اور تجوید کی رعایت کے ساتھ پڑھنے والا،
نیچی نگاہ رکھنے والا، حلال روزی کھانے والا یہ عمل
کرے اگر خود میں یہ صلاحیت ہے تو خود کرلے ورنہ
کسی نیک صالح متقی حافظ و قاری سے یہ کام کرائے۔
باوضو پانی کا مٹکا سامنے رکھیں اور پاک مصلے پر
قبلہ کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں کپڑوں پر عطر لگائیں
گلاب کا عطر ہو تو بہتر ہے اور یہ درود شریف
تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھیں۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ

اس کے بعد سورۃ انشقاق (پارہ ۳۰) کو اکیس ۲۱
مرتبہ پڑھیں جب بھی سجدے والی آیت آئے فوراً
سجدہ کریں پھر سجدہ سے اٹھ کر سورۃ کو پورا کریں
اس طرح اکیس بار سورۃ پڑھنی ہے اور اکیس ۲۱ سجدے
کرنے ہیں۔ جب بھی سورۃ مکمل ہو مٹکے کا ڈھکن
کھول کر پانی پر دم کریں۔ اکیس ۲۱ مرتبہ پانی پر دم کرنا ہے

یہ عمل ایک ہی بیٹھک میں ایک ہی دن کرنا ہے۔ سات
دن تک اس مٹکے کا پانی استعمال کرنا ہے۔ مریض کو
یہ پانی دن بھر پلائیں۔ جب بھی پانی کی ضرورت ہو یہی پانی
پلائیں۔ سات دن میں پانی ختم ہو جائے تو آٹھویں
دن پھر پانی اسی طرح پڑھ کر تیار کریں سات دن تک
پلائیں۔ یہ عمل پانچ مرتبہ کرنا ہے۔ جب بھی عمل شروع
کریں اس سے قبل صدقہ دیں۔ صدقہ اپنی حیثیت کے
مطابق دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مریض تندرست
ہوجائے گا۔ سورۃ انشقاق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ ۝ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝
وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ۝
وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ يَا أَيُّهَا الْإِنْسَانُ
إِنَّكَ كَادِحٌ إِلَىٰ رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلَاقِيهِ ۝ فَأَمَّا مَنْ
أُوتِيَ كِتَابَهُ بِيَمِينِهِ ۝ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا
يَسِيرًا ۝ وَيَنْقَلِبُ إِلَىٰ أَهْلِهِ مَسْرُورًا ۝ وَأَمَّا مَنْ
أُوتِيَ كِتَابَهُ وَرَاءَ ظَهْرِهِ ۝ فَسَوْفَ يَدْعُو
ثُبُورًا ۝ وَيَصْلَىٰ سَعِيرًا ۝ إِنَّهُ كَانَ فِي أَهْلِهِ
مَسْرُورًا ۝ إِنَّهُ ظَنَّ أَنْ لَنْ يَحُورَ ۝ بَلَىٰ إِنَّ
رَبَّهُ كَانَ بِهِ بَصِيرًا ۝ فَلَا أُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۝
وَاللَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۝ وَالْقَمَرِ إِذَا اتَّسَقَ ۝ لَتَرْكَبُنَّ

طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ۝ فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۝ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۝ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝

سانپ بچھو کا زہر ختم کرنا

اگر کسی کو سانپ ڈس لے یا بچھو ڈنک مار دے تو اس کے زہر کو ختم کرنے کے لئے لہسن کے چالیس عدد جوے لے کر ایک کلو دودھ میں ان کو ہلکی آنچ میں پکائیں دودھ پکتا رہے اس کے پاس باوضو بیٹھ کر چالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور دودھ پر پھونک دیں۔ دودھ کو ٹھنڈا کرے تمام دودھ سانپ کے ڈسے ہوئے یا بچھو کے ڈنک مارے ہوئے مریض کو پلادیں۔
یہ عمل دن میں دو تین مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام زہر ختم ہو جائے گا۔

بخشش کا عمل

کوئی شخص اس ڈر خوف میں مبتلا ہو کہ گناہوں کی کثرت کے سبب اس کی بخشش نہیں ہوگی تو اپنی بخشش کے لئے بعد نماز عشاء اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود

شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بخشش ہو جائے گی۔
وہ دعا یہ ہے

رَبَّنَا اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

دنیا و آخرت کی بھلائی

اگر کوئی دنیاوی معاملات میں ناکام یا آخرت کے معاملے میں ڈرتا ہو کہ وہاں اس کے ساتھ معاملہ سخت نہ ہو جائے تو روزانہ بعد نماز عشاء اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنیا کے معاملات درست ہو جائیں گے اور اسی طرح آخرت میں بھی خیر کا معاملہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

اطمینان قلبی کے لئے

اگر کسی کا دل اُڑا اُڑا اور طبیعت پریشان رہتی ہو اور دل میں سکون کی کمی ہو تو رات بعد نماز عشاء باوضو اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے

درمیان میں ایک سو بار یہ دعا پڑھے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ إِمَامًا ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اللہ تعالیٰ سے رحم و مغفرت طلب کرنا

اگر کسی کو قساوت قلبی اور گناہوں کے سبب اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا اس کے ساتھ رحم کا معاملہ پر شک ہو اور اس سبب سے ہر وقت بے چین رہتا ہو تو اپنی مغفرت اور بخشش اور اللہ تعالیٰ کا رحم و شفقت کے ساتھ معاملہ کا یقین بڑھانے کے لئے بعد نماز عشاء باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو بار یہ آیت پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حق تعالیٰ شانہٗ سے سچی امید بخشش و رحم کی قائم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ
إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

دیگر علماء کرام کے عملیات و تعویذات

دیمک سے نجات حاصل کرنا

اگر کسی گھر کی چوکھٹوں، کھڑکیوں یا لکڑی کی چیزوں یا لکڑی کے شہتیروں میں دیمک لگ کر انہیں ناکارہ بناتی ہے اور بار بار دوائیاں چھڑکنے اور اس کو دور کرنے کے باوجود تمام لکڑی کی چیزوں کو تباہ کر رہی ہے تو اس کے لئے روزانہ سورۃ مطففین پڑھ کر دیمک کے نکلنے کے سوراخوں پر دم کیا کریں اور پانی پر دم کر کے گھر کے تمام کونوں میں اس کا چھینٹا دیا کریں یعنی ہلکا ہلکا چھڑکا کریں۔ سورۃ مطففین یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۝ وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ۝ اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۝ وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ

الْاَوَّلِيْنَ ۝ كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّمَحْجُوْبُوْنَ ۝ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ۝ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ۝ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ۝ يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۝ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝ تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ۝ يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ۝ خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۚ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ۝ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ۝ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ۝ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ۝ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ۝ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ۝ وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ۝ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ۝ عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ۝ هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

اولاد کے نیک اور صالح بننے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی اولاد کی اٹھان نیکی اور اچھائی پر ہو۔ ان میں شرارت اور گناہوں سے نفرت

پیدا ہو جائے اور نماز کی پابندی، دینی رجحان میں اضافہ
اور شرافت اور بھلائی کے جذبات پیدا ہوں تو اس کے لئے
روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ آیت باوضو پڑھ کر پانی پر
دم کر کے بچوں کو وہ پانی کسی وقت پلا دیا کریں۔
اگر بچے دور ہوں اور ان کو پانی پلانا ممکن نہ ہو تو
روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ اس آیت کو پڑھ لیا کریں۔
انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیکی اور صلاح پر پروان
چڑھے گی اور والدین کی نیک نامی میں اضافہ ہوگا۔
وہ آیت یہ ہے۔
رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ
سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ٥

چیونٹیاں بھگانا

اگر کسی جگہ چیونٹیوں کی کثرت ہو اور وہ نقصان
پہنچاتی ہوں تو ان کو بھگانے کے لئے یہ آیت باوضو تین
بار پڑھ کر ریت (مٹی) پر دم کریں اور ان کے بلوں کے
نزدیک پھیلا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس جگہ سے چیونٹیاں
چلی جائیں گی۔ وہ آیت یہ ہے۔
يٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ
لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ لا وَهُمْ
لَا يَشْعُرُوْنَ ٥

مرگی کا دورہ

اگر کسی بچے یا بڑے کو خدانخواستہ مرگی کا دورہ
پڑ جائے تو اس کو ہوش میں لانے کے لئے تین مرتبہ
مندرجہ ذیل کلمات باوضو مریض کے کان میں بلند آواز سے
پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض فوراً ہوش میں
آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
الٓمّٓصٓ ٥ طٰسٓمٓ ٥ كٓهٰيٰعٓصٓ ٥ يٰسٓ ٥
وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ٥ حٰمٓ ٥ عٓسٓقٓ ٥ نٓ
وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ٥

روزی میں اضافہ

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور گذارہ مشکل
سے ہوتا ہو اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہو تو اس کے لئے
یہ کلمات روزانہ صبح بعد نماز فجر اور رات کو بعد نماز عشاء
ایک ایک سو بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ مستقل مزاجی
کے ساتھ پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غربت سے
نجات اور رزق میں فراخی اور وسعت پیدا ہوگی، کسی طرح
بھی کسی کا محتاج نہ رہے گا۔ عمل شرط ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ
اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی یا مرد یا عورت گھر سے بھاگ گئے ہوں یا گم ہوگئے ہوں تو گمشدہ کی واپسی کے لئے یہ آیت باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھ کر لپیٹ کر چرخہ میں باندھ کر چرخہ کو فجر کی نماز کے بعد ایک سو بار الٹا چکر دیں (الٹا گھمائیں) اگر چرخہ نہ ہو تو سائیکل کے پہیے میں باندھ کر الٹا گھمائیں اگر سائیکل بھی نہ ہو تو کسی بجلی کے پنکھے میں باندھ کر پنکھا چلا دیں یا پنکھا بجلی نہیں ہے تو اس کو کسی اونچی جگہ اس طرح باندھیں کہ ہوا سے تعویذ ہلتا رہے۔ اس آیت کے نیچے بھاگنے یا گم ہونے والے کا نام معہ اس کی والدہ کے نام کے لکھے

وہ آیت یہ ہے۔

فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ۚ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۚ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِىْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ۝

جب بھاگا ہوا واپس آجائے تعویذ فوراً کھول کر رکھ لیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

پیشاب کا بند کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہوگیا ہو تو اس کے لئے باوضو اول تین بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی اور خوب پیشاب آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۖ وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

طاعون، ہیضہ انفلوئنزا، چیچک، وبائی امراض

اگر کسی جگہ وبائی امراض پھوٹ پڑیں اور خسرہ، طاعون،

ہیضہ، انفلوئنزا، چیچک کا زور ہو جائے یا جانوروں میں کُھر اور مُنہ کی بیماری پیدا ہو جائے یا مُرغیوں میں برڈ فلو کا مرض پھیل جائے تو اس کے لئے سورۃ القدر باوضو تین مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر یا پانی پر دم کر کے آدمیوں کو یا جانوروں کو کھلائیں۔ اسی طرح پڑھا ہوا پانی بھی انسانوں یا جانوروں کو پلائیں اور مکان اور باڑے کے کونوں میں چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مرض سے نجات حاصل ہو گی۔ یہ عمل کم از کم چالیس دن کرے۔

سورۃ القدر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۚ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۚ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۚ سَلٰمٌ ۚ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۚ

پیٹ کے درد کا شافی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد رہتا ہو یا کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں درد ہو جاتا ہو یا کسی اور وجہ سے پیٹ میں شدید درد پیدا ہو گیا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو تین بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو وہ پانی پلا دے اسی طرح اگر جانور کے پیٹ میں درد ہو تو اس کو یہی پانی پڑھا ہوا پلاتے۔

انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہو گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

بچے کا کثرت سے رونا

اگر کوئی بچہ کثرت سے روتا ہو اور ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا رہتا ہو اور کسی طور بھی چپ نہیں ہوتا اور بات بات پر ضد کرتا ہو اور نئے نئے مطالبے پیش کرتا ہو لیکن اس کا رونا کسی طور پر کم نہیں ہوتا۔ والدین اس کے اس طرح بات بات پر رونے سے پریشان ہوں تو باوضو سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں اور پانی پر بھی دم کر کے بچے کو وہ پانی چار وقت پلائیں۔ چار وقت پلانے کے یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے قبل

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد چھوڑ دے گا اور رونا بند ہو جائے گا۔ چند دن یہ عمل کریں۔

سورۃ الفلق یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۔

نکسیر پھوٹنے کا علاج

اگر کسی کی نکسیر پھوٹ گئی ہو اور ناک سے برابر خون بہہ رہا ہو تو اس کو روکنے کے لئے یہ آیت باوضو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر بند ہو جائے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۔

ہر قسم کی خطرناک بیماری، سحر، جادو کا علاج

اگر کوئی شخص کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو یا اس پر کسی نے سحر، سفلی، جادو کرا دیا ہو یا پُراسرار بیماری میں مبتلا ہو جس کی تشخیص نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر الحمد شریف لکھے اور اس کے نیچے یہ کلمات لکھے اور مریض کو پلیٹ پانی سے دھو کر وہ پانی چار وقت پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خطرناک مرض، سحر، جادو، سفلی سے نجات حاصل ہوگی۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۙ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۙ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۔

نیچے لکھے جانے والے کلمات یہ ہیں

یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَآئِهٖ یَا حَیُّ ۔

بواسیر کے مرض میں خون آنا

اگر کسی شخص کو خدانخواستہ خونی بواسیر کی شکایت ہو اور خون بہتا ہو جس سے انسان کا جسم بہت کمزور ہو جاتا ہے

اور رنگ پیلا پڑ جاتا ہے اس کے لئے یہ آیت اکتالیس بار
باوضو پڑھے اور پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرے اور پانی
پیئے اور کھانے کی چیز کھائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ

انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے خون آنا بند ہو جائے گا۔

کان کے درد کو دور کرنا

اگر کسی بچے کے کان میں رات کو درد ہونے لگے یا کسی
بڑے آدمی کے کان میں شدید درد پیدا ہو جائے تو اس کے لئے
باوضو اول تین بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین مرتبہ
سورۂ اعلیٰ پڑھے اور آخر میں پھر تین بار درود شریف
پڑھے اور مریض کے دونوں کانوں میں پھونک مار دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑی دیر میں کان کا درد دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سورۂ اعلیٰ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ۙ الَّذِيْ خَلَقَ
فَسَوّٰى ۙ وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ۙ وَالَّذِيْٓ
اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ۙ فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ۭ
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۙ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ
اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ۭ وَنُيَسِّرُكَ
لِلْيُسْرٰى ۚ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۭ
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ
الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ
فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۭ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ۙ
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ۭ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۙ
وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۭ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ
الْاُوْلٰى ۙ صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ۧ

لڑکے یا لڑکی کا رشتہ ہونا

اگر والدین اپنی اولاد کی شادی کے سلسلے میں پریشان ہوں اور
بہت زیادہ کوشش کے باوجود رشتے نہیں ہوتے۔ اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو
پاک مصلے پر بیٹھ کر پوری توجہ کے ساتھ یَا حَکِیْمُ ایک سو ایک
مرتبہ روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے البتہ اگر عورت یا لڑکی خود
پڑھ رہی ہے اور خاص دن شروع ہو گئے تو پڑھنا بند کر دے۔ پاک
ہونے کے بعد پھر پڑھنا شروع کرے۔ یہ عمل شادی ہونے تک جاری رکھے۔

نظر بد سے حفاظت و نجات

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہو جس کے سبب اس کی صحت گرتی جارہی ہو کھانا کھانے کو دل نہ چاہتا ہو اور مرض بڑھتا جاتا ہو لیکن مرض کا پتہ نہ چلتا ہو۔ بچہ ہے تو ہر وقت کسی نہ کسی بہانے سے روتا ہو کھانا پینا بند ہوگیا ہو یا کھاتا ہو تو الٹی ہو جاتی ہو۔ اس سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو ایک کاغذ پر یا چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور اس کو پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں اور اس پر چھڑکیں نیز یہی کلمات پڑھ کر صبح و شام مریض پر دم کریں اور یہی کلمات ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال دیں تعویذ پر کالا یا گہرا نیلا کپڑا چڑھائیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ حَبَسَ حَابِسٌ وَحَجَرٌ يَابِسٌ وَشِهَابٌ قَابِسٌ رُدَّتْ عَيْنُ الْعَائِنِ عَلَيْهِ وَعَلٰى اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيْهِ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ط

معدہ کے درد سے نجات

اگر کسی شخص کے معدہ میں شدید درد ہوتا ہو اور

وہ انتہائی تکلیف محسوس کرتا ہو اور اسے کسی طور بھی چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کی پلیٹ پر پانی میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور مریض کو روزانہ صبح نہار منہ وہ پلیٹ پانی سے صاف کرکے وہ پانی پلائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض صحیح نہ ہو جائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذْ اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ج فَلَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰى ع

سفر میں ہر قسم کے خطرات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر روانہ ہونا چاہتا ہے یا سفر پر روانہ ہو چکا ہے اور ڈرتا ہے کہ کہیں راستے میں کوئی حادثہ پیش نہ آجائے یا ڈاکو لٹیروں سے واسطہ نہ پڑ جائے تو اس کے لئے گھر سے نکلنے سے پہلے یا دورانِ سفر سورۂ عبس مکمل ایک مرتبہ پڑھ لی جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سفر بخیر و خوبی پورا ہوگا اور راستہ میں کسی قسم کا جانی یا مالی نقصان نہ ہوگا۔

سورۂ عبس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

عَبَسَ وَتَوَلّٰى ○ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ط وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰى ○ اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ

ہر قسم کی مشکل کا حل ہونا

اگر کوئی ایسی مشکل پیدا ہوگئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہو اور اس کے حل نہ ہونے سے جان کا یا مال کا یا عزت کے جانے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ کی رات ہے۔ اس رات بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل فوراً حل ہو جائے گی اگر ایک مرتبہ کے پڑھنے سے حل نہ ہو تو اگلے جمعہ کی شب کو پھر اسی طرح عمل کرے۔ جب تک مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ

الذِّكْرٰى ۝ اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ۝ فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ۝ وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ۝ وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۝ وَهُوَ يَخْشٰى ۝ فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۝ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۝ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۝ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۝ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ۝ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ۝ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ۝ مِنْ نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۝ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۝ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۝ ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ۝ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَآ اَمَرَهٗ ۝ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ۝ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۝ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۝ فَاَنْبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۝ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۝ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۝ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۝ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۝ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ۝ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ۝ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ۝ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ۝ وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ۝ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

بچے کا حد سے زیادہ رونا

اگر چھوٹا بچہ حد سے زیادہ روتا ہے اور گھر میں ہر وقت اس کے رونے کی آواز آتی ہے۔ بات بات پر ضد کرتا ہے۔ مچلتا ہے زمین پر لیٹ جاتا ہے اور طرح طرح سے بہانے کر کر کے روتا ہے تو اس کے لئے یہ آیت باوضو چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور گیارہ دن روزانہ ایک پلیٹ دھو کر اس کا پانی بچے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کر دے گا اور ضد کرنے اور مچلنے سے باز رہے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ
اِلَّا هَمْسًا ۝

دل کے مرض سے افاقہ

اگر خدانخواستہ کسی کو دل کا مرض لگ جائے تو اس کے لئے باوضو اکتالیس دن روزانہ ایک پلیٹ پر یہ آیت لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو وہ پانی چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل

۲۔ صبح گیارہ بجے دن
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے

انشاء اللہ تعالیٰ دل کے مریض کو فائدہ ہوگا اور تکلیف سے نجات ملے گی۔

وہ آیت یہ ہے۔

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗ
اُمُّ الْكِتٰبِ ۝

درد گردہ کا علاج

اگر کسی کو درد گردہ کی شکایت پیدا ہو گئی ہو اور گردے کی جگہ ہر وقت ٹیسیں اٹھتی ہوں اور کسی پل چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں اکتالیس دن تک روزانہ باوضو ایک پلیٹ پر لکھے اور پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو چار وقت پلائے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی درد گردہ کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔

وہ آیتیں یہ ہیں۔

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ
الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝

إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ٥

پانی پلانے کے چار وقت یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء سونے سے پہلے

اولاد ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور اسے بڑی تمنا ہو کہ اس کے بچہ ہو جائے تو اس کے لئے اکتالیس[۴۱] عدد کالی مرچ لے اور اکتالیس[۴۱] عدد لونگ لے کر ان پر باوضو اکتالیس[۴۱] مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ یہ آیت پڑھ کر ان دونوں چیزوں پر دم کریں۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ٥

یہی آیت اکتالیس[۴۱] دن روزانہ ایک چینی کی بغیر پھول والی سادہ پلیٹ پر لکھیں۔

رات کو سونے سے پہلے مرد ایک عدد کالی مرچ اور ایک عدد لونگ کھا کر باوضو پلیٹ کو دھو کر پانی پی لے۔ اکتالیس دن تک اسی طرح عمل کرے۔

بے اولاد مرد کی بیوی کے لئے بھی اکتالیس[۴۱] عدد

کالی مرچ اور اکتالیس عدد لونگ لے کر اس پر اکتالیس[۴۱] بار یہ آیت باوضو پڑھ کر دم کرے۔

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمَاهِدُوْنَ ٥

اور یہی آیت روزانہ ایک پلیٹ پر باوضو لکھیں اور رات کو سونے سے قبل عورت ایک کالی مرچ اور ایک لونگ کھا لے اس کے بعد باوضو پلیٹ دھو کر پانی پی لے اور دونوں میاں بیوی حقوقِ زوجیت ادا کریں۔ ماہواری کے ایام میں عورت یہ چیزیں استعمال نہ کرے۔

سخت دل انسان کا دل نرم کرنا

اگر کسی شخص کا دل سخت ہو اور اس کے مزاج میں نرمی اور شفقت نہ ہو بلکہ ہر ایک کے ساتھ ظالمانہ انداز میں پیش آتا ہو اور ہر وقت گرم مزاجی سے پیش آتا ہو تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ کا صفاتی نام

یَا رَحْمٰنُ

روزانہ بعد نماز فجر باوضو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور سخت دل شخص کو پلا دے۔ اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ مزاج بدل جائے گا۔ دل کی سختی دور ہو جائے گی اور مزاج میں نرمی اور شفقت پیدا ہو جائے گی۔

غیب سے روزی کا انتظام

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کا ایک مرتبہ حکومت کی طرف سے وظیفہ آنے میں دیر ہوئی ان کو سالانہ ایک لاکھ (درہم یا دینار) وظیفہ ملا کرتا تھا۔ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بہت زیادہ سخی تھے اِدھر روپیہ ختم ہو گیا۔ کسی سے سوال کرنا توکل کے خلاف تھا۔ اسی مالی پریشانی کے دوران آپ نے یہ دعا کثرت سے پڑھنا شروع کی اس عمل کو ایک ہفتہ بھی پورا نہ ہوا تھا کہ حکومت کی طرف سے پندرہ لاکھ روپے وظیفہ کے آگئے اور آپ کی تمام پریشانی دور ہو گئی۔

وہ دعا جو آپ نے کثرت سے پڑھی یہ تھی۔

اَللّٰھُمَّ اقْذِفْ فِیْ قَلْبِیْ رَجَآءَكَ وَاقْطَعْ رَجَآئِیْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰی لَآ اَرْجُوْ اَحَدًا غَیْرَكَ اَللّٰھُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِیْ وَقَصُرَ عَنْهُ عَمَلِیْ وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَیْهِ رَغْبَتِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْأَلَتِیْ وَلَمْ یَجْرِ لِسَانِیْ مِمَّآ اَعْطَیْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْیَقِیْنِ فَخُصَّنِیْ بِهٖ یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ ط

جس شخص کی رزق تنگ ہو اس دعا کو پڑھے مگر کثرت سے پڑھے۔ اگر باوضو پڑھے تو بہتر ہے ورنہ بغیر وضو کے بھی پڑھے تو درست ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی تنگی دور ہو جائے گی بڑا مجرب عمل ہے۔

میاں بیوی کی آپس کی ناراضگی ختم

اگر میاں بیوی میں کسی بات پر رنجش پیدا ہو گئی ہو اور دونوں آپس میں ایک دوسرے سے سخت ناراض ہوں اور بول چال بند ہو چکی ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا رَحِیْمُ

کو باوضو نماز فجر کے بعد قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی ناراضگی ختم ہو جائے گی اور وہ دونوں ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔

یہ عمل ایک ہفتہ تک برابر کرتا رہے ناغہ نہ کرے۔

عزت کا مقام حاصل کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کی سب عزت کریں اور اس کے ساتھ ادب و احترام کا برتاؤ کریں تو اس کیلئے باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کا اسم مبارک

یَا مَالِکُ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی عزت و عظمت قائم ہونے کی دعا کرے۔ یہ عمل روزانہ بعد نماز فجر کر لیا کرے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ جلد ہی اس کے آثار ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے
لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہو جائے گی اور وہ ادب
واحترام کے ساتھ پیش آنے لگیں گے لیکن شرط یہ ہے کہ یہ
عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ کر کے کرے گا تو وہ فوائد
حاصل نہ ہوں گے۔ دوسرے یہ کہ عمل کے دوران پنج وقتہ
نماز باجماعت ادا کرتا رہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض جلد ادا
ہو جائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات
مل جائے اور اس کی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ
ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ اسم الٰہی

یَا اَللّٰہُ

روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باوضو

قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف
پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے چھٹی ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی
پابندی کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی
کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی اور
سارا قرضہ جلد ہی ادا ہو جاتے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

دعا کی قبولیت کے لئے

اگر کوئی ایسا مسئلہ اٹک گیا ہے کہ اس کا حل ہونا
ضروری ہے ورنہ بے عزتی ہوگی تو اس کے لئے بعد نماز
عشاء باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا مُجِیْبُ

ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھے۔ پڑھنے کے
دوران نہ اٹھے نہ کسی سے بات کرے بلکہ پوری توجہ اور یکسوئی
سے عمل کرے۔ اس کے بعد اپنے مسئلہ کے حل کی دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہو گی اور مسئلہ حل ہو جائے گا۔

روزگار کے لئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی

یَا وَاسِعُ

ستر مرتبہ باوضو پڑھے اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا۔ اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہے تو نوکری پر بحال ہو جائے گا۔

آپس کی ناراضگی ختم کرنا

اگر دو آدمیوں میں آپس میں سخت ناراضگی ہو اور وہ ایک دوسرے سے بات چیت نہ کرتے ہوں تو اس کے لئے اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اسم الٰہی

یَا وَدُوْدُ

ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے دوسرے ناراض شخص کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں شالی

محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ ایک دوسرے کا خیال رکھنے لگیں گے یہ عمل چند دن برابر کرتا رہے اور کچھ صدقہ خیرات بھی کرتا رہے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے صغیرہ وکبیرہ گناہوں کی معافی مانگتا رہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو اس کے لئے رات کا آدھا حصہ گذرنے کے بعد باوضو کھلے آسمان کے نیچے (اوپر کوئی چھت یا سائبان نہ ہو) اول وآخر تین تین بار درود شریف پڑھے اور اس قیدی کے نام کے اعداد کی تعداد کے مطابق پڑھے۔ یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ کرے۔ اگر ایک چلے میں کام ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ دو تین چلے اس عمل کے کر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد رہا ہو جائے گا۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے

یَا حَقُّ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کا دشمن طاقتور اور شرارت میں یکتا ہو اور طرح طرح سے نقصان پہنچانے کی کوشش کرتا ہو تو ایسے دشمن کو نیچا دکھانے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر تین سَو بار

یَا قَوِیُّ

پڑھا کرے۔ ایک چلّہ (چالیس دن) پابندی کے ساتھ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر ڈر خوف طاری ہوگا اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائے گا۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کے لئے

اگر اولاد نافرمان ہو چاہے لڑکا ہو یا لڑکی اس کی اصلاح و ہدایت کے لئے روزانہ نمازِ فجر کے بعد باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر ایک سو اکتیس (١٣١) بار اسم الٰہی

یَا وَلِیُّ

پڑھے۔ اس اسم کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور پانی پر دم کر کے بچوں کو پلا دے تو اس کی برکت سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے بچے نیک اور فرمانبردار بن جائیں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ظالموں اور دشمنوں کے شر سے حفاظت

ظالموں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے اس کی برکت سے

آدمی ظالم اور دشمن قسم کے لوگوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

اسم الٰہی

یَا مُحْصِیُ

ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے وہ اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ دشمن کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن یہ عمل کرے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہیں دیتے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

ہر فرض نماز کے بعد اکیس ۲۱ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گزرے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص تنگدست ہو اور غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گزر رہی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا عَزِیْزُ

کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرضہ ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

آدمی ظالم اور دشمن قسم کے لوگوں سے محفوظ ہو جاتا ہے۔
اسم الٰہی

یَا مُحْصِیُ

ایک سو بار باوضو بعد نماز عصر پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آدمی ہر قسم کے ظالم اور دشمن کے شر سے بچا رہتا ہے وہ اس کو کسی بھی قسم کا نقصان نہیں پہنچا سکتے۔ یہ عمل روزانہ پابندی سے اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ دشمن کی طرف سے شر کا خوف ہے ورنہ کم از کم چالیس دن یہ عمل کرے۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص شیطانی وساوس سے پریشان ہو اور شیطانی خیالات اس کو کسی طور سے بھی سکون سے رہنے نہیں دیتے تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا سَلَامُ

ہر فرض نماز کے بعد اکیس بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے تمام دن شیطانی اثرات اور وساوس سے محفوظ رہے گا اور تمام دن سکون اور ذہنی خوشی میں گزرے گا۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص تنگدست ہو اور غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گزر رہی ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا عَزِیْزُ

کو ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے۔ استغفار کی کثرت کرے۔ نماز کی پابندی کرے اور اپنے چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور گناہوں سے توبہ کرے اور آئندہ نہ کرنے کا عزم و ارادہ کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی اور اگر قرضہ ہے وہ بھی دور ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت

اگر کسی شخص کو ڈر ہو کہ اس کا دشمن اسے بڑا نقصان پہنچا دے گا تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ کی طرف منہ کر کے پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا جَبَّارُ

ایک سو اکیس (۱۲۱) بار پڑھے اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن کے نقصان پہنچانے کا خطرہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن ناکام ہو کر اپنی حرکتوں سے باز آجائے گا۔

غلط وسوسے اور گندے خیالات سے نجات

اگر کوئی شخص وسوسوں اور گندے گندے خیالات میں مبتلا ہو۔ اس کو ہر وقت بے ہودہ اور گندے خیالات آتے رہتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور غائب دماغ رہتا ہو۔ اس کا کسی کام میں دل نہ لگتا ہو اور نہ وہ کوئی کام پوری توجہ سے کر سکتا ہو۔ ہر وقت بے چین اور مدہوش رہتا ہو۔ اس کے لئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ پابندی کے ساتھ نماز باجماعت ادا کرے۔ اس کے بعد ہر وقت باوضو رہنے کی کوشش کرے۔ جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کر لے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار

اسم الٰہی

یَا قُدُّوْسُ

پابندی کے ساتھ پڑھے اور فجر اور عشاء کی نماز کے بعد یہ عمل کر کے پانی پر دم کر کے پانی پی لے اور تمام بدن پر سر سے پاؤں تک ہاتھ پھیر لے۔ وہ عمل یہ ہے۔

اول سات مرتبہ درود شریف، الحمد شریف پوری سورت تین مرتبہ۔ آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔ چاروں قل تین تین مرتبہ۔ آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دل کام یا پڑھنے میں لگے گا برے خیالات آنا بند ہو جائیں گے اور حالت سدھر جائے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

الحمد شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ
وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ
ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ
مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ۝

قل یاایھا الکفرون یہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

قل ھو اللہ احد یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝

وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

قل اعوذ برب الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

قل اعوذ برب الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

ہر قسم کی آفات اور ظالموں کے ظلم سے نجات

اگر کوئی شخص پے در پے آفات کا شکار ہوتا ہو اور
ظالم لوگ اسے ظلم کا نشانہ بناتے ہوں تو ان تمام آفات
وظلم سے نجات کے لئے بعد نماز عشاء ایک سو چھتیس (۱۳۶)
بار اسم الٰہی

يَا مُؤْمِنُ

پڑھے یہ عمل چالیس دن پابندی کے ساتھ کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے نجات حاصل ہوگی
اور آئندہ ظلم اور آفات سے حفاظت رہے گی۔

صاحبِ اولاد ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص بے اولاد ہو اور اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ اسمِ الٰہی

یَا خَالِقُ

پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرنا ہے جب تک حمل قائم نہ ہو جائے۔ جب حمل قائم ہو جائے عمل ترک کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

حاملہ عورت کے باآسانی اولاد پیدا ہونا

اگر کوئی عورت حاملہ ہو اور ڈرتی ہو کہ حمل کے دوران یا بچہ کی پیدائش کے وقت کوئی بحران پیدا نہ ہو اور آسانی کے ساتھ بچہ پیدا ہو تو اس کے لئے حاملہ عورت خود یا کوئی دوسرا شخص روزانہ باوضو بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ اسمِ الٰہی

یَا مُصَوِّرُ

پڑھے اور پانی پر دم کر کے حاملہ عورت وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بچہ ہونے تک برابر کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل کے دوران عورت کو کوئی تکلیف نہ ہوگی اور حمل قائم رہے گا اور بچہ بھی آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا نیز بچہ صحیح وسالم ہوگا اس میں کوئی عیب نہ ہوگا۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بانجھ عورت کا بانجھ پن ختم

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور اولاد کے نہ ہونے سے پریشان ہو اور اس کی بڑی تمنا ہو کہ اس کے بھی بچہ پیدا ہو جائے تو بانجھ پن کو ختم کرنے کے لئے پانچ وقت کی نماز پابندی کے ساتھ ادا کیا کرے اس میں سستی کاہلی نہ کرے اور ہر وقت کوشش کرے کہ باوضو رہے اگر وضو ٹوٹ جائے دوبارہ وضو کر لے۔ اور ہر نماز کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ

یَا بَارِیُٔ الْمُصَوِّرُ

پڑھے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل حمل قائم ہونے تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہو کر اولاد ہوگی۔

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ہر قسم کی بے چینی اور پریشانی کا خاتمہ

اگر کوئی شخص کسی قسم کی بے چینی محسوس کرتا ہے اور پریشان رہتا ہے تو اس کے لئے باوضو، عشاء کی نماز کے بعد ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ اسم الٰہی

یَا قَهَّارُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے جلد ہی اس کی بے چینی ختم ہو جائے گی اور ہر قسم کی پریشانی دور ہو جائے گی عمل شرط ہے۔ جب تک بے چینی ختم نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔

ملازمت میں ترقی کے لئے

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اپنے شعبے میں ملازمت کے دوران اونچے سے اونچے منصب پر فائز ہو جائے اور اس کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے بلکہ وہ تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کرتا جائے تو اس کے لئے بعد نماز فجر کسی سے بات نہ کرے اور نماز اشراق تک اپنی جگہ بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا رَزَّاقُ

پڑھے اور سورج نکلنے تک باقاعدہ پڑھتا رہے۔ درمیان میں اپنی جگہ سے نہ اٹھے اور نہ کسی سے بات کرے اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول رہے۔ اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اثرات قدم قدم پر اس کی زندگی میں ظاہر ہوتے رہیں گے۔ اور وہ بآسانی ترقی کرتے کرتے اعلیٰ منصب پر پہنچ جائے گا۔

دشمن کے حملہ سے بچاؤ کے لئے

اگر کسی جگہ مسلمانوں کو دشمن کے حملے کا خطرہ ہے اور سمت معلوم ہے کہ حملہ اس طرف سے ہوگا اور دشمن اس طرف سے آئے گا تو اس کے لئے باوضو یہ آیت ستر مرتبہ پڑھ کر ایک مٹھی ریت (مٹی) پر دم کر کے دشمن کے آنے والے راستے کی طرف پھینک دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پلٹ کر واپس چلا جائے گا اور اس کا قدم کسی صورت میں بھی آگے کی طرف نہیں اٹھے گا اور اس کے دل پر رعب غالب آجائے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ ۝

حضور اکرم خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا خواب میں دیدار

ہر مسلمان کے دل میں تڑپ ہوتی ہے کہ وہ حضور اکرم خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرے۔ اس کا طریقہ یہی ہے کہ خواب میں زیارت ہونے کے بہت سے طریقے علماء کرام اور صوفیاء عظام نے اپنے اپنے تجربات کی روشنی میں بیان کئے ہیں۔ ان میں ایک

طریقہ یہ ہے کہ جمعرات کا دن گزرنے کے بعد جو رات آتی ہے وہ جمعہ
کی رات ہے۔ اس میں دو رکعت نماز نفل بعد نمازِ عشاء پڑھے
ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد پینتیس (۳۵) مرتبہ سورۂ اخلاص
پڑھے۔ نماز کے بعد ایک ہزار بار یہ درود شریف پڑھ کر دعا کرے
کہ اے اللہ تعالیٰ اپنی رحمتِ خاص سے مجھے حضرت محمد مصطفیٰ خاتم
الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرا دے۔ اس کے بعد
پاک بستر پر قبلہ رُخ باوضو سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ جمعہ
آنے سے قبل خواب میں زیارت نصیب ہو جائے گی۔ اگر ایک مرتبہ کے
عمل سے زیارت نہ ہو تو تین بار (تین جمعہ کی رات) عمل کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

میاں بیوی میں محبت و اتفاق

اگر میاں بیوی میں آپس میں نااتفاقی رہتی ہو اور ایک دوسرے
سے کٹے کٹے رہتے ہوں ایسی صورت میں عشاء کی نماز کے بعد باوضو
ایک سو بار

یَا حَنَّانُ یَا حَلِیْمُ

پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باہمی تعلقات خوشگوار ہو جائیں گے
اگر بیوی شوہر سے الگ الگ رہتی ہو تو شوہر یہ عمل کرے اور شوہر بیوی
سے میل جول میں کمی کرتا ہے تو بیوی پڑھے۔ جب تک تعلقات صحیح
قائم نہ ہو جائیں اس وقت تک برابر عمل کرنا ہے۔

لوگوں کے دلوں میں عزت قائم ہونا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں، لوگوں
کے دل میں اس کی عظمت اور بزرگی اور فضیلت کا نقش بیٹھ جائے
تو اس کے لئے اول شبِ جمعہ (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات
آتی ہے وہ شبِ جمعہ یعنی جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات)
میں یہ کلمات تین سو مرتبہ پاک مصلّے پر باوضو بیٹھ کر پڑھیں۔ اس کے
بعد روزانہ اکتیس مرتبہ پڑھا کرے۔ یہ عمل ہمیشہ کرے انشاء اللہ
تعالیٰ جلد ہی لوگوں میں مقبولیت پیدا ہو جائے گی اور لوگ احترام سے
پیش آئیں گے اور سب لوگ عزت کریں گے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

یَا دَائِمُ بِلَا فَنَاءٍ وَّلَا زَوَالَ لِمُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ۔

گمشدہ اور غائب شخص کے لئے

اگر خدانخواستہ گھر کا کوئی فرد روٹھ کر، ناراض ہو کر غصّے سے
گھر سے کہیں چلا جائے اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو اس کے لئے یہ کلمات
تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ باوضو پڑھے۔ جب تک غائب واپس
نہ آجائے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غائب شدہ
آدمی آجائے گا۔ البتہ اگر دور گیا ہے تو چند دن اور لگ سکتے ہیں۔
وہ کلمات یہ ہیں:

یَا حَلِیْمُ ذَا الْاَنَاۃِ فَلَا یُعَادِلُہٗ شَیْءٌ مِّنْ خَلْقِہٖ

دشمن کی ناکامی کے لئے

اگر دشمن، چور، ڈاکو، لٹیرے کے حملے کا ڈر ہو اور اس کے حملے کا خطرہ ہو تو اس کے لئے گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس طرف منہ کرکے پھونک ماردیں انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حملہ ناکام رہے گا اور وہ واپس لوٹ جائے گا اور کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ

غصہ اور اشتعال دور کرنے کے لئے

اگر کوئی سخت غصہ میں اور اس کے اندر بہت زیادہ اشتعال پیدا ہو گیا ہو تو اس غصے اور اشتعال کو ختم کرنے کیلئے وہ خود یا کوئی شخص اس آیت کو تین یا سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس شخص کو پلائے یا اس کے منہ پر چھینٹے مارے یا اس کی طرف منہ کرکے پھونک مار دے۔ اور خود عمل کرتا ہے تو خود پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی پی لے یا پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرلے۔ انشاءاللہ تعالیٰ غصہ اور اشتعال فوراً ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

دشمن کے نقصان پہنچانے سے حفاظت

اگر کسی شخص کو خطرہ ہے کہ اس کے دشمن اسے نقصان پہنچا دیں گے

اور کسی بڑی پریشانی میں مبتلا کردیں گے تو دشمن کے شر اور فتنہ سے بچنے کے لئے یہ اسم الٰہی

یَا قَابِضُ

باوضو بعد نمازِ عشاء ایک سو بار پابندی سے پڑھا کرے جب تک دشمن کے حملے یا اس کی شرارت کا ڈر ہے برابر پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمن اپنے ارادے میں ناکام رہے گا اور کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

امتحان کا پرچہ اچھا ہونے اور کمرۂ امتحان میں گھبراہٹ نہ ہونے کے لئے

اگر کوئی طالب علم گھبراہٹ کا شکار ہے یا دل و دماغ کا کمزور ہے اور امتحان کا نام سن کر اس کا دل دھڑکنے لگتا ہے نبض تیز چلنے لگتی ہے۔ دل کی گھبراہٹ دور ہونے اور امتحان کا پرچہ اچھا ہونے کے لئے اور کمرۂ امتحان میں سکون کے ساتھ امتحان دینے کے لئے یہ عمل بہت کامیاب ہے اس عمل کی وجہ سے گھبراہٹ بالکل نہیں ہوتی اور کمرۂ امتحان میں سکون قلب قائم رہتا ہے اور پرچہ بھی اچھا اور عمدہ ہوتا ہے دماغ پوری طرح کام کرتا ہے۔ عمل یہ ہے اور بالکل آسان ہے۔ جب طالب علم گھر سے چلے تو اسم الٰہی

یَا عَلِیْمُ

کا ورد کرنا شروع کردے اور پورے راستے یا علیم پڑھتا رہے

اس کے بعد جب کمرۂ امتحان میں بیٹھے برابر پڑھتا رہے۔ پرچۂ
امتحان ملنے کے بعد پرچہ کو میز پر الٹا رکھ دے اور دس مرتبہ

یَا عَلِیْمُ

پڑھے اور پرچہ پڑھنا شروع کر دے۔ جو سوال آسان
معلوم ہو اس کو پہلے حل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پڑھا ہوا
یاد آتا رہے گا اور پرچہ بآسانی حل ہوتا جائے گا۔

بھولنے کی عادت ختم اور حافظہ تیز

اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور ذرا ذرا سی بات
بھول جاتا ہو اور حافظہ بیکار ہو گیا ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

بعد نماز فجر باوضو پاک جگہ بیٹھ کر ننانوے (۹۹) مرتبہ
پڑھے اور پڑھ کر اپنے سینے پر پھونک مار لے تو انشاء اللہ
تعالیٰ حافظہ مضبوط ہو جائے گا اور بھول کا مرض ختم ہو گا۔
یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پورا پورا فائدہ
نہ ہو۔

ہر مشکل آسان ہونے کے لئے

اگر کوئی سخت مشکل پیش آگئی ہو اور اس کا حل ہونا
مشکل دکھائی دیتا ہو تو اس کے لئے باوضو اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

چار سو نواسی (۴۸۹) مرتبہ باوضو بعد نماز عشاء پاک مصلے
پر بیٹھ کر پڑھے اور اس وقت تک پابندی کے ساتھ
پڑھتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
مشکل کے حل ہونے کے غیب سے سامان پیدا ہوں گے اور
مشکل جلد حل ہو جائے گی۔

ہر کام میں کامیابی کا عمل

اگر کوئی ڈاکٹر یا حکیم ہے یا مقرر اور خطیب ہے یا کسی اور
پیشے سے تعلق رکھتا ہے لیکن کامیاب نہیں ہے نہ اسے
مرکزیت حاصل ہے اور نہ اس کا کام ترقی کرتا ہے۔ اس کے
لئے بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اسم الٰہی

یَا فَتَّاحُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ چند دن کے عمل سے مقبولیت میں اضافہ ہو گا اور
کامیابی کے حساب سے اس کا شمار اونچے لوگوں میں
ہو گا۔ اگر حکیم ڈاکٹر ہے تو مریض بہت آئیں گے۔ مقرر
ہے تو لوگ زیادہ سے زیادہ تقریر سننے آئیں گے یا اور
کوئی پیشہ ہے اس میں بھی ہر وقت لوگوں کی بھیڑ لگی
رہے گی۔ شرط یہ ہے کہ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے
ساتھ کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

دشمن کے فتنہ کا خاتمہ

اگر دشمن زبردست طاقت کا مالک ہو، اس کے وسائل اور اثرات دور دور تک ہوں اور اس سے مقابلہ کرنا خطرناک ہو لیکن خدانخواستہ اگر ایسا وقت آجائے مقابلہ کرنا ہی پڑ جائے تو اس کے لئے تین روزے رکھے۔ چوتھے روز ایک جگہ تنہائی میں بیٹھ کر دشمن کے تصور کے ساتھ باوضو بعد نماز عشاء گیارہ سو بار

یَا خَافِضُ

پڑھے۔ اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن جھک نہ جائے اور اپنی حرکتیں نہ چھوڑ دے۔ یہ عمل بہت مؤثر ہے۔

دلی مراد پورا ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص دل میں کوئی تمنا رکھتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کی تمنا ضرور پوری ہو اور اس کی دلی مراد ضرور پوری ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو اکیس (۱۲۱) بار اسم الٰہی

یَا مُعِزُّ

کو پڑھے۔ اور دلی مراد پوری ہونے تک برابر یہ عمل جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دلی مراد پوری ہو گی۔

دعا کی قبولیت کے لئے

بعض مرتبہ انسان چاہتا ہے کہ اس کی دعا جلد قبول ہو اور اس کا مقصد جلد از جلد پورا ہو لیکن دعا کی قبولیت میں دیر لگتی ہے پریشانی بڑھتی جاتی ہے۔ لہٰذا دعا کے جلد پورا ہونے کے لئے بعد نماز عشاء روزانہ باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر قبلہ رخ ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار پڑھے۔ جب تک دعا قبول نہ ہو پڑھ کر دعا کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دعا جلد از جلد قبول ہو گی اور تمام پریشانی دور ہو جائے گی۔ وہ اسم الٰہی

یَا سَمِیْعُ

ہے جب بھی ضرورت پیش آئے اس عمل کو کر لیا کرے۔

روزی میں برکت اور ہر قسم کا دکھ دور

اگر کوئی شخص روزی کی کمی کی وجہ سے پریشان ہو اور اس کو طرح طرح کے دکھ اور قسم قسم کی تکالیف سے واسطہ پڑتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو تین سو دو (۳۰۲) بار اسم الٰہی

یَا بَصِیْرُ

پڑھا کرے یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد کرے تو بہتر ہے۔ پڑھتے وقت باوضو ہونے کے ساتھ ساتھ لباس اور مصلے اور جگہ بھی پاک ہوں۔ پڑھتے وقت قبلہ کی طرف منہ ہو

اور پوری توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ اور جب تک
مالی حالت بہتر نہ ہو جائے برابر پڑھتا رہے۔ ناغہ نہ کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور اضافہ ہوگا اور ہر
قسم کا دکھ اور ہر قسم کی تکلیف دور ہو جائے گی۔

گھر سے جنات کا عمل دخل ختم

اگر کسی مکان میں جن کا بسیرا ہو اور وہ وہاں رہتا
ہو اور اہل خانہ کو ڈراتا ہو یا انہیں پریشان کرتا ہو۔
برتن پھینک دینا۔ گھر کی چیزیں ایک جگہ سے دوری جگہ
رکھ دینا یا رات کو اندھیرے میں جسم پر بوجھ ڈال دینا۔
ہیولے کی شکل میں نظر آنا یا بچوں کو گرا دینا۔ ان پر آجانا
اور بچوں کو دورہ پڑنا۔ یا سوتے میں چارپائی الٹ دینا
اس کے لئے روزانہ بعد نماز عشاء یا کسی بھی نماز کے بعد بلند
آواز سے سورۃ البقرہ اور سورۃ الجن مکان میں ایسی جگہ
پڑھی جائے جہاں سے آواز مکان کے ہر کمرے میں سنائی دے
اور ایک نیا مٹکا خرید کر دھو کر پانی سے بھر کر رکھ لیں
اور دونوں سورتیں پڑھ کر اس پانی کے مٹکے پر دم کریں
اسی طرح مکان کے ہر ہر کونے میں دم کریں اسٹور اور باورچی
خانہ میں بھی دم کریں البتہ غسل خانے اور پاخانے میں دم
نہ کریں نہ ان میں پڑھا ہوا پانی چھڑکیں۔ پڑھا ہوا پانی
سب گھر والے چار وقت پئیں اور چار ہی وقت وہ پانی

مکان کے ہر ہر کمرے کے کونے میں ہلکا ہلکا چھڑکیں۔
پانی پینے اور چھڑکنے کے چار وقت یہ ہیں:

۱۔ صبح سورج نکلنے کے بعد اور ناشتہ سے پہلے
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر سورج غروب ہونے سے پہلے
۴۔ بعد نماز عشاء رات کو سونے سے پہلے

انشاء اللہ تعالیٰ اس گھر سے جن چلے جائیں گے اور بچوں کو
دورہ پڑنا بھی بند ہو جائے گا۔

سورۃ البقرہ پ۱ میں ہے اور سورۃ الجن پارہ ۲۹
میں ہے وہاں سے دیکھ کر پڑھ لی جائے یا کسی حافظ قرآن
سے پڑھوا لی جائے۔

معزول شخص کا دوبارہ عہدہ پر بحال ہونا

اگر کوئی شخص اپنے عہدہ سے معزول کر دیا گیا ہو
اور چاہتا ہو کہ دوبارہ اسی عہدہ پر بحال ہو جائے تو اس کے
لئے سات دن مسلسل روزے رکھے درمیان میں ناغہ نہ کرے
اور روزانہ بعد نماز فجر ایک ہزار (۱۰۰۰) بار اسم الٰہی
یَا کَبِیْرُ
پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اپنے عہدے پر بحال
ہو جائے گا۔ جب تک بحال نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

-

بچے کی ضد کی عادت چھڑانا

اگر بچہ ضد کرنے کا عادی ہو اور بات بات پر ضد کرتا ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا مُقِیْتُ

سات مرتبہ پڑھ کر خالی گلاس یا کٹورے یا پیالے پر دم کرے اور پھر اس میں اتنا پانی بھرے کہ بچہ تمام پانی آسانی کے ساتھ پی لے۔ یہ عمل صبح کے وقت کرے اور سات دن برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا۔

سامان کے گم ہونے یا چوری ہونے سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پر جا رہا ہے یا کسی دوسری جگہ سامان بھیج رہا ہے تو اس کو گم ہونے یا چوری ہونے سے بچانے کے لئے اسم الٰہی

یَا حَفِیْظُ

اس سامان پر تین جگہ لکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سامان بحفاظت رہے گا نہ چوری ہو گا نہ گم ہو گا۔

لوگ عزت کریں اور اچھا برتاؤ کریں

اگر معاشرہ میں کسی آدمی کو عزت کا مقام حاصل

نہیں ہے اور لوگ اس کے ساتھ اچھا سلوک بھی نہیں کرتے ہیں اور وہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی عزت کریں اس کے ساتھ اچھے برتاؤ کے ساتھ پیش آئیں اور معاشرہ میں اس کو عزت و توقیر کا مقام حاصل ہو تو بعد نماز عشاء پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ اسم الٰہی

یَا کَرِیْمُ

پابندی کے ساتھ روزانہ پڑھا کرے۔ اگر یہ عمل بعد نماز عشاء نہ ہو سکے تو جس وقت فرصت ہو کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ احترام و عزت کا برتاؤ کریں گے اور اس کی ہر اچھی بات کو اہمیت دیں گے۔

میاں بیوی کا لڑائی جھگڑا ختم کرنا

اگر میاں بیوی میں آپس میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور وہ آپس میں ایک دوسرے سے نفرت کرتے ہوں تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا جَلِیْلُ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور دونوں کو پانی پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہو گا اور باہمی محبت پیدا ہو جائے گی۔

ہر غم دور، ہر مشکل حل

اگر کوئی شخص کسی پریشانی میں گرفتار ہو گیا ہو یا کوئی غم اس سے چمٹ گیا ہو جو دور نہ ہوتا ہو یا کوئی ایسی مشکل سامنے آگئی ہو جس کا حل ہونا ضروری ہے ورنہ مال کا یا جان کا بڑا نقصان ہوگا۔ ان سب مسائل سے آزاد ہونے کے لئے اسمِ الٰہی

یَا رَشِیْدُ

باوضو بعد نماز عشاء تین ہزار (۳۰۰۰) مرتبہ پڑھے جگہ اور مصلّٰہ پاک ہو۔ اس اسمِ الٰہی کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک غم دور نہ ہو یا وہ مشکل حل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مشکلات دور ہو جائیں گی اور غم و فکر دور ہوگا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

افسر، حاکم یا شوہر ناراض کا خوش ہو جانا

اگر کسی شخص کا افسر، حاکم یا عہدیدار ناراض ہو جائے۔ یا کسی عورت کا شوہر بد مزاج اور بدزبان ہو اور مار پیٹ کرتا ہو تو رات کو بارہ بجے کے بعد بیدار ہو کر وضو کرے اور اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اسمِ الٰہی

یَا صَبُوْرُ

ایک ہزار ایک سو گیارہ (۱۱۱۱) مرتبہ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر حاکم یا شوہر کے خوش اور درست رویہ اپنانے کے لئے دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک برابر کرتا رہے جب تک افسر یا شوہر خوش نہ ہو جائے۔ خوش ہو جانے کے بعد عمل چھوڑ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حاکم یا افسر خوش ہو جائے گا۔ شوہر بدزبانی، مار پیٹ اور بدتمیزی سے باز آجائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

روزی اور خوشحالی کے لئے

اگر کوئی شخص تنگدست، غریب، بے روزگار،
پریشان حال ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی روزی فراخ
ہو جائے اور اس کی آمدنی بڑھ جائے تو اس کے لئے
بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف
پڑھے اس کے بعد باوضو چھ سو پانچ (۶۰۵) مرتبہ اسم الٰہی

یَا وَارِثُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے۔
یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور اپنے رزق میں برکت اور
آمدنی میں زیادتی بارگاہ رب العزت سے طلب کرے۔
یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک آمدنی میں
اچھا خاصا اضافہ نہ ہو جائے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

کسی سے زمین، جائیداد، مال وغیرہ چھینا ہوا واپس ملنا

اگر خدانخواستہ کسی کی زمین کسی نے چھین لی ہو
یا اس کی جائیداد پر ناجائز قبضہ کر لیا ہو یا کسی نے
زبردستی مال چھین لیا ہو یا قرض لے کر کھا گیا ہو لیکن
واپس کرنا نہیں چاہتا۔ اس کے لئے بعد نماز فجر یا بعد
نماز عشاء باوضو پاک جگہ اور مصلّے پر بیٹھ کر قبلہ رخ
اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد گیارہ سو
بار اسم الٰہی

یَا بَدِيْعُ

پڑھے۔ اس کے بعد آخر میں گیارہ بار درود شریف
پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک اپنا
حق نہ مل جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پابندی کے ساتھ مسلسل
عمل کرنے سے ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ مجرب عمل
ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

زندگی کی جملہ پریشانیاں ختم اور زندگی امن وسکون کے ساتھ

اگر کسی شخص کی زندگی پریشانی اور مصیبت میں گذر رہی ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی زندگی کی تمام پریشانیاں ختم ہو جائیں اور ہر قسم کی مصیبت دور ہو جائے تو اس کے لئے بعد نماز فجر سورج نکلنے سے پہلے پہلے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

یَا بَاقِیُ

پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے تمام گھریلو اور بیرونی پریشانیوں کے خاتمہ کی دعا کرے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک پریشانیوں کا خاتمہ نہیں ہو جاتا اور گھر اور باہر امن وسکون کی زندگی حاصل نہیں ہو جاتی۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام پریشانیوں سے نجات حاصل ہو گی اور زندگی امن وسکون سے گذرنے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

کنواری لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی شخص کی لڑکی جوان اور شادی کی عمر کو پہنچ گئی ہو لیکن شادی نہیں ہوتی اول تو رشتہ ہی نہیں آتا اگر آتا ہے تو پلٹ کر جواب نہیں ملتا۔ یا جواب آتا ہے تو بات آگے نہیں بڑھتی۔ مطلب یہ ہے کہ شادی میں قسم قسم کی رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مقبول اور زود اثر ہے باوضو بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ روزانہ اسم الٰہی

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ہر قسم کی رکاوٹ دور ہونے اور اچھے سے اچھا رشتہ ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بہترین جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

یہ عمل جمعرات کو شروع کرے اور اتوار کے دن ختم کرے۔ گیارہ دن عمل کرنا ہے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞

گناہوں سے نجات برے کاموں سے بچاؤ

اگر کوئی آدمی گناہوں میں مبتلا ہو یا برے کاموں میں پھنسا ہو، وہ چاہتا ہو کہ اس سے گناہ اور برائی کے کام چھوٹ جائیں اور اس کی زندگی پاکیزہ اور تقوے والی بن جائے۔ اس کے لئے نماز پنجگانہ با جماعت ادا کرنا شروع کر دے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو بار

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پڑھا کرے۔ ایک سو بار ہر نماز کے بعد کلمۂ طیبہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھا کرے۔

بعد نماز فجر یا بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد اسم الٰہی

یَا بَرُّ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر گناہوں سے چھٹکارہ اور نیک زندگی

گذارنے کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی سب گناہ چھوٹ جائیں گے اور نیک انسان بن جائیں گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۞

دشمن کا مقابلہ ہو جائے یا دشمنوں کے درمیان پھنس جائے

اگر کوئی شخص دشمنوں کے نرغے میں پھنس جائے یا کسی دشمن گروہ سے واسطہ پڑ جائے اور چھپنے یا بھاگنے کا موقع نہ ہو تو اس کے لئے اسم الٰہی

یَا مُقْتَدِرُ

پڑھنا شروع کر دے۔ اور بکثرت پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن حملہ نہ کر سکیں گے اور بخیر و سلامتی وہاں سے نکل جائے گا۔

اولاد نرینہ کے لئے

اگر کوئی شخص اولاد نرینہ سے محروم ہو اور چاہتا ہو

کہ اس کے یہاں بھی لڑکا پیدا ہو جو اس کی جائیداد کا وارث
بنے تو اس کے لئے بعد نماز عشاء پابندی کے ساتھ باوضو
قبلہ رُخ پاک مصلے پر بیٹھ کر پانچ سو بار اسم الٰہی

یَا اَوَّلُ

بلا ناغہ پڑھا کرے۔ جب حمل ٹھہر جائے تو روزانہ ایک
مرتبہ سورۃ یٰسین شریف باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ
پانی بیوی کو پلایا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا اور
نیک سیرت اور اچھی صورت کا ہوگا۔

دشمن کو ناکام اور ذلیل کرنا

اگر کسی کا دشمن طاقتور، اثر و رسوخ والا اور شرپسند
ہو، طرح طرح سے دشمنی کے نئے نئے طریقے نکالتا ہو اور
ستانے اور تنگ کرنے میں بہت آگے چلا جاتا ہو۔ ایسے
فرعون صفت دشمن کو ناکام بنانے اور اسے ذلیل و
رُسوا کرنے کے لئے بعد نماز عشاء اول دو رکعت نماز
نفل ادا کرے اس کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور
پانچ سو مرتبہ اسم الٰہی

یَا قَادِرُ

پڑھے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن
سرنگوں نہ ہو جائے اور تمام اہل محلہ اسے ذلیل نہ کردیں۔
یہ عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

ضرور کامیابی ہوگی۔

ہر مشکل حل ہونا، بے بسی دور ہونا، باہمت بننا

انسانی زندگی میں بعض مرتبہ ایسے بھی مواقع آتے
ہیں جب انسان ہر طرح سے بے بس ہو جاتا ہے۔ اور
ہمت جواب دے جاتی ہے۔ اس موقع پر ہمت نہیں ہارنا
چاہئیے اور اللہ تعالیٰ سے لو لگانا اور اسے راضی کرنے کی
کوشش کرنی چاہئیے۔ وہ ہر مشکل حل کرنے والا، کام بنانے
والا، رحیم و کریم رب ہے وہ ہر ایک کی دعا سنتا اور
قبول کرتا ہے۔ ایسے موقع پر سب سے پہلے اگر نماز کی
پابندی نہیں ہے تو پابندی کرے اور باجماعت نماز
ادا کرے۔ دوسرے استغفار کی کثرت کرے۔ کلمہ طیبہ
بھی ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھا کرے۔

کلمہ طیبہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

استغفار یہ ہے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ
اِلَيْهِ۔

اور بعد نماز عشاء یا بعد نماز فجر اسم الٰہی

یَا مُقْتَدِرُ

کو پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے جب تک پریشانی

قائم رہے، مشکل حل نہ ہو برابر عمل کرتا رہے۔ انشاءاللہ
تعالیٰ جلد ہی مشکل حل ہو جائے گی، بے بسی اور پریشانی ختم
ہو جائے گی اور ہمت بندھ جائے گی اور زندگی میں انقلاب
پیدا ہو جائے گا۔ عمل کرنے میں پابندی کرے کسی صورت میں
بھی سستی، کاہلی سے عمل کی پابندی کو نہ چھوڑے۔

ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے حفاظت

جو شخص دشمنوں اور حاسدوں کے ماحول میں زندگی
گذار رہا ہو اس کو ہر وقت ہوشیار اور چوکنا رہنے کی
ضرورت ہے نہ معلوم کس وقت حاسد لوگ کوئی نقصان
پہنچا دیں اور دشمن اپنا وار کر دے۔ اس کے لئے ضروری
ہے کہ انسان اپنا بچاؤ کرے اور ہر وقت ہوشیار اور چوکنا
رہے۔ ورنہ خطرہ ہے کہ کسی بڑے نقصان سے دوچار
ہو جائے۔ اس کے لئے روزانہ ہر نماز کے بعد اسم الٰہی

یَا حَیُّ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھا کرے یا بعد نماز فجر یا
بعد نماز عشاء پانچ سو ایک (۵۰۱) بار ایک ساتھ
پڑھ لیا کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ حاسد اور دشمن کا ہر وار خالی
جائے گا اور ان کو قدم قدم پر ناکامی ہوگی۔

شادی کے لئے

اگر کوئی شخص کنوارہ ہو یا کوئی لڑکی کنواری ہو اور رشتہ
نہ آتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ جلد از جلد رشتہ آجائے تو
اس کے لئے یہ عمل تیر بہدف ہے بہت جلد شادی ہو جاتی
ہے۔ عمل یہ ہے۔

تین روزے مسلسل رکھے اور نماز کی پابندی کرے۔
رات کو سوتے وقت اکیس ۲۱ بار یہ آیات باوضو پاک مصلے پر
بیٹھ کر پڑھے۔ اور اللہ تعالیٰ سے رشتہ کسی شریف اور نیک
خاتون سے ہونے کی خوب گڑگڑا کر دعا کرے۔ اگر ایک ماہ
میں کام ہو جائے بہت اچھا ورنہ یہ عمل ہر ماہ کرے۔
انشاءاللہ تعالیٰ جلد از جلد رشتہ ہو جائے گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا
وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا
اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا
تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا خٰلِدِيْنَ فِيْهَا حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا
وَّمُقَامًا

ہر قسم کا ڈر خوف دور کرنا

اگر کسی شخص کو ہر وقت ڈر خوف لگا رہتا ہو۔ رات کے

اندھیرے میں اکیلے کمرے میں، سنسان راستے میں، جنگل
بیابان میں یا ویران راستے پر ڈر خوف لگتا ہو تو اس کے لئے
یہ کلمات باوضو ایک کاغذ پہ لکھے اور موم جامہ کر کے مرد ہے
تو سیدھے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اور اگر عورت ہے
تو بائیں بازو پہ باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ
ہر قسم کا ڈر خوف دل سے نکل جائے گا اور زندگی آرام سے
گذرے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَشْهَدُ
وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ
قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ
اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کوئی ایسا موقع آجائے کہ دشمن چاروں طرف موجود
ہو اور آدمی تنہا ہو یا دشمن سے آمنے سامنے لڑائی شروع
ہو چکی ہو تو یہ آیت پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ
دشمن مغلوب اور خوف زدہ ہو کر بھاگ جائے گا اور کبھی
مقابلہ نہ کر سکے گا۔ اگر اسی آیت کو باوضو ایک کاغذ پہ
لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں
ڈال لے تب بھی دشمن مقابلے سے بھاگ جائے گا۔
وہ آیت یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ
سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

یہود و نصاریٰ، کفار و مشرکین سے جنگ میں کامیابی کے لئے

اگر کسی وقت یہود و نصاریٰ، یا کفار و مشرکین سے جنگ
پیش آجائے یا کہیں کسی شہر اور بستی میں مقابلہ پیش آجائے
تو اس کے لئے لڑائی کی جگہ سے ایک مٹھی سوکھی پاک مٹی
لے کر سات مرتبہ سورۃ الفیل پڑھے۔ ہر ایک مرتبہ پوری
سورت پڑھنے کے بعد یہ کلمہ بھی کہے اِزْهَقِ الْبَاطِلَ
اور وہ خاک (مٹی) دشمن کی طرف اور ان کے لشکر اور فوج
کی طرف اچھال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی فوج شکست
کھائے گی اور منہ پھیر کر بھاگ جائے گی اور بھاری نقصان
اٹھائے گی۔ یہی سورت سات مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے پر
دم کر لے تاکہ دشمن سے مقابلہ کرنے میں باہمت بن جائے۔

سورۃ الفیل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝ اَلَمْ يَجْعَلْ
كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۝ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا
اَبَابِيْلَ ۝ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۝
فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

دشمن کا مصیبت میں مبتلا ہونا

اگر کوئی دشمن اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو اس کے شر سے حفاظت اور دشمن کے مصیبت میں مبتلا ہونے کے لئے نماز مغرب کے بعد سورۂ فیل اور لایلف بلا بسم اللہ کے اکتالیس بار پڑھا کرے جب تک دشمن کا شر باقی رہے برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی دشمن کسی مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

تنبیہ: بلاوجہ کسی کو نقصان پہنچانا یا مصیبت میں مبتلا کرنا بہت بڑا گناہ اور اپنی بربادی کا انتظام کرنا ہے لہٰذا اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر کے کرے۔ ورنہ خود نقصان اٹھائے گا۔

سورۂ فیل یہ ہے۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِأَصْحَابِ الْفِيلِ ۝ أَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِي تَضْلِيلٍ ۝ وَّأَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا أَبَابِيلَ ۝ تَرْمِيهِم بِحِجَارَةٍ مِّن سِجِّيلٍ ۝ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّأْكُولٍ ۝

لِإِيلَافِ قُرَيْشٍ ۝ إِيلَافِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوا رَبَّ هَٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِي أَطْعَمَهُم مِّن جُوعٍ ۝ وَّآمَنَهُم مِّنْ خَوْفٍ ۝

لڑکی یا لڑکے کے رشتہ کے لئے

اگر لڑکی جوان ہو یا لڑکا جوان ہو لیکن رشتہ نہیں آتا۔ اگر رشتہ آتا ہے تو مناسب نہیں ہوتا اس کے لئے روزانہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتہ کا انتظام ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء پڑھے اور اس کے بعد گیارہ سو بار (١١٠٠) بار اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ اس کے بعد دعا کرے کہ اے رب میرے لئے اچھے سے اچھے رشتے کا انتظام فرمادے۔

یَا لَطِیْفُ کے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔

یہ عمل چالیس دن مسلسل کرے ناغہ نہ کرے۔

تنبیہ: بعض مرتبہ بندش کی وجہ سے رشتہ نہیں ہوتا تو اس کے لئے روزانہ سورۂ یٰسٓ شریف (پ ٢٢) تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے۔ یہ عمل بھی چالیس دن مسلسل بلاناغہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بندش کھل جائے گی اور اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

رزق میں ترقی اور ہر قسم کی محتاجی ختم

اگر کسی شخص کی آمدنی قلیل اور اخراجات بہت زیادہ ہوں ہر وقت رقم کے لئے ہاتھ پھیلاتا رہتا ہو اور طرح طرح سے ذلت اٹھاتا ہو اور قرضہ پر قرضہ چڑھتا جاتا ہے لیکن ادا نہیں ہوتا ہر وقت ہاتھ تنگ رہتا ہے روزی میں زیادتی اور آمدنی میں برکت کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ہر روز بلاناغہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک سو اکیس (۱۲۱) بار اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر رزق میں برکت آمدنی میں ترقی اور قرض سے جان چھوٹنے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دو مرتبہ

پڑھ لے۔

بعض مرتبہ کسی خاص گناہ یا اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مسلسل نافرمانی کے سبب بھی رزق بند ہو جاتا ہے لہذا گناہوں سے توبہ کرے نماز کی پابندی کرے خیر خیرات جو توفیق ہو کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کی مخلوق انسان اور جانور سب کے ساتھ رحم و شفقت کا معاملہ کرے کسی پر ظلم نہ کرے کسی کا مال ناجائز نہ کھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی برکت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

برے اور گندے خیالات سے نجات

اگر کسی شخص کو ہر وقت گندے اور برے برے خیالات آتے ہوں جس کے سبب وہ پریشان اور بے چین رہتا ہو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول گیارہ

بار درود شریف پڑھے اس کے بعد تین سو بار اسمِ الٰہی

یَا خَبِیْرُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔

یہ عمل روزانہ کرے اور کم از کم چالیس دن ضرور کرے۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہر وقت خود کو کسی نہ کسی کام میں معروف رکھے اگر پڑھنا جانتا ہے تو بزرگوں کے حالات زندگی کا روزانہ مطالعہ کرے۔ فضائل اعمال، حکایاتِ صحابہؓ کا مطالعہ کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ خیالات پاکیزہ ہو جائیں گے اگر پڑھنا نہیں جانتا تو روزانہ ایک سو بار کلمۂ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

کو پڑھا کرے۔ اس کے لئے وقت اور وضو کی شرط نہیں جس وقت فرصت ہو پڑھ لیا کرے۔

اور تبلیغی گشت اور چلہ میں وقت لگائے اور روزانہ تعلیم میں بیٹھا کرے۔

کھیت اور باغ کی حفاظت

اگر کوئی شخص اپنی کھیتی اور باغ کے سلسلے میں پریشان رہتا ہو کھیت میں جنگلی جانور اور باغوں میں پرندے باغ کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس کے لئے اسمِ الٰہی

یَا حَلِیْمُ

کو پانچ کاغذوں پہ ایک ایک سو بار لکھے اور ہنڈیا (مٹی کی چھوٹی ہنڈیا) میں بند کر کے باغ یا کھیت کے چاروں کونوں پر چار ہنڈیا گہرائی میں دفن کر دے اور پانچویں ہنڈیا گہرائی میں کھیت یا باغ کے درمیان دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ کھیت یا باغ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور فصل اور پھل خوب ہوں گے۔

مخلوق خدا کی نظر میں باعزت ہونا

اگر کوئی شخص تنگدست، نادار اور کم حیثیت اور عزت سے محروم ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں ایک سو ایک (۱۰۱) بار یہ اسم الٰہی

یَا عَظِیْمُ

پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک چلہ عمل کرنے کی برکت سے آمدنی میں اضافہ ہوگا لوگ عزت وتکریم کے ساتھ برتاؤ کریں گے۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

ہر قسم کا غم دور کام آسانی سے ہو جائے

اگر کسی شخص کا کوئی کام اٹک گیا ہو اس کے باعث غم میں مبتلا رہتا ہو تو اس کے لئے بعد نماز فجر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اور درمیان میں ایک سو بار یہ کلمات باوضو پاک مصلے پر قبلہ رخ بیٹھ کر پابندی کے ساتھ پڑھے یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک مشکل حل نہ ہو اور غم و فکر دور نہ ہو۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ
يَا قَدِيْمُ يَا قَيُّوْمُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

کوئی بھی حاجت پورا ہونا اور مراد بر آنا

اگر کوئی ایسی شدید حاجت پیش آگئی ہو جس کا جلد پورا ہونا ضروری ہو ورنہ بڑے نقصان کا اندیشہ پیدا ہونے کا خطرہ ہو اسمیں دیر لگنے سے بہت بڑی مصیبت پیش آسکتی ہو تو اس کے لئے بعد نماز عشاء باوضو قبلہ رخ پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ اور یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہو اور مراد حاصل نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مراد پوری ہوگی۔

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ
وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّکَ حَمِیۡدٌ مَّجِیۡدٌ

لاعلاج مرض سے صحت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی ایسا مرض لپٹ گیا ہو جس کا حکیم و ڈاکٹروں کو پتہ نہ چلتا ہو اور علاج اور دوا بھی اس کی معلوم نہ ہو اور وہ بیماری کی تکالیف سے بے چین اور پریشان ہو بلکہ تمام اہل خانہ اس کی انتہائی بیماری سے شدید مایوسی کا شکار ہوں تو اس کے لئے گھر کا کوئی بھی فرد مرد یا عورت کوئی بھی بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار سورۃ کافرون (پ۳۰) پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ اور علاج کی ضرورت نہ پڑے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ
کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ یٰٓاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۗ لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۧ

نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے

اگر خدانخواستہ کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بات بات پر نافرمانی کرتی ہو تو اس کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

یَا شَهِیْدُ

پڑھے اور بچوں کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ ایک چلہ یہ عمل کرے۔ دوسری سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو حلال رزق کھلائے، حرام کی روزی اور رشوت، چوری، ڈاکے کا مال کھلائے گا تو کتنے ہی وظیفے پڑھ لے اولاد کبھی فرمانبردار نہیں بن سکتی۔ لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت پیش آگئی ہو جس کا

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

لاعلاج مرض سے صحت کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو کوئی ایسا مرض لپٹ گیا ہو جس کا حکیم و ڈاکٹروں کو پتہ نہ چلتا ہو اور علاج اور دوا بھی اس کی معلوم نہ ہو اور وہ بیماری کی تکالیف سے بے چین اور پریشان ہو بلکہ تمام اہل خانہ اس کی انتہائی بیماری سے شدید مایوسی کا شکار ہوں تو اس کے لئے گھر کا کوئی بھی فرد مرد یا عورت کوئی بھی بعد نماز فجر باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار سورۃ کافرون (پ۳۰) پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے اور مریض پر بھی دم کرے یہ عمل تین دن کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ اور علاج کی ضرورت نہ پڑے گی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

سورۃ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ
وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ
مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

نافرمان اولاد فرمانبردار بن جائے

اگر خدانخواستہ کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بات بات پر نافرمانی کرتی ہو تو اس کے لئے روزانہ فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) بار اسم الٰہی

یَا شَهِيْدُ

پڑھے اور بچوں کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا کرے۔ ایک چلہ یہ عمل کرے۔ دوسری سب سے بنیادی بات یہ ہے کہ بچوں کو حلال رزق کھلائے، حرام کی روزی اور رشوت، چوری، ڈاکے کا مال کھلائے گا تو کتنے ہی وظیفے پڑھ لے اولاد کبھی فرمانبردار نہیں بن سکتی۔ لہٰذا اس سلسلے میں سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت پیش آگئی ہو جس کا

پورا ہونا بہت ضروری ہو اور اس کے پورا نہ ہونے سے
بہت زیادہ نقصان کا اندیشہ ہو تو اس کے لئے صبح دن
کے نو بجے نمازِ چاشت ادا کرے اور اس کے بعد باوضو
سورۂ یٰسٓ شریف تین مرتبہ روزانہ پڑھا کرے اور پڑھنے
کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت پوری ہونے کی دعا
کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی اور
اس کی حاجت پوری ہو جائے گی۔

یہی عمل اس کے لئے بھی ہے کہ اگر کسی کی کوئی شخص
رقم لے کر یا قرض لے کر قرضہ واپس نہ کرے تو اس کے لئے
بھی یہی عمل پابندی کے ساتھ کرتا رہے۔ اور اس وقت
تک عمل کرتا رہے جب تک پوری رقم واپس نہ مل جائے
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی پوری رقم جلد ہی واپس مل جائے گی۔
اس دوران کچھ حسب حیثیت صدقہ کرتا رہے۔ سورۂ
یٰسٓ شریف پارہ ۲۲ میں ہے۔ قرآن مجید میں دیکھ کر
پڑھ لیا کرے یا سورۂ یٰسٓ شریف الگ سے چھپی ہوئی
ملتی ہے اسمیں دیکھ کر پڑھ لے۔ اگر حافظ ہے تو زبانی بھی
پڑھ سکتا ہے۔

سحر و جادو سے نجات، روزی میں برکت
مخلوق خدا تابع

اگر کوئی شخص اس بات میں مبتلا ہو کہ اس پر کسی نے

سحر یا جادو کیا ہے یا اس کی روزی باندھ دی گئی ہے یا
لوگ اس سے نفرت کرتے ہیں اور اس سے کنارہ کش
رہتے ہیں تو ان تمام کاموں میں بہتری لانے اور کامیاب
ہونے کے لئے سورۂ یٰسٓ شریف کو مبین در مبین پڑھے
اس کے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔
یہ عمل ہمیشہ کرے ناغہ نہ کرے۔ مسلسل پڑھنے اور عمل
کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ سحر، جادو، سفلی، رزق کی
بندش ختم ہوگی لوگ محبت اور عزت سے پیش آئیں گے
اور ہر کام سہولت اور آسانی کے ساتھ انجام پائے گا۔
گھر میں خوب خیر و برکت شروع ہو جائے گی۔ سورۂ
یٰسٓ شریف کو مبین در مبین پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ
جب سورۂ یٰسٓ شریف اول مبین تک پڑھ چکے تو پھر
اول سے شروع کرے یعنی دوبارہ شروع سے پڑھنا
شروع کرے اور دوسرے مبین تک پڑھے پھر اول
سے شروع کرے جب تیسرے مبین پر پہنچے تو پھر اول سے
پڑھنا شروع کرے۔ جب چوتھے مبین پر پہنچے تو پھر
اول سے شروع کرے۔ جب پانچویں مبین پر پہنچے تو
پھر اول سے شروع کرے۔ جب چھٹے مبین پر پہنچے تو
اول سے شروع کرے۔ جب ساتویں مبین پر پہنچے تو
آخر تک پڑھ کر سورۃ ختم کرے لوٹ کر اول سے
نہ پڑھے۔

اس ترکیب سے روزانہ سورۂ یٰسٓ شریف کو پڑھا کرے۔ یہ عمل ہر مقصد میں کامیابی کے لئے بھی اور ہر بیماری سے شفاء کے لئے بھی تیر بہدف ہے۔

حافظہ مضبوط، یادداشت اچھی

اگر کسی بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو اور جو کچھ پڑھتا ہو بھول جاتا ہو اسی لئے تعلیم میں بھی پیچھے ہو اور بڑا آدمی ہے اس کا حافظہ بھی کمزور ہے چیز رکھ کر بھول جاتا ہے۔ کوئی بات یاد نہیں رہتی بازار سے سودا خریدنے گیا اور بھول گیا کہ کیا کیا لینا تھا جو لینا نہیں تھا وہ خرید لایا ایسی صورت میں یہ نماز گھر کا کوئی بھی فرد ادا کرکے حافظہ کی قوت کے لئے دعا کرے اور سورۂ یٰسٓ ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس بچے یا آدمی کو پلائے۔ یہ عمل ایک چلہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ مضبوط ہونے کے ساتھ ساتھ بچے میں پڑھنے کا شوق بھی پیدا ہوگا اور وہ اپنے ہم جماعت بچوں سے آگے رہے گا۔ اور تعلیم میں نام پیدا کرے گا۔

لقوہ، قولنج، درد کمر، گیس، درد کان کے لئے

اگر خدانخواستہ کسی کو لقوہ کا مرض ہو جائے یا قولنج (انتڑی کا درد، بادِ سول) یا بادِ گولہ (گیس) یا دردِ کمر پیدا ہو جائے تو اس کے لئے باوضو سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ

شریف کے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور سرسوں کے تیل سے دھو کر ایک بوتل میں وہ تیل رکھ لے اور تھوڑا سا تیل لے کر جہاں جسم میں درد ہو لگایا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آرام آجائے گا۔ اگر کسی بچے کے یا بڑے کے کان میں درد ہو تو اس میں ہلکا گرم کرکے ڈال دے۔

تنبیہ: یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ کان میں جو بھی تیل وغیرہ ڈالنا ہو اسے ہلکا گرم کرلیں۔ ٹھنڈے تیل سے کان کو نقصان پہنچتا ہے۔

سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر جسم کے کسی بھی حصے میں شدید درد ہو اس کے لئے ایک بوتل سرسوں کا خالص تیل لے کر اس پر باوضو اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درمیان

میں ستر (۷۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اس تیل پر دم کرے
اور سنبھال کر رکھ لے۔ جب ضرورت ہو تھوڑا سا تیل
ہتھیلی میں لے کر ہلکا ہلکا درد کی جگہ مالش کرے (لگائے)
اور کوئی کپڑا یا پٹی اس جگہ باندھ دے تاکہ ہوا نہ لگے۔
جلد ہی انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ
وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ
كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

عملیات و تعویذات میں خطوطِ مرموز کا استعمال

خطوطِ مرموزہ بے شمار ہیں ان کا گننا اور تعداد بتانا
مشکل ہے۔ تمام عملیات، طلسمات اور تعویذات خطِ رمز
ہی میں تحریر ہوتے ہیں۔ عملیات و طلسمات کی مختلف
ناقابل فہم شکلیں اور تعویذات میں "یا بُدُّوحُ"
وغیرہ الفاظ اسی قبیل سے ہیں۔ یا بعض قدیم قلمی کتابوں
پر لفظ "یا کبیکج" سرلوح لکھا ہوا ملتا ہے۔ چنانچہ
"صحاح جوہری" قلمی مکتوبہ ۶۴۸ھ مطابق
۱۲۵۰ء کے ابتدائی صفحہ پر یہ لفظ بلا نقطہ لکھا ہوا ہے۔
اس کے علاوہ یہ عبارت بھی درج ہے۔

"لا ااا مر H اااا ہ ھ"

ایسی صدہا مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں۔ ایک سے زائد
قلمی کتب قدیم پر یہ مصرع بھی لکھا ہوا دیکھا ہے۔ ع

"یا کبیکج مخور کتابم را"

بہت سے کاتب کوئی تحریر لکھنے سے پہلے سر صفحہ "۷۸۶"
یا "لعو" یا اسی قسم کی کوئی اور علامت درج کرتے ہیں۔
یا بُدُّوحُ۔ یہ ایک مؤکل کا نام ہے۔

فسفع۔ یہ بھی کسی مؤکل کا نام بتایا جاتا ہے۔
یاکبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک مؤکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس مؤکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطور دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔

" ۸ ااا مر H ااااا ہ ھ " یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کے زمانہ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے۔

☆ ااا آ صم ☰ اااھو

چنانچہ خوب تخلّص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثُ عَصًی صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ
(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے
عَلٰی رَاْسِهَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ
سر پر ٹھہرا سا نیزہ (بھالا) ہے
وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ
اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے
تُشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ وَلَیْسَ بِسُلَّمٍ
یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے
وَاَرْبَعَةٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ
اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)
وَهَاءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَکِسٌ
اور ہا شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے
کَاَنْبُوْبِ حَجَّامٍ وَلَیْسَ بِمِحْجَمٍ
نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرہ، سہ الف، کشیدہ مد بر سر
میم کجکول، نردبان، بدو در
با چہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
ایں جملہ بود، نام خدائے اکبر

فسفع۔ یہ بھی کسی مؤکل کا نام بتایا جاتا ہے۔

یا کبیکج۔ خالص مذہبی لوگوں کا یہ عقیدہ تھا اور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہر شئے کی حفاظت کے لئے ایک مؤکل مامور کیا ہے۔ کبیکج اس مؤکل کا نام ہے جو مکتوبات کی حفاظت پر مامور ہے۔ لہذا اُس کا نام کتاب پر بطورِ دُہائی درج کیا جاتا ہے تاکہ کرم وغیرہ (دیمک اور دیگر کتابی کیڑوں) سے محفوظ رہے۔

"٭ ااام H اااا ہ ھ" یہ عبارت روایتاً ایک تاریخی حیثیت بھی رکھتی ہے۔ وہ روایت یہ ہے کہ حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہٗ کے زمانۂ خلافت میں کسی شخص کو ایک ٹھیکری ملی جس پر یہ عبارت ثبت تھی۔ اُس ٹھیکری کو جب حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہٗ کی خدمت میں پیش کیا گیا تو فرمایا یہ سات لفظ ہیں جن میں الحمد شریف کی ساتوں آیتیں ایک خطِ خاص میں درج ہیں۔ اور یہی عبارت حضرت سلیمان علیہ السلام کی خاتم (انگوٹھی) پر کندہ تھی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

ان اشکال کی حسبِ ذیل دوسری شکل بھی ملتی ہے:

٭ ااا آ صم ☰ ااا ھ ۹

چنانچہ خوب تخلص کے کسی مصنف نے اپنی تصنیف

"حفظ مراتب" میں ان کی بابت حسبِ ذیل عربی و فارسی کے اشعار تحریر کئے ہیں۔

ثَلٰثُ عَصَیٍّ صُفِّفَتْ بَعْدَ خَاتَمٍ

(ترجمہ) مہر کے بعد تین کھڑی لاٹھیاں (الف) ہیں جن کے

عَلٰی رَاْسِہَا مِثْلُ السِّنَانِ الْمُقَوَّمِ

سر پر ٹھہرا سا نیزہ (بھالا) ہے

وَمِیْمٌ طَمِیْسٌ اَبْتَرٌ ثُمَّ سُلَّمٌ

اور دُم کٹا ہوا طمیس کا میم ہے۔ پھر سیڑھی بھی ہے

تُشِیْرُ اِلَی الْخَیْرَاتِ وَلَیْسَ بِسُلَّمٍ

یہ سیڑھی نیکیوں کی طرف اشارہ کرتی ہے لیکن سیڑھی نہیں ہے

وَاَرْبَعَۃٌ مِثْلُ الْاَنَامِلِ صُفِّفَتْ

اور چار کھڑی ہوئی انگلیاں ہیں (مراد الف)

وَہَاءٌ شَقِیْقٌ ثُمَّ وَاوٌ مُنْعَکِسٍ

اور ہاء شقیق (ھ) ہے پھر واو ہے جس کو موڑ دیا گیا ہے

کَاَنْبُوْبِ حَجَّامٍ وَلَیْسَ بِمُحْجَمٍ

نائی کی نہرنی کی طرح لیکن یہ نہرنی نہیں ہے

فارسی کے اشعار یہ ہیں:-

صفرۃ، سہ الف، کشیدہ مد برسر
میم کجکول، نردبان، بدو در
باچہار الف کشیدہ ھا و واؤ دُم سر
ایں جملہ بود، نام خدائے اکبر

اشعار اردو میں یہ مفہوم یوں ادا کیا جا سکتا ہے

چھ کونٹی ایک شکل ہے پھر تین الف پہ مد
دو میم ہیں ملے ہوئے سیڑھی کا پھر نشاں
پھر چار انگلیاں ہیں کھڑی اور دو چشمی ہے
پھر واؤ۔ ذم ہے جس کی مثال ہے خم کماں

"۷۸۶" یہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ کے عدد ہیں لعد۔ یہ اور اسی قسم کی دیگر علامات سے "اللہ" "احد" "اوم" یا "رام" یا اللہ تعالیٰ کا کوئی نام مراد ہوتا ہے۔

خطوط مرموزہ مذکور الصدر یہ ہیں۔

ا۔ خطِ ہندسہ اس میں بجائے حروف اُن کے ہندسے لکھے جاتے ہیں اور ہندسوں کا تعین حروف ابجد سے کیا گیا ہے جو یہ ہیں۔

ابجد۔ ہوز۔ حطی۔ کلمن۔ سعفص
قرشت۔ ثخذ۔ ضظغ۔

ان کے اعداد حسب ذیل چار طرح تقسیم کئے جاتے ہیں۔

۱۔ اکائیاں حروف۔ ا ب ج د ہ و ز ح ط
عدد۔ ۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹

۲۔ دہائیاں حروف۔ ی ک ل م ن س
عدد۔ ۱۰ ۲۰ ۳۰ ۴۰ ۵۰ ۶۰

دہائیاں حروف۔ ع ف ص
عدد ۷۰ ۸۰ ۹۰

۳۔ سینکڑے حروف۔ ق ر ش ت ث
عدد۔ ۱۰۰ ۲۰۰ ۳۰۰ ۴۰۰ ۵۰۰

سینکڑے حروف۔ خ ذ ض ظ
عدد ۶۰۰ ۷۰۰ ۸۰۰ ۹۰۰

۴۔ ہزار حروف۔ غ
عدد۔ ۱۰۰۰

یہ ابجد حروف عربی ہیں۔ الف ممدودہ (آ) ہمزہ (ء) لام الف (لا) شامل نہیں ہیں۔ البتہ فارسی اور ہندی حروف کو اُن کے متشابہ (مشابہت رکھنے والے) حروف کی مانند سمجھ کر وہی عدد مقرر کرلئے گئے ہیں یعنی پ مطابق ب عدد ۲۔ ٹ مطابق ت عدد ۴۰۰۔ چ مطابق ج عدد ۳۔ ڈ مطابق د عدد ۴۔ ڑ مطابق ر عدد ۲۰۰۔ ژ مطابق ز عدد ۷۔ گ مطابق ک عدد ۲۰۔

الف ممدودہ (آ) الف خواہ ممدودہ (آ) ہو یا الف مقصورہ (ا) اس کا ایک ہی عدد لیا جائے گا۔ مد جو الف ممدودہ پر ہوتا ہے وہ کوئی حرف نہیں ہے۔ بلکہ وہ ایسی ہی علامت ہے جیسے زبر۔ زیر۔ پیش۔ جزم اور تشدید۔ اور علامتوں کے عدد نہیں لئے جاتے اسی لئے اس کا عدد مقرر نہیں ہے۔ تشدید والا حرف دو نہیں بلکہ ایک ہی شمار ہوگا۔

ہمزہ (ء) (ر) جو ایک خط منحنی ہے۔ اہل جُمل نے اس کا کوئی عدد مقرر نہیں کیا ہے۔ نہ یہ بحیثیتِ حرف ابجدی ترتیب میں شامل ہے۔ عربی میں الفِ متحرک کو ہمزہ اور ساکن کو الف کہتے ہیں مگر اہل جمل کے نزدیک متحرک ہو یا ساکن اس کو الف ہی کہیں گے۔ اور ایک عدد لیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ حروف تہجی میں جو "لاء" لکھا جاتا ہے اُس کے معنٰی یہ ہیں کہ "لَا ھَمزَۃَ" یعنی ہمزہ کوئی حرف نہیں ہے۔ رہا لام الف (لا) یہ مرکب ہے "ل" اور "الف" سے لہٰذا اس کے عدد ۳۱ لئے جائیں گے۔ کیونکہ تاریخ میں حروف مکتوبہ کو معتبر سمجھا جاتا ہے ملفوظ سے واسطہ نہیں ہے۔ چنانچہ حرف مشدد کا ایک ہی بار عدد شمار ہوتا ہے۔

واضح رہے کہ جس طرح ساکن الابتداء محال ہے یعنی کسی لفظ کا حرفِ اول ساکن ہوگا تو وہ بولا نہیں جاسکتا اسی طرح عربی آخر بسکون بھی محال ہے۔ لہٰذا ہر حرفِ مہموز اللام وغیرہ کے آخر میں ہمزہ بڑھا کر اس کو تنوین دے دیتے ہیں۔ جیسے جَزَاءٌ اور وَفَاءٌ وغیرہ لہٰذا عربی میں تو اس ہمزہ کا ایک عدد لیا جائے گا مگر فارسی املا میں یہ ہمزہ ساقط ہو جاتا ہے اور تحریر ہی میں نہیں لیا جاتا لیکن جس وقت ایسے الفاظ مضاف واقع ہوتے ہیں تو اگر بجائے ہمزہ "ی" لکھی جائے جیسے

"جزاے عمل" تو اس "ی" کے دس۱۰ عدد لئے جائیں گے اگر ایفاء وعدہ وغیرہ الفاظ ہمزہ سے لکھے جائیں گے تو کوئی عدد نہ لیا جائے گا۔ مثلاً تاریخ وفات میر یحییٰ کاشی ہے۔

احیاء سخن چو کرد یحییٰ جاں داد

۱۰۵۴ھ

اس میں ہمزہ کا عدد نہیں لیا گیا۔ مگر متاخرین نے اس جھگڑے کو اس طرح ختم کر دیا کہ ہمزہ کا کوئی عدد نہیں لیتے اگر بصورت اضافتِ حرف ہمزہ لکھا جائے گا تو کوئی عدد شمار نہ ہوگا اور اگر "ی" لکھیں گے تو اس کے دس عدد لیں گے۔ البتہ جہاں ہمزہ بجائے یائے معروف یا یائے مجہول تحریر ہوگا تو اس کے دس۱۰ عدد لئے جائیں گے جیسے خدائی۔ رسائی بروزن فعلن چنانچہ ناسخ کہتا ہے۔

ہمایوں و مسعود شد کدخدائی ۔ یہاں کدخدائی میں دو "ی" مانی جاکر ۲۰ عدد لئے گئے ہیں یا آئے بروزن فعلن یا گئے بروزن فعل ان دونوں "ی" کے بھی ۲۰۔ ۲۰ عدد لئے جائیں گے جس طرح داغ کے اپنے مصرعوں میں لئے ہیں۔

ہمکنڈے سے آگئے اب حضور

یا

سازگار آئے الٰہی متفق لیل و نہار

کاف بیانیہ | اگر جداگانہ اس طرح لکھا جائے گا "ک ہ" تو ۲۵ عدد لئے جائیں گے اور اگر متصل اس طرح "کہ" تو ۲۰

(۱) الحاصل خطِ ہندسہ دو طرح لکھا جاتا ہے:-

(الف) اس طرح کہ صفحہ کے عرض میں ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے اور اس حرف کے عدد اس طرح لکھے جائیں کہ اکائیاں لکیر سے اوپر رہیں۔ دہائیاں لکیر سے مل جائیں اور سینکڑے لکیر کے نیچے تک پہنچ جائیں اور ہزار لکیر سے نیچے گذر کر خمیدہ کر دیا جائے مثلاً مرزا غالب دہلوی اس طرح لکھیں گے۔

۱۲۱۴ ۲۳۱ ۱۶۴۵۴ ۔ اگر ہر لفظ کے لئے جدا جدا لکیر ہو تو بہت اچھا ہے پڑھنے میں آسانی رہتی ہے۔ ورنہ جائز یہ بھی ہے کہ ایک ہی لکیر پر اس طرح ہندسے لکھ دیئے جائیں۔ اس خط کی طرزِ تحریر کو کسی نے اس شعر میں نظم کیا ہے:-

احد بخط نرسد لیک می رسد عشرات
مائۃ زخط گزرد الف خم بسوئے راست

(ب) ہر ہندسہ لکیر سے ملا ہوا لکھا جاتا ہے۔ البتہ امتیازِ لفظ کے لئے لکیریں جدا جدا ہوں اور ہندسے مکمل شکل میں لکھے جائیں مثلاً نواب داغ دہلوی یوں لکھیں گے۔

۲۱۶۵۰ ۱۰۰۱۴ ۱۰۶۳۰۵۴

(۲) خط عددی۔ اس کے حروف تہجی یہ ہیں۔

اصل حروف۔ ا ب پ ت ٹ ث ج
حروف مرموزہ۔ ۱ ۲ ۲ِ ۴َ ۴ٓ ۲ً ۳
اصل حروف۔ چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ
حروف مرموزہ۔ ۴ِ ۴ٍ ۴َ ۵ ۵َ ۵ً ۶ ۶َ
اصل حروف۔ ز ژ س ش
حروف مرموزہ۔ ۶ً ۶ً ۷ ۷َ
اصل حروف۔ ص ض ط ط ع ع ف
حروف مرموزہ۔ ۷ِ ۷ً ۸ ۸َ ۹ ۹َ ۰
اصل حروف۔ ق ک گ ل م ن و
حروف مرموزہ۔ ۰۰ ۴ ۴َ ۵ ۵ٖ ۷ ۷ٖ
اصل حروف۔ ہ ی
حروف مرموزہ۔ ۷ٓ ۷!

شیخ محمد ابراھیم ذوق یوں لکھیں گے۔

۷ ۷ ۴َ ۔ ۵ ۴ٍ ۵ ۔ ۱۶۲۱ ۷ٓ ۷ ۵ ۔ ۵ً ۷ ۰۰

اس میں صرف ۹ کے عدد تک سے کام لیا گیا ہے۔

(۳) خطِ سرو۔ یہ خط سرو کی شکل میں لکھا جاتا ہے اور ہر حرف کا ایک سرو ہوتا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ابجد کے کُل آٹھ الفاظ ہیں جن میں تین تین یا چار چار حرف ہیں۔ ہر لفظ کو ایک نمبر دے کر اس کی علامت باریک لکیروں کی تعداد سے مقرر کر لی ہے۔ اور اسی طرح ہر لفظ کے ہر

حرف کی۔ لہذا لکھتے وقت ایک سیدھا خط کھینچ کر کے اس کے دائیں جانب لفظ کے نمبر کی لکیریں اور بائیں جانب اُس لفظ کے حرف کی ترتیب کی لکیریں ہوں گی مثلاً محمد علی جوہر یوں لکھیں گے۔

اس کی تشریح یہ ہے

یعنی چوتھے لفظ محمد کا تیسرا حرف م

تیسرے لفظ حطی کا پہلا حرف ح

م ح م د ع ل ی

ج و ھ ر

(۴) خطِ راز۔ اس خط کو سمجھنے اور لکھنے پڑھنے کے لئے یہ شعر یاد رکھنا ضروری ہے:۔

کم صلا و حطِ لۂ در سع   حرفِ منقوط را بجایش دع

پہلے مصرعہ میں سب حروف مہملہ ہیں جو چودہ ہیں ان کو اس طرح تبدیل کیا جائے کہ کاف کی جگہ میم اور میم کی جگہ ک آئے اور اسی طرح ص کی لا اور لا کی جگہ ص وقس علیٰ ھٰذا۔ حروف منقوط کو اُن کی جگہ پر رہنے دیا جائے

جیسا کہ دوسرے مصرع میں بتا دیا گیا ہے لہذا اگر سر سید احمد خان مرحوم لکھنا ہو تو یوں لکھیں گے۔

عدعیرو طکر خون کدطاک

اس خط میں فارسی اور اردو کے حروف بھی اس طرح شامل کئے جا سکتے ہیں کہ پ چ اور ژ تو اصلی حالت پر رہیں گے باقی ٹ کو گ سے اور "ڈ" کو "ڑ" سے بدل دیا جائے۔

(۵) خطِ تبدیل الحروف:۔ اٹھارہ حروف نقطہ دار ہیں اور اٹھارہ بلا نقطہ جن کو ذیل میں اوپر تلے بالمقابل تحریر کیا جاتا ہے ان کو باہم تبدیل کر کے لکھا جاتا ہے۔

حروف منقوطہ۔ ب پ ت ث ج چ خ ذ ز ژ ش ض
حروف مہملہ۔ ا ٹ ح د ڈ ر ڑ س ص ط ع ک
حروف منقوطہ۔ ظ غ ف ق ن ي
حروف مہملہ۔ گ ل م و ھ ء

یہ خط یقیناً بہت ہی قریب زمانے کی ایجاد ہے۔ اس لئے کہ اس کو سمجھنے کے لئے یہ قطعہ ہے:۔

خطِ تبدیل حروف اس لئے ایجاد ہوا
تا کوئی غیر نہ رازِ دلی سے محرم
بے نقطہ سے متبدل ہوں نقطہ دار حروف
غیر منقوط کی جا آئیں حروفِ معجم

جن

جن ایک مخلوق ہے۔ جس کو انسان کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے پیدا فرمایا ہے۔ ان کے کئی خاندانی سلسلے ہیں مثلاً:

شیطان، شیطانہ، قرین، قرینہ، عفریت، تابع، تابعہ، زدبعہ، زوابع، ام زوبعہ، ریح، ظل، ہاتف، غول، جبت، طاغوت، خناس، خبیث وغیرہ۔

ہندو ان کے نام اس طرح ذکر کرتے ہیں۔

دیو، آسیب، پری، بھوت، راکشس، مسان، کناس، پلید، ہوا وغیرہ۔

جن کب پیدا کئے گئے جن انسانوں سے پہلے پیدا کئے گئے۔ لیکن تاریخ کا تعین مشکل ہے۔

جن کس چیز سے پیدا کئے گئے جن آگ سے پیدا ہوئے ہیں اور آگ جب جلتی ہے تو اس کی لَو کے آخری سرے پر ایک سفید پٹی ہوتی ہے دھوئیں سے پہلے اسے عربی میں مارج کہتے ہیں جن اس سے پیدا کئے گئے ہیں۔ جن کی تعریف یہ ہے۔

اَلْجِنُّ مَخْلُوْقٌ نَارِيٌّ يَتَشَكَّلُ بِاَشْكَالٍ الْمُخْتَلِفَه

جن آگ سے پیدا کردہ مخلوق ہے ہر مختلف شکل بدل لیتی ہے۔

سلسلۂ اولاد انسانوں کی طرح جنات میں بھی اولاد کا سلسلہ قائم ہے۔ ان کے بچے ہوتے ہیں۔ چنانچہ شیطان کے پانچ بیٹے ہیں۔

(۱) **بتر**۔ اس کا کام لوگوں کو مصیبتوں میں مبتلا کرنا ہے۔ جس سے لوگ واویلا کرتے ہیں، کپڑے پھاڑتے ہیں، منہ پر طمانچے مارتے ہیں، سینہ کوبی کرتے ہیں۔ جاہلیت کے زمانہ کی لوگوں کی طرح نوحے کرتے ہیں

(۲) **اَعْوَر**۔ یہ زنا کا ذمہ دار ہے۔ لوگوں کو زنا پر ابھارتا ہے۔ آمادہ کرتا ہے اور زنا کو لوگوں کے دلوں میں اچھا کرکے پیش کرتا ہے، زنا کی طرف راغب کرتا ہے۔

(۳) **مَسُوْط**۔ یہ جھوٹ کا سردار ہے۔ لوگوں کو جھوٹ کی طرف رغبت دلاتا ہے۔ جھوٹ کے فائدے ذہن میں بٹھاتا ہے۔ جھوٹی افواہیں لوگوں کے ذریعہ پھیلاتا ہے تاکہ لوگوں میں انتشار پیدا ہو اور وہ آپس میں لڑنے مرنے لگیں۔

(۴) **دَاسِم**۔ یہ فساد کراتا ہے گھر میں داخل ہو کر گھر والوں کو ایک دوسرے کے خلاف ابھارتا ہے ان کے عیوب ظاہر کرکے غصہ دلاتا ہے اور اس طرح گھر کو جہنم کدہ بنا دیتا ہے اور گھر میں روزانہ صبح وشام لڑائی جھگڑا معمول بن جاتا ہے۔ گھر والوں کے کھانے میں شریک

ہوتا ہے اگر گھر کے افراد بسم اللہ پڑھ کر کھانا کھاتے ہیں تو شرکت نہیں کر سکتا۔

(۵) زَلَنبُور۔ یہ بازاروں میں گھومتا ہے لوگوں کو بے ایمانی، کم تولنے، جیب کاٹنے، دوکانداروں کو لوٹنے، ڈاکے مارنے، لوگوں میں فساد کرانے کا کام کرتا ہے۔

ان کے علاوہ بھی شیطان کی اولاد کے نام ہیں مثلاً۔ ہرہ۔ تیر۔ مطروس، لاقیس، ولہان، موحش، شریدہ۔

موحش کا کام علماء کو بہکانا ان کو غلط راہ پر لگانا، ان کو تقویٰ وطہارت سے دور رکھنا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل جن آسمانوں پر جاتے تھے اور فرشتوں کی باہمی گفتگو جو احکام الٰہی سے تعلق رکھتی تھی اس میں اپنی طرف سے سینکڑوں جھوٹی باتیں ملا کر نجومیوں اور کاہنوں کے دل میں ڈالتے تھے۔ نجومی اور کاہن ان جھوٹی باتوں کو لوگوں کو بتاتے تھے اور اچھی خاصی رقم ان سے لے لیتے تھے۔ جب نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اور وحی کا سلسلہ شروع ہوا تو جنوں کا آسمانوں پر جانا بالکل بند کر دیا گیا۔ اگر آسمان کی طرف جاتے تو ان پر آگ برسائی جاتی جس سے ناکام واپس لوٹ آتے۔

جنات کی قسمیں! جن کی تین قسمیں مشہور ہیں۔

(۱) پردار جنات جو آسمان کے نیچے اور زمین میں اڑتے

رہتے ہیں۔

(۲) دوسرے سانپ اور کتے کی شکل کے جنات۔

(۳) تیسرے وہ جنات جو سواریوں پر سوار ہوتے اور اترتے ہیں۔

ان کے علاوہ بھی جنات کی قسمیں ہیں۔

ابلیس، شیاطین، مردہ، عفریت، عفاریت، اعوان، غواصون، طیارون، توابع۔ قرنا، عمار۔

کیا جن جنت میں جائیں گے

ہاں وہ جن جو مسلمان ہیں وہ ضرور جنت میں جائیں گے اور وہاں کی ہمیشہ رہنے والی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں گے۔

جنات کی خوراک اور خواہشات

انسانوں کی طرح جنات میں بھی وہ تمام خواہشات پائی جاتی ہیں۔ ان کے اولاد ہوتی ہے۔ وہ تمام غذائیں جو انسان کھاتا ہے وہ بھی کھاتے ہیں۔ پانی اور شربت پیتے ہیں۔ ان کے علاوہ ان کی خوراک میں ٹھیکری، کوئلہ، پتھر، ہڈی، گوبر، لید وغیرہ ہے۔ اسی وجہ سے کوئلہ، ہڈی، پتھر، گوبر وغیرہ سے استنجا منع کیا گیا کہ یہ جنات کی خوراک ہے۔ شرعی طریقے پر ذبح شدہ جانور کا گوشت کھانے کے بعد لوگ وہ ہڈی پھینک دیتے ہیں تو جب جنات اس ہڈی کو اٹھاتا ہے تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت پیدا

ہوجاتا ہے اور وہ، وہ گوشت کھاتا ہے۔ اسی وجہ سے ذبیحہ کی ہڈیوں کو بری، گندی جگہ پر ڈالنے سے منع کیا گیا تاکہ مسلمان جنات کی خوراک ضائع نہ ہو۔

قرآن مجید کے احکامات

قرآن مجید کے تمام احکامات انسانوں اور جنات کے لئے یکساں ہے۔ ان میں کوئی تفریق نہیں ہے۔ عبادات، اچھے اخلاق کو اپنانا دونوں پر لازم ہے۔ بری باتوں، گناہوں اور اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی دونوں کے لئے گناہ ہے۔

جس طرح انسانوں میں دو قسم کے لوگ ہیں مؤمن یا کافر اسی طرح جنات میں بھی مؤمن اور کافر ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو اس کی سرکشی اور نافرمانی اور کفر کی وجہ سے شیطان کہا۔ پھر دوسرے جنوں کو بھی ان کے کفر اور نافرمانی کے سبب شیاطین بتایا۔ اسی طرح انسان جو سرکشی کرتے ہیں اور کفر کا طریقہ اختیار کرتے ہیں ان کو بھی شیاطین اور شیطان کہا جاتا ہے۔

ابلیس کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو سجدہ کرو۔ اس نے اللہ تعالیٰ کا حکم نہ مانا اور نافرمانی کی لہذا راندۂ درگاہ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام اور بی بی حوا کو آسمان سے اُتار کر زمین پر آباد کیا اور جنات کو پہاڑوں اور جزیروں میں دھکیل دیا۔

جنات کی صورتیں اور ان کے کام

جنات کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ جب چاہیں کسی ذی روح کی شکل اختیار کر کے سامنے آجائیں اور جب چاہیں غائب ہوجائیں۔ جنات گرمی میں آدھے دن کے بعد اور سردی میں آدھی رات کے بعد نکلتے ہیں۔

حدیث شریف میں ہے۔

جب رات شروع ہوجائے یا رات شروع ہوگئی ہو تو اپنے بچوں کو روک رکھو (یعنی باہر نہ نکلنے دو) اس لئے کہ شیطان کا گروہ زمین پر پھیل جاتا ہے۔

جنات، سانپ، کتا، ریچھ، بندر اور بلی کی شکل میں زیادہ ظاہر ہوتے ہیں۔ کبھی کالے کتے کی شکل میں آتا ہے۔

جنات کی تعداد

جنات کی تعداد انسانوں سے زیادہ ہے کیونکہ وہ انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے سے آباد ہیں۔

جنات کی رہائش

جنات، ندی، نالوں، دریا، سمندر، پہاڑوں، باغات، بیابان، صحرا، جنگلوں میں) رہتے ہیں۔ ان کی حدود مقرر ہوتی ہیں جو اپنی حد سے آگے جاتا ہے تو دوسرے جن جو وہاں مقیم ہوتے ہیں اس پر حملہ کر دیتے ہیں۔

روشنی

بعض مرتبہ جگہ جگہ رات کو خود بخود روشنی

ہوتی ہے اور ختم ہو جاتی ہے اور کبھی یہ سلسلہ دور تک چلا جاتا ہے۔ یہ جنّات شادی یا موت کے موقعہ پر اکٹھے ہو کر ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں۔ یہ سب جنات کا کرشمہ ہوتا ہے۔ کبھی جنگل میں روشنی کا بگولہ جاتا ہوا نظر آتا ہے

بگولہ

بعض مرتبہ ہوا کے ساتھ مٹی گھوم کر اوپر کو اٹھتی ہے اسے گردباد یا بگولہ کہا جاتا ہے۔ بعض جگہ ایک بگولا اٹھتا ہے اور بعض جگہ بہت سے بگولے گردش کرتے ہوئے آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ عوام اسے بھوت یا پریوں کا اترنا بھی کہتے ہیں اور کہتے ہیں کہ جو شخص اس میں پھنس جاتا ہے اسے بھوت اڑا کر لے جاتے ہیں۔ یہ سب جنّات کا کرشمہ ہوتا ہے جو شادی یا غمی کے موقعہ پر خاک اڑاتے ہوئے اِدھر سے اُدھر جاتے ہیں۔

کسی بچے، بڑے، عورت یا لڑکی پر جن آنا

اکثر میٹھی چیز کھا کر باہر نکلنے سے یا عطر اور پھیلنے والی خوشبو لگا کر نکلنے سے اور بعض مرتبہ جنّات کے بچے کو ٹھوکر مارنے سے یا بعض مرتبہ ان پر یا ان کے بچوں پر پیشاب کرنے سے جن لپٹ جاتا ہے۔ مثلاً کسی کوڑے کے ڈھیر پر جنّات جمع ہیں اور وہاں سے نکال نکال کر مختلف چیزیں کھا رہے ہیں کسی نے اس کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کر دیا [illegible]ی ویران جگہ رات کو جا کر پیشاب کر دیا وہاں جنات کا ٹھکانہ تھا، یا سڑک

کے کنارے ویران جگہ جنّات کے بچے کھیل رہے ہیں لیٹے ہیں یا بیٹھے ہیں کوئی شخص جا رہا ہے اور جاتے جاتے ٹھوکر لگی۔ اس طرح جنّات کو غصّہ آجاتا ہے کہ ہمارے بچے کو ٹھوکر ماردی حالانکہ انسان کو کیا معلوم کہ یہاں جنّات کے بچے موجود ہیں یہاں سے دور ہو کر چلوں۔ اسی طرح کوئی عورت تیز خوشبو لگا کر کہیں شادی بیاہ میں جا رہی ہے تو جنّات اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اور اس پر جنّات کا اثر ہو جاتا ہے جس سے دماغ ماؤف ہو جاتا ہے اور آواز بھاری ہو جاتی ہے اسی طرح آدمی، بچہ راتوں کو گھر سے نکل جاتا ہے جنگلوں اور پہاڑوں پر گھومتا پھرتا ہے۔ کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے رات رات نہ خود سوتا ہے نہ گھر والوں کو سونے دیتا ہے کبھی مریض بے ہوش ہو جاتا ہے اور گھنٹوں بے ہوش پڑا رہتا ہے کبھی کبھی پیشاب نکل جاتا ہے۔

جن کا اثر انسان پر ہوتا ہے بلکہ جن انسان کے جسم میں داخل ہو جاتا ہے، جمائی آنے پر جو شخص اپنا ہاتھ منہ پر نہیں رکھتا شیطان اس جمائی کے دوران کھلے منہ کے ذریعہ پیٹ میں داخل ہو جاتا ہے۔

مرگی کا مرض

جس شخص پر جن کا اثر ہوتا ہے بعض مرتبہ اس کو دورہ پڑتا ہے اور وہ بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے اور جس انسان پر جن یا آسیب کا اثر

ہوتا ہے وہ بھی بے ہوش ہو کر گر پڑتا ہے۔

بعض لوگوں پر تھوڑی سی دیوانگی ہوتی ہے یہ آسیب یا جن کے سبب ہوتی ہے بعض پر ہمزاد کا اثر ہوتا ہے جو انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے۔

مجنون بعض مرتبہ جن کے اثر والا خلافِ عقل یا اپنی طاقت سے زیادہ طاقت کا مظاہرہ کرتا ہے اور دیوانوں جیسی حرکات کرتا ہے۔

جنات کی رہائش عفاریت (عفریت کی جمع) چشموں اور کنوؤں میں رہتے ہیں۔ شیاطین آبادیوں میں اور انسانی قبرستانوں میں، طواغیت اس جگہ رہتے ہیں جہاں خون پڑا رہتا ہے مذبح خانوں میں اور اس کے ارد گرد۔ زوابعہ ہوا میں۔ کبار شیاطین آتش خانوں میں۔ تواقیف و عقاریت جو عورتوں کی شکل میں ہیں بڑے بڑے درختوں اور باغوں میں اور سیاسب پہاڑوں اور ویرانوں میں اور غول بیابانوں میں۔ ان کی کثرت مردوں اور عورتوں اور بچوں کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

شیطان کا علاج حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ نے القول الجمیل میں لکھا ہے کہ جس شخص کو شیطان نے پاگل خبطی کر دیا ہو تو اس کے بائیں کان میں سات بار یہ آیت پڑھ کر سنائے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

اس عمل سے شیطان جل جائے گا۔

جنات کا دوسرا علاج جس کسی پر جن کا اثر ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس مریض پر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ وہ ہوش میں آجائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمّٓصٓ ۝ طٰهٰ ۝ طٰسٓمّٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ قٓ ۝ نٓ ۝ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

جنات کا تیسرا علاج جس شخص پر جنات کا اثر ہو اس پر یہ آیت پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ تعالیٰ جنات دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ۝

جنات اور جادو جادو میں تنتر منتر سے کام لیا جاتا ہے اس کا تعلق صرف جنات ہی سے ہے۔ تنتر میں کچھ کام کئے جاتے ہیں اور منتر میں الفاظ پڑھے جاتے ہیں جس کے ساتھ کچھ کام بھی کیا جاتا ہے۔

جادو میں منتر کے ذریعہ جنات کی تعریف و توصیف اور بڑائی بیان کی جاتی ہے ان کو وکیل و کارساز کہہ کر اس سے کام لیا جاتا ہے۔ ان سے امداد و اعانت مانگی جاتی ہے

جس سے جنات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگران کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔ جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرتا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مرجاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

جس سے جنّات خوش ہو کر ان کی امداد و اعانت کرتے ہیں اور تکمیل خواہشات کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ جادو اصلیت کے لحاظ سے دو قسم کا ہوتا ہے

ایک قسم جادو کی وہ ہے جس میں چیز کی اصلیت نہیں بدلتی اسے نظر بندی کہتے ہیں۔ اس میں کچھ کا کچھ نظر آتا ہے اور انسانی خیال دھوکہ کھا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام اور لوگوں کو رسی کے سانپ دکھائی دے رہے تھے حالانکہ وہ رسیاں تھیں۔

جادو کی دوسری قسم وہ ہے جس میں اصلیت بدل جاتی ہے مثلاً جادو کے زور سے کسی انسان کو جانور کی شکل بنا لینا۔

جادو وہ ہے جو کسی حرام فعل یا قول کی مزاولت کی وجہ سے جو قوت و قدرت خارق عادت حاصل ہوتی ہے۔

اقسام سحر میں وہ ہیں جن میں ارواح ارضیہ سے مدد چاہی جاتی ہے اس کا نام عزیمت اور تسخیر جن ہے۔

جادوگران کاموں کی نسبت ارواح خبیثہ شیاطین و اصنام و کواکب کی طرف کرتے اور انہی کی تاثیر مانتے ہیں۔ جادو میں ایک قسم ستارہ پرستوں کا جادو ہے یہ سبع سیارہ (سات ستاروں) کی نسبت اعتقاد رکھتے ہیں کہ بھلائی و برائی انہی کے سبب ہوتی ہے اسی لئے ان کی طرف خطاب کر کے مقررہ الفاظ پڑھتے ہیں اور انہی کی پرستش کرتے ہیں۔

ایک قسم جادو کی یہ ہے کہ جنات وغیرہ زمین والوں کی

روحوں سے امداد و اعانت طلب کرنا ہے۔ ان روحوں کے ساتھ بعض مخصوص الفاظ و اعمال سے تعلق پیدا کرتے ہیں اسے سحر بالعزائم اور تسخیر بھی کہتے ہیں۔

آسیب زدہ اور مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) میں فرق یہ ہے کہ آسیب زدہ پر تو جن از خود مسلط ہو جاتا ہے اور مسحور پر عامل (جادوگر) افعال و الفاظ کے ذریعہ مسلط کر دیتا ہے۔

ہمزاد یا قرین

ہمزاد یا قرین، یہ دونوں ایک ہی ذی روح کے نام ہیں۔ یہ ایک جن ہوتا ہے یا شیطان دیگر عام جنّات سے الگ اس کی خاص اہمیت ہے اس لئے کہ یہ جن انسان کے ہمراہ پیدا ہوتا ہے اور ہر وقت انسان کے ساتھ ہی رہتا ہے۔ جو آدمی نیک ہوتا ہے اس کا قرین یعنی ہمزاد (ساتھی جن) بھی صالح صحبت کی وجہ سے نیک بن جاتا ہے اور جو انسان کفر و شرک میں مبتلا ہوتا ہے تو اس کا ہمزاد (قرین) بھی کافر و مشرک ہوتا ہے، مرد انسان کے ساتھ جن اور انسان عورت کے ساتھ جنیّہ پیدا ہوتی ہے۔ عاملین اسی اپنے ہمزاد ہی کو اعمال کے ذریعہ اپنا فرمانبردار اور مطیع بنا لیتے ہیں اور ضرورت کے وقت اس سے کام لیتے ہیں۔

جنوں کی دو قسمیں ہیں، ایک تو وہ جن، جن کی پیدائش ماں باپ کے ذریعہ سے ہوتی ہے جس طرح انسان ماں باپ کے ذریعہ پیدا ہوتے ہیں۔ دوسرے وہ جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ لڑکے کے ساتھ لڑکا، لڑکی کے ساتھ لڑکی۔ اور جب یہ لڑکا یا لڑکی مر جاتے ہیں تو وہ جن (ہمزاد) مرتا نہیں ہے بلکہ آزاد ہو کر علیحدہ رہتے ہیں۔

سحر، جادو، سفلی کی حقیقت اور اس کا حکم

سحر، یا جادو ایک نفس الامری حقیقت اور واقعی چیز ہے۔ صرف خیالی شئے نہیں ہے۔ قرآن پاک کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ سحر کی تعلیم و تعلم ہوتی ہے اور تعلیم و تعلم واقعی شئے کا ہوا کرتا ہے۔ خیالی اور وہمی کا نہیں۔

اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک یہودی لبید بن اعصم نے جادو کیا تھا جس کا حدیث میں ذکر ہے۔ یہودیوں سے میل جول کی وجہ سے عرب کے دوسرے لوگوں میں بھی جادو کرانے کا رواج پڑ گیا تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو اور سحر کے اثرات واقعی بات تھی محض خیالی و وہمی نہ تھی۔ یہی وجہ ہے کہ اس جادو کے باطل کرنے اور اس کا توڑ کرنے کے لئے معوذتین نازل فرمائی گئیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں جادو کرنے اور جادو کرانے والے کے بارے میں سخت جملہ استعمال فرمایا ہے۔

(سحر) جادو کرنے والا ہم میں سے نہیں ہے۔ یعنی اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے یعنی وہ اسلام سے پھر جاتا ہے۔

علماء نے سحر کے مختلف معانی ذکر کئے ہیں۔ علامہ حافظ ابن حجرؒ نے بیان کیا ہے کہ

(۱) محض قوت خیالیہ کی مدد سے کوئی تصرف کرنا یا کسی شاطرانہ چال سے کسی کو فریب دے دینا بھی ہیں جسے عرف عام میں ہاتھ کی صفائی، نظر بندی یا شعبدہ بازی کہا جاتا ہے۔ جس کی حقیقت کچھ نہیں ہوتی۔ صرف نظر کا دھوکہ اور قوت خیالیہ کا کھیل ہوتا ہے۔

یعنی سحر کی ایک قسم یہ بھی ہے۔ اس قسم کے سحر کی بدولت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خیال میں جادوگروں کے سحر کی وجہ سے ان کی لاٹھیاں اور رسیاں دوڑتی، اڑتی محسوس ہو رہی تھیں اسی طرح

سَحَرُوٓا اَعۡیُنَ النَّاسِ۔ کے معنی یہ ہیں کہ لوگوں کی آنکھوں کو انہوں نے مسحور کر دیا تھا یعنی ان کی نظر بند کر دی تھی۔ گویا یہ سب کچھ صرف قوت خیالیہ کا تصرف اور اس کی شعبدہ بازی تھی جس کی واقعی حقیقت کچھ نہیں تھی۔

سحر کی دوسری قسم

(۲) سحر کا اطلاق ایسی لطیف اور دقیق چیز پر بھی ہوتا ہے جس کا ادراک آسان نہ ہو، یا اس کے اسباب پوشیدہ ہوں۔

سحر کی تیسری قسم

(۳) سحر کی تیسری قسم وہ ہے جو شیاطین سے خصوصی قرب و

تعلق کی بنا پر ان کی مدد سے حاصل ہوتی ہے۔

سحر کی چوتھی قسم

(۴) سحر کے ایک اور معنی یہ ہیں کہ نجوم و کواکب سے استعانت کے ذریعہ ان کی مزعومہ باطنی مدد سے کوئی عمل کیا جائے۔ اہل بابل میں سحر کی اس قسم کا زیادہ رواج تھا۔ وہ نجوم پرست تھے۔ سبع سیارات کو وہ اپنے معبود اور اس عالم میں ان کو مؤثر و فعال سمجھتے تھے۔ ان سات ستاروں کے ناموں کے بت بنا کر ان کی پوجا کیا کرتے تھے اور عمل سحر میں ان کو مخاطب بنا کر ان سے مدد مانگتے اور اپنے گمان کے مطابق ان کی روحانی اور باطنی تاثیرات کے ذریعہ اپنے سحر کو مؤثر بناتے تھے۔ یہ لوگ علم نجوم کے بڑے ماہر تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام انہی کی طرف مبعوث فرمائے گئے تھے۔

سحر کی پانچویں قسم

(۵) سحر کی پانچویں قسم طلسم کہلاتی ہے۔ اس میں کواکب اور ان کی منازل و بروج کا لحاظ رکھ کر عمل کیا جاتا ہے۔ مثلاً ان کے یہاں قمر کے برج عقرب میں ہونے کے وقت انگشتری پر شبیہ عقرب کندہ کرا کے استعمال کرنا لدغ عقرب سے حفاظت کا سبب تصور کیا جاتا ہے۔

لیکن یہ عمل بھی اگر کواکب اور ان کی منازل کو مؤثر حقیقی سمجھ کر کیا گیا ہو تو حرام اور شرک ہے۔

سحر کے اثرات کتاب و سنّت کی روشنی میں:۔

سحر کے اثرات سے جسم انسانی اور دل و دماغ کا متأثر ہونا، مختلف قسم کے عوارض و امراض کا لپٹ جانا، باہمی اختلافات اور تفریق بین الزوجین جیسے مفاسد کا وجود میں آنا یہ سب ایسی چیزیں ہیں جن کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔ کتاب و سنت کی نصوص میں بھی اس کی تصریح موجود ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عائشہؓ کی روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر لبید بن اعصم یہودی نے جب سحر کیا اس وقت سحر کی وجہ سے آپ کی یہ کیفیت ہو گئی تھی کہ آپ نے جو کام ابھی تک نہیں کیا ہوتا تھا اس کے بارے میں آپ کو خیال ہوتا کہ کر لیا ہے۔ بعض مرتبہ خیال ہوتا تھا کہ میں ازواج کے پاس ہو آیا ہوں حالانکہ آپؐ گئے نہیں ہوتے تھے۔ مگر ان اثرات کا ظہور آپ پر صرف دنیوی چیزوں میں ہوتا تھا۔ دینی امور میں آپ معصوم تھے اس میں اشتباہ اور التباس سے اللہ تعالیٰ آپ کی حفاظت فرماتے تھے، بعد میں اللہ تعالیٰ نے سحر سے آپ کو مکمل شفاء عطا فرما دی تھی۔

سحر سے صورت تبدیل ہو سکتی ہے۔

بعض اہل علم کا قول ہے کہ سحر کے ذریعہ شکل و صورت تبدیل نہیں ہو سکتی لیکن بعض اہل علم کہتے ہیں کہ سحر

کے ذریعہ اشیاء کی حقیقت اور ماہیت وصورت کو
تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً انسان کو حیوان کی صورت
میں اور حیوان کو جماد کی صورت میں اور جماد کو حیوان
کی صورت میں بدلا جاسکتا ہے۔

سحر کا شرعی حکم

سحر کے عمل کے بارے میں تمام فقہاء کرام کا اتفاق
ہے کہ اس کا کرنا، کرانا حرام اور بدترین گناہ کبیرہ ہے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مہلک دین چیزوں میں
شمار فرمایا ہے اور سحر کا عمل اگر کلماتِ شرک وکفر یا اعمال
کفریہ پر مشتمل ہو تو اس کا کرنا کفر اور کرنے والا خارج
از اسلام اور بالاتفاق واجب القتل ہے۔

جمہور فقہاء کا مذہب بھی یہی ہے کہ ساحر کو قتل کرنا
واجب ہے۔ حضرت عمر، حضرت ابن عمر اور حضرت عثمان
غنی رضی اللہ عنہم وغیرہ کا بھی یہی مذہب تھا۔ پہلا یہ کہ
مطلق سحر کی وجہ سے ساحر کافر ہوگیا اس لئے قتل کیا جائیگا
اور یا اس کے زمین میں فساد برپا کرنے کی بناء پر اس کو
قتل کرنا ضروری ہے۔ دونوں قول ہیں۔

سحر کا سیکھنا سکھانا حرام ہے۔ البتہ اگر سحر کے وہ کلمات
کفر وشرک یا اعمالِ کفریہ پر مشتمل ہوں تو ان کا سیکھنا
سکھانا کفر ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ اگر سحر کی تعلیم و
تعلّم کا مقصود دوسروں کا گمراہ کرنا اور ان کو نقصان

پہنچانا ہے تب تو حرام ہے لیکن اگر مقصود نہ ہو تو مباح ہے

سحر کی بڑی قسمیں

سحر کی بڑی دو قسمیں ہیں ایک سحر یا جادو ہے جو اپنی
تاثیر اور پختگی میں بہت خطرناک ہوتا ہے۔ اس سے
آدمی کی شکل تبدیل کی جاسکتی ہے، آدمی کو لاعلاج
مرض میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔ اس کو کسی حادثہ میں
مبتلا کیا جاسکتا ہے۔

اگر کسی آدمی کو مارنا ہو تو اس کی مدت مقرر کر دی
جاتی ہے کہ پانچ سال یا دس سال سحر یا جادو جب
شروع ہوتا ہے تو وہ آدمی جس پر سحر کیا گیا ہے کبھی
سر میں درد کی شکایت کرتا ہے کبھی چکر آجاتے ہیں کبھی
دل دھڑکتا ہے، کبھی گھبراہٹ ہوتی ہے، کبھی پیٹ
میں شدید درد ہوتا ہے۔ کبھی حادثہ (ایکسیڈنٹ)
ہوجاتا ہے ہاتھ ٹوٹ جاتا ہے، کبھی سر پھٹ جاتا
ہے کبھی ٹانگ ٹوٹ جاتی ہے، کبھی فالج کا حملہ ہوجاتا
ہے غرضیکہ طرح طرح کے لاعلاج مرض چمٹ جاتے ہیں،
حکیم، ڈاکٹر اول تو مرض کو سمجھ ہی نہیں پاتے اور علاج
کرتے ہیں تو بالکل فائدہ نہیں ہوتا دوا الٹا اثر کرتی
ہے بڑھتے بڑھتے مرض اس قدر زیادہ شدید ہوجاتا
ہے کہ مریض چارپائی پر لیٹ جاتا ہے اٹھنا بیٹھنا

مشکل ہو جاتا ہے جب اس کی مدت پوری ہو جاتی ہے
یعنی پانچ سال کے لئے جادو، سحر کرایا تھا تو اب پانچ سال
پورے ہونے پر آدمی مر جاتا ہے۔ سحر یا جادو کے اثر کا
اس طرح حملہ ہوتا ہے۔

۵ سال
مدت مکمل
ابتدا

یعنی شروع میں تکالیف کم ہوتی ہیں آہستہ آہستہ بڑھتی
جاتی ہیں۔ بالآخر بہت سارے امراض گھیر لیتے ہیں اور مریض
چارپائی پر پڑ جاتا ہے اس دوران اس کا کھانا سونا
سب کم ہو جاتا ہے۔ دماغ اور دل بیکار ہو جلتے ہیں۔
سحر سیکھنے کے لئے خدا تعالیٰ کی ذات کا انکار کرنا پڑتا ہے
اور ناپاکی کھانی پڑتی ہے۔

سحر جادو کی دوسری قسم

سحر جادو کی دوسری قسم سفلی جادو کہلاتی ہے اس کے
اکیس درجے ہوتے ہیں۔ یہ ہلکا جادو ہوتا ہے۔ اگر کسی نے
پانچ سال کے لئے کرایا ہے تو آدمی شروع میں بہت زیادہ
متاثر ہوتا ہے۔ یعنی شروع میں اس عمل کا حملہ بہت
زبردست ہوتا ہے آدمی گھر میں بلا وجہ لڑائی جھگڑے

کرتا ہے اول فول بکتا ہے۔ ہر وقت غصے میں بھرا رہتا ہے
کھانا نہیں کھاتا۔ ہر چیز اسے بُری لگتی ہے۔ اچھی بات
اسے بہت بُری معلوم ہوتی ہے۔ سفلی کا علاج روحانی اور سفلی دونوں
طریقوں سے ہو سکتا ہے اگر کسی نے ایک درجے کا سفلی کیا ہے تو
سوا درجے کا سفلی اس کو ختم کر دے گا لیکن شرط یہ ہے
کہ وہ سفلی کے زیادہ درجے کا ماہر ہو۔ عام طور پر سفلی
والے ایک یا دو یا تین درجے تک سیکھتے ہیں۔ سفلی جادو
کی پہلی شرط یہ ہے کہ ناپاکی، یعنی پاخانہ کھانا پڑتا ہے۔
ناپاک اور نجس اور بے غسل رہنا پڑتا ہے۔ اس کے بغیر
سفلی کا عمل کامیاب نہیں ہوتا۔ سفلی کرنے والا نماز
روزہ سے دور بھاگتا ہے پاکی صفائی سے اسے نفرت
ہوتی ہے۔ سب سے اچھی بات یہ ہے کہ سفلی کا علاج روحانی طریقے سے کرائے۔
سفلی کا عمل مدت پوری ہونے کے بعد خود بخود ختم
ہو جاتا ہے۔ ابتدا میں جتنی تیزی ہوتی ہے آہستہ آہستہ
کم ہوتے ہوتے مدت پوری ہونے پر ختم ہو جاتی ہے۔
اس کی شکل سحر کے برخلاف ہوتی ہے۔

ابتداء
مدت ۵ سال
ختم سفلی

مدت پوری ہونے کے بعد سفلی از خود ختم ہو جاتا ہے۔

سحر اور سفلی دونوں میں شیاطین اور جنات بھینٹ
لے کر کام کرتے ہیں اور لوگوں کو ستاتے، بیمار کر ڈالتے اور
ان کا کاروبار تباہ کرتے ہیں۔ ملازمت اور نوکری ختم
کرا دیتے ہیں۔ ہر ایک سے لڑائی جھگڑا کراتے ہیں۔
زمین۔ جائداد، دولت سب ختم کرا دیتے ہیں آدمی مالی
وسائل اور آمدنی سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح آہستہ
آہستہ اس کی صحت بھی تباہ ہو جاتی ہے۔ یاد داشت
ختم ہو جاتی ہے۔ بھول چوک بہت ہوتی ہے۔ جس کام
میں ہاتھ ڈالتا ہے نقصان اٹھاتا ہے۔ جس کاروبار
کو شروع کرتا گھاٹا ہوتا جاتا ہے۔ لوگوں کا قرض
چڑھ جاتا ہے۔

سحر و سفلی کی نشانیاں

سحر و سفلی کی پہلی نشانی یہ ہے کہ آدمی کا دماغ ماؤف
ہو جاتا ہے۔ اس کی یاد داشت ختم ہو جاتی ہے۔ بھول
چوک کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

اس کا دل بے چین رہتا ہے۔ گھبراہٹ بہت ہوتی
ہے ایک جگہ جم کر بیٹھنا مشکل ہو جاتا ہے کسی کام میں
دلچسپی نہیں رہتی نہ کسی کام میں دل لگتا ہے۔

بھوک بہت لگتی ہے لیکن کھایا نہیں جاتا۔ کھانا
١٦۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا۔ تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالےٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالےٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

١٧۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوٰی سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالےٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

١٨۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے گرامی جن نقوش

یا حادیث میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لیے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العلمین ہے لہٰذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے۔ اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہو جاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے۔

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴۔ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی نافرمانی نیز دیگر قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہو جائے تو فوراً توبہ کرلے۔

۲۵۔ بھاگے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کیے گئے ہوں مفرور کے آتے ہی فوراً نکال لیں اور انھیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لیے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہو جائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ھٰذا کے والدین مرحومین، جملہ بزرگان دین و مشائخ عظام جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اُس ثواب کے اُس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہیؒ بنام مولانا ضیاء الحق منقول در مکتوبات اکابرین دیوبند ص۵۸)

کاہن[1]، ساحر[2]، جادوگر[3]، رمال[4] اور نجومی[5] کا شرعی حکم

شیخ علی قاری شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں:

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے۔ اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشادِ خداوندی ہے:

• کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ تعالیٰ کے۔"

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل کیا گیا ہے۔"

اور کاہن وہ شخص ہے جو آئندہ آنے کے واقعات کی خبر دیتا ہے اور مکان کے اسرار کی معرفت کا مدعی ہو کہا گیا ہے کہ کاہن ساحر ہے اور نجومی جب آئندہ واقعات کے علم کا دعویٰ کرے تو وہ بھی کاہن کے مثل ہے اور اسی حکم میں رمال داخل ہے۔"

قونوی کہتے ہیں کہ حدیث کاہن، قیافہ شناس اور نجومی سب کو شامل ہے۔ اس لئے نجومی، رمال اور اس نوعیت کے دوسرے لوگ مثلاً کنکریاں پھینک کر حساب لگانے والے کی پیروی جائز نہیں۔ ان لوگوں کو جو اجرت دی جاتی ہے وہ بالاجماع حرام ہے جیسا کہ بغوی اور قاری عیاض وغیرہ نے نقل کیا ہے اور انبیاء علیہم السلام کے بعد اس شخص کی پیروی بھی جائز نہیں جو مدعی الہام بن کر الہامات کے ذریعہ خبریں دیتا ہو اور نہ اس شخص کی پیروی جائز ہے جو حروف ابجد کے علم کا مدعی ہو کیونکہ یہ بھی کاہن کے حکم میں ہے۔ (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۲، ۱۸۳)

---

[1] جنوں سے دریافت کرکے غیب کی خبریں بتانے والا۔ [2] جادوگر، جادو ٹونہ، افسوں اور طلسم کرنے والا [3] جادو کرنے والا۔ [4] علم رمل کا ماہر جوتشی، نجومی۔ [5] علم نجوم کا ماہر جوتشی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فہرستِ مضامین

آسان عملیات و تعویذات

جلد۔ انیسویں (جلد ۱۹)

استاذِ محترم، استاذ العلماء والفقہاء والمحدثین والمفسرین حضرت مولانا شمس الحق خاں صاحب جلال آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی رحلت

استاذِ محترم حضرت مولانا شمس الحق خاں صاحبؒ ابن مولوی عبدالواحد خاں صاحبؒ جلال آبادی قصبہ جلال آباد ضلع مظفر نگر (انڈیا) میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم اپنے قصبہ ہی میں حاصل کی۔

دینی علوم کی تکمیل جامعہ اشرفیہ لاہور سے کی۔ تکمیل کے بعد دو سال حیدرآباد سندھ میں رہے اس کے بعد ۱۹۵۱ء میں دارالعلوم کراچی میں مدرس بن گئے اور تمام زندگی دارالعلوم ہی میں تدریس کا فریضہ انجام دیا۔

مورخہ ۲۸ ذی الحجہ ۱۴۲۰ھ / ۲۰ فروری ۲۰۰۰ء کو خطیب جامع مسجد دارالعلوم کراچی جمعہ کا خطبہ پڑھ رہا تھا اور خدا کے مقبول بندے دربارِ خداوندی میں اجسام کے ساتھ حاضری کے منتظر تھے کہ استاذِ محترم کی روح لبیک کہتے ہوئے سب سے پہلے اللہ رب العزت کے دربار میں حاضر ہوگئی۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَ إِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝

اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے حضرات سے دلی درخواست ہے کہ وہ میرے محسن و مربی استاذِ محترم کے ایصالِ ثواب کے لئے اوّل تین بار درود شریف اس کے بعد چودہ بار الحمد شریف مکمل اس کے بعد تین بار قل ھو اللہ احد (پوری سورت) آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر استاذِ محترم کی روح کو ایصالِ ثواب کریں۔

فقط والسّلام

اعجاز احمد خاں سنگھالوی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

(۱) برائے شناخت (پہچان) مرض

مرد یا عورت کا چوبیس گھنٹے پہنا ہوا کرتہ یا قمیض جس کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا نہ پہنا ہو (عورت کرتہ کے نیچے شمیض، باڈی یا انگیہ نہ پہنے ہو) صرف کرتہ ہو، کرتہ کے اوپر جو چاہے پہنے اس کے نیچے نہ پہنے۔ اس کرتہ کو بالشت سے ناپ کر نشان لگائے۔ پھر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل عزیمت (قرآنی آیات) پڑھ کر اس کرتہ پر دم کرے (یعنی ہر بار پڑھ کر کرتے پر پھونک مارے) پھر اس کرتے کو پندرہ بیس منٹ تک رکھا رہنے دے۔ اس کے بعد اس کو دوبارہ بالشت سے ناپے۔ اگر کپڑا ایک انگل گھٹے (چھوٹا ہو جائے) یا بڑھے (بڑا ہو جائے) تو جان لے کہ اس مریض پر اثر ہمزاد کا ہے اور اگر دو انگل گھٹے یا بڑھے تو اثر شیطان کا ہے تین یا چار انگل بڑھے یا گھٹے تو اثر سحر جادو کا ہے اسی کے مطابق علاج کرے۔ اگر کپڑا پہلے ناپ کے مطابق برابر ہے تو مرض بدن کا ہے اور علاج حکیم یا ڈاکٹر سے کرائے۔ کیونکہ مرض بدن کا علاج معالج جسمانی ہی کر سکتا ہے البتہ سورۃ فاتحہ پچیس ۲۵ بار اوّل و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو انشاء اللہ صحت ہوگی۔ عزیمت یہ ہے۔

۱۔ سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

۲- آیۃ الکرسی تین بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ
وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ
یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا
خَلْفَھُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ
وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ

۳- سورۃ الصّٰفّٰت شروع سے لے کر مِنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ تک ایک بار
پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔ سورۃ الصّٰفّٰت کی آیتیں یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا فَالتّٰلِیٰتِ ذِکْرًا
اِنَّ اِلٰھَکُمْ لَوَاحِدٌ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا
وَرَبُّ الْمَشَارِقِ اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَۃِ نِ الْکَوَاکِبِ
وَحِفْظًا مِّنْ کُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی
وَیُقْذَفُوْنَ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ دُحُوْرًا وَّلَھُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَۃَ فَاَتْبَعَہٗ شِھَابٌ ثَاقِبٌ فَاسْتَفْتِھِمْ
اَھُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا اِنَّا خَلَقْنٰھُمْ مِّنْ
طِیْنٍ لَّازِبٍ

۴- سورۃ جن شروع سے لے کر شَطَطًا تک ایک بار پڑھ کر کپڑے
پر دم کرے۔
سورۃ جن کی آیات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّہُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا
سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا یَّھْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِہٖ
وَلَنْ نُّشْرِکَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا وَّاَنَّہٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ
صَاحِبَۃً وَّلَا وَلَدًا وَّاَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ سَفِیْھُنَا عَلَی اللّٰہِ شَطَطًا

۵- سورۃ اخلاص آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔
سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اَللّٰہُ الصَّمَدُ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ
یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ

۶- سورۃ فلق آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔
سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَمِنْ شَرِّ
غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ وَمِنْ
شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

۷- سورۃ الناس آخر تک ایک بار پڑھ کر کپڑے پر دم کرے۔
سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِکِ النَّاسِ اِلٰہِ النَّاسِ
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ
صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ

سورۃ اعراف پارہ ۹ کی آیتِ ذیل ایک بار پڑھ کر دم کرے۔

سورۃ اعراف کی آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۛ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْٓءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۲۔ مرض۔ آسیب۔ سحر۔ جن معلوم کرنیکا طریقہ

مریض کا ایسا کپڑا لے جس میں اس نے رات گذاری ہو۔ پہلے اس کپڑے کو گز یا بالشت سے ناپ لے اس کپڑے پر نشان لگا دے پھر مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر دم کر کے کپڑے کو رکھ دے۔ ذرا دیر کے بعد پھر کپڑے کو ناپے۔ اگر کپڑا بڑھ جائے تو بیماری شیاطین کے اثر سے ہے اور اگر کپڑا گھٹ جائے بیماری جن سحر یا جادو کے سبب سے ہے اور کپڑا سابقہ ناپ کے مطابق برابر رہا تو مرض جسمانی ہے۔ وہ عزیمت یہ ہے:

۱۔ سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) آخر تک تین مرتبہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

۲۔ والصّٰفّٰت سے لے کر لفظ "لازب" تک (سورۃ الصّٰفّٰت) ایک بار۔

۳۔ سورۃ جن شروع سے لے کر لفظ "شططا" تک (سورۃ جن) ایک بار۔

۴۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک ایک بار

۵۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک ایک بار۔

(۳) مریض کا حال معلوم کرنا

اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو مندرجہ ذیل عزیمت پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے۔ آسیب ہے اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

عزیمت یہ ہے:

① الحمد شریف (پوری سورۃ فاتحہ) (سات مرتبہ)

② آیۃ الکرسی (سات مرتبہ)

③ سورۃ کافرون (قل یاایھا الکفرون) آخر تک (سات مرتبہ)

④ سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد) آخر تک (سات مرتبہ)

⑤ سورۃ الفلق (قل اعوذ برب الفلق) آخر تک (سات مرتبہ)

⑥ سورۃ الناس (قل اعوذ برب الناس) آخر تک (سات مرتبہ)

(۴) مرض معلوم کرنے کا طریقہ

مریض کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بالوں تک ایک ڈورا (دھاگہ) ناپ لیں۔ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ درود شریف کے بعد سورۃ مزمل سات بار پڑھیں۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر ڈورے پر دم کریں پھر ڈورے کو ناپیں اگر ڈورا ناپ سے چھوٹا رہ جائے تو شیاطین کے اثر سے بیماری ہے اور اگر ڈورا ناپ سے بڑا (لمبا) ہو جائے تو سحر ہے یا جن کے اثر سے مرض ہے اور اگر ڈورا قد کے برابر ہے تو مرض جسمانی ہے۔ ڈاکٹر حکیم سے علاج کرائے

استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بغیر

استخارہ کیے نہ کرے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ

"اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں اصلاح نہ لینا کم بختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔"

جس کام کو استخارہ کرکے کیا جائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑے گی۔ استخارہ کی چند آسان اور زود اثر ترکیبیں لکھی جاتی ہیں جن پر آسانی سے عمل کرسکے کرے۔

(۱)

استخارہ کی نیت کرکے دو رکعت نماز نفل بعد نماز عشاء کے پڑھے اس کے بعد خوب دل لگاکر یہ دعا تین مرتبہ پڑھ لے (اگر زبانی یاد ہو تو بہتر ہے ورنہ دیکھ کر پڑھ لے) دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَاۤ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَاۤ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰھُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ۔

دعا پڑھتے وقت جب ھٰذَا الْاَمْرَ کے الفاظ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں (تصور میں سوچے) لائے جس کام کے لئے استخارہ کیا ہے۔

اس سے فارغ ہونے کے بعد پاک صاف اور ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سو جائے اس طرح کہ سر شمال کی طرف ہو اور پاؤں جنوب کی

کی طرف اور دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کرکے سو جائے (سونے کے بعد کروٹ بدل جائے تو حرج نہیں) جب سو کر اٹھے اس وقت جو بات مضبوطی سے دل میں آئے وہی بہتر ہے اسی کام کو کرنا چاہیئے۔ اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل میں خلجان اور تردد (شک وشبہ) باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء اللہ العزیز سات روز کے اندر اندر اس کام کی بھلائی یا برائی (یعنی کام کرنے کا جذبہ یا نہ کرنے کی طرف طبیعت کا میلان ہوگا اگر کام کرنے کا جذبہ شدید ہے تو کام کرلے اور اگر شک وشبہ ہے تو نہ کرے) معلوم ہو جائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے مختلف لفظوں کے ساتھ حدیث شریف میں آئی ہے۔ جس کو جو دعا یاد ہو پڑھے۔

(۲)

جب استخارہ کرنا ہو تو بعد نماز عشاء سب سے پہلے پاک کپڑے پہنے پھر وضو کرے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے سیدھی (داہنی) کروٹ لیٹ جائے اور مندرجہ ذیل سورتیں حسب ترتیب ذیل پڑھے:

(۱) سورۃ الشمس سات مرتبہ پارہ نمبر ۳۰ سورۃ والشمس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ۝ وَالْقَمَرِ اِذَا تَلٰىهَا ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ۝ وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰىهَا ۝ وَالسَّمَآءِ وَمَا بَنٰىهَا ۝ وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝ وَقَدْ خَابَ مَنْ دَسّٰىهَا ۝ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِطَغْوٰىهَاۤ ۝ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقْیٰهَا ۝ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۝ فَدَمْدَمَ عَلَیْهِمْ رَبُّهُمْ بِذَنْۢبِهِمْ فَسَوّٰىهَا ۝ وَلَا یَخَافُ عُقْبٰهَا ۝

(٢) سورۃ الیل سات مرتبہ (٧ دفعہ)۔ سورۃ اللیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالَّیْلِ اِذَا یَغْشٰی ۝ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۝ وَمَا خَلَقَ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰٓی ۝ اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی ۝ فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی ۝ وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی ۝ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْیُسْرٰی ۝ وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی ۝ وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی ۝ فَسَنُیَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰی ۝ وَمَا یُغْنِیْ عَنْهُ مَالُهٗٓ اِذَا تَرَدّٰی ۝ اِنَّ عَلَیْنَا لَلْهُدٰی ۝ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰی ۝ فَاَنْذَرْتُکُمْ نَارًا تَلَظّٰی ۝ لَا یَصْلٰهَآ اِلَّا الْاَشْقَی ۝ الَّذِیْ کَذَّبَ وَتَوَلّٰی ۝ وَسَیُجَنَّبُهَا الْاَتْقَی ۝ الَّذِیْ یُؤْتِیْ مَالَهٗ یَتَزَکّٰی ۝ وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓی ۝ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰی ۝ وَلَسَوْفَ یَرْضٰی ۝

(٣) سورۃ اخلاص سات مرتبہ (سات دفعہ) پارہ ٣٠

سورۃ الاخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

(٤) سورۃ التین سات مرتبہ (٧ دفعہ)

سورۃ التین یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ ۝ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

فَلَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا یُکَذِّبُکَ بَعْدُ بِالدِّیْنِ ۝ اَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَحْکَمِ الْحٰکِمِیْنَ ۝

مندرجہ بالا سب سورتیں پڑھنے کے بعد عاجزی سے کہے:

• اے میرے اللہ! مجھے میرے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے اس حال میں کشادگی فرما دے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے۔

انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہوجائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کرکے سوئے اگر مطلب حاصل ہوجائے ٹھیک ہے ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے۔ ساتویں رات تک انشاء اللہ تعالیٰ حل کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

(٣)

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر عشاء کی نماز کے بعد سب کاموں سے فارغ ہوکر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ معہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (پوری سورت پارہ ٣٠) ستر مرتبہ پڑھے:

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۝ الَّذِیْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَکَ ۝ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۝

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالے نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلّہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَــــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ:

"فلاں کام میں جو ہونے والا ہے، وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے۔"

اس کے بعد درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

انشاء اللہ تعالیٰ تینوں راتوں میں سے کسی ایک رات میں مقصد حاصل ہو جائے گا۔

(۴)

پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر باوضو اس نقش کو لکھ کر (اگر لکھنا نہ جانتا ہو تو کسی پڑھے لکھے آدمی سے لکھوالے۔ نقش لکھنے والا باوضو ہو) سر کے نیچے رکھ کر سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں ہر بات کا جواب ملے گا۔

۷۸۶

۸	۱۱	۸۸۳	۱
۸۸۲	۲	۷	۱۲
۳	۸۸۵	۹	۶
۱۰	۵	۴	۸۸۴

حصار کی ترکیب

بڑا اہم چلہ کرتے وقت یا جنات کے علاج کے وقت حصار کرنا ضروری ہے۔ حصار کی آسان ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں حسب ذیل ترتیب سے پڑھیں:

(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک دفعہ (پارہ ۳)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

(۲) سورۃ کافرون (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ۔ (پارہ ۳۰)

سورۃ کافرون یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۭ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

(۳) سورۃ اخلاص (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

(۴) سورۃ فلق (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰) سورۃ فلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ

(۵) سورۃ الناس (بسم اللہ کے ساتھ) ایک دفعہ (پارہ ۳۰)

سورۃ ناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔

حاضرات

اگر کوئی بات کی بابت معلوم کرنا ہو، چور کی بابت، گمشدہ کی بابت یا کوئی امر ایسا ضروری ہے جس کی بابت معلوم کرنا ہے تو ایک نابالغ لڑکا برائی سے پاک ہو۔ اُس کے ساتھ کسی نے بدفعلی نہ کی ہو ورنہ نظر نہیں آئے گا۔ اُس کے ناخن پر کسی بھی قسم کا تیل لگا کر سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے جب پہلے مبین تک پڑھے تو لڑکے کے ناخن پر دم کرے۔ لڑکے کو جو کہو گے وہی نظر آئے گا۔ چاہیئے کہ ہر سوال پر ایک مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر انگوٹھے اور بچے پر دم کرتا جائے۔ اگر پہلی مرتبہ پڑھنے کے نظر نہ آئے تو دوبارہ سورۃ یٰسین شریف پہلے مبین تک پڑھے اور انگوٹھے پر دم کرے اور بچے سے پوچھے کہ کوئی آدمی نظر آیا اگر نظر آجائے تو اس سے سوال کرے اور اگر نظر نہ آئے تو پھر سورۃ یٰسین شریف پہلے مبین تک پڑھ کر بچے کے انگوٹھے پر دم کرے اور اس سے دریافت کرے کہ کچھ نظر آیا اگر کوئی آدمی نظر آجائے تو ایک مرتبہ سورۃ اخلاص

پڑھ کر اس کے انگوٹھے اور اس پر دم کر کے سوال کرے۔ قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۚ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ

جب ایک سوال کا جواب مل جائے تو پھر دوسرے سوال کرے اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝

سورۂ اخلاص ایک مرتبہ پڑھ کر اس کے انگوٹھے پر دم کرکے سورۂ اخلاص یہ ہے۔

دوسرا سوال کرے لڑکا اس کا جواب بتاتا رہے گا۔ اسی طرح قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ

کرتا رہے تمام سوالوں کا جواب ملے گا وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۂ یٰسین پہلے مبین تک یہ ہے **تنبیہ**: سات آٹھ سال کے لڑکے کو نہلا کر پاک د

يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ اِنَّكَ لَمِنَ صاف کپڑے پہنا کر پاک مصلے پر بٹھلائے۔

الْمُرْسَلِيْنَ ۝ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ

آسان حاضرات

الرَّحِيْمِ ۝ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ چینی کے سفید پیالے میں پانی بھر کر رکھے اور ایک سات

فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ۝ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ آٹھ سال کا برائی سے پاک بچہ معصوم بے گناہ لے کر اسے

لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا غسل دلوائے اور پاک صاف کپڑے پہنا کر پاک صاف

فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ وَجَعَلْنَا مِنْ جگہ مصلے پر بٹھائے اور تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے

بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ بعد سات مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر بچے اور پیالے پر دم کرے

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اور یہی سورت برابر پڑھتا رہے اور بچہ پر اور پیالے پر دم

اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ کرتا رہے۔ بیمار، یا بیمار بچے پر جو کچھ آسیب وغیرہ ہوگا دیکھنے

الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ والے بچہ کو پیالہ میں نظر آئے گا۔ اس سے پتہ چلے گا کہ بیمار

وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا مرونے والا بچہ، ضدی بچہ کیوں ان پریشانیوں میں مبتلا

ہے اس کی صحت قائم نہیں رہتی، دبلا ہوتا جاتا ہے،
اس سے عامل کو علاج میں آسانی ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

سورۂ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ
جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

حاضرات کا عمل

پندرہ کا نقش باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر
اس سے بعد نمازِ فجر گیارہ عدد لکھے اور اس کے بعد ان
کو الگ الگ لپیٹ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا، سمندر، نہر
تالاب میں ڈال دے۔ یہ عمل پندرہ دن تک کرے۔ اب

زکوٰۃ ادا ہوگئی۔ اب روزانہ ایک نقش بعد نمازِ فجر باوضو
لکھتا رہا کرے اور ایک ہفتے کے نقش آٹے میں گولی بنا کر
دریا، سمندر، نہر یا تالاب میں ڈال دیا کرے تاکہ عمل
قابو میں رہے۔ اگر ایک دن ناغہ ہوجائے تو دوسرے دن
دو لکھے اور دوسرے دن بھی ناغہ ہوجائے تو تیسرے دن تین
لکھے اگر تیسرے دن بھی ناغہ ہوجائے تو عمل ٹوٹ گیا دوبارہ
اسی ترکیب سے کرے۔

جب حاضرات کرنی ہو ایک سات آٹھ سال کے
ایسے بچے کو جس کے ساتھ اغلام نہ ہوا ہو اور برائی سے پاک
ہو اس کو نہلا کر پاک صاف کپڑے پہنا کر خوشبو اس کے
چاروں طرف چھڑکے اور پاک جگہ اور پاک مصلے پر بٹھا دے
اور یہ تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے
لکھے۔ بہتر یہ ہے کہ صبح بعد نمازِ فجر ہی لکھ کر رکھ لے۔ جب
بچہ مصلے پر بیٹھ جائے تو نقش کو اس لڑکے کی گردن پر کرتے
پر پن سے اٹکا دے اور اس کے انگوٹھے کے ناخن پر چھوٹی
انگلی سے پانی کی بوند ٹپکا دے اور اس لڑکے سے کہے کہ

اس میں دیکھے لڑکے کو سب نظر آئے گا اور اسی دوران اس سے سوالات کرے۔ جوابات ملیں گے۔ نقش پندرہ یہ ہے۔

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

تنبیہ: حاضرات کو ضرورت کے وقت کرے اس کو کھیل نہ بنالے ورنہ بعض مرتبہ کسی غلطی پر موکل مارتے بھی ہیں لہٰذا عامل کو احتیاط کے ساتھ کرنا چاہئے

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت

اگر کوئی شخص دل میں تڑپ رکھتا ہے کہ وہ اپنے پیارے رسول خاتم الانبیاء، حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرے تو اس کے لئے نہا کر پاک کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر جمعرات کے دن عشاء کی نماز پڑھ کر (یہ شبِ جمعہ ہے) سونے سے پہلے باوضو، دو رکعت نماز نفل حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی نیت سے پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آیۃ الکرسی ایک مرتبہ

اور سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے۔ بعد سلام کے یہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

پڑھتا رہے اور اسی کو پڑھتے پڑھتے پاک جگہ (یا چارپائی، بیڈ، مسہری یا زمین) پر پاک بستر پر قبلہ کی طرف کروٹ لے کر منہ قبلہ کی طرف کرے سر شمال کی طرف اور پاؤں جنوب کی طرف کر کے سو رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور خواب میں زیارتِ رسول پاک سے مشرف ہوگا۔ آیۃ الکرسی یہ ہے:

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

سورۂ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

بحری سفر سلامتی کے ساتھ

اگر کوئی شخص سمندر یا دریا میں سفر کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اس کا سفر بخیر و خوبی انجام پائے دورانِ سفر کوئی حادثہ پیش نہ آجائے تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے بعد نمازِ فجر اس نقشِ مربع کو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں پہن لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت ہے تو گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے طوفان اور حادثہ سے سفر محفوظ رہے گا۔

وہ نقش مربع یہ ہے:

٨	٣٠	٣٣	١
٣٢	٢	٧	٣١
٣	٣٥	٢٨	٦
٢٩	٥	٤	٣٤

ہر مشکل آسان اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کوئی مشکل پیش آجائے یا کوئی ایسا مقصد

سامنے آگیا ہو جس میں کامیابی ضروری ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے قبلہ کی طرف منہ کر کے لکھے اور موم جامہ کر کے اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے ورنہ اگر گلے میں ڈالنا چاہے تو گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ وہ نقش معظم یہ ہے

٥٣٩١٣	٥٣٩١٦	٥٣٩١٩	٥٣٩٠٥
٥٣٩١٨	٥٣٩٠٦	٥٣٩١٢	٥٣٩١٧
٥٣٩٠٧	٥٣٩٢١	٥٣٩١٤	٥٣٩١١
٥٣٩١٥	٥٣٩١٠	٥٣٩٠٨	٥٣٩٢٠

ہر قسم کی پریشانی سے نجات اور ہر مقصد میں کامیابی

اگر کسی قسم کی پریشانی نے گھیر لیا ہو یا کوئی مقصد پورا ہوتا نظر نہیں آتا تو اس کے لئے ایک وقت مقرر کر کے باوضو روز ایک سو (١٠٠) بار یہ کلمات پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ

جلد ہی ہر قسم کی پریشانی دور ہو گی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو گی۔ شرط عمل اور عمل کی پابندی اور تعداد کے مطابق پڑھنا ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں

يَا خَفِيَّ الْاَلْطَافِ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ

بخار یا ہر قسم کے مرض سے صحت کے لئے

اگر کسی شخص کو بخار آتا ہو یا اور کوئی مرض ہو تو اس سے صحت حاصل کرنے کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سات تعویذ پینے کے لئے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے لکھے اور پینے والے تعویذ میں سے روزانہ باوضو ایک تعویذ پانی میں گھول کر مریض کو پلا دے پینے والے مریض کا تعویذ پیتے وقت باوضو ہونا ضروری نہیں ہے۔ اور گلے میں باندھنے والے تعویذ کو موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ ہمیشہ گلے میں پڑا رہے صحت مند رہے گا اور بیماریوں سے محفوظ رہے گا۔

پینے والا تعویذ یہ ہے۔

اگلے صفحہ پر

۷۸۶

یا جامع یا جامع یا جامع
یا عفور یا غفور یا عمور

گلے میں باندھنے والا تعویذ یہ ہے

۷۸۶

سَلَامٌ عَلَيْكُمْ	بِمَا صَبَرْتُمْ	فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ
يَا جَامِعُ	يا جامع	يا جامع
يَا عَمُوْدُ	يَا غَفُوْرُ	يَا عَفُوْدُ

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے

ہر قسم کی حاجت پورا ہونے کے لئے یہ کلمات بہت مؤثر اور سریع التاثیر ہیں۔ ان کلمات کو باوضو ایک سو بار روزانہ وقتِ مقررہ پر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ چند دن پڑھنے کے بعد حاجت پوری ہو گی۔ اگر حاجت چند دن میں پوری نہ ہو تو چالیس دن یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ يَا دَائِمُ يَا قَدِيْمُ يَا مُنْعِمُ يَا رَحِيْمُ يَا عَلِيْمُ يَا مُعَقِّلُ يَا كَرِيْمُ يَا جَوَّادُ يَا قُدُّوْسُ يَا حَلِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

ضرورت وحاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت یا ضرورت پیش آگئی اس کو پورا کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

بعد نماز عشاء، پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد ایک سَو بار یہ آیت پڑھے

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۔

اس کے بعد سَو بار لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کرے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے اگرچہ چالیس دن سے پہلے ہی کام ہو جائے لیکن عمل اکتالیس دن پورا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

بچہ جو دودھ نہ پیئے

اگر کوئی بچہ ماں کا دودھ پینے میں غصہ کرتا ہے۔ پستان کو منہ نہیں لگاتا یا ادھر پستان منہ میں دیا اس نے ہٹا کر چیخنا چلانا شروع کر دیا۔ ایسی صورت میں باوضو اس تعویذ کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یا کالی کچی روشنائی سے لکھیں اور دریا، کنویں، چشمے، نہر یا جھیل کے پانی میں گھول کر بچے کو پلائیں۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:

١۔ صبح سورج نکلنے کے بعد دودھ پلانے سے قبل۔

٢۔ دوپہر گیارہ بجے ٣۔ بعد نماز عصر ٤۔ بعد نماز عشاء

ایک تعویذ روزانہ پلانا ہے۔ جب بچہ بخوشی ماں کا دودھ پینے لگ جائے تو تعویذ پلانا بند کر دیں۔ لکھتے وقت اس بات کا خیال رکھیں کہ ق۔ و۔ م کے سروں میں سوراخ ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے

٧٨٦

یا قیوم یا قیوم یا قیوم
یا قیوم یا قیوم یا قیوم

نظرِ بد کے واسطے

اگر بچے یا بڑے کو اکثر نظر لگ جاتی ہو جس کے سبب

کھانا پینا بند، طبیعت نڈھال، مزاج چڑچڑا، غصہ بات بات
پر آنا۔ بچہ ہے تو مچلتا ہے، ضد کرتا ہے۔ کچھ کھاتا پیتا نہیں
ہے، زمیں پر لوٹتا ہے۔ اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں
زعفران گھول کر اس سے یہ تعویذ لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں
ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑا ہو یا بچہ، نظرِ بد کے اثرات سے محفوظ
ہوجائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

۷۸۶

یَا مُمِیْتُ	
یَا مُمِیْتُ	یَا مُمِیْتُ
یَا مُمِیْتُ	یَا مُمِیْتُ

ڈاڑھ کا درد

اگر کسی کی ڈاڑھ یا اس کے دانت میں شدید تکلیف
اور درد ہو کسی کل چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے باوضو تین
تعویذ لکھے اور درد والی ڈاڑھ یا درد والے دانت کے نیچے
پانچ دس منٹ رکھے۔ اس کے بعد اس کاغذ کو نکل جانے
اسی طرح دوسرا پھر تیسرا تعویذ دانت یا ڈاڑھ کے نیچے دبائے
انشاء اللہ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے:

موسیٰ کامیاب شود فرعون غرق شود

درد سر کے لئے

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا درد سر کی وجہ سے سر
بھاری رہتا ہو اور کوئی کام کرنے کی صلاحیت نہ رہتی ہو تو
اس کے لئے ماہِ رمضان شریف کی ستائیسویں تاریخ کو
جس قدر تعداد میں تعویذ لکھ سکے لکھ کر رکھ لے۔ یہ تعویذ عرقِ
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ جس کے سر میں درد
رہتا ہو وہ شخص موم جامہ کر کے باندھ لے یا ٹوپی میں ٹانک
لے۔ عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر کا
درد ختم ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ
بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ۭ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ
مُّعْرِضُوْنَ ۝

ناجائز محبت چھڑانا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی ناجائز محبت میں گرفتار ہوں یا
محبت کے پردے میں کوئی شخص کسی کے مال و اسباب اور دولت
پر ہاتھ صاف کرنا چاہتا ہے۔ یا غلط راستے پر لگانے کی کوشش
کرتا ہے ایسے بداطوار اور لالچی لوگوں سے بچانے کے لئے یہ عمل
بہت مجرب ہے۔ باوضو سات پرانی قبروں کی مٹی لے کر یکجا

کرے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں دو سو اکیس ۲۲۱ مرتبہ یہ آیت پڑھے اور اس مٹی پر دم کرے اور آدھی آدھی مٹی دونوں کے گھروں میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ ناجائز محبت ختم ہوگی اور غیر مفید تعلقات ختم ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۝

درود شریف یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

مکان سے جنات، آسیب، بھوت پریت بھگانا

اگر کسی مکان میں جنات شرارت کریں، مردوں عورتوں کو لٹائیں یا گھر والوں کو ڈرائیں یا کسی قسم کا نقصان پہنچائیں یا کپڑے وغیرہ میں آگ لگا دیں تو ایسے جنات کو گھر سے نکالنے کا یہ عمل بہت مجرب ہے۔

سب سے پہلے وضو کرے، کپڑے، بدن، جگہ سب

پاک ہوں۔ وہاں قبلہ رخ بیٹھ کر پہلے سورۃ اخلاص تین بار پڑھے اس کے بعد معوذتین، تین تین بار پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر دم کر کے سر سے لے کر پاؤں تک بلکہ پاؤں کے تلووں سمیت سارے بدن پر پھیر لے۔

سورۃ اخلاص یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ (تین بار)

معوذتین یہ ہیں (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو معوذتین کہتے ہیں)

سورۃ الفلق یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ (تین بار)

سورۃ الناس یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ

النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ (تین بار)

یہ تینوں سورتیں تین۔ تین بار پڑھ کر عامل اپنے بدن پر دم کرے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ سات بار پڑھے۔ سورۃ البقرہ ابتداء مفلحون تک سات بار، آیۃ الکرسی سات بار اور سورۃ البقرہ از آخر اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک سات بار اور سورہ مومنون کا آخر اَفَحَسِبْتُمْ تا آخر سات بار اور سورۂ حشر آخر کا حصہ از ھُوَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ سے آخر سورۃ تک سات بار اور سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ سات بار اور سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ سات بار اَیُّھَا الْجَانُّ الْمَارِدُ اُخْرُجْ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ یہ عمل روزانہ سات دن کرے۔ سب گھر والے یہ پانی دن میں چار مرتبہ پئیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے پہلے ۲۔ دن کے گیارہ بجے ۳۔ بعد نماز عصر ۴۔ رات کو سوتے وقت۔ اور تمام مکان میں چار وقت یہ پانی ہر ہر کونے میں چھڑکے۔ غسل خانہ اور پاخانہ میں نہ چھڑکے باقی اسٹور، باورچی خانہ سب میں چھڑکے۔ چھڑکنے کے اوقات یہ ہیں: ۱۔ صبح سات بجے۔ ۲۔ دن کے گیارہ بجے

۳۔ بعد نماز عصر ۴۔ بعد نماز عشاء۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات گھر چھوڑ کر بھاگ جائیں گے۔ گھر میں سکون پیدا ہو جائے گا۔

مندرجہ بالا تعویذ لکھ کر مکان کے ہر ہر کونے میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ جنات پھر اس گھر میں نہیں آئیں گے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝ (سات بار)

سورۃ البقرہ از ابتداء تا ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الٓمّٓ ۝ ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝ الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَمِمَّا رَزَقْنٰھُمْ یُنْفِقُوْنَ ۝ وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَۃِ ھُمْ یُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِکَ عَلٰی ھُدًی مِّنْ

رَبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ (سات بار)

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ
سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ
اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝ (سات بار)

سورۃ البقرہ کا آخری حصہ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے ختم سورۃ
تک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ
وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ
وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا
سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝
لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ
وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ

اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ
لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟ اَنْتَ مَوْلٰىنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝ (سات بار)

سورۃ المومنون کا اَفَحَسِبْتُمْ سے آخر سورۃ تک
کا حصہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا
لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ
اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ
رَبِّهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ
وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ (سات بار)

سورہ الحشر کا هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
سے آخر تک یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ہ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ہ

(سات بار)

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہ (سات بار)

اَيُّهَا الْجَآنُّ الْمَارِدُ اُخْرُجْ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ (سات بار)

گھر میں دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر یہ تعویذ باوضو لکھ کر لگا دے انشاء اللہ تعالیٰ جنات اس گھر میں دوبارہ نہ آئیں گے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔ یہ تعویذ کالی کچی روشنائی سے لکھے۔ یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر لکھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ہ وَكَانَ فِى الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ط سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہ اَيُّهَا الْجَآنُّ الْمَارِدُ اُخْرُجْ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ۔

آسیب و جن سے حفاظت

اگر کسی بڑے یا بچے کو آسیب یا جن ڈراتے ہوں، یا سونے نہ دیتے ہوں یا بار بار نیند میں جھٹکا دے کر اٹھا دیتے ہوں یا اسے غصہ دلا کر لوگوں سے لڑوا دیتے ہوں یا ویسے ہی رات کے اندھیرے میں ڈر لگتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے چمڑے میں سلوا لے یا چاندی کے تعویذ میں بند کر کے آسیب زدہ بچے یا بڑے کے گلے میں ڈال دے۔ یہ نقش معوّذتین کا ہے۔ انشاء اللہ جنات، آسیب، بھوت، پریت قریب نہ آئیں گے اور آدمی یا بچہ ان کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸٦

٣٦٨٩	٣٦٩٢	٣٦٩٥	٣٦٨٢
٣٦٩٤	٣٦٨٣	٣٦٨٨	٣٦٩٣
٣٦٨٤	٣٦٩٧	٣٦٩٠	٣٦٨٧
٣٦٩١	٣٦٨٦	٣٦٨٥	٣٦٩٦

بحقِ این نقش معظم از ہر قسم آسیب و جن، بھوت، پریت دفع شوند و نظرِ بد و ہر مرض در وجود باشد موقوف شود و صحت کلی حاصل شود

برائے مرگی

مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس

سے ایک سفید کاغذ پر لکھیں اور لپیٹ کر تانبے کے بنے ہوئے
تعویذ میں ڈال کر موم سے اس تعویذ کا منہ بند کر دیں اور مریض
کے گلے میں ڈال دیں اور انہی کلمات کو باوضو سات بار پڑھ کر
بائیں کان میں دم کر دیں۔ وہ کلمات یہ ہیں :
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ الٓمٓصٓ ۔ طٰسٓمٓ ۔
كٓهٰيٰعٓصٓ ۔ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۝ حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۔
نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ۝

برائے مکھن کی زیادتی

اگر کوئی عورت چاہتی ہے کہ اس کی دہی سے زیادہ سے
زیادہ مکھن حاصل ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ باوضو
عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھا جائے۔ اگر عورت
خود لکھنا نہ جانتی ہو تو کسی سے لکھوا لے اور جہاں چھاچھ بلونے کی
ہنڈیا (مدھانی) میں موم جامہ کر کے باندھ دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ زیادہ سے زیادہ مکھن حاصل ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے :

<table>
<tr><td></td><td>يَا بَاسِطُ</td><td></td></tr>
<tr><td>يَا بَاسِطُ</td><td>يَا اَللّٰهُ</td><td>يَا بَاسِطُ</td></tr>
<tr><td></td><td>يَا بَاسِطُ</td><td></td></tr>
</table>

دیمک سے حفاظت

اگر کوئی شخص دیمک سے پریشان ہو اور دیمک مکان کی
چھت کی لکڑیوں کو کھا کر ختم کر رہی ہوں یا دروازے اور کھڑکیاں
اور ان کی چوکھٹ کھا کر مٹی بنا رہی ہوں ایسی صورت میں یہ تعویذ
بہت مجرب اور کارآمد ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم اور اس تعویذ کی
برکت سے وہ گھر محفوظ ہو جائے گا۔ اس تعویذ کو باوضو عرقِ
گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور ایک چھوٹی مٹی کی
ہانڈی جو کوری ہو، جس کو بھٹے سے نکلنے کے بعد دھویا نہ گیا
ہو اس میں یہ تعویذ لپیٹ کر رکھ دیں اور چھت میں لٹکا دیں
اس طرح کہ ہانڈی کا منہ کھلا ہوا اس پر کوئی ڈھکن نہ ہو۔
وہ تعویذ یہ ہے :
اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ يَا لَطِيْفُ لَمْ
يَزَلِ اللُّطْفُ بِنَا فِيْمَا نَزَلَ نَجِّنَا مِمَّا نَخَافُ عَنْ قَهْرِكَ
يَوْمَ الْخَلَلِ ط اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ
لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِيْ

الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ
مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ
مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝
یَا کح کح، یا کح کح، یا کح کح، یا کح کح، یا کح کح،
یا کح کح، یا کح کح

قرآن پاک کا حافظ بننے کے لئے

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ حافظِ قرآن بن جائے اور اس سلسلے میں اس کو زیادہ دشواری اور مشکل پیش نہ آئے تو اس کے لئے بعد نمازِ عشاء سونے سے پہلے روزانہ رات کو ایک سو بار سورۂ فاتحہ مکمل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی حافظِ قرآن بن جائے گا۔

اسی طرح اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی اولاد حافظِ قرآن بن جائے اور اسے قرآن پاک یاد کرنے میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے تو وہ شخص روزانہ بعد نمازِ عشاء ایک سو بار سورۂ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سب بچے

آسانی کے ساتھ حافظِ قرآن بن جائیں گے۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَیْهِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

ہر مرض اور ہر حاجت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور اس کی بیماری پیچیدہ اور لاعلاج ہو یا اس کی کوئی حاجت ہو جس کا پورا ہونا ضروری ہو تو وہ شخص روزانہ بعد نمازِ فجر سورہ فاتحہ مکمل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ کے ساتھ ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ پڑھا کرے۔ مریض خود پڑھے تو پانی پر دم کر کے وہ پانی چار وقت پیئے (۱) صبح ناشتہ سے قبل (۲) گیارہ بجے دن (۳) بعد نمازِ عصر (۴) بعد نمازِ عشاء۔

اسی طرح سورۂ فاتحہ جو ایک سو پچیس مرتبہ پڑھی ہے پانی پر دم کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ہتھیلیوں پر بھی دم کرے اور دونوں ہاتھ سر سے پاؤں کے تلوے تک تمام بدن پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحتیاب ہوگا۔ مرض سے نجات

ملے گی۔ سورۂ فاتحہ ایک سو پچیس مرتبہ ہر مقصد میں کامیابی کے لئے اور ہر حاجت کے پورا ہونے کے لئے بھی اکسیر ہے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

کسی مرد کی قوتِ مردمی کھولنا

بعض مرتبہ دشمنی سے یا کسی خاص مقصد سے کسی بھی مرد کی قوتِ مردمی باندھ دی جاتی ہے جس سے صلاحیت مردمی ختم ہو جاتی ہے اور بیوی کے قابل نہیں رہتا۔ اس کے لئے زعفران کو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے یہ طلسم باوضو قبلہ رُخ ہو کر کم از کم گیارہ عدد لکھے۔ دس عدد میں سے ایک عدد روزانہ نہار منہ بعد نمازِ فجر پانی میں گھول کر پی لیا کرے اور گیارہواں تعویذ موم جامہ کر کے کالے چمڑے کے ٹکڑے میں سلوا کر گلے

میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ هم م ماهه عمعر له

له اا هج ملح ملح هاهاها ماهه ملا م ه

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَفَتْحٌ فَتَحْنَا اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ○

اگر کسی کام کے سلسلے میں سخت مزاج سے واسطہ پڑ جائے

اگر کوئی کام ایسا ہو جس کے لئے سخت مزاج افسر کے سامنے پیش ہونا ہو اور ڈر ہو کہ اگر اس نے انکار کر دیا تو پھر کام رُکا رہے گا۔ لہٰذا اس کے سامنے پیش ہونے سے پہلے غسل کرے، پاک کپڑے پہنے اور باوضو حالت میں بسم اللہ کے ساتھ یہ آیت سات مرتبہ پڑھے اور اپنے سینہ پر دم کر لے اور راستہ میں بھی یہ آیت پڑھتا جائے اور کسی سے

بات نہ کرے۔ ضروری بات کرسکتا ہے۔ فالتو بات سے
بالکل پرہیز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ سخت مزاج افسر بڑے
اچھے اخلاق سے پیش آئے گا اور کام کردے گا۔

وہ آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ
حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ ط مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ مِّنَ
اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ط

ناجائز مقدمہ سے حفاظت

اگر کسی ظالم نے کسی پر ناجائز مقدمہ کردیا ہو یا پریشان
کرنے کے لئے نئے نئے طریقے اختیار کرتا ہو تو اس سے
حفاظت کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس
سے یہ تعویذ لکھے اور باوضو موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں
سلوا کر گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ اگر
عورت ہے تو گلے میں ڈال لے یا بائیں بازو پر باندھ لے۔

وہ تعویذ یہ ہے:

ن

يَا لَطِيْفًا فَوْقَ كُلِّ لَطِيْفٍ اُلْطُفْ بِيْ فِيْ اُمُوْرِيْ كُلِّهَا

كَمَا اُحِبُّ وَتَرْضٰى۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ
الْعَظِيْمِ ٥

شہر یا بستی میں اچانک وبا پھوٹ پڑے

اگر کسی شہر یا بستی میں اچانک کوئی وبا پھوٹ پڑے اور گھر
گھر پھیل جائے جس سے اموات کی کثرت ہوجائے۔ مثلاً
خدانہ کرے کسی بستی میں طاعون، ہیضہ، انفلوئنزا، یا جانوروں
میں بیماری پھیل جائے جس سے گائے، بھینس، بکری مرنے
لگیں یا برڈ فلو پرندوں کی بیماری عام ہوجائے جس سے مرغیاں
اور پرندے مرنے لگیں یا سمندر اور دریا میں بیماری پھیل جائے
جس سے سمندری یا دریائی مخلوق مرنے لگے تو اس کے لئے
۱۲۔ سُوْرَۃ یوسف۔ لَقَدْ كَانَ فِىْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِى
الْاَلْبَابِ ۭ مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ
الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَىْءٍ وَّهُدًى
وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝

۱۳۔ سُوْرَۃ الرَّعد۔ وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ مُرْسَلًا ۭ
قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ۢ بَيْنِىْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ
عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ ۝

۱۴۔ سُوْرَۃ ابراہیم۔ هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ

يَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا
لْبَابِ ۝

سُوْرَۃ الْحِجْر۔ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝

سُوْرَۃ النَّحْل۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا
ذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

سُوْرَۃ بَنِىْ اِسْرَآئِيْل۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ
يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۝

سُوْرَۃ الکہف۔ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ
ىٰٓ اِلَىَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ
جُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا
كْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝

سُوْرَۃ مَرْيَم۔ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ۭ
لْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ۝

سُوْرَۃ طٰہٰ۔ قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ
عْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَمَنِ اهْتَدٰى ۝

سُوْرَۃ الْاَنْبِيَاء۔ قٰلَ رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ۭ وَرَبُّنَا
حْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝

۲۲۔ سورۃ الحج۔ وَجَاهِدُوا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ
هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ
مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ
مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ
وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۖۚ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ
فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۝

۲۳۔ سورۃ المؤمنون۔ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ
وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

۲۴۔ سورۃ النور۔ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ
فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

۲۵۔ سورۃ الفرقان۔ قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا
دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ۝

۲۶۔ سورۃ الشعراء۔ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ
وَسَيَعْلَمُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ يَّنْقَلِبُوْنَ ۝

۲۷۔ سورۃ النمل۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝

۲۸۔ سورۃ القصص۔ وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۟ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ
لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝

۲۹۔ سورۃ العنکبوت۔ وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ
سُبُلَنَا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

۳۰۔ سورۃ الروم۔ فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلَا
يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ لَا يُوْقِنُوْنَ ۝

۳۱۔ سورۃ لقمان۔ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ
وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ ؕ وَمَا
تَدْرِيْ نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا ؕ وَمَا تَدْرِيْ
نَفْسٌ بِاَيِّ اَرْضٍ تَمُوْتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ۝

۳۲۔ سورۃ السجدۃ۔ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ
مُّنْتَظِرُوْنَ ۝

۳۳۔ سورۃ الاحزاب۔ لِيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝

۳۴۔ سورۃ سبا۔ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ

كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ط اِنَّهُمْ
فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ۝ ع

۳۵۔ سورۃ فاطر۔ وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّ
بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَ
وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ج فَاِذَا
اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ۝

۳۶۔ سورۃ یٰس۔ فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُ
كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ ع

۳۷۔ سورۃ الصّٰفّٰت۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَ

۳۸۔ سورۃ ص۔ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝ ع

۳۹۔ سورۃ الزمر۔ وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ
الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ ج وَقُضِيَ بَيْنَ
بِالْحَقِّ وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ ع

۴۰۔ سورۃ المؤمن۔ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ اِيْمَانُ
لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ط سُنَّتَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ
عِبَادِهٖ ج وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ۝ ع

۴۱۔ حٰمٓ السجدۃ۔ اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ
لِّقَآءِ رَبِّهِمْ ط اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ مُّحِيْطٌ

۴۲۔ سورۃ الشوریٰ۔ صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝ ع

۴۳۔ سورۃ الزخرف۔ فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ط
فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ ع

۴۴۔ سورۃ الدخان۔ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ۝ ع

۴۵۔ سورۃ الجاثیۃ۔ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ص
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ ع

۴۶۔ سورۃ الاحقاف۔ فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ
مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ط كَاَنَّهُمْ يَوْمَ
يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ط
بَلٰغٌ ج فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ الْفٰسِقُوْنَ ۝ ع

۴۷۔ سورۃ محمد۔ هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ج فَمِنْكُمْ مَّنْ يَّبْخَلُ ج وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا
يَبْخَلُ عَنْ نَّفْسِهٖ ط وَاللّٰهُ الْغَنِيُّ وَاَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ ج
وَاِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ لا ثُمَّ لَا
يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ ۝ ع

۴۸۔ سورۃ الفتح۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ
اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا

سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ
سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ
مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ۚۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ۚ
كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْاَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى
عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ
مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

۴۹- سُوْرَۃ الحجرات - اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ ۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

۵۰- سُوْرَۃ قٓ - نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ
عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۫ فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ۝

۵۱- سُوْرَۃ الذّٰرِيٰت - فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ۝

۵۲- سُوْرَۃ الطُّوْر - وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ۝

۵۳- سُوْرَۃ النجم - فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ۝ السجدة

۵۴- سُوْرَۃ القمر - فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ
مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝

۵۵- سُوْرَۃ الرحمٰن - تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ
وَالْاِكْرَامِ ۝

۵۶- سُوْرَۃ الواقعۃ - فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝

۵۷- سُوْرَۃ الحدید - لِئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ
اَلَّا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاَنَّ
الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ
ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

۵۸- سُوْرَۃ المجادلۃ - لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَ
رَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ
اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ
قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَ
يُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ
اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ ۝

۵۹- سُوْرَۃ الحشر - هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ
الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

۶۰- سُوْرَۃ الممتحنۃ - يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا

قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ
كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ۝

٦١ - سُوْرَةُ الصَّفِّ - يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْۤا
اَنْصَارَ اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ لِلْحَوَارِيّٖنَ
مَنْ اَنْصَارِيْۤ اِلَى اللّٰهِ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ
اَنْصَارُ اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآىِٕفَةٌ مِّنْ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ
وَكَفَرَتْ طَّآىِٕفَةٌ فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى
عَدُوِّهِمْ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ۝

٦٢ - سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ - وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا
انْفَضُّوْۤا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَآىِٕمًا قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ
خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ التِّجَارَةِ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ

٦٣ - سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ - وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا
اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا وَاللّٰهُ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝

٦٤ - سُوْرَةُ التَّغَابُنِ - عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

٦٥ - سُوْرَةُ الطَّلَاقِ - اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ
سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ
بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّ

اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝

٦٦ - سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ - وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْۤ
اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ
بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

٦٧ - سُوْرَةُ الْمُلْكِ - قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ
غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ۝

٦٨ - سُوْرَةُ الْقَلَمِ - وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ
اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝

٦٩ - سُوْرَةُ الْحَآقَّةِ - فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ۝

٧٠ - سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ - خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ
ذِلَّةٌ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ۝

٧١ - سُوْرَةُ نُوْحٍ - رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ
بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ
اِلَّا تَبَارًا ۝

٧٢ - سُوْرَةُ الْجِنِّ - لِيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ
رَبِّهِمْ وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ۝

٧٣ - سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ - اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ

اَدْنٰی مِنْ ثُلُثَیِ الَّیْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَطَآئِفَةٌ
مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّهَارَ ؕ
عَلِمَ اَنْ لَّنْ تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَیْكُمْ فَاقْرَءُوْا مَا تَیَسَّرَ
مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ سَیَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰی ۙ وَ
اٰخَرُوْنَ یَضْرِبُوْنَ فِی الْاَرْضِ یَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ
اللّٰهِ ۙ وَاٰخَرُوْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۖ فَاقْرَءُوْا
مَا تَیَسَّرَ مِنْهُ ۙ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَقْرِضُوا
اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ؕ وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَیْرٍ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَیْرًا وَّاَعْظَمَ اَجْرًا ؕ وَاسْتَغْفِرُوا
اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝ ع

۷۴ - سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ - وَمَا یَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ
هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝ ع

۷۵ - سُوْرَةُ الْقِیٰمَةِ - اَلَیْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ
یُّحْیِ الْمَوْتٰی ۝ ع

۷۶ - سُوْرَةُ الدَّهْرِ - یُدْخِلُ مَنْ یَّشَآءُ فِیْ رَحْمَتِهٖ ؕ
وَالظّٰلِمِیْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِیْمًا ۝ ع

۷۷ - سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ - فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۭ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ۝ ع

۷۸ - سُوْرَةُ النَّبَا - اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِیْبًا ۖ

یَّوْمَ یَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ یَدٰهُ وَیَقُوْلُ الْكٰفِرُ
یٰلَیْتَنِیْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝ ع

۷۹ - سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ - كَاَنَّهُمْ یَوْمَ یَرَوْنَهَا لَمْ
یَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِیَّةً اَوْ ضُحٰهَا ۝ ع

۸۰ - سُوْرَةُ عَبَسَ - اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ۝ ع

۸۱ - سُوْرَةُ التَّكْوِیْرِ - وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ
اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ ع

۸۲ - سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ - یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ
شَیْئًا ؕ وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۝ ع

۸۳ - سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِیْنَ - هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ۝ ع

۸۴ - سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاقِ - اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ ع

۸۵ - سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ - فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ ع

۸۶ - سُوْرَةُ الطَّارِقِ - فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ
رُوَیْدًا ۝ ع

۸۷ - سُوْرَةُ الْاَعْلٰی - صُحُفِ اِبْرٰهِیْمَ وَمُوْسٰی ۝ ع

۸۸ - سُوْرَةُ الْغَاشِیَةِ - ثُمَّ اِنَّ عَلَیْنَا حِسَابَهُمْ ۝ ع

۸۹ - سُوْرَةُ الْفَجْرِ - وَادْخُلِیْ جَنَّتِیْ ۝ ع

۹۰ - سُوْرَةُ الْبَلَدِ - عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ۝ ع

۹۱ - سُوْرَةُ الشَّمْسِ - وَلَا يَخَافُ عُقْبٰهَا ۝ ع

۹۲ - سُوْرَةُ الَّيْلِ - وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ۝ ع

۹۳ - سُوْرَةُ الضُّحٰى - وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝ ع

۹۴ - سُوْرَةُ الْاِنْشِرَاحِ - وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝ ع

۹۵ - سُوْرَةُ التِّيْنِ - اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝ ع

۹۶ - سُوْرَةُ الْعَلَقِ - كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ۝ السجدة ع

۹۷ - سُوْرَةُ الْقَدْرِ - سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝ ع

۹۸ - سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ - جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝ ع

۹۹ - سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ - وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ ع

۱۰۰ - سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ - اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝ ع

۱۰۱ - سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ - نَارٌ حَامِيَةٌ ۝ ع

۱۰۲ - سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ - ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝ ع

۱۰۳ - سُوْرَةُ الْعَصْرِ - وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝ ع

۱۰۴ - سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ - فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝ ع

۱۰۵ - سُوْرَةُ الْفِيْلِ - فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝ ع

۱۰ - سُوْرَةُ قُرَيْشٍ - الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝ ع

۱۰ - سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ - وَيَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝ ع

۱۰ - سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ - اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝ ع

۱۰ - سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ - لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝ ع

۱۱ - سُوْرَةُ النَّصْرِ - فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝ ع

۱۱ - سُوْرَةُ تَبَّتْ - فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ ۝ ع

۱۱ - سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ - وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ع

۱۱۱ - سُوْرَةُ الْفَلَقِ - وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝ ع

۱۱۱ - سُوْرَةُ النَّاسِ - مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝ ع

ہر مطلب پورا ہو ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

شیخ محی الدین ابن عربی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آجائے اور اس کا پورا ہونا ضروری ہو تو نماز مغرب پڑھ کر اسی جگہ بیٹھا رہے جس جگہ اس نے نماز پڑھی ہے۔ اول تین بار درود شریف پڑھے اور چالیس (۴۰) مرتبہ سورۃ فاتحہ میم سے ملا کر (یعنی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم کے میم کو اَلْحَمْد کے ل سے ملا کر پڑھے۔ اس طرح بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ) پڑھے اور آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس طرح دعا کرے

"اے اللہ، تیرا علم کافی ہے اس امر سے کہ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے میرا سوال پورا فرما۔ سورۃ فاتحہ کی حرمت سے مجھے عزت بخش اور میری مراد عطا فرما"

یہ تجربہ شدہ عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلب اور مقصد ضرور پورا ہوگا۔ عمل مسلسل مقصد یا حاجت پورا ہونے تک کرنا ہے عمل میں ناغہ نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس پر پورا پورا یقین رکھے کہ وہ رب رحمٰن و رحیم ضرور بضرور میری حاجت پوری کرے گا مجھے خالی ہاتھ نہ لوٹائے گا۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔

سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۵ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ جلد شادی ہو جائے لیکن شادی میں رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں کبھی رشتہ نہیں ملتا، رشتہ مل جاتا ہے تو رشتہ کے لئے وہ تیار نہیں ہوتے، کبھی رشتہ بھی ہے لیکن وسائل نہیں ہوتے کہ رشتہ کیا جائے

اسی طرح کسی شخص کے خلاف نہ چاہتے ہوئے بھی مقدمہ کرنا پڑتا ہے

اب مقدمہ بلاوجہ سے طویل ہوتا جارہا ہے فیصلہ ہوتا ہی نہیں اگر فیصلہ ہوتا ہے تو خلاف ہوتا ہے۔ پیسہ بھی برباد ہوا ہے اور وقت بھی ضائع ہو رہا ہے اور مقدمہ میں ہارنے سے ذلت بھی پیش آتی ہے

اسی طرح اولاد ناکارہ، آوارہ، ظالم ہے کہنا نہیں مانتی کام نہیں کرتی، اہل محلہ، دوستوں سے قرض لے لیتے ہیں۔ ان سے لڑائی جھگڑا کرتے ہیں، مال اور عزت سب برباد ہو رہی ہے لیکن ان کی اصلاح نہیں ہوتی۔

اسی طرح کسی کو مختلف بیماریوں نے جکڑ رکھا ہے۔ ڈاکٹر اور دوائی پر رقم برباد ہو رہی ہے لیکن صحت و شفا نہیں ہوتی۔ اس قسم کے بے شمار مقاصد ہیں جن کے پورا نہ ہونے سے آدمی پریشان رہتا ہے اس کا علاج اللہ رب العزت سے مانگنا ہے۔ اس کے قبضۂ قدرت میں سارے خزانے اور سارے مسائل کا حل ہے۔ اس کی قدرت کے سامنے سب عاجز ہیں اسی سے لو لگائے گا تو کامیاب ہوگا اس کے لئے یہ عمل سب سے عمدہ ہے۔

قرآن پاک کی سات منزلیں ہیں ہر روز ایک منزل پڑھ کر تنہائی میں اللہ تعالیٰ سے اپنی کامیابی یا بیماری کے دفع ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور پوری ہوگی مقصد میں ضرور

کامیابی ہوگی۔ عمل شرط ہے

سات منزلیں یہ ہیں:

پہلی منزل سورہ فاتحہ و سورۃ البقرہ تا سورۃ النساء
دوسری منزل سورۃ المائدہ تا سورۃ التوبہ
تیسری منزل سورۃ یونس تا سورۃ النحل
چوتھی منزل سورۃ بنی اسرائیل تا سورۃ الفرقان
پانچویں منزل سورۃ الشعراء تا سورۃ یٰس
چھٹی منزل سورۃ الصّٰفّٰت تا الحجرات
ساتویں منزل سورۃ قٓ تا سورۃ الناس

ہر قسم کے درد سے نجات

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیمار تھے اور سخت بخار میں مبتلا تھے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی عیادت کے لئے تشریف لائے اور ارشاد فرمایا کہ درد والی جگہ پر دایاں ہاتھ پھیرتا رہ اور سات مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اس جگہ دم کرتا رہے (یا دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر پھیر لے) انشاء اللہ تعالیٰ بدن کے ہر قسم کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ دعا یہ ہے

اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ وَسُلْطَانِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ

کسی بھی قسم کا درد ہو فوراً دور ہو جائے

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جس شخص کو کسی بھی قسم کا جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو وہ یہ دعا پڑھ کر دم کرے یا اگر ایسی جگہ ہے جہاں پھونک نہیں ماری جا سکتی مثلاً بیٹھ یا کندھے وغیرہ تو دونوں ہتھیلیوں پر دم کر کے اس جگہ یا سارے بدن پر پھیر لے۔ وہ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ مِنْ
کُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

نظرِ بد کا تعویذ

اگر کسی بچے یا بڑے کو یا جانور کو کسی کی نظرِ بد لگ جائے جس سے بدن سُست، کھانا پینا بند اور جانور کا دودھ سوکھ جائے یا آدمی یا جانور بیمار ہو جائے تو اس طلسم کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے انسان یا جانور کے گلے میں باندھے۔ جانور کے گلے میں چمڑے میں سلوا کر باندھے۔

وہ طلسم یہ ہے

ماماما ۵۲۲ حمحمحم ۶ لاد ع ع

آسیب اور مسان کا مجرّب علاج

یہ طلسم آسیب اور مسان کے لئے بہت کارآمد ہے۔ یہ طلسم عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو چالیس عدد لکھ کر رکھ لے۔ روزانہ ایک طلسم باوضو گھول کر آسیب والے کو ایک ایک گھونٹ کر کے چار وقت پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں:
۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ دوپہر گیارہ بجے ۳۔ بعد نمازِ عصر۔ ۴۔ بعد نمازِ عشاء۔ طلسم کا کاغذ ایک ڈبے میں رکھتا جائے جب چالیس کاغذ ہو جائیں ان کو آٹے کا گولہ بنا کر اس میں ڈال کر بند کر دے اور دریا، نہر، کنویں یا تالاب یا سمندر میں پتھر باندھ کر ڈال دے۔

اسی طرح مسان کا مرض جس بچے کو ہو اس کو بھی اسی طرح روزانہ باوضو گھول کر رکھ لے اور بچے کو چار وقت پلائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آسیب و مسان سے نجات حاصل ہو گی۔ وہ طلسم یہ ہے:

بِحَقِّ یَا اللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

بچّہ کا رونا بند کرنے کے لئے

اگر بچہ بلا وجہ بہت روتا ہو، ضد کرتا ہو، اس کا رو
کسی وقت بند ہی نہیں ہوتا تو یہ نقش عرقِ گلاب میں زعفر
گھول کر اس سے باوضو لکھے۔ ایک نقش باوضو موم جامہ کر کے
کے گلے میں ڈال دے اور دوسرا نقش موم جامہ کر کے بچے کے ت
میں سی دے یا اس کے تکیے کے نیچے رکھ دے۔ انشاء اللہ
بچے کا رونا بند ہو جائے گا اور وہ آرام سے سویا کرے گا۔

گلے میں ڈالنے والا نقش یہ ہے

۷۸۶

یا	ضا	تر	ضا
تر	یا	۱۳۲	۳۶
۳۹	۶۲	۸۹	۶۱
۵۳	۶۱	۱۳	۸۹

تکیے کے نیچے کا نقش یہ ہے

۷۸۶

ص	ل	ع	ع
۱۳	۱۷	۱۷	و
۱۳	۱۶	۷	ع
۱	۲	۲۴	۱۵

برائے آسانی پیدائش

اگر خدانخواستہ کسی عورت کے پیٹ میں بچہ مر جائے
تو اس طلسم کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے
اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرا ہوا
بچہ ماں کے پیٹ سے از خود باہر آئے گا۔ وہ طلسم یہ ہے

ح ح ح ع ع د د ك ر د ط
ا ۵ ۲ ک ہ ا ک ہ ل ء و و

یہی طلسم بچہ ہونے کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ باآسانی پیدا ہوگا۔

آسانی کے ساتھ بچّہ پیدا ہو

بچہ کی پیدائش آسانی اور بسہولت طریقے سے ہو اس کیلئے
مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس
سے لکھے اور لپیٹ کر ایک سفید یا کالے کپڑے میں لپیٹ کر ولادت سے
پہلے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی اور سہولت کے ساتھ
پیدا ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اَلشَّکُوۡرُ الصَّبُوۡرُ

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

بچہ کی آسانی کے ساتھ پیدائش کے لئے

اگر کوئی عورت بچہ کی پیدائش کے سلسلے میں خوفزدہ ہو کہ اسے بچہ کی پیدائش میں زیادہ تکلیف نہ ہو اور آسانی سے بچہ پیدا ہو جائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی بائیں ران پر باندھ دے اور بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً کھول دے ورنہ آنتیں باہر آنے کا اندیشہ ہے لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو

پیٹ کے درد سے نجات

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو یہ دعا باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو پلائیں تعالیٰ درد فوراً ختم ہو گا یہ عمل بہت مجرب ہے۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْبَاسِطُ وَاَنَا الْمَبْسُوْطُ فَمَنْ یَّدَعُ الْمَبْسُوْطَ اِلَّا الْبَاسِطُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ یَا اَللّٰهُ

برائے آسیب

اس نقش کو باوضو لکھ کر آسیب زدہ کے گلے میں موم جامہ کر کے باندھ دے۔ ڈورا اور کپڑا یا چمڑا کالا ہو سفید یا کسی اور رنگ کا نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جسم میں داخل نہ ہو گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

بحق جبرائیل ۷۸۶ بحق میکائیل

لا	الہ	الا اللہ	محمد رسول	اللہ
لا و اللہ	۱۲۸ ۱۱	۹۹ ۹	۳۲۲ ۱۳	۷۳ ۵
۶ ۱	۸۸ ۸	۷۵ ۷	۴۸ ۴	۱۲۳ ۱۰
۷۴ ۶	۱۳۰ ۱۳	۸ ۲	۱۱۶۱ ۱۴	۱۱ ۳

برائے آسیب زدہ

اگر کسی کو آسیب نے پکڑ لیا ہو اور اسے طرح طرح سے تنگ کر رہا ہو تو اس کے لئے باوضو یہ فلیتہ لکھے اور لپیٹ کر جلا کر مریض

کی ناک میں اس کا دھواں پہنچائے آسیب بھاگ جائے گا
انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔

وہ فلیتہ یہ ہے۔

ابلیس	فرعون	ھامان	فرعون	ابلیس
فرعون	ھامان	فرعون	ابلیس	ھامان
ابلیس	فرعون	ھامان	فرعون	ابلیس

تیسرے دن کے بخار کا علاج

اگر کسی بچے یا بڑے کو تیسرے دن کا بخار آتا ہو تو مندرجہ ذیل تعویذ عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر باوضو اس سے لکھے اور لپیٹ کر تکیے میں رکھدے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بخار چلا جائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

فلاں بن فلانہ
یا خماد
بسم
یا
یمیم

تنبیہ: فلاں بن فلانہ کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھے۔

برائے اولادِ نرینہ

حمل قائم ہونے کے بعد تیسرے مہینے کے درمیان یہ عمل کرنا ہے۔ یعنی حاملہ عورت سورہی ہو یا لیٹی ہوئی ہو تو خاوند (شوہر) باوضو حاملہ عورت کی ناف پر ہاتھ رکھ کر یہ دعا تین بار پڑھے اور ناف پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا اور اس وقت یہ نیت رکھے کہ اس لڑکے کا نام "محمد" رکھا جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکَوِّنْہُ ذُکْرًا وَّاُسَمِّیْہِ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ ؁

برائے دردِ سر

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اکثر ہو جاتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل اسماء الٰہی عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے سر پر باندھیں۔ عورت ہے تو چوٹی میں باندھ لے۔ مرد اپنی ٹوپی میں بھی ٹانک سکتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ ٹوپی ہر وقت پہنے رہے۔ وہ اسماء الٰہی یہ ہیں۔

یَا صَبُوْرُ یَا صَبُوْرُ یَا صَبُوْرُ یَا غَفُوْرُ یَا غَفُوْرُ۔

ہر قسم کے دردِ سر کا علاج

سر میں چاہے جس قسم کا درد ہو اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے فوراً دور ہو جاتا ہے۔ آدھا سیسی کا درد، نگاہ کی کمزوری کے سبب سر میں درد ہو یا کمزوری کے سبب درد ہو یا پیٹ میں گیس پیدا ہونے کے سبب سر میں درد ہو اور چکر آتے ہوں تو اس کے لئے باوضو تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر تیل پر دم کرے اور وہ تیل سر میں لگایا کرے یا اسی آیت کو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ایک پاک کاغذ پر لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے مردانی ٹوپی میں ٹانک کر ٹوپی ہر وقت اوڑھے رہے یا سر میں باندھ لے اور عورت اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا دردِ سر دور ہو گا۔ اور چکر آنا بھی بند ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝

برائے درد گلا یا ورم گلو

اگر کسی بچے یا بڑے کا گلا دکھ رہا ہو۔ کھٹائی یا ترش چیز کھانے سے گلے میں ورم آجاتا ہے اور غدود پھول جاتے ہیں کھانا نہیں کھا سکتے۔ گلا بند ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل

طلسم باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ورم اتر جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

موطیل	وطل
وطل	موطیل

حمل کی حفاظت

اگر کسی صدمے یا ٹھوکر لگنے یا گرنے کے سبب حاملہ عورت کے خون جاری ہو گیا ہو اور حمل کے گرنے کا خطرہ پیدا ہو گیا ہو تو فوراً ایک سرخ موٹا ڈورا (موٹا دھاگہ) عورت کے قد کے برابر (قد کے برابر اس طرح کر لیں کہ عورت کی پیشانی کے اوپر جہاں سر کے بال کا کنارہ ہے عورت اس جگہ ڈورے کا سرا پکڑ لے اور دوسری عورت یا آدمی دائیں پیر کے انگوٹھے کے ناخن کے برابر ڈورا پکڑ کر ڈورے کو قینچی سے کاٹ دے۔ یہ قد کا ناپ ہو گیا) لے کر اس پر سات بار پڑھے

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

پہلی بار پڑھ کر ڈورے کو ایک گرہ لگا کر اس پر دم کرے۔ پھر اسی طرح سات بار پڑھا جائے گا۔ سات گرہ لگیں گی۔

سات مرتبہ دم ہوگا وہ گنڈہ (ڈورا) عورت کی کمر میں ناف سے
نیچے کر کے باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل ساقط نہ ہوگا او
قائم رہے گا اور بچہ پیدا ہوگا۔ مجرب عمل ہے۔

برائے آسیب

اگر کسی عورت کو یا لڑکی کو یا لڑکے یا آدمی کو جن یا آسیب
لپٹ جائے اور اسے تنگ کرتا ہو یا گھر والوں کو ستاتا ہو تو
اس کے لئے یہ تعویذ عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے
باوضو لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ کر کے عورت یا لڑکی کی چوٹی
میں باندھ دے اور نہ باندھ سکے تو گلے میں ڈال دے۔ لڑکی
یا لڑکا یا مرد بھی گلے میں ڈال لے۔ اسی طرح نظرِ بد کے لئے
بھی یہ تعویذ گلے میں پہن لے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اور جن
کا اثر اور نظرِ بد کی نحوست ختم ہو جائے گی۔ وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

ابوبکرؓ
بحق جبرائیلؑ
بحق میکائیلؑ

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا ص
وَّہُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝
اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا
وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

برائے اُمّ الصبیان

اُمّ الصبیان ایسا مرض ہے جس میں بچہ گھلتا چلا جاتا
ہے اور آخرکار مر جاتا ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ زعفران کو
عرقِ گلاب میں باوضو گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر موم جامہ
کر کے چمڑے میں سلوا کر یا چاندی کے تعویذ میں ڈال کر بچے کے
گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اُمّ الصبیان کے مرض سے
نجات پائے گا اور صحت مند ہوگا اور لمبی عمر پائے گا۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِنَّ اللّٰہَ فَالِقُ الْحَبِّ
وَالنَّوٰی یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَمُخْرِجُ الْمَیِّتِ مِنَ
الْحَیِّ ذٰلِکُمُ اللّٰہُ فَاَنّٰی تُؤْفَکُوْنَ ۝ یَا بَدُّوْحُ

برائے سوکڑا (بچے کا سوکھتا چلا جانا پتلا دبلا ہونا)

بعض بچوں کو سوکڑے کا مرض ہوتا ہے ان کا گوشت گھلتا
جاتا ہے اور جسم صرف کھال اور ہڈیوں کا ڈھانچہ بن جاتا ہے
آخرکار بچہ اس مرض میں تکالیف اٹھا کر مر جاتا ہے۔ اس کے لئے
مندرجہ ذیل نقش باوضو ایک بینگن پر لکھے اور بچہ کے اوپر
پلنگ کے ساتھ لکڑی باندھ کر لٹکا دے۔ انشاء اللہ بچہ جلد

صحتیاب ہوگا اور لمبی عمر پائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

ط	ولا	دی
لا	ھ	و
مس	ق	ای

برائے حمل و اولادِ نرینہ

اگر کسی عورت کے حمل نہ ٹھہرتا ہو یا حمل گر جاتا ہو یا عورت بانجھ ہو تو اس کے لئے ایک سفید کاغذ لے کر اس کے ۹ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر باوضو اس سے لکھے۔ نو (۹) عدد تعویذ ہو گئے۔ وہ اسم الٰہی یہ ہے

یَا مُبْدِئُ

عورت جب حیض سے فارغ ہو پہلے مہینے میں تین رات مسلسل ہمبستری کریں اور صبح کو غسل کر کے روزانہ ایک تعویذ پیئیں۔ پھر اگلے مہینے کے شروع میں عورت سے تین رات مسلسل ہمبستری کریں اور مسلسل تین دن صبح کو غسل کر کے یہ تعویذ روزانہ ایک کے حساب سے پانی میں گھول کر پیئیں۔ پھر تیسرے مہینے کے شروع میں عورت کے ساتھ مسلسل تین دن ہمبستری کریں اور یہ آیتِ مبارکہ با وضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر لپیٹ کر موم جا

کر کے عورت کی ناف سے نیچے باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا ہوگا۔ وہ آیتِ مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۨاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝

بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمْرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِمْ وَسَلَّمَ۔

کسی عزیز کے آنے میں دیر ہو یا کوئی چیز گم ہو گئی ہو

اگر خدانخواستہ کوئی عزیز یا خاندان کا کوئی فرد گھر سے باہر ہے اور اچانک ہنگامہ یا فائرنگ شروع ہو جائے یا ہنگامے کے باعث آمد و رفت کا نظام درہم برہم ہو جائے تو ایسی صورت میں سورۃ والضحٰی ایک مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ تالی بجائی جائے اس عمل کی برکت سے گھر کا آدمی بخیر و عافیت گھر پہنچ جائے گا اور گم شدہ چیز بھی جلد ہی مل جائے گی۔

سورۂ والضحیٰ یہ ہے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

وَالضُّحٰی ۙ وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ۙ مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ؕ وَلَلْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ لَّکَ مِنَ الْاُوْلٰی ؕ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْکَ رَبُّکَ فَتَرْضٰی ؕ اَلَمْ یَجِدْکَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ۪ وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی ۪ وَوَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ؕ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْھَرْ ؕ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْھَرْ ؕ وَاَمَّا بِنِعْمَۃِ رَبِّکَ فَحَدِّثْ ۧ

آنکھوں کی روشنی قائم رہنے کے لئے

اگر کسی مرد یا عورت کی آنکھوں کی روشنی کم ہوتی جارہی ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز سورۃ النبأ کی تلاوت کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی قائم ہوجائے گی۔ اور صاف دکھائی دینے لگے گا۔ سورۃ النبأ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

عَمَّ یَتَسَآءَلُوْنَ ۚ عَنِ النَّبَاِ الْعَظِیْمِ ۙ الَّذِیْ ھُمْ فِیْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ؕ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ کَلَّا سَیَعْلَمُوْنَ ۝ اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِھٰدًا ۙ وَّالْجِبَالَ

اَوْتَادًا ۙ وَّخَلَقْنٰکُمْ اَزْوَاجًا ۙ وَّجَعَلْنَا نَوْمَکُمْ سُبَاتًا ۙ وَّجَعَلْنَا الَّیْلَ لِبَاسًا ۙ وَّجَعَلْنَا النَّھَارَ مَعَاشًا ۪ وَّبَنَیْنَا فَوْقَکُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّھَّاجًا ۙ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۙ لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۙ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ؕ اِنَّ یَوْمَ الْفَصْلِ کَانَ مِیْقَاتًا ۙ یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ۙ وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَکَانَتْ اَبْوَابًا ۙ وَّسُیِّرَتِ الْجِبَالُ فَکَانَتْ سَرَابًا ؕ اِنَّ جَھَنَّمَ کَانَتْ مِرْصَادًا ۙ لِّلطّٰغِیْنَ مَاٰبًا ۙ لّٰبِثِیْنَ فِیْھَآ اَحْقَابًا ۚ لَا یَذُوْقُوْنَ فِیْھَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ۙ اِلَّا حَمِیْمًا وَّغَسَّاقًا ۙ جَزَآءً وِّفَاقًا ؕ اِنَّھُمْ کَانُوْا لَا یَرْجُوْنَ حِسَابًا ۙ وَّکَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا کِذَّابًا ؕ وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ کِتٰبًا ۙ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِیْدَکُمْ اِلَّا عَذَابًا ۧ اِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ مَفَازًا ۙ حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۙ وَّکَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۙ وَّکَاْسًا دِھَاقًا ؕ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْھَا لَغْوًا وَّلَا کِذّٰبًا ۚ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّکَ عَطَآءً حِسَابًا ۙ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا الرَّحْمٰنِ لَا یَمْلِکُوْنَ مِنْهُ خِطَابًا ۚ یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِکَةُ صَفًّا ۙۗ لَّا یَتَکَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ

اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ
فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ۝ اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ
عَذَابًا قَرِيْبًا ۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ
وَيَقُوْلُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ۝

آنکھوں کی نظر قائم رہنے کا عمل

اگر مرد یا عورت یا بچے کی نظر کمزور ہوتی جارہی ہو تو اس کے لئے روزانہ بعد نمازِ مغرب دو رکعت نفل نماز پڑھے اور دونوں رکعتوں میں تین تین بار سورۃ الکوثر پڑھی جائے۔ یہ عمل اس وقت تک کرے جب نظر اپنی جگہ ٹھہر جائے اور کم ہونا بند ہوجائے۔ سورہ کوثر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

بچے کا ہکلانا یا تتلا کر بولنا

جو بچے بات کرتے وقت اٹک اٹک کر بولتے ہیں یا ہکلا ہکلا کر اپنی بات کہتے ہیں یا تتلا کر بولتے ہیں تو ان کے لئے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف اس کے بعد ایک ایک

سورۃ الرحمٰن کی ابتدائی چار آیات اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا پڑھ کر بچے پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے وہ پانی بچے کو پلایا جائے۔ جب ہکلاہٹ یا تتلاہٹ ختم ہوجائے عمل ختم کردے۔ اگر ممکن ہو تو بچہ خود پڑھ کر پانی پر دم کرکے وہ پانی پی لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

سورۃ الرحمٰن کی ابتدائی چار آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۝
خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا یہ ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ۙ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ۙ وَاحْلُلْ عُقْدَةً
مِّنْ لِّسَانِيْ ۙ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۝

سانپ سے حفاظت

اگر کسی جنگل، مکان، یا دکان یا کسی بھی جگہ سانپ نظر آجائے یہ آیت پڑھ دی جائے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝

انشاء اللہ تعالیٰ سانپ اسی جگہ رُک جائے گا اِدھر اُدھر نہ جاسکے گا
اگر پوری آیت آخر تک پڑھ دی جائے تو بھاگ جائے گا۔

پوری آیت یہ ہے۔

فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

آنکھوں کی بینائی قائم رہنے کے لئے

جس مرد یا عورت کی آنکھیں کمزور ہوتی جارہی ہوں اور
دکھائی بہت مشکل سے دیتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید
اور مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بینائی بحال
ہوجائے گی اور صاف دکھائی دینے لگے اور چشمہ بھی اتر جائے گا
وہ عمل یہ ہے۔

ہر نماز کے بعد گیارہ بار یَا نُوْرُ پڑھا کیجئے۔ اس کے
بعد تین مرتبہ

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝

پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی پہلی انگلیوں پر دم کر کے دونوں آنکھوں
پر پھیر لیا کرے۔

سانپ اور کُتے کو بھگانے کا عمل

اگر کسی جگہ جنگل، مکان، دوکان، اسٹور، سڑک پر سانپ
نظر آئے تو یہ لفظ زور سے کہدے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ
بھاگ جائے گا۔ وہ لفظ یہ ہے۔ اَسْكِيْتُمْ ۔
اور اگر کتا راہ میں مل جائے اور خطرہ ہو کہ کاٹ لے گا
تو فوراً مِنْ قِطْمِيْرٍ کہدیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ
کتا بغیر کاٹے اور نقصان پہنچائے بھاگ جائے گا۔ مجرب
عمل ہے۔

ہر مشکل و آفت سے نجات کا عمل

اگر کسی کو ڈر ہو کہ اسے پولیس کسی کیس میں گرفتار کرلے گی یا اس
پر کوئی مقدمہ قائم ہوجائے گا یا اسے کوئی نقصان پہنچائے گا
تو اس کے لئے ہر وقت خواہ وضو ہو یا نہ ہو یہ پڑھتے رہیں

یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ شر دفع مشکل آسان

انشاء اللہ تعالیٰ خیر ہوگی اور کسی بھی قسم کی گرفتاری، مقدمہ یا
ظلم نہ ہوگا نہ قید ہوگی اور آدمی ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔
شرط یہ ہے کہ یہ عمل کثرت سے پڑھا جائے۔

گم شدہ چیز کے لئے

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو جائے یا رکھ کر بھول جائے تو یہ دستک کا عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے

شیخ محمود پشمینہ پوش کشکینہ خوار
دستک شصت پیادہ و ہفتاد سوار
فلاں چیز گم شدہ را زود بیار زود بیار زود بیار

تیسری بار جب "زود بیار" کہا جائے تو دونوں ہاتھوں سے تین بار تالی بجائی جائے۔ پہلی بار زور سے تالی بجی تو جلد، دوسری بار زور سے بجی تو تاخیر سے اور تیسری بار زور سے بجی تو زیادہ تاخیر سے چیز ملے گی

سانپ، بچھو سے حفاظت کی دستک

اگر کسی جگہ سانپ بچھو بہت ہوں یا ان کا خطرہ ہو تو مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر تین بار تالی بجادے اور سو جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رات بھر کوئی سانپ یا بچھو قریب نہ آئے گا۔ ہر طرح حفاظت رہے گی۔ وہ عمل یہ ہے۔

شلی شل پائی شل دستی شل دم
از اول شب بخسپ تا صبح مجنب

بستم دہنِ مار و نیشِ کژدم
درود بر روحِ نبی گفتم رستم

جو شخص بوجہ سحر عورت پر قادر نہ ہو

اگر کسی شخص کو عمل کے ذریعہ باندھ دیا گیا ہو کہ وہ عورت سے جماع نہ کر سکے اور جب صحبت کرنے کا ارادہ کرے ناکام رہے۔ ایسی صورت میں اس بندش کو توڑنے کے لئے مرغی کے تین انڈے دھو کر پانی میں ابال کر اس کا چھلکا اتار کر اس میں سے پہلے انڈے پر یہ آیت باوضو لکھے۔

مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۖ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ ۖ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ۝

دوسرے انڈے پر یہ آیت باوضو لکھے۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا ۖ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۖ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ۝

اور تیسرے انڈے پر باوضو یہ آیت لکھے۔

وَقَدِمْنَا إِلَىٰ مَا عَمِلُوا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنَاهُ هَبَاءً مَّنثُورًا ۝

لکھنے کے لئے عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور

تینوں انڈے مریض (مسحور) کو کھلا دے۔ اگر خدانخواستہ
ایک دن کی عمل سے بندش نہ کھلے تو یہ عمل تین دن کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بندش کھل جائے گی اور مرد اپنی اصلی حالت
پر آجائے گا۔

انگوٹھی برائے بواسیر خونی و بادی، مرگی، دردِ زہ

اگر کسی کو بواسیر کا مرض ہو یا مرگی کا دورہ پڑتا ہو یا عورت
کے بچہ ہونے کے لئے آسانی سے فارغ ہونے کا ذریعہ بن جائے
تو اس کے لئے نیا چاند دکھائی دینے کے بعد جو پہلا جمعہ آئے
صبح کی نماز پڑھ کر باوضو یہ کلمات کاغذ پر لکھ کر تھوڑے پانی
میں حل کر کے اس پانی میں چاندی کی انگوٹھی جو مریض کے
بائیں ہاتھ کی چھنگلیا (بائیں ہاتھ کی سب سے چھوٹی انگلی) میں
پوری آجائے۔ آگ پر پہلے خوب گرم کر کے اس پانی میں بجھا دیں
(ڈبو دیں) تاکہ ٹھنڈا ہو جائے۔ یہ انگوٹھی مریض کے بائیں
ہاتھ کی چھنگلیا میں پہنا دی جائے یا مریض خود پہن لے۔
اور ہمیشہ پہنے رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر بادی، خونی،
مرگی سے صحت حاصل ہوگی۔ اور بچہ ہونے کا درد شروع
ہوتے ہی جو عورت اس انگوٹھی کو سفید کپڑے میں لپیٹ کر

بائیں ران میں باندھ لے تو بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہو۔ بچہ
ہوتے ہی اس کپڑے کو کھول دیں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔
یسٓ حمٓ قٓ نٓ ☆ ۱۱ ☐ ۱۱۱ ھ و ح مھ م ۷۸۶

نظر کی مضبوطی، سرخی اور دکھتی آنکھ کا علاج

اگر کسی کی نظر کمزور ہوتی جا رہی ہو تو ہر فرض نماز کے بعد
تین بار مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دونوں کلمے والی انگلیوں پر
دم کر کے دونوں آنکھوں پر پھیر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ
نظر قائم ہو جائے گی اور کمزوری دور ہو جائے گی۔ وہ آیت
یہ ہے۔
فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝
آنکھوں کی سرخی اور آنکھیں دکھنی آجائیں تو مندرجہ
ذیل آیت باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے
چینی کی طشتری (پلیٹ) میں لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو
پانی پلائیں، اور اس میں سے تھوڑا سا پانی لے کر اس سے آنکھیں
دھوئیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے سے شفا ہوگی
وہ آیات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ
هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۝

جائز مقصد میں کامیابی کا عمل

اگر کسی شخص کا کوئی جائز مقصد ہو اس میں کامیابی لازم اور ضروری ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرّب اور سریع التاثیر ہے۔ اس عمل کے ذریعہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر جائز مقصد میں کامیابی ہوگی۔ یہ عمل ہر دینی اور دنیاوی کام کے لئے پڑھا جا سکتا ہے۔

اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد سات سو چھیاسی (۷۸۶) بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ پڑھے آخر میں پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

یہ عمل بعد نماز عشاء باوضو مسلسل سات دن پڑھے اور روزانہ عمل پڑھنے کے بعد اپنے مقصد میں کامیابی کی دعا کیا کرے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ہر قسم کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور کسی بھی طرح کے مرض میں مبتلا ہو تو اس کے مرض سے صحت کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا مرض دور ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

باوضو ایک چینی کی پلیٹ سادہ جس پر پھول اور کسی قسم کے نقوش نہ ہوں اس پر عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) لکھے۔ اس کے بعد آیاتِ شفاء لکھے اور اس کو پانی سے حل کر کے (یعنی پلیٹ پر پانی ڈال کر اس پلیٹ کو صاف کرلیں اور وہ پانی مریض کو روزانہ دن میں چار وقت پلایا کریں۔ پلانے کے چار وقت یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل، ۲۔ دوپہر گیارہ بجے، ۳۔ بعد نماز عصر، ۴۔ بعد نماز عشاء

یہ پلیٹیں اکٹھی ایک ساتھ لکھ کر رکھ لیں یا روزانہ لکھ لیا کریں۔ سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ
يَشْفِيْنِ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ
شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ
اِلَّا خَسَارًا ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ

شوہر کا بیوی سے ناراض یا بے پرواہ رہنا

اگر عورت کا شوہر اپنی بیوی سے بلا کسی وجہ کے ناراض ہو یا
وہ اپنی بیوی کے معاملہ میں بے پرواہ ہو۔ بیوی کا خیال نہ رکھتا
ہو یا اسے خرچ دینے میں بخل کرتا ہو یا لڑائی جھگڑا اور مار
پیٹ کرتا ہو۔ یا غیر عورتوں کے چکر میں پھنسا ہوا ہو تو اس
کی عورت خود پنج وقتہ نماز کی پابندی کرے اور بعد نماز عشاء
باوضو عورت یعنی بیوی گیارہ عدد سیاہ مرچ (کالی مرچ)
لے کر اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان

میں گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یعنی گیارہ تسبیح (سو دانے کی تسبیح گیارہ
بار) پڑھے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

یہ سب پڑھ کر کالی مرچوں پر دم کرے اور کوئلے کی آگ میں ڈال کر
جلادے۔ یہ عمل چالیس دن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شوہر
صحیح راستے پر آجائے گا اور بیوی سے محبت کرے گا اور اس کے
حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہیں کرے گا اور نہ لڑائی جھگڑا
کرے گا۔ عمل شرط ہے۔

بیٹا بیٹی بدراہ ہوں یا عورت خاوند سے اور خاوند بیوی سے لڑے

اگر خدا نخواستہ کسی کا بیٹا یا بیٹی غلط راستے پر پڑ گئے
زنا کاری، بُروں کی صحبت، والدین سے جھگڑا اور ناراضگی یا
نشے کی لت کا شکار ہو گئے ہوں یا ہر بات میں والدین کی

مخالفت کرتے ہوں یا راتوں کو گھر سے غائب رہتے ہوں۔

اسی طرح بیوی بدمزاج، آوارہ، لڑائی جھگڑا کرنے والی منہ پھٹ زبان دراز ہو۔ سارے گھر کا ناک میں دم کر رکھا ہو میاں سے بات بات پر بحث کرتی ہو، گستاخی کرتی ہو یا شوہر بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا، بیوی کو خرچہ نہیں دیتا یا اس کے کپڑوں کا خیال نہیں رکھتا۔ یا راتوں کو گھر سے غائب رہتا ہے تو ان تمام باتوں کے لئے کسی میٹھی چیز (شربت، چینی، مٹھائی، گڑ، حلوہ، بادام، کشمش وغیرہ) پر باوضو اول گیارہ بار درود شریف آخر میں گیارہ بار درود شریف، درمیان میں ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ یَا وَدُوْدُ پڑھ کر اس کھلانے والی چیز پر دم کر کے رکھ لے اور کسی بھی موقع پر اس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کھانے سے سیدھے راستے پر لگ جائے گا اور حالات درست ہو جائیں گے۔ لڑکا، لڑکی، بیوی، میاں یا اور کوئی رشتہ دار، دوست یا دشمن کو کھلائے گا وہی دوست بن جائے گا اور محبت کرنے لگے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

روزی با فراغت اور روزی میں برکت کے لئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ با فراغت روزی ملتی رہے اور روزی میں خوب برکت ہو تو اس کے لئے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

یَا مُعِزُّ

پڑھ کر با فراغت اور برکت والی روزی کی دعا کیا کرے۔ یہ عمل عشاء کی نماز کے بعد باوضو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فراغت اور برکت نصیب ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ہر مشکل کام کا آسان اور پورا ہونا

اگر کسی کو کوئی مشکل کام پیش آئے اور اس کا آسانی سے،

پورا ہونا بھی بہت مشکل معلوم ہوتا ہو تو اس کے لئے بعد
نمازِ عشاء یا دن میں جس وقت فرصت ہوتی ہو اول گیارہ
بار درود شریف پڑھے اس کے بعد بارہ ہزار (۱۲۰۰۰) مرتبہ

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ ۔

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مشکل کے آسان
ہونے اور کام ہو جانے کی دعا کرے۔ یہ عمل وقتِ مقررہ پر
روزانہ بارہ دن تک کرے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ
بارہ دن میں کامیابی حاصل ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

ماں کو بچے کی موت پر صبر

اگر کسی عورت کا بچہ یا لڑکا مر گیا ہو اور ماں کو اس کی
جدائی کے غم سے بار بار غشی کے دورے پڑ رہے ہوں یا کھانا
پینا چھوٹ گیا ہو اور وہ دیوانوں کی طرح اِدھر سے اُدھر اور
اُدھر سے اِدھر چکر لگاتی ہو اور اُسے کسی پل چین نہ آتا ہو تو

اس کے لئے باوضو ایک ہزار مرتبہ

یَا صَبُوْرُ

پڑھ کر پانی پر دم کر کے رکھ لے اور عورت کو تھوڑا تھوڑا پانی
پلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا غم دور ہو جائے گا۔
یہ عمل مرد کے لئے بھی کیا جا سکتا ہے۔ یا ماں باپ کے
مرنے پر بچوں کو بھی پلانے سے ان کا غم دور ہوگا۔

بچہ کو نظر لگ جانا یا بار بار رونا یا سوتے میں ڈرنا

اگر کوئی بچہ نظر لگ جانے کی وجہ سے کچھ کھاتا پیتا نہیں
ہے اور روز بروز کمزور ہوتا جاتا ہے یا ضد کرنے لگا ہے۔ یا
ہر وقت روتا رہتا ہے یا سوتے سوتے اچانک جاگ کر رونے
لگتا ہے تو اس کے لئے باوضو سورۂ فلق اور سورۂ ناس
تین تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں (پھونک ماریں) اور یہ دعائیہ
کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک
پاک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے چمڑے میں سلوا کر یا چاندی
کے تعویذ میں بند کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ
بچہ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا اور اس کا رونا اور ڈرنا بھی ختم
ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ
التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیْنٍ لَامَّۃٍ

سورۃ الفلق یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَ
مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ
النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

ہر قسم کی اُلجھن سے نجات

اگر کوئی شخص کسی الجھن میں گرفتار ہو جائے اور الجھن کی
وجہ سے دل کا سکون، چین آرام اور رات کی نیند ختم ہو جائے
تو اس کے لئے ایک تسبیح (ایک سو بار) یا دو تسبیح (دو سو بار) یا
تین تسبیح (تین سو بار) یَا حَفِیْظُ پڑھے۔ اول آخر تین تین

بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی ہر قسم
کی الجھن دور ہو گی اور سکونِ قلبی حاصل ہو گا ہر قسم کی پریشانی
سے نجات ملے گی۔ بعض مرتبہ بلا سبب بھی الجھن پیدا ہو جاتی
ہے دل بے چین ہو جاتا ہے بلا وجہ گھبراہٹ ہو جاتی ہے
اس کا بھی یہی علاج ہے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

علم میں برکت اور زیادتی کے لئے

از حضرت مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ

جو شخص چاہتا ہے کہ اس کے علم میں برکت اس کے علم
کا فیض دور دور تک پھیلے اور اس کے علم سے لوگ نفع
اٹھائیں اور اس کے علم سے استفادہ کرنے کے لئے لوگ
اس کی طرف جوق در جوق آئیں اور اس کا انتہائی احترام
کریں۔ اور اس کے علم میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے اس میں
نقص پیدا نہ ہو کہ دماغ کمزور ہو گیا، حافظہ بیکار ہو گیا یا

علمی کاموں سے دور ہوگیا۔ ان تمام برائیوں سے محفوظ
رہنے کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ عمل یہ ہے۔
ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے

سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

اس کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھے

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ؕ

وظائف (وظیفے)

وظائف کے پڑھنے سے دین اور دنیا کے کاموں میں برکت
ہوتی ہے۔ قرآن پاک کی تلاوت روزانہ بلاناغہ کیا کرے۔
اس سے دنیا اور آخرت کی بھلائیاں حاصل ہوتی ہیں اللہ تعالیٰ
راضی ہوتا ہے اور نامۂ اعمال میں نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ یہ
نیکیاں مرنے کے بعد مسلمان کا بہت بڑا سہارا ہوں گی اور
آخرت میں نجات کا باعث بنیں گی۔ لہٰذا پابندی کے ساتھ روزانہ
تلاوتِ کلام پاک کیا کریں اگر فرصت کم ہو تو تھوڑا پڑھ لے۔
لیکن ناغہ نہ کرے۔ تلاوتِ قرآن پاک دیکھ کر کرنا افضل ہے
لہٰذا قرآن شریف سامنے رکھ کر باادب بیٹھ کر تلاوت کرے

قبلہ رُخ بیٹھ کر تلاوت کرے تو زیادہ بہتر ہے۔ قرآن پاک
کی تلاوت کے علاوہ مندرجہ ذیل وظائف بھی روزانہ پڑھنے
کا معمول بنا لے۔ ان وظائف کی برکت سے انسان ناگہانی آفات
مصائب، پریشانیوں سے محفوظ رہتا ہے ہر قسم کے حملے
سے محفوظ رہتا ہے ہر قسم کے حادثے سے محفوظ ہو جاتا ہے
کاروبار میں برکت ہوتی ہے۔ تھوڑی آمدنی میں برکت کے سبب
زیادہ کام ہو جاتے ہیں۔ ہر کام میں آسانی ہوتی ہے۔ مشکل
ختم ہو جاتی ہے۔ کھیتی کرنے والا ہل چلانے والا، محنت
مزدوری کرنے والا، دفتر میں کام کرنے والا، دوکان پر بیٹھنے
والا تھکن محسوس نہیں کرتا اور اپنا کام دلچسپی اور شوق سے کرتا ہے
کام میں اس کا دل لگتا ہے۔ چند وظائف یہ ہیں۔

تسبیحاتِ فاطمہؓ

یہ تسبیح حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی
پیاری بیٹی حضرت بی بی فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو تلقین
فرمائی تھی۔ بی بی فاطمہؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض
کیا کہ گھر کا کام بہت زیادہ ہوتا ہے کام میں ہاتھ بٹانے
کے لئے مجھے ایک خادمہ عنایت فرما دیں۔ آپ نے فرمایا کہ جب

سونے کے لئے لیٹو تو اسے پڑھ لیا کرو یہ تمہارے لئے خادم سے
بہتر ہے (بخاری ومسلم)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس تسبیح کا پنج گانہ نماز
کے بعد پڑھنے والا نامراد نہیں رہتا۔ (مسلم)

تسبیح فاطمی یہ ہے

ہر نماز ختم کرنے کے بعد تینتیس ۳۳ مرتبہ سُبْحَانَ اللہ اور
تینتیس ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور چونتیس مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ
پڑھے۔ (مشکوٰۃ) اس کے پڑھنے کی برکت سے ہر کام میں آسانی
ہوگی۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ تھکن محسوس نہ ہوگی

دوسرا وظیفہ آیۃ الکرسی۔ قرآن پاک کی آیۃ الکرسی سب سے
بڑی آیت ہے۔ اس کا پانچوں نمازوں کے بعد پڑھنے والا بہت
سی آفات و بلیات سے محفوظ رہتا ہے۔ اس کو اس کی موت
کے سوا کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روکتی (بیہقی)

جو شخص اس آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے گا اس پر اللہ تعالیٰ
کی طرف سے ایک فرشتہ نگہبان مقرر ہو جاتا ہے اور اس کو
شیطان کی طرف سے کسی قسم کا ضرر (نقصان) نہیں پہنچتا۔
(بخاری)

ہر نماز کے بعد سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَا قَوِیُّ

پڑھنا دماغ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

یَا نُوْرُ گیارہ بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دونوں ہاتھوں
کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں کو لگانا نظر کے لئے فائدہ مند ہے
اسی طرح فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ
حَدِيْدٌ تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں کو
لگائے تو انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی بلکہ جس قدر
نقصان ہو گیا ہوگا وہ بھی جاتا رہے گا۔

ہر نماز کے بعد گیارہ بار رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھا کرے
اس سے علم میں ترقی ہوگی۔

جنت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت حاصل ہونے
کے لئے اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ
عِبَادَتِكَ۔ جو شخص یہ دعا ہر فرض نماز کے بعد ایک بار
پڑھ کر بخشش کی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے گناہ
معاف ہوں گے۔

جو شخص ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھے گا وہ شخص انشاء اللہ تعالیٰ
قیامت کے دن با ایمان اٹھے گا۔ وہ دعا یہ ہے
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ
لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

ہر قسم کا رنج وغم دور کرنا

ہر نماز کے بعد سات بار یہ کلمات پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا رنج وغم دور ہوگا، مشکل آسان ہوگی اور ہر مصیبت دور ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ ط

آتشِ دوزخ سے حفاظت

جو شخص نمازِ فجر اور مغرب کی نماز کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ سات مرتبہ پڑھے گا وہ اگر اس دن یا اس رات میں مر گیا تو آتشِ دوزخ سے محفوظ رہے گا۔ (ابوداؤد)

جو شخص فجر کی نماز کے بعد تین بار

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ

الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ط يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

تو اس کے لئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتے مقرر کرتا ہے جو اس کے لئے بخشش کی دعا شام تک کرتے ہیں۔ پھر اگر وہ شخص اس دن مرجائے تو شہید مرتا ہے اور جو شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے لئے فرشتے بخشش کی دعا کرتے ہیں اگر رات کو مرجائے تو شہید مرے گا۔

ہر قسم کے نقصان، بلا اور مصیبت سے حفاظت کا وظیفہ

جو شخص ہر صبح وشام تین تین بار پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط

وہ شخص ہر نقصان، ہر چیز کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔ مثلاً ہر قسم کی غلط دوا، زہر، جادو کئے ہوئے کھانے کے نقصان سے محفوظ رہے گا اور کوئی بلا اور مصیبت اس پر نہیں آئے گی۔ اور انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔

نیکیاں ملیں، گناہ دور ہوں اور شیطان سے امن

جو شخص صبح کو بعد نمازِ فجر یہ پڑھے صرف ایک بار

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَاشَرِیْکَ لَہٗ لَہُ الْمُلْکُ
وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط

تو اس کو اتنا ثواب ملتا ہے گویا اس نے ایک غلام آزاد کیا، اور اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور اس سے دس برائیاں دور کی جاتی ہیں اور اس کے دس درجے بلند کئے جاتے ہیں اور شام تک وہ شیطان سے امن میں رہتا ہے اور یہی کلمات شام کو بعد نمازِ مغرب پڑھ لیا کرے تو رات کو بھی یہی اجر و ثواب پاتا ہے۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

دو کلمے زبان پر آسان لیکن میزان عمل میں بھاری

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ دو کلمے زبان سے آسانی سے ادا ہو جاتے ہیں لیکن میزانِ عمل (اعمال تولنے کی ترازو جو قیامت کے دن ہوگی) میں ان کا وزن بہت بھاری ہوگا وہ کلمات یہ ہیں۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ط

ان کلمات کی عظمت کا تقاضہ ہے کہ ہر مسلمان روزانہ ان کو پڑھ لیا کرے۔ اگر ممکن ہو تو ایک سو مرتبہ صبح کو پڑھ لے اور ایک سو مرتبہ شام کو پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو جائے گا اور آسانی کے ساتھ بخشش ہو جائے گی۔

ہر قسم کے غم سے نجات

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی غم پیش آتا تو یہ دعا پڑھتے تھے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

یہ دعا روزانہ صبح کو ایک سو بار پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ سارا دن ہر قسم کے غم و فکر سے محفوظ رہے گا اور خوشی و مسرت کے ساتھ اپنا دن گذارے گا

جنت کا خزانہ حاصل ہونا

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ (بخاری ومسلم)

جنت کا خزانہ حاصل کرنے کا بالکل آسان طریقہ یہ ہے کہ روزانہ بعد نمازِ فجر ایک سو بار روزانہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنت کے خزانے کا مالک بن جائے گا۔

گناہوں سے پاک ہونا

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس نے کہا

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

دن میں ایک سو بار، تو دور کئے جاتے ہیں گناہ اس سے اگرچہ ہوں مانند جھاگ سمندر کے۔ (بخاری ومسلم)

یہ آسان کلمات بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت سے گناہوں کی معافی کا سبب بن جائے گا۔

یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے مسلمان بندے پر بہت بڑا احسان ہے کہ چند آسان کلمات کی ادائیگی سے اجر و ثواب بے حساب عطا فرماتا ہے۔ گھر میں خیر و برکت ہوتی ہے، ہر قسم کے ناگہانی حملوں اور آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ ان کلمات کا وظیفہ کرنے والا کبھی پریشان نہ ہوگا، اسے ہر وقت اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد حاصل رہے گی۔

تکلیف دینے والی چیز سے حفاظت

ایک حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس نے سوتے وقت سورۂ فاتحہ و سورۂ اخلاص پڑھی وہ (ایذا دینے والی) ہر چیز سے محفوظ ہو گیا سوائے موت (مشکوٰۃ)

دونوں سورتیں ہر مسلمان کو یاد ہوتی ہیں رات کو سوتے وقت ان دونوں کو ضرور پڑھ کر سویا کرے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ، بچھو، درندے اور نقصان پہنچانے والے کیڑے،

مکوڑے جانوروں کے ضرر سے محفوظ رہے گا سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

خود اور پڑوسیوں کی حفاظت

جو شخص آیۃ الکرسی کو سوتے وقت پڑھے خدا تعالیٰ اس کو اور اس کے سب پڑوسیوں کو امن میں رکھتا ہے۔ (بیہقی)

روزانہ پابندی کے ساتھ آیۃ الکرسی کا عمل کرنے والا یعنی رات کو ایک مرتبہ سوتے وقت پڑھنے والا چور، ڈاکو، لٹیرے، حملہ آور، نقصان پہنچانے والے سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

آرام سے رات گذارے گا۔ آیۃ الکرسی یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡھِمۡ وَمَا خَلۡفَھُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَئُوۡدُہٗ حِفۡظُھُمَا ۚ وَھُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ۝

دوکان کی بندش ختم، روزی میں برکت کاروبار میں ترقی

از حضرت سید نفیس شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ

اگر کوئی روزی کی تنگی یا دوکان پر کاروبار میں مندی اور قرضے کی وجہ سے پریشان ہو تو اس نقش کو باوضو لکھ کر گھر میں فریم کرا کر لگالے۔ اسی طرح بڑے حروف میں باوضو لکھوا کر دوکان میں دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر فریم کرا کر لگا دے اور ایک نقش باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے گلّے (پیسہ رکھنے کے ڈبے) میں رکھ دے اور

اسی طرح ایک نقش گھر میں پیسے رکھنے کے بٹوے یا صندوق یا الماری میں موم جامہ کر کے رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بندش کھلے گی اور کاروبار ترقی کرے گا۔ قرضہ ادا ہوگا اور گھر اور دوکان میں برکت ہوگی۔ وہ نقشِ معظم یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰہُ لَطِیۡفٌ بِعِبَادِہٖ یَرۡزُقُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الۡقَوِیُّ الۡعَزِیۡزُ ؕ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّۃِ الۡمَتِیۡنُ

قُلْ	هُوَ	اللّٰهُ	اَحَدٌ
اَللّٰهُ	الصَّمَدُ	لَمْ	يَلِدْ
وَلَمْ	يُوْ	لَدْ	وَلَمْ
يَكُنْ	لَهٗ	كُفُوًا	اَحَدٌ

بِسۡمِ اللّٰہِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِہٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ وَلَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ؕ

یَا حَیُّ حِیۡنَ لَا حَیَّ فِیۡ دَیۡمُوۡمَۃِ مُلۡکِہٖ وَبَقَآئِہٖ یَا حَیُّ ؕ اَعُوۡذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّۃِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ شَیۡطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَّعَیۡنٍ لَّامَّۃٍ تَحَصَّنۡتُ بِحِصۡنِ اَلۡفَ اَلۡفَ لَا حَوۡلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الۡعَلِیِّ الۡعَظِیۡمِ ۝ اِلٰھِیۡ بِحُرۡمَۃِ یَمۡلِیۡخَا

مَکْسَلْمِینَا کَشْفُوطَط کَتَا فَطْیُونَس
طَبْیُونَس یُوانِس بُوس وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ
وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ وَلَوْ
شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ ہ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی
خَیْرِ خَلْقِہٖ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ
وَصَحْبِہٖ وَبَارَکَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا ط

ہر قسم کے شر اور نقصان سے حفاظت

اگر خدانخواستہ کسی شخص نے کوئی جرم کرلیا ہو یا قتل کردیا ہو یا اس پر ناگہانی طور پر قتل یا چوری یا ڈاکے کا الزام آگیا ہو یا کسی طور پر بے گناہ پکڑا گیا ہو تو اس طلسم کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور سفید موم میں موم جامہ کرکے زبان کے نیچے رکھ لے اور حاکم کے روبرو پیش ہو انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرم دل ہو جائے گا اور اس کے قلم اور زبان سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور باعزت بری ہو جائے گا۔

ع ۷ ۲ ۵ د د د ۹ ۱۱ ۱۱ ۸ ۱۱۱ ۱ ۹ م

۳ ۱۱ ۸ ۸ ۷ سہ و د د ۱۱۱۱ ۳ ۲ ۱ ۷

بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت مرد.. بچہ بھاگ گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور فتیلہ بنا کر روغنِ زیتون (زیتون کے تیل) میں اس کو روشن کرکے اس طرح کہ فتیلہ پہ نئی اور پاک روئی لپیٹ لے اور بتی بنا کر کورا مٹی کا چراغ لے کر اس میں زیتون کا تیل ڈال کر روشن کرے انشاء اللہ تعالیٰ غائب فوراً واپس ہوگا۔ اگر زیادہ دور چلا گیا ہے تو کچھ دن بعد حاضر ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں

یا رحیم کل صریخ و مکروب وغیاثہ و معاذہ یا سمِ (بھاگنے والے اور اس کی ماں کا نام) عَلٰی حُبِّ (بلانے والے اور اس کی ماں کا نام لکھے

عورت، گائے، بکری کا دودھ کم ہو جائے

اگر نظرِ بد کی وجہ سے یا کسی اور سبب سے عورت کا دودھ کم ہو جائے یا گائے بکری کا دودھ کم ہو جائے یا اس میں سے مکھن کم نکلے تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے عورت، گائے بکری کے

گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ عورت کے پستانوں
میں خوب دودھ پیدا ہوگا اور گائے اور بکری کے تھن دودھ
سے بھر جائیں گے اور مکھن بھی کثرت سے نکلے گا۔ گائے اور
بکری کا پہلے دن کا دودھ خیرات کر دیا جائے۔ اور عورت
کی طرف سے کچھ صدقہ خیرات کر دیا جائے۔

دعا آیت یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ
أَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ أَنْبَتَتْ سَبْعَ
سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ط

نظر بد سے نجات

اگر کسی کو بار بار نظر لگ جاتی ہو۔ بچہ ہو یا بڑا۔ مرد ہو
یا عورت۔ ایسی صورت میں چرخے کے کاتے ہوئے سوت کو
نیلا رنگ لے یا اگر چرخے کا کاتا ہوا سوت نہ ملے تو سوتی
دھلے کی نیلی گٹی لے کر اس کے نو ۹ تار (نو دھاگے) ایک ہاتھ
کے برابر لے کر ان کو برابر کر لیا جائے اور سات بار درود شریف

اور تین بار سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ پوری سورت)
پڑھ کر ان دھاگوں میں ایک گرہ لگا کر دم کرے۔ اسی طرح یہ
عمل چھ مرتبہ کر کے چھ گرہ لگیں گی اور ہر گرہ پر دم کرنا ہوگا۔
یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ
بار بار لگنے والی نظر بد سے محفوظ ہو جائے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ
بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞
قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۞ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۞

جانور کو نظر بد لگ جانا

اگر گائے، بکری، گھوڑا، اونٹ، بھیڑ وغیرہ کو نظر بد لگ جائے
اور اس کے سبب جانور بیمار ہو جائے یا کھانا پینا چھوڑ دے

اور سست ہو جائے۔ یا گائے، بکری، بھیڑ، اونٹنی کم دودھ دینے لگے یا اس کے تھن سوکھ جائیں۔ کالی اون کے نو تار دو ہاتھ کے برابر لے کر ان پر چھ گرہ لگائی جائیں۔ اور ہر گرہ پر سات بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے۔ اور جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور نظرِ بد سے محفوظ ہو جائے گا اور تندرست ہو جائے گا۔ اور بکری، گائے، بھیڑ، اونٹنی خوب دودھ دینے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ○ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○

گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، مرد، عورت یا نوکر، ملازم یا نوکرانی

یا ملازمہ گھر سے بھاگ گئی ہو یا زیور اور رقم لے کر بھاگ گئے ہوں تو ان کی واپسی اور پتہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو کالی کچی روشنائی یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور کسی اندھیری کوٹھڑی میں یا کسی کمرے میں دو پتھروں یا وزن دار چیز کے نیچے دبا دے اس طرح کہ تعویذ پر وزن پڑے اور اوپر سے کمبل یا رضائی ڈال دے تاکہ بالکل اندھیرا ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس آجائے گا اگر دور گیا ہے تو ہو سکتا ہے دیر لگے لیکن اس کا پتہ جلد لگ جائے گا۔ جب مفرور یا گمشدہ واپس آجائے تو تعویذ کو وزن کے نیچے سے فوراً نکال لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ جس جگہ فلاں بن فلاں یا فلانہ بنت فلانہ کا لفظ ہے وہاں بھاگنے والے یا بھاگنے والی یا مفرور اور اس کی ماں کا نام لکھے۔ باپ کا نام نہ لکھے۔ مجرب عمل ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرٰھَا ؕ وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ ○ اِنَّا رَآدُّوْہُ اِلَیْکِ وَجَاعِلُوْہُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ○

اور تندرست ہو جائے۔ یا گائے، بکری، بھیڑ، اونٹنی کم دودھ
دینے لگے یا اس کے تھن سوکھ جائیں۔ کالی اون کے نو تار دو ہاتھ
کے برابر لے کر ان پر چھ گرہ لگائی جائیں۔ اور ہر گرہ پر سات بار
درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کرے۔ اور
جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور نظرِ بد
سے محفوظ ہو جائے گا اور تندرست ہو جائے گا۔ اور بکری،
گائے، بھیڑ، اونٹنی خوب دودھ دینے لگے گی۔

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ
یُوْلَدْ ۝ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝

گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، مرد، عورت یا نوکر، ملازم یا نوکرانی

یا ملازمہ گھر سے بھاگ گئی ہو یا زیور اور رقم لے کر بھاگ گئے ہوں تو
ان کی واپسی اور پتہ معلوم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات
باوضو کالی کچی روشنائی یا عرق گلاب میں زعفران گھول کر
اس سے لکھے اور کسی اندھیری کوٹھڑی میں یا کسی کمرے میں
دو پتھروں یا وزن دار چیز کے نیچے دبا دے اس طرح کہ تعویذ
پر وزن پڑے اور اوپر سے کمبل یا رضائی ڈال دے تاکہ
بالکل اندھیرا ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس
آجائے گا اگر دور گیا ہے تو ہو سکتا ہے دیر لگے لیکن اس
کا پتہ جلد لگ جائے گا۔ جب مفرور یا گمشدہ واپس آجائے
تو تعویذ کو وزن کے نیچے سے فوراً نکال لے ورنہ پھر بھاگ
جائے گا۔ جس جگہ فلاں بن فلاں یا فلانہ بنت فلانہ کا
لفظ ہے وہاں بھاگنے والے یا بھاگنے والی یا مفرور اور اس
کی ماں کا نام لکھے۔ باپ کا نام نہ لکھے۔ مجرب عمل ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ
لُّجِّیٍّ یَّغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ
ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ
یَرٰھَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝
اِنَّا رَآدُّوْہُ اِلَیْکِ وَجَاعِلُوْہُ مِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ۝

فَرَدَدْنٰهُ اِلٰۤى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ
اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ
یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ
فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ۝
حَتّٰۤى اِذَا ضَاقَتْ عَلَیْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ
عَلَیْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ
اِلَیْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَیْهِمْ لِیَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ
اَللّٰهُمَّ یَا هَادِیَ الضَّآلِّ وَیَا رَآدَّ الضَّآلَّةِ اُرْدُدْ
عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ فلان بن فلانة (یہاں لڑکا ہے تو اس کا نام)
یا فلانة بنت فلانة (یہاں لڑکی ہے تو اس کا نام لکھے)

خونی پیچش یا خونی دست

اگر کسی شخص کو خونی پیچش یا خونی دست آرہے ہوں
اور شدید درد ہوتا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران
گھول کر اس سے ایک کاغذ پر یہ آیت لکھے اور باوضو پانی میں
گھول کر رکھ دے۔ اور مریض کو دن بھر تھوڑا تھوڑا پانی پلاتا

رہے پانی پینے والے کا باوضو ہونا ضروری نہیں ہے تعویذ
لکھنے والا، تعویذ پانی میں گھولنے والا باوضو ہونا ضروری ہے
جب تک مکمل آرام نہ آجائے روزانہ لکھ کر پلاتا رہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت حاصل ہوگی۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ
رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ
مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

پاگل کتے کے کاٹے کا اثر زائل کرنا

تین چھٹانک نمک پسا ہوا لے کر باوضو اول درود
شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد بسم اللہ کے ساتھ
گیارہ بار سورہ قریش پڑھے۔ اس کے بعد یہ کلمات زبان
سے ادا کرے اور یہ دم کیا ہوا نمک مریض گیارہ دن تک
کھانے میں استعمال کرے اور ویسے بھی زبان سے چاٹ
لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ پاگل کتے کے کاٹے کا اثر دور ہوگا
اور مریض کو صحت حاصل ہوگی۔ درود شریف یہ ہے۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰۤى اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰۤى اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

سورۃ قریش یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۚ
فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ
مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

اس کے بعد یہ الفاظ کہے۔

الٰہی بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت
امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس
سرہ بحکم ببرکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم این اثر
سگِ دیوانہ گم شد

گم شدہ یا بھاگنے والے کو واپس لانا

اگر کوئی بچہ یا بڑا گھر سے بھاگ گیا ہو یا اچانک گم ہو گیا ہو اس کے لئے عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ذیل کا تعویذ بنائے اور لکھ کر انار کے درخت (یا کسی سبز درخت میں اس طرح لٹکائے کہ نقش ہلتا رہے) میں لٹکا دے

(لٹکانے سے پہلے اسے کالے کپڑے میں سی لے اور کالا ہی دھاگا ہو۔ بھاگنے یا گم ہو جانے والے کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ فوراً واپس آجائے گا اگر دور پہنچ گیا ہے تو چند دن میں واپس آجائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

ع
یَا اللّٰهُ — یا اَلِفْ
ھھ ـــــــــ دوح
یَا اللّٰهُ — یا اَلِفْ
الٰہی بحق این نقش مفرور زود بیاید زود بیاید
فلاں بن فلانہ یا فلانہ بنت فلانہ بیقرار شود

مدرسہ، مکتب، اسکول یا پڑھائی سے بھاگنے والا بچہ

بعض بچوں کی اپنے مدرسے یا اسکول سے چھٹیاں کر کر کے عادت خراب ہو جاتی ہے اور گھر سے مدرسہ یا اسکول جانے کے بجائے اِدھر اُدھر گلیوں میں گھوم پھر کر گھر واپس آجاتے ہیں۔ جب والدین کو پتہ چلتا ہے تو سختی کرتے ہیں تو بچہ گھر سے بھاگ جاتا ہے۔ بعض اساتذہ بھی ظالم ہوتے

ہیں بچوں کو بہت سخت مار پٹائی کرتے ہیں جس سے بچے
کا دل پڑھائی سے اچاٹ ہو جاتا ہے اور وہ آوارہ گردی
کرنے لگتا ہے۔ والدین پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے
کہ بچے کو ایسے ظالم استاد کے پاس دوبارہ نہ لے جائے
بلکہ شفیق، مہربان اور نرم دل استاد کے پاس بچے کو
پڑھانے بٹھائے اور یہ تعویذ باوضو عرقِ گلاب میں زعفران
گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے
میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ شوق سے پڑھنے لگے گا۔ اور بھاگنا اور
آوارہ گردی چھوڑ دے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ
بِالدِّيْنِ ۙ وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ
يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ○ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۙ
وَّاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۙ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ○
وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ○

موذی اور سخت قسم کے امراض سے نجات

اگر کوئی سخت تکلیف دینے والے امراض میں مبتلا ہو جس کی

وجہ سے کسی طرح بھی آرام و سکون نہیں ملتا۔ اس کے لئے
مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر
اس سے کاغذ پر لکھیں اور ایک چینی کی پلیٹ پر لکھے اور کاغذ کو
لپیٹ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ یا
عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھے اور اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر
باندھ لے۔ اختیار ہے گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔
پلیٹ کو باوضو پانی میں گھول کر وہ پانی مریض کو دن بھر
میں چار مرتبہ پلائے۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے دن
۳۔ شام بعد نماز عصر
۴۔ بعد نمازِ عشاء

دوسرے دن پھر باوضو ایک پلیٹ لکھ کر تیار کرے
اور پانی میں گھول کر اسی طرح چار وقت پلائے۔ یہ عمل
اس وقت تک کرتا رہے جب تک مریض مکمل طور پر
صحت یاب ہو جائے اور تکلیف دور ہو جائے۔
اگر کسی جگہ زخم ہو یا سخت درد ہو تو سرسوں کا اصلی تیل
ایک بوتل میں لے کر پلیٹ کا تھوڑا پانی اس میں ڈال کر رکھ لیں

اور مریض کے درد کی جگہ لگائیں یا زخم پر روئی سے لگائیں اور
تیل میں روئی تر کر کے پٹی باندھ دیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ
درد جلد ختم ہوگا اور زخم جلد درست ہو جائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ الْهَامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۝ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ

اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۔

بخار دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو بخار ہو اور نہ جاتا ہو مسلسل بخار رہتا ہو تو
اس کے لئے باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے یہ
تعویذات لکھیں اور روزانہ دن میں تین مرتبہ باوضو گھول کر
مریض کو پلائیں۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

صبح ناشتہ سے قبل پہلا تعویذ پلائیں۔ تعویذ کو وضو
کر کے گھولیں۔

دوپہر گیارہ بجے وضو کر کے دوسرا تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں

تیسرا تعویذ بعد نماز عصر مغرب کی اذان سے قبل
باوضو پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ تعویذ یہ ہیں۔

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ نَزَّتْ
(۲) بِسْمِ اللّٰهِ قَلَّتْ
(۳) بِسْمِ اللّٰهِ مَرَّتْ

چھوٹے بچے کا رونا

چھوٹا بچہ اچانک چونک کر روئے تو اس وقت وضو کر کے

دائیں کان میں اذان کہے اور بائیں میں تین مرتبہ تکبیر کہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رُک جائے گا۔

اگر بچہ مسلسل روتا رہتا ہے اور سوتا بھی نہیں ہے تو آیت ذیل
باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور لپیٹ کر با
وضو موم جامہ کرکے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ بچہ
کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اکثر رونے کی عادت
چھوڑ دے گا۔ اور صحیح ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ شَہِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَاۤ
اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡحَکِیۡمُ ط اِنَّ الدِّیۡنَ عِنۡدَ اللّٰہِ الۡاِسۡلَامُ ط

برائے مسان سوکھا

مسان کا مرض بہت خطرناک ہے۔ بچے کا گوشت گھلتا
چلا جاتا ہے اور ہڈی اور چمڑا رہ جاتا ہے۔ اس کے لئے باوضو
عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو ہی لکھیں۔ بغیر وضو
کے ہرگز نہ لکھیں۔ چند کاغذوں پر لکھ کر رکھ لیں۔ ایک کاغذ کو موڑ کر
تعویذ بنا کر موم جامہ کرکے کالی ڈوری کے ساتھ کالے چمڑے
میں کرکے سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں اور چالیس دن تک
ایک تعویذ باوضو پانی میں گھول کر بچے کو چار وقت پلائیں۔

پلانے کے اوقات یہ ہیں
۱۔ صبح ناشتہ سے قبل
۲۔ دوپہر گیارہ بجے
۳۔ بعد نماز عصر
۴۔ بعد نماز عشاء

وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳۹۰۹	۳۹۰۴	۳۹۱۱
۳۹۱۰	۳۹۰۸	۳۹۰۶
۳۹۰۵	۳۹۱۲	۳۹۰۷

۴۱ بار باوضو چہل کاف پڑھ کر ایک پاؤ لوبان پر دم
کرکے رکھ لے اور کوئلے کی آگ تیار کرکے رکھ لے اور کوئلے
کی آگ تیار کرکے اس پر تھوڑا لوبان ڈال کر بچے کے بدن کو
دھونی دے۔ یا لوبان کا برتن نیچے رکھ کر بچے کو اس کے اوپر
کرکے دھونی دے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے۔

چہل کاف یہ ہے۔
کَفَاکَ رَبُّکَ کَمْ یَکْفِیْکَ وَاکِفَۃً کِفْکَا کُھَا
کَکَمِیْنٍ کَانَ مِنْ کَلَکٍ

تَكَرْكَرًا الْكَرِّ فِي كَبَدِ تَحْكِي مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكِ كَلْكَ
كَفَاكَ مَابِي كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كَانَ تَحْكِي
كَوْكَبُ الْفَلَكِ

مریض بچے کے جسم پر صبح کے وقت یہ تیل لگانا ہے۔ صرف
ایک وقت مقرر کر کے لگانا ہے۔ چاہے تو تیل لگانے کے ایک
گھنٹہ بعد بچہ کو نہلا دیں۔ سردی کی وجہ سے نہ نہلائیں یا محض
نہلانے کا ارادہ نہیں ہے۔ تو کچھ حرج نہیں۔ بدن پر تیل لگا
رہنے دیں یا ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر دیں۔ تیل
شروع کرنے سے پہلے بچہ کا سر استرے سے منڈوا دیں۔ تیل سر
سے پیر تک تمام بدن پر لگائیں۔ جسم کا کوئی حصہ تیل سے خالی نہ
رہ جائے۔ تیل آہستہ آہستہ لگائیں زور سے نہ رگڑیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا اور بچہ تندرست ہو جائے گا
ایک کلو یا ڈیڑھ کلو سفید تل لیں۔ ان کو صاف کر کے دھو کر
سکھا لیں اور اس کا تیل لکڑی کے کولہو میں نکلوائیں۔ پلاسٹک
کی بوتل بھر کر اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونک
ماریں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔
آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک تین مرتبہ
سورہ جن شروع سے شَطَطًا تک تین مرتبہ
چاروں قل تین تین مرتبہ
سورۂ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَــــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

وَالصّٰفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ۝

تَکَرْکُرٌ اَلْکَرِ الْکَرِ فِیْ کَبَدٍ تَحْلِیْ مُشَکْشَکَۃً کَلْکُلُکٍ کَلْکُ
کَفَاکَ مَابِیْ کَفَاکَ الْکَافُ کُرْبَتَہٗ یَا کَوْکَبًا کَانَ تَحْکِیْ
کَوْکَبُ الْفَلَکٖ

مریض بچے کے جسم پر صبح کے وقت یہ تیل لگانا ہے۔ صرف ایک وقت مقرر کر کے لگانا ہے۔ چاہے تو تیل لگانے کے ایک گھنٹہ بعد بچہ کو نہلا دیں۔ سردی کی وجہ سے نہ نہلائیں یا محض نہلانے کا ارادہ نہیں ہے۔ تو کچھ حرج نہیں۔ بدن پر تیل لگا رہنے دیں یا ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر دیں۔ تیل شروع کرنے سے پہلے بچہ کا سر استرے سے منڈوا دیں۔ تیل سر سے پیر تک تمام بدن پر لگائیں جسم کا کوئی حصہ تیل سے خالی نہ رہ جائے۔ تیل آہستہ آہستہ لگائیں زور سے نہ رگڑیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا اور بچہ تندرست ہو جائے گا

ایک کلو یا ڈیڑھ کلو سفید تل لیں۔ ان کو صاف کر کے دھو کر سکھا لیں اور اس کا تیل لکڑی کے کولہو میں نکلوائیں۔ پلاسٹک کی بوتل بھر کر اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونک ماریں۔ وہ آیات یہ ہیں۔

سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ۔
آیۃ الکرسی تین مرتبہ۔

وَالصّٰٓفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ تک تین مرتبہ
سورہ جن شروع سے شَطَطًا تک تین مرتبہ
چاروں قل تین تین مرتبہ
سورۃ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ
عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
وَلَا يَـــــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

وَالصّٰٓفّٰتِ سے مِنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ○

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ اِنَّ اِلٰهَكُمْ
لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ
الْمَشَارِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۙ
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ
اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝

سورہ جن شروع سے لے کر شططاً تک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ
نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ۙ يَّهْدِيْٓ
اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۙ وَّاَنَّهٗ
تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ
كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۙ

چاروں قل یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ
وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۚ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا
عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ

دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

(۲) سورۃ الاخلاص یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ
يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

(۳) سورۃ الفلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ
فِي الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

(۴) سورۃ الناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِيْ
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ نے ڈس لیا ہو (کاٹ لیا ہو) اور کوئی آدمی اس کی خبر لے کر آئے کہ فلاں بن فلاں کو سانپ نے ڈس لیا ہے تو اسی وقت باوضو یہ آیت تین بار پڑھ کر ایک گلاس پانی پر دم کرے اور اس شخص کو پلادے جو خبر لے کر آیا ہے انشاء اللہ تعالیٰ سانپ کا ڈسا ہوا (کاٹا ہوا) صحت یاب ہوجائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ۭ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝ (طٰہٰ آیت ۶۹ رکوع ۳ پارہ ۱۶)

جنات وسحر وغیرہ کو ختم کرنے کا عمل

اگر کسی کو جنات تنگ کریں یا کسی پر جنات کا اثر ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو بغیر پھول والی چینی کی پلیٹ پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں۔ اس کے بعد اس پلیٹ کو لوبان کی اور اگربتی کی دھونی دیں۔ اس کے بعد مریض پر لوبان کی دھونی دیں۔ اس کے بعد پلیٹ کو ایک

بڑے برتن میں پانی ڈال کر گھول لیں لکھے ہوئے کو پانی میں ملالیں اس کے بعد پانی سے تین کام لینے ہیں

اول: یہ کہ اس پانی میں سے ایک بڑی بوتل بھر کر الگ رکھ لی جائے۔ اس بوتل کا پانی روزانہ چار وقت مریض کو پلانا ہے۔ ایک ایک گھونٹ۔ پلانے کے اوقات یہ ہیں۔

(۱) صبح ناشتہ سے پہلے (۲) دوپہر گیارہ بجے (۳) بعد نمازِ عصر (۴) بعد نمازِ عشاء۔

۲۔ دوسرا کام یہ ہے کہ دو بوتل پانی اس میں سے بھر کر نکال لیں۔ اور وہ پانی روزانہ مکان کے ہر ہر کونے، اسٹور، باورچی خانے میں چار وقت چھڑکیں۔

(۱) صبح سورج نکلنے کے بعد (۲) دن گیارہ بجے (۳) بعد نماز عصر (۴) رات کو بعد نمازِ عشاء۔ البتہ یہ پانی غسل خانے اور پاخانے میں نہیں چھڑکا جائے گا۔

۳۔ تیسرا کام یہ ہے کہ بقیہ پانی ایک بالٹی میں ڈال کر اور پانی ملا کر مریض کو اس سے ایسی جگہ غسل دیں کہ غسل کا پانی گٹر لائن یا گندی نالی میں نہ جائے بلکہ ایسی جگہ نہلائیں جہاں پانی زمین میں جذب ہو جائے۔ اگر گھر میں جگہ نہ ہو تو باہر غسل کرلے لیکن شرط وہی ہے پانی گٹر لائن یا گندی نالی یا کچرے

کوڑے میں نہ جائے۔ غسل کے بعد یہ نقش باوضو عرق گلاب
میں زعفران گھول کر اس سے لکھ کر اس میں گیارہ آلپن
ڈال کر لپیٹ دیں اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری
کے ساتھ سلوا کر تیار رکھیں۔ اور غسل کے فوراً بعد مریض کے
گلے میں ڈال دیں۔

یہ عمل ہر دس دن بعد کرنا ہے یعنی تین مرتبہ۔ دس
دس دن بعد کل تیس دن کا عمل ہے۔ تعویذ جو پہلے غسل کے
بعد پہنا تھا وہی رہے گا۔ باقی تمام کام اُسی طرح کرنے ہیں۔
وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ o وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا
الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ
وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ
وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ط
وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا
تَكْفُرْ ۚ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ
وَزَوْجِهٖ ط وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط
وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ط وَلَقَدْ عَلِمُوْا
لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ط وَلَبِئْسَ

مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ط لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ o وَلَوْ
اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
خَيْرٌ ط لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ o

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ط
اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ o
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ o
فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ o فَغُلِبُوْا
هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ o وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ
سٰجِدِيْنَ o قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ o رَبِّ مُوْسٰى
وَهٰرُوْنَ o وَاَلْقِ مَا فِيْ يَمِيْنِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوْا ط
اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ط وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ
اَتٰى o فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ
هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى o

سحر، جادو، سفلی سے نجات

اگر کسی شخص پر سحر، جادو، سفلی کے اثرات ہوں یا کسی بھی
طرح کی بندش کر دی گئی ہو تو اس کو کھولنے اور سحر، جادو، سفلی
کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیات ایک بار

باوضو پڑھ کر ایک پاک بالٹی میں پانی بھر کر اس پانی پر دم کرے اور مریض کو ایسی جگہ بٹھا کر اس کے سر پر پانی ڈال دے اس طرح کہ اس کا سارا بدن پانی سے بھیگ جائے۔ اس پانی کو کسی میدان میں یا کھیت میں ڈال دیا جائے۔ یہ پانی گٹر یا گندی نالی میں نہ بہایا جائے۔ اس کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ لوہے کا ٹب لے کر اس میں مریض کو بٹھا کر پانی ڈال دیا جائے اور وہ پانی دور لے جا کر پاک مٹی میں یا میدان میں یا کھیت میں ڈال دیا جائے کہ خشک ہو جائے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ○

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ○ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ○ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ○ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ۭ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ اَتٰى ○ فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰى ○

ہر مشکل مہم اور اہم کام کے لئے اکسیر عمل

نیا چاند دیکھنے کے بعد کسی بھی تاریخ سے کسی ایک نماز کے بعد پابندی کے ساتھ بلاناغہ اکیس دن تک مسلسل یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی شرط یہ ہے کہ مقصد جائز ہو۔ ناجائز کام کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے۔

اول و آخر بیالیس ۴۲ بیالیس ۴۲ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں یہ آیت ایک سو بار پڑھے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۚۖ فِيْهِ ۚ

اگر یہ عمل فجر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ہی پڑھے اگر ظہر کی نماز کے بعد شروع کیا ہے تو آخر تک ظہر کے

بعد ہی پڑھے ایسا نہ کرے کہ کبھی فجر میں پڑھ لیا، کبھی ظہر میں پڑھ لیا، کبھی عصر میں پڑھ لیا، کبھی مغرب میں پڑھ لیا۔ اس طرح کامیابی مشکل ہے اگر اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس طرح بھی نواز دے تو اس کا فضل عظیم ہے۔

گمشدہ شخص یا چیز کا ملنا

اگر خدانخواستہ گھر سے کوئی بھاگ گیا ہو یا اچانک گم ہو گیا ہو یا راستے میں ادھر اُدھر ہو گیا ہو یا کوئی چیز چوری ہو گئی، گم ہو گئی یا رکھ کر بھول گئے ہوں تو اس کے لئے یہ کلمات باوضو بے شمار مرتبہ پڑھے۔ گھر والے سب مل کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَھَادِیَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَھْدِیْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَائِكَ وَفَضْلِكَ ۔

انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا آجائے گا یا گمشدہ شخص یا مال مل جائے گا چوری کیا ہوا مال بھی واپس آجائے گا۔ شرط عمل۔ بے عمل کبھی کامیاب نہیں ہوتا۔ یہ تجربہ کیا ہوا عمل ہے ہمیشہ کامیاب رہا۔

برائے استغناء قلبی مجرب عمل

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے استغناء قلبی حاصل ہو اور دل سے طمع اور لالچ کا عنصر ختم ہو جائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات رات کو سوتے وقت پڑھ لیا کرے۔ اس کے پڑھنے میں وضو شرط نہیں ہے، وہ کلمات یہ ہیں سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ط انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو گا

برائے دفع دشمن

دشمن جو جان مال کا دشمن ہو، ہر وقت نقصان پہنچانے کے درپے رہتا ہو ایسے دشمن کے دفعیہ کے لئے کچی مٹی کے تین ڈھیلے لے اور ہر ڈھیلے پر تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر پھونکے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

اس کے بعد یہ تصور کرے کہ دشمن میرے سامنے کھڑا ہے اس کا تصور کر کے اس کے جسم پر یہ ڈھیلا مارے۔ یہ عمل اس وقت تک کرتا رہے جب تک دشمن دفع نہ ہو جائے۔

تنبیہ: یہ عمل صرف جائز مقصد کے لئے کرنا ہے کسی کو ناجائز ستانے یا برباد کرنے کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا اور ہرگز کامیاب نہ ہو گا لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ دوسروں کو برباد کرنے کے چکر میں خود برباد نہ ہو جائے۔

مفرور اور بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو یا ناراض ہو کر چلا گیا ہو یا راستے سے بھٹک کر گم ہو گیا ہو اس کے لئے یہ نقش بہت کارآمد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا، کھویا ہوا، گمشدہ واپس آجائے گا یا اس کی خبر مل جائے گی۔ یہ نقش باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں سی کر گھر میں کسی ایسی اونچی جگہ لٹکا دے جہاں ہوا سے ہلتا رہے۔ یا بجلی کے پنکھے کی پنکھڑی میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

بستم راہ مشرق فلاں بن فلانہ

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

بستم راہ شمال فلاں بن فلانہ

اس کے بعد روزانہ دو سو مرتبہ یَا مُعِیْدُ بھی پڑھ لیا کرے

جب وہ شخص آجائے تو تعویذ فوراً اتار لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ اور تعویذ کو پتھر یا اینٹ کے ساتھ باندھ کر سمندر، دریا، نہر، تالاب، ندی میں ڈال دے۔ اگر ایسا موقع نہ ہو تو جنگل میں ایک گڑھا کھود کر اس میں دفن کر دے۔ اور یَا مُعِیْدُ پڑھنا بھی بند کر دے۔

دفع دشمن کا عمل

اگر کسی شخص کا دشمن اس کی جان، اس کے مال، اس کی اولاد کا نقصان کرتا ہے یا چاہتا ہے یا اس سے نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے تو اس کے لئے ایک مٹی کا لوٹا یا ہانڈی یا سراحی یا چھوٹا مٹکا لے جس کو پانی نہ لگا ہو اس کے تریسٹھ ٹکڑے کرے اور ہر ٹکڑے پر سورۃ تَبَّتْ یَدَآ اَبِیْ لَهَبٍ بغیر بسم اللہ کے ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے اور ظالم کے گھر پر تمام ٹھیکریاں ڈال دے۔ ظالم تباہ و برباد ہو جائے گا۔ یہ عمل ہفتہ یا بدھ کے دن کرے اور اگر دوسرا اپنے اوپر کرے تو اس کے اتارنے کا یہی طریقہ ہے یعنی ٹھیکریوں پر دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن جلد دفع ہو جائے گا اور برباد ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل سخت مجبوری میں کرنے کا ہے مذاق میں
یا کسی کو بلا وجہ ستانے اور پریشان اور برباد کرنے کے لئے
کرنا سخت گناہ اور دنیا کی ذلت اور آخرت کی بربادی کا
سبب ہے لہذا کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے
مشورہ کرکے کرے ورنہ کہیں ایسا نہ ہو کہ خود برباد ہو جائے
لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے

دفع دشمن کا عمل

جو شخص اس دعا کو ہمیشہ درمیان فرض سنت نماز
فجر میں دس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور باوضو عرق گلاب میں
زعفران گھول کر اس سے لکھ کر موم جامہ کرکے مرد ہے تو دائیں
بازو پر اور اگر عورت ہے تو بائیں بازو پر باندھ لے۔ تو کوئی دشمن
اس پر غالب نہیں ہوگا اور اس کو زیر کرنے والا خود زیر ہو جائے گا
اور دشمن اس جگہ سے چلا جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرِ الْقَاهِرِ الْقَوِیِّ الْكَافِیْ۔ اَعُوْذُ
بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ عَدُوِّیْ هُوَ اَقْوٰی مِنْهُ اِنَّا كَفَيْنٰكَ
الْمُسْتَهْزِئِيْنَ اَللّٰهُمَّ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَ
صَلَّى اللّٰهُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

سخت مشکل کا فوری حل

اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل میں پھنس گیا ہو اور عزت
اور جان و مال کے نقصان کا اندیشہ ہو تو صلوٰۃ تنجینا مکمل
ایک ہزار مرتبہ ایک ہی نشست (بیٹھک میں یعنی درمیان
میں اٹھ کر ادھر اُدھر نہ جائے اور نہ کسی سے بات کرے) میں
ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالی ہر قسم کی پریشانی سے نجات حاصل
ہوگی اور مشکل سے فوراً نجات ملے گی۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو روزانہ
ستر مرتبہ پڑھ لیا کرے جب تک کام نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔

صلوٰۃ تنجینا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ
لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ
السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَ
تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِی
الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ
قَدِيْرٌ ۝

سحر، جادو، سفلی کا آسان علاج

از شیخ الاسلام حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی پر سخت قسم کا سحر، جادو یا سفلی کیا گیا ہو جس کے
سبب وہ سخت بے چین، بیمار، دیوانہ اور پاگل ہو گیا ہو
تو اس کے لئے بیری کے سبز اور تازہ سات پتے توڑ کر ان کو
سل بٹہ پر تھوڑا پانی ڈال کر پیس لیں یا کونڈی میں موصلی میں رگڑ
لیں۔ اور اس پسے ہوئے پتوں کو ایک گلاس میں ڈال کر پانی
سے بھر لیں اور باوضو تین مرتبہ آیۃ الکرسی اور چاروں قل
تین تین مرتبہ پڑھ کر اس گلاس کے پانی پر دم کر دیں اور مریض
کو تین گھونٹ پلا کر باقی پانی سے مریض نہلایا جائے۔ بدن
پر صابن نہیں لگانا ہے بلکہ صرف پانی اس طرح بہانا ہے کہ
تمام بدن بھیگ جائے کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ اور مریض کو
ٹب میں بٹھا کر نہلایا جائے اور اس ٹب کے پانی کو کسی میدان
میں گڑھا کھود کر دفن کر دیا جائے پانی کھلا نہ چھوڑا جائے اور
گٹر یا گندی نالی میں نہ بہایا جائے۔ پاک جگہ پانی دفن کرے۔
یہ عمل روزانہ چودہ دن تک مسلسل کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ
مریض تندرست ہو جائے گا تمام بیماریاں اور پاگل پن

دور ہو جائے گا۔ اگر کسی مرد کو جادو سفلی کے ذریعہ بیوی کی
مجامعت (صحبت) سے روک دیا گیا ہو تو اس کے لئے بھی
یہ عمل بہت کارآمد ہے اسی طرح کسی عورت کو مرد سے صحبت کرنے
سے روک دیا گیا ہو کہ بیوی شوہر سے دور بھاگتی ہو یا صحبت
سے نفرت کرتی ہو یا صحبت کے وقت سخت تکلیف محسوس کرتی
ہو تو اسی علاج سے عورت بھی درست ہو جائے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج
اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا
فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج
وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ
کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج
وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

چاروں قل یہ ہیں۔

(۱) سورۃ کافرون

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○
قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَ

اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ
وَلَاۤ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَاۤ اَعۡبُدُ ؕ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ ؏

(۲) سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمۡ يَلِدۡ ۙ وَلَمۡ
يُوۡلَدۡ ۙ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ؏

(۳) سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنۡ
شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ ۙ
وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ؏

(۴) سورۂ ناس یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ
النَّاسِ ۙ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ ۙ الۡخَنَّاسِ ۙ الَّذِىۡ
يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ ؏

دودھ دینے والے جانوروں پر نظرِ بد

اگر گائے، بھینس یا بکری پر نظرِ بد لگ جائے اور وہ کھانا

پینا چھوڑ دے، یا اس کا دودھ سوکھ جائے یا کم ہو جائے تو اس کو نظرِ بد سے نجات دلانے کے لئے باوضو ایک کاغذ پر یہ تعویذ لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ گائے، بھینس یا بکری کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بکری چارہ کھانے اور دودھ دینے لگے گی۔

وہ تعویذ یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ اَعُوۡذُ بِكَلِمَاتِ
اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ؕ

سے سے سے سے سے

حیوان یا انسان کے پیشاب کا بند کھولنا

اگر خدانخواستہ کسی انسان یا حیوان کے پیشاب کو بند لگ جائے اور پیشاب نہ نکل رہا ہو جس کے سبب مریض کا برا حال ہو رہا ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر دو کاغذوں پر یہ آیت لکھے اور ایک کاغذ کو موڑ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر انسان یا جانور کے گلے میں ڈال دے، اور دوسرا کاغذ پانی میں گھول کر انسان یا حیوان کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی بندش کھل جائے گی

اور کھل کر پیشاب آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ لَوۡ اَنۡزَلۡنَا هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيۡتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنۡ خَشۡيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلۡكَ الۡاَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ ۝

گھوڑے کے پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کے گھوڑے کا پیشاب بند ہو جائے اور بندش کے سبب اس کی حالت بہت خراب ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش دو عدد لکھے۔ ایک موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر گھوڑے کے گلے میں ڈال دے اور ایک تعویذ پانی میں گھول کر گھوڑے کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ گھوڑا فوراً پیشاب کرے گا اور اس کا بند کھل جائے گا۔ بہت مجرب تعویذ ہے۔

وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

یا نافع	۱۱۰	یا نافع
یا نافع	یا نافع	۲۰
یا نافع	یا نافع	یا نافع

جانور، نوکر، اولاد باغی ہو جائے اور کہنا نہ مانے

اگر کسی کا جانور باغی ہو جائے، گھوڑا سواری کے وقت گڑبڑ کرے یا گائے بھینس دودھ دیتے وقت لاتیں ماریں۔ یا نوکر صحیح کام نہ کرے بلکہ نقصان پہنچانے والے کام کرے یا اولاد کہنا نہ مانے اور غلط راستے پر چلنے پر اصرار کرے تو اس کے لئے یہ آیت باوضو پڑھ کر اس کے دونوں کانوں میں روزانہ پھونکا کریں جب تک صحیح نہ ہو جائے برابر عمل کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانور فرمانبرداری کریں گے۔ اولاد اور نوکر صحیح کام کریں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اَفَغَيۡرَ دِيۡنِ اللّٰهِ يَبۡغُوۡنَ وَلَهٗۤ اَسۡلَمَ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ طَوۡعًا وَّكَرۡهًا وَّاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ۝

سانپ کے ڈسے ہوئے کا زہر ختم کرنا

اگر کسی آدمی کو سانپ ڈس لے (کاٹ لے) اور کوئی شخص خود یا ڈاک سے یا تار سے اطلاع ملے تو تین مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر تھوڑے پانی پر پڑھ کر دم کر دے اور خبر لانے والے یا خط لانے

والے ڈاکیے یا تار لانے والے کو یہ پانی پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ
مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ اگر موقع ہو اور وقت ہو تو اسی طرح
پانی دو تین مرتبہ دم کر کے خبر لانے والے کو پلا دے۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

کہہ خدا سُن اے محمد سینی کے لبس وس کیسی ہے
نبی پیارا بانگ پکارے جان بچے گھر بیٹھے کی
جو کوئی اس دی خبر لیاوے پانی بھر دیجئے جی
آ پیوے تے اوہ بچ جاوے بُڈا ابو سمند کا جی

یہ کلمات چونکہ پنجابی کے ہیں لہٰذا اس کو پنجابی ہی میں پڑھے
اردو میں نہ بدلے البتہ پنجابی لب و لہجہ کسی پنجابی بولنے والے
سے درست کرا لے۔ دراصل بات یہ ہے کہ بزرگوں کی زبان سے
نکلی ہوئی بات میں بھی تاثیر ہوتی ہے اس کو اردو میں کرنے سے اس
کی تاثیر میں فرق پڑ جائے گا لہٰذا اس کو پنجابی ہی میں پڑھے۔
پورا پورا فائدہ ہوگا اور دور دراز شخص صحتیاب ہوگا۔

برائے مسان

جس بچے کو مسان کا مرض ہو اور وہ سوکھ کر کانٹا ہو گیا
ہو تو اس کے لئے باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے

باوضو یہ چہل کاف کا نقش لکھیں اور لپیٹ کر لوبان کی دھونی
دے کر موم جامہ کرے کالے چمڑے میں کالی ڈوری کے ساتھ
سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ جلد
تندرست ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٣٩١١	٣٩٠٤	٣٩٠٩
٣٩٠٦	٣٩٠٨	٣٩١٠
٣٩٠٧	٣٩١٢	٣٩٠٥

ولادت میں آسانی

اگر کسی عورت کو دردِ زہ شروع ہو گئے ہوں تو باوضو
عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے یہ نقش لکھے اور سفید
کپڑے میں لپیٹ کر اس کو عورت کی بائیں ران میں باندھ دیا
جائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو
لؤلو	لؤلو	لؤلو

بچہ کی بسہولت پیدائش کے لئے

اگر کسی عورت کو دردِ زہ شروع ہو گیا ہو اور بچہ کی پیدائش کا وقت ہو چکا ہو تو مندرجہ ذیل طلسم باوضو ایک کاغذ یا ٹھیکری پر لکھ کر عورت کے سیدھے ہاتھ میں پکڑا دے عورت اسے دیکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دیکھتے دیکھتے فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے

ج ح خ ط ظ ع غ ق ن ك ل م | اشثم ہ ذ ذ ا س و ك ل د |

عورت کا حمل قائم رہنے کے لئے نیز درخت زیادہ پھل دے

اگر ان کلمات کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے اور کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر عورت کے گلے میں ڈال دے تو انشاء اللہ تعالےٰ عورت اسی مہینے میں حاملہ ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هو هو هو هو هو هو هو
الله الله الله الله الله الله الله
حے حے حے حے حے حے حے
قيوم قيوم قيوم قيوم قيوم قيوم قيوم
وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین

یہ ہی تعویذ باوضو لکھ کر لپیٹ کر کسی کالے کپڑے میں لپیٹ کر کسی آم، جامن، امرود یا پھل دار درخت پر لٹکا دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ درخت خوب پھل دے گا۔ بہت لاجواب تعویذ ہے۔

نماز حاجت (ترمذی شریف کا عمل)

ہر مقصد میں کامیابی، ہر مشکل کے حل کے لئے اور ہر رکاوٹ کو دور کرنے کے لئے حدیث شریف میں صلوٰۃ حاجت پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ تازہ وضو کرے اور دو رکعت نفل نماز برائے قضائے حاجت (ضرورت پورا ہونے) کی نیت سے پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد اس طرح دعا مانگے اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ اِلٰى رَبِّيْ بِكَ فَيَقْضِيْ حَاجَتِيْ (یہاں اپنی حاجت کا ذکر کرے اگر عربی میں عرض نہ کر سکتا ہو تو اردو میں کہہ لے یا جو زبان بولتا ہو اس میں کہہ لے) اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ۔

اس دعا کو پڑھنے کے پہلے اور بعد تین تین بار درود شریف

پڑھ لے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

اگر کوئی شخص میت کو بُری حالت میں دیکھے

از حکیم الامت مجدد ملت مولانا شاہ محمد اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

اگر ایک شخص مرد ہو یا عورت کسی میت یا مرے ہوئے آدمی کو خواب میں دیکھے کہ وہ خراب حالت میں ہے۔ خراب کپڑے، پریشان تکلیف میں مبتلا ہے یا اپنے کسی دکھ تکالیف کا اظہار کر رہا ہے تو حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے فرمایا کہ اس کے وارثوں کو مت خبر کرو کیونکہ ان کو رنج ہوگا بلکہ تم خود یٰسین شریف (پوری سورت) اور سورۃ ملک (پوری سورت) پڑھ کر اس کو ثواب پہنچادو اور ایک ہفتہ تک ایسا ہی کرو۔ اللہ تعالیٰ کے کلام کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس مردے پر رحم فرمائے گا اور عذاب ختم کردے گا۔ ثواب پہنچانے کے لئے اس طرح کہے

اے اللہ تعالیٰ میں نے جو قرآن شریف کی سورتیں پڑھی ہیں ان کو

قبول فرما اور حضور اکرم حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلے سے ان کا ثواب فلاں بن فلانہ (یہاں مردے کا اور اس کی والدہ کا نام لے) کو پہنچادے اور اس کی مغفرت اور بخشش کا ذریعہ بنادے آمین۔

دشمنوں سے حفاظت

از شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی شخص کا واسطہ دشمنوں سے پڑجائے یا کسی سے بلا وجہ دشمنی پیدا ہوجائے یا کوئی حسد کی وجہ سے دشمن بن جائے یا احسانات کو بھلا کر دشمنی کرنے لگے تو اس کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہنے کے لئے نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ بلا ناغہ اول و آخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں چالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح دشمن کی شرارت، اس کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۔

سورہ فاتحہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۙ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۙ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے حمل قائم نہ ہوتا ہو اور وہ دل سے اولاد کی خواہش مند ہو تو اس کے لئے اکیس (۲۱) عدد چھوہارے لے کر انہیں دھو کر صاف کر لے اور سورہ تغابن (پ، اکیس بار پڑھ کر ان پر دم کر کے رکھ لے۔ پھر حیض کے بعد سات عدد چھوہارے بعد نماز عشاء اس طرح کھائیں کہ ایک چھوہارہ روزانہ لے کر آدھا مرد کھائے اور آدھا عورت کھائے اس کے بعد ایک سو بار رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ○ دونوں الگ الگ پڑھیں۔ پھر ہمبستری کریں۔ اسی طرح مسلسل سات دن عمل کریں۔ اگر دوسری بار کرنے سے حمل ٹھہر جائے تو صحیح ہے ورنہ پھر تیسرے حیض کے بعد بھی عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور حمل

قائم ہوگا۔

جن، بھوت، پریت، آسیب کو دفع کرنا

جس گھر میں جن، بھوت یا آسیب، دیو، پری ہوں ان سے نجات کے لئے حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا نامہ مبارک بہترین ذریعہ ہے۔ اس نامہ مبارک کو لکھنے سے قبل اس کی زکوٰۃ ادا کرے وہ اس طرح کہ رات کو جب کہ رات کا نصف حصہ گذر چکا ہو یعنی آدھی رات باقی ہو غسل کرے نئے یا دھلے ہوئے پاک کپڑے پہن کر تہجد کی نماز بارہ رکعت ادا کرے۔ دو دو رکعت کی نیت کر کے پڑھے۔ اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار یہ درود شریف پڑھے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْاَسْوَدِ وَالْاَحْمَرِ وَالْاَصْغَرِ وَالْاَکْبَرِ صَاحِبِ الْکَوْثَرِ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ

اس کے بعد ایک سو اکتیس (۱۳۱) مرتبہ اس نامہ مبارک کو پڑھے۔ وہ نامہ مبارک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ ھٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط اِلٰی مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ

الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّائِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ
بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ
سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا اَوْ
رَاعِيًا حَقًّا مُّبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَ
عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ۔ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِىْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا
اِلٰى عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَالْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعُمُ اَنَّ
مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ
اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ تُغْلَبُوْنَ
حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَاءُ اللّٰهِ
وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ
فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

اس کے بعد اس نامۂ مبارک کو سفید کاغذ پر کچی کالی روشنائی سے باوضو لکھے اور وہ کاغذ آسیب زدہ کو دکھلائے یا مکان کی اس دیوار پر لگادے جو دروازے کے بالکل سامنے ہے۔ گویا جیسے ہی کمرے میں آدمی داخل ہو اس کی نظر نامۂ مبارک پر پڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی دن اس گھر سے اور پاس پڑوس سے سب جن، بھوت پریت، آسیب بھاگ جائیں گے۔

آدھا سیسی کے درد کا علاج

اگر مرد یا عورت کے سر میں آدھا سیسی کا شدید درد ہوتا ہو اور کسی طور چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے

صبح سورج نکلنے سے پہلے ایک چینی یا مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر مریض کے سامنے رکھدے مریض اس پانی میں دیکھتا رہے اور عامل نیم کی ٹہنی لے کر اس کو سر سے پیر تک لاتا رہے۔ اور یہ پڑھتا رہے

بن میں بیاہی باندری آپ ہی بن پھل کھاتے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جاتے
درین میں بیاہی باندری آپ ہی درین پھل کھاتے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جاتے
سنکھن میں بیاہی باندری آپ ہی سنکھن پھل کھاتے
اٹھو محمد ہانک دو آدھا سیسی جاتے

یہ عمل تین دفعہ کرے اور پھر وہ پانی ایسی جگہ ڈال دے یا دیوار پر چھڑک دے جہاں کسی کا پاؤں نہ پڑے اور ناپاک جگہ نہ ہو۔

یہ عمل تین دن مسلسل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھا سیسی کا

مرض ختم ہوجائے گا۔ نیم کی ٹہنی پتے والی بھی ایک طرف ڈال دے
دوسرے دن پھر ایک شاخ نیم کی پتے والی لے کر یہ عمل کرے۔

ف: یہ بات یاد رکھنے کی ہے کہ اہل اللہ کی زبان میں ذکر وعبادت اور تلاوت کلام الٰہی کی برکت سے تاثیر پیدا ہوجاتی ہے۔ ان کی زبان سے نکلے ہوئے الفاظ بھی بہت مؤثر اور پُر تاثیر ہوتے ہیں لہٰذا ان الفاظ میں تبدیلی سے ان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا عملیات وتعویذات میں لکیر کا فقیر بننے والا ہی کامیاب ہوتا ہے جو اپنے علم اور عقل کو کام میں لانے کی کوشش کرتا ہے نکام و نامراد ہوتا ہے

مشکلات کے حل کے لئے اور رزق میں زیادتی

اگر کوئی شخص رزق کی کمی کا شکار ہو اور گزارہ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔ ہر روز بعد نماز عشاء اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ درمیان میں پانچ سو (۵۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی اور ہر قسم کی مشکل آسان ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ہر مشکل کے حل کے لئے

جس شخص کا کام ہوتے ہوتے بگڑ جاتا ہو یا کام ہونے میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ پیدا ہوجاتی ہو تو اس کے لئے ایک لاکھ پچیس ہزار (۱۲۵۰۰۰) مرتبہ

اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝

پڑھ کر ختم کرے۔ اس کے بعد روزانہ ایک وقت مقرر کر کے تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پڑھ لیا کرے۔ اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے جب بھی پڑھنے بیٹھے باوضو قبلہ رُخ بیٹھ کر پڑھے۔ درمیان میں بالکل بات چیت نہ کرے نہ اٹھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام رکاوٹیں دور ہوجائیں گی اور سب کام آسانی کے ساتھ انجام پائیں گے۔

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی کا پیشاب بند ہوجائے تو درج ذیل آیت عرقِ گلاب میں گھول کر اس کو چینی کی سادہ بغیر پھول والی پلیٹ پر باوضو ہو کر لکھے اور [illegible] کو پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب

کا بند کھل جائے گا اور پیشاب کھل کر آئے گا۔ وہ آیت یہ ہے
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَ اِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ ؕ كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا مِنۡ رِّزۡقِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ۝

برائے حفاظتِ حمل

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو تو اس کے قائم رہنے اور حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے چمڑے میں سلوا کر باوضو لوبان کی دھونی دے کر گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہو گا۔

وہ آیات یہ ہیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ يُمۡسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَكَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيۡمًا غَفُوۡرًا ۝
فَاللّٰهُ خَيۡرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِيۡنَ ۝

بچہ کو ہر قسم کے مسان، سایہ، نظر بد سے بچاؤ کے لئے

اگر بچہ کی بابت ڈر ہو کہ اس پر مسان کا حملہ ہو گا یا اس پر

کسی جن، بھوت، پریت کا سایہ ہونے کا خطرہ ہو یا نظر بد اور بیماری کا خوف ہو تو ذیل کا نقش عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان کی دھونی دے کر چمڑے میں سلوا کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ چمڑا اور گلے کی ڈوری کالی ہو۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

بسم اللہ ارقیک من کل داء یوذیک ومن شر کل حاسد وعین اللہ یشفیک

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

بسم اللہ ارقیک من کل داء یوذیک ومن شر کل حاسد وعین اللہ یشفیک

بسم اللہ ارقیک من کل داء یوذیک ومن شر کل حاسد وعین اللہ یشفیک

[illegible]

برائے سردی کا بخار

یہ بخار تیسرے دن آتا ہے اور مریض کو سخت ٹھنڈ لگتی ہے اور اس کا تمام بدن بری طرح کانپتا ہے۔ اس کو رضائی، کمبل اڑھانا پڑتا ہے پھر بھی کپکپی دور نہیں ہوتی۔ اس کے لئے پیپل کے تین پتوں پر یہ حروف مقطعات

باوضو لکھ کر رکھ لے اور روزانہ صبح نہار منہ جب کچھ نہ کھایا ہو ایک پتہ مریض کو چٹا دیا جائے۔ تین دن تین پتے روزانہ ایک پتہ کے حساب سے چٹا دیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار و لرزہ ختم ہو کر صحتیاب ہوگا۔ وہ حروف مقطعات یہ ہیں۔

کھیعص حمٓ عسق

بخار سے نجات کے لئے

اگر کسی کو بخار نے گھیر لیا ہو اور روزانہ بخار چڑھا رہتا ہو اور اسے کچھ کام نہ کرنے دیتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے سفید بغیر پھول والی پلیٹ پر لکھیں اور بیمار کو پانی میں گھول کر پلائیں۔ روزانہ ایک پلیٹ لکھا کریں یا بہت ساری پلیٹیں لکھ کر رکھ لیں۔ چند دن کے استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بخار بھاگ جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّ سَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ٥

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ط

بِسْمِ اللّٰہِ فَرَّتْ بِسْمِ اللّٰہِ قَلَّتْ۔

یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْکُمْ ج وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا

اَلْئٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا ط

ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَةٌ ط

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ٥

مرگی کے مرض سے نجات

اگر کسی بچے یا بڑے کو مرگی کا دورہ پڑتا ہو اس کے خاتمہ کے لئے مندرجہ ذیل کلمات عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے ایک کاغذ پر لکھیں اور موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں سلوا کر کالی ڈوری کے ساتھ اس مریض کے گلے میں ڈال دیں انشاء اللہ تعالیٰ مرگی کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّةٍ

تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ طَبْیُوْنُسْ کَشَافَطْیُوْنُسْ اَذْرَفَطْیُوْنُسْ یُوَانِسْ بُوْسْ وَکَلْبُهُمْ قِطْمِیْرُ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

ههههه

۷۸۶ ه ||| ج ‡ ۱۱ اا ه و

ءءءءءءءوهمص

حاکم، افسر کے پاس جانے اور اس کا دل نرم کرنے کا عمل

اگر کسی شخص کو اپنے کسی ضروری کام کے سلسلے میں کسی حاکم یا افسر سے واسطہ پڑ جائے اور اس کے دفتر میں حاضر ہونا پڑے تو اس کے سامنے جانے سے قبل سورۃ الناس اس طرح پڑھے کہ جب لفظ والناس پر پہنچے تو تین بار وَالنَّاس ٥ وَالنَّاس ٥ وَالنَّاس ٥ کہے۔ سات مرتبہ سورہ ناس اس ترکیب سے پڑھنے کے بعد اپنی شہادت کی (دائیں ہاتھ کی وہ انگلی جو انگوٹھے کے برابر ہے) انگلی کو زبان سے لب لگا کر اپنے ماتھے پر

صرف لام (اس طرح "ل") بنادے۔ اب حاکم یا افسر کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نرمی کے ساتھ پیش آئے گا اور کام بھی کردے گا۔

مجرب عمل ہے۔ سورۃ الناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ٥

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ٥ مَلِكِ النَّاسِ ٥ اِلٰهِ النَّاسِ ٥ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ٥ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ٥

والناس پر سورۃ ختم کر کے والناس کا لفظ تین مرتبہ اس طرح کہے وَالنَّاسِ ٥ وَالنَّاسِ ٥ وَالنَّاسِ ٥

نکاح کی بندش کھولنا اور جادو، سفلی سحر سے حفاظت

اگر کسی لڑکی یا لڑکے کا رشتہ نہ ہوتا ہو یا رشتہ کے لئے کوئی نہ آتا ہو یا آتا ہو لیکن ایک مرتبہ آنے کے بعد دوبارہ لوٹ کر نہیں آتا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ رشتہ اور شادی کی بندش لگ گئی ہے اور لڑکی یا لڑکے پر جادو کیا گیا ہے۔ بندش کھولنے اور لڑکی اور لڑکے کو سحر، جادو، سفلی کے اثر سے نکالنے کے لئے تین عدد تعویذ باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے۔ اور ایک تعویذ پلاسٹک میں لپیٹ کر موم کا کپڑا لپیٹ کر (یعنی تعویذ کو موم جامہ کرکے) گلے

چمڑے میں لاسٹک لگا کر سلوا لے۔ مرد یعنی لڑکا دائیں بازو پر باندھے اور لڑکی یا عورت بائیں بازو پر باندھے۔ دو عدد نقش باوضو کسی برتن میں پانی لے کر اس میں گھول دیں اور ہر روز صبح کو زوال (گیارہ بجے دن) سے پہلے پہلے بغیر صابن لگائے وہ پانی تھوڑا آدھا گلاس یا بالٹی پانی بھر کر ڈال دیں اور تمام بدن پر پانی بہا لیں لیکن شرط یہ ہے کہ پانی گندی نالی یا گٹر میں نہ جائے باہر [illegible] میں گڑھا کھود لیں تاکہ پانی اس میں جذب ہو جائے۔ یا پھر ایک لمبے پلاسٹک کے ٹب میں بیٹھ کر پانی بہا لیں اس طرح کہ تمام بدن بھیگ جائے: اور اس ٹب کا پانی دور جنگل میں ڈال دیں ایسی جگہ جہاں کچرا و گندگی نہ ہو۔ سب سے بہتر یہ ہے کہ اس پانی کو ایک گڑھا کھود کر اس میں ڈال دیں اور اوپر سے مٹی ڈال کر گڑھا بند کر دیں۔

وہ تعویذ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ٥ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ٥ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ٥ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ

يُوْلَدْ ٥ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ٥

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ٥

دیوانہ کتّے کے کاٹے کا توڑ

اگر خدانخواستہ کسی کو پاگل کتا کاٹ لے تو اس کا زہر بہت خطرناک ہوتا ہے، کچھ عرصے بعد آدمی اسی کتّے کی طرح بھونکنے لگتا ہے اور دوسرے آدمیوں کو کاٹتا ہے جس سے وہ زہر ان کے جسم میں منتقل ہو جاتا ہے اور وہ بھی کتّے کی طرح بھونکنے لگتے ہیں اور پاگل ہو جاتے ہیں۔ پاگل کتا جس کو کاٹ لے وہ پانی کو دیکھ کر بہت زیادہ پاگل ہو جاتا ہے۔ پاگل کتّے کی یہ نشانی ہے کہ اس کی دُم نیچے لٹکی ہوئی ہوتی ہے۔ تندرست کتّے کی دُم

مڑی ہوئی یا اوپر اٹھی ہوئی ہوتی ہے

کتے کے کاٹنے کے بعد انجکشن لگتے ہیں لہذا کتے کے کاٹنے کے بعد فوراً انجکشن کا پورا کورس لگوائے اور یہ عمل بھی کرے ایک ٹکڑا روٹی پر پڑھ کر مریض کو کھلاتے ۔ وہ آیت یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝
انھم یکیدون کیدا ۝ واکید کیدا ۝ فمھل الکفرین امھلھم رویدا ۝

نیز ایک ٹکڑا بانات سرخ کا گڑ میں لپیٹ کر مریض کو کھلاتے انشاء اللہ تعالیٰ کتے کے کاٹے کے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

بچھو، تتیا، زنبور اور ہر قسم کے زہریلے کیڑے کا زہر ختم

اگر کسی کو بچھو، تتیا، زنبور یا کسی بھی قسم کا کیڑا سانپ کے علاوہ کاٹ لے تو اس کے لئے یہ آیت بہت مفید ہے۔ اس سے زہر کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے

یہ سب تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں پھر پوچھیں درد کم ہوا یا نہیں، اگر کم ہوا ہے تو پھر تین بار پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح بار بار دریافت کرتے رہیں اور پڑھ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔ جب درد ختم ہو جائے عمل ختم کر دیں۔ مجرب عمل ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ۝ اللھم صل علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد کما صلیت علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید ۝ اللھم بارک علیٰ محمد وعلیٰ آل محمد کما بارکت علیٰ ابراھیم وعلیٰ آل ابراھیم انک حمید مجید ۝
واذا بطشتم بطشتم جبارین ۝

گائے، بھینس، بکری کو نظر لگ جانا

اگر کسی گائے، بھینس، بکری کو نظر لگ جائے اور دودھ دیتے وقت لاتیں مارے تو یہ تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے میں ڈوری کے ساتھ سلوا کر اس جانور کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحیح طرح سے دودھ دینے لگے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ومن شر النفثت فی العقد ۝ ومن شر حاسد اذا حسد ۝

بسم اللہ الرحمن الرحیم الذی یوسوس فی صدور الناس ۝ من الجنۃ والناس ۝

برائے درد چھاتی (پستان)

اگر کسی کی چھاتی (پستان) میں درد ہوتا ہو تو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے دو نقش پاک مصلے پر قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے ایک نقش کو لپیٹ کر موم جامہ کر کے کالے چمڑے

میں کالی ڈوری کے ساتھ سلوا کر مریضہ کے گلے میں ڈال دے
اور دوسرا نقش باوضو پانی میں گھول کر مریضہ کو پلائے اور کچھ پانی
ہاتھ میں لے کر چھاتی (پستان) پر ملیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ
ہوگا اور آرام آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف جگہ سے اِدھر اُدھر ہوگئی ہو اور اس کے
سبب پیٹ میں سخت درد ہوتا ہو تو اس کے لئے یہ نقش باوضو
عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھیں اور موم جامہ کر کے
ناف پر باندھ لیں ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ تین چار دن کے
بعد کھول کر رکھ دیں۔ اس کے باندھنے میں یہ خطرہ ہے۔ اگر تعویذ ناف سے
اِدھر اُدھر ہوگیا تو ناف بھی اُدھر ہی ہوجائے گی لہٰذا اس طرح
باندھے کہ تعویذ ناف پر ہی رہے اِدھر اُدھر نہ ہو۔

وہ تعویذ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ
یا اللہُ یا رحمٰنُ	مریض کا نام معہ اس کی والدہ کا نام	یا اللہُ یا رحمٰنُ
یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ

برائے درد دانت

جس شخص کے دانت یا ڈاڑھ میں درد ہو تو مندرجہ ذیل
نقش ایک کاغذ پر بنائے اور اس کے چاروں کونوں پر سوراخ
بنائے اور چھری یا کسی نوکدار (کیل وغیرہ) سے پہلے سوراخ
میں رکھ کر زور سے دبائے اور مریض اپنے درد والے دانت کو
زور سے پکڑے۔ عامل یہ کلمات پڑھے

اِلٰہی بِحُرمتِ حضرت عُثمانؓ بن عفانؓ

پھر مریض سے پوچھے کہ درد ختم ہوا۔ وہ کہے ابھی باقی ہے تو
دوسرے سوراخ میں وہ چھری کی نوک رکھے اور مریض درد والا
دانت پکڑے ایک دفعہ پھر وہی کلمات دہرائے اور مریض سے
درد کی بابت معلوم کرے۔ اگر درد چلا جائے تو ٹھیک ورنہ
تیسرے خانے میں چھری کی نوک رکھ کر وہی عمل دہرائے انشاءاللہ

دانت کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

دوسرا سوراخ ۲ — تیسرا سوراخ ۳

پہلا سوراخ ۱ — چوتھا سوراخ ۴

برائے دردِ سر

اگر کسی کے سر میں درد رہتا ہو یا اس کے سر میں شدید درد ہو رہا ہو تو یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کی پیشانی (ماتھے) پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کا دردِ سر ختم ہوجائے گا۔

وہ نقش یہ ہے

صلوہ	سلوہ
سلوہ	صلوہ

ہر قسم کے درد سے نجات

اگر کسی انسان کے جسم کے کسی بھی حصے میں درد ہو اور وہ اس سے پریشان ہو تو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر

یہ آیتِ شریفہ لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پلائیں اور کاغذ کو جلادیں۔ اسی طرح تین تعویذ لکھیں روزانہ ایک تعویذ گھول کر مریض کو دن میں چار وقت پلائے اور یہی پانی تھوڑا سا لے کر درد کی جگہ لگائے

۱۔ صبح ناشتہ سے قبل ۲۔ دوپہر گیارہ بجے

۳۔ بعد نمازِ عصر ۴۔ بعد نمازِ عشاء

وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَ تِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ○

يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ يَا شَافِيْ

صحبت کی بندش کھولنا

بعض مرتبہ دشمنی یا حسد و بغض کے سبب یا بعض مرتبہ دولہا کو ذلیل کرنے کے لئے لوگ یہ حرکت کرتے ہیں کہ اس کی قوتِ مردمی کو عمل کے ذریعہ بند کروادیتے ہیں جس کے سبب وہ باوجود طاقت اور جوانی کے صحبت سے مجبور ہوجاتا ہے اور ذہنی کوفت اور شرمندگی کے سبب بعض مرتبہ خودکشی بھی کرلیتا ہے۔ اس کے لئے زیادہ

پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ سورۂ یٰسین شریف
تین مرتبہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیئے اور عرق گلاب میں
زعفران گھول کر اس سے سورہ بیّنہ یعنی لَمْ یَکُنِ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا
(پ۳۰) پوری مکمل سورت بغیر اعراب (زیر زبر) کے ایک سفید
کاغذ یا چینی کی سفید پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور پانی میں گھول کر
وہ پانی پی لیا کرے۔ یہ عمل برابر چند دن کرے۔ چاہے تو ایک ہی
دن میں بہت سی پلیٹ خود لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر رکھ لے اور
باوضو روزانہ گھول کر پی لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی بندش
ختم ہو جائے گی۔

کمزور اور چٹخی دیوار نہ گرے

اگر کسی کے مکان، دوکان یا باڑے کی دیوار کمزور ہو گئی ہو
یا وہ چٹخ گئی ہو اس میں دراڑیں پڑ گئی ہوں تو اس کے لئے
باوضو مندرجہ ذیل شعر ایک سفید کاغذ پہ لکھے اور اس کو اس
کمزور دیوار پر لگا دے اللہ تعالیٰ کی رحمت اور حضرت معروف کرخی
رحمۃ اللہ علیہ کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دیوار قائم رہے گی اور
گرنے سے محفوظ ہو جائے گی۔ عقیدہ اور عمل شرط ہے۔
وہ شعر یہ ہے۔

الٰہی بحرمتِ معروفِ کرخی
بماند سالہا دیوار ترخی

سانپ، بچھو اور موذی جانور کے کاٹنے سے حفاظت

اگر کوئی شخص جنگلوں میں سفر کر رہا ہو یا جنگل میں یا کھیت
میں کام کرتا ہو یا لمبی گھاس یا بڑی بڑی جھاڑیوں کے درمیان
سے گذرنا ہوتا ہو تو تین مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لے
انشاء اللہ تعالیٰ سانپ بچھو اور موذی جانوروں کے کاٹنے سے
محفوظ رہے گا۔ آیت کریمہ یہ ہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ
اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

پیشاب کی بندش کھولنا

اگر کسی شخص کے پیشاب کو بند لگ جائے اور پیشاب نہ ہونے
سے اس کی حالت انتہائی خراب ہو جائے تو پیشاب کو جاری کرنے
کے لئے مندرجہ ذیل آیات باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر
اس سے ایک چینی کی پلیٹ بغیر پھول والی پر لکھے اور پانی میں گھول کر
اس مریض کو وہ پانی بار بار پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب کی

کھل جائے گی اور پیشاب جاری ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ○

غناء ظاہری و باطنی اور مالداری کے لئے

اگر کسی شخص کی آمدنی کم ہو اور خرچ زیادہ ہوتا ہو اور بظاہر آمدنی بڑھنے کا امکان بھی نہ ہو اور قرض ملنا بھی دشوار ہو تو ایسی صورت میں اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنی چاہیے اور اسی سے مدد طلب کرنی چاہیے۔ اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

بعد نماز عشاء باوضو اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد

یَا مُغْنِیُ

تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) بار پڑھے آخر میں درود شریف گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل بلاناغہ چالیس دن تک برابر کرے۔ اس طرح پڑھنے سے زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اب روزانہ بعد نماز عشاء اول تین بار درود شریف اس کے بعد گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیُ۔ آخر میں تین بار درود شریف پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جیب خالی نہ رہے گی اور آمدنی کا غیب سے ذریعہ بن جائے گا۔ یہ عمل مسلسل اور بلاناغہ کرے۔ اگر تین دن مسلسل نہ کیا تو عمل ٹوٹ جائے گا اور چلہ دوبارہ کرنا پڑے گا۔ سفر میں یا کسی بھی حالت میں ناغہ نہ کرے اگر ایک دن ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن دوگنا کرلے۔ اور اگر دو دن ناغہ ہو جائے تو تیسرے دن تین گنا

کر کے پڑھے۔ اور اگر مسلسل تین دن ناغہ ہو گیا تو عمل ٹوٹ گیا عمل دوبارہ کرنے اور چالیس دن تک (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ یہ عمل مسجد میں بیٹھ کر نہ کرے۔ دنیا کے لئے عمل مسجد میں کرنا بہت برا ہے۔ یہ عمل گھر یا کسی دوسری جگہ پڑھے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ

حافظہ مضبوط اور ذہن کھلنا

جس بچے یا بڑے کا حافظہ کمزور ہو اور پڑھنے لکھنے کی بات یاد نہ رہتی ہو یا ہر بات بھول جاتی ہو یا بچہ کا حافظہ کمزور ہو وہ پڑھا ہوا سب ذرا دیر میں بھول جاتا ہے۔ اس کے لئے باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو سورۂ یٰسین شریف بغیر پھول والی پلیٹ میں لکھے اور باوضو گھول کر صبح کو پی لیا کرے یہ عمل مسلسل سات دن تک برابر کرے ناغہ نہ کرے۔ اگر پوری سورۂ یٰسین شریف ایک پلیٹ میں نہ لکھی جا سکے تو دوسری یا تیسری پلیٹ

میں بھی لکھ لے۔ اگر ایک ہی دن لکھ کر سب پلیٹ رکھ لے اور
روزانہ صبح کو باوضو پانی میں گھول کر پی لیا کرے اگر کوئی دوسرا
ہے یا بچہ ہے تو اسے گھول کر پلا دیا کرے۔ مجرب عمل ہے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ قوی ہوگا یادداشت مضبوط ہوگی۔

اگر شہوت مردی کم ہو جائے

اگر کسی کی شہوت مردی کم ہو جائے اور وہ پریشان رہتا
ہو تو اس کی بحالی کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو عرقِ گلاب میں
زعفران گھول کر اس سے چینی کی پلیٹ پر لکھے اور پانی میں گھول کر وہ
پانی پی لے۔ تین دن عمل کر کے دیکھئے اگر شہوت بحال ہو جائے تو
ٹھیک ہے ورنہ تین پلیٹیں لکھ کر پھر تین دن پیئے انشاء اللہ تعالیٰ
جلد ہی شہوت بحال ہو جائے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھ ۲۹ ع ۹ ۷۱ ۱۱۱ ۱۱ ۹۹ ۱۱۱

مہ مہ مح اللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَعْلَمُ

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی لڑکا، لڑکی، عورت، مرد، بچہ گھر سے فرار ہو گیا ہو

اور اس کی واپسی مشکل معلوم ہوتی ہو تو اس کے لئے یہ تعویذ
باوضو عرقِ گلاب میں گھول کر اس سے لکھے اور اس کے نیچے بھاگنے
والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور کسی کانٹے دار درخت
میں لٹکا دے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آ جائے گا۔
جب بھاگا ہوا واپس آ جائے تو اس تعویذ کو فوراً کھول کر اتار کر
رکھ لے ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے

۸	۱۱	۲۴۹	۱
۲۴۸	۲	۷	۱۲
۳	۲۵۱	۹	۶
۱۰	۵	۴	۲۵۰

نام گمشدہ و نام والدہ

برائے حب

حب کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ یہ بیٹے باپ میں
محبت پیدا کرنے، میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے اور اولاد اور
والدین میں محبت پیدا کرنے کے لئے یا بہن بھائیوں میں محبت پیدا
کرنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ عرقِ گلاب میں زعفران
گھول کر باوضو اس سے ایک سفید کاغذ پر یہ نقش لکھے اور نیچے

ان افراد کے نام لکھے جن میں آپس میں محبت پیدا کرنی ہے۔ پھر اس کو لپیٹ کر سُرخ ریشم کے کپڑے میں لپیٹ کر انار کے درخت میں باندھ دے کر ہلتا رہے اور باندھنے سے پہلے لوبان کی دھونی دے۔ نقش کے چاروں طرف ان لوگوں کے نام اور ان کی والدہ کا نام لکھے جن میں باہمی محبت پیدا کرنی ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

ب ۲	د ۴	و ۶	ح ۸
و ۶	ح ۸	ب ۲	د ۴
ح ۸	و ۶	د ۴	ب ۲
د ۴	ب ۲	ح ۸	و ۶

فلاں بن فلانہ وفلاں بن فلانہ حب شدید پیدا شود

تنبیہ : یہ عمل صرف جائز محبت کے لئے کرنا ہے۔ ناجائز محبت کے لئے کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہوگا لہٰذا معصیت سے بچنے کے لئے بہتر یہی ہے کہ اس نقش کو ناجائز کام کے لئے استعمال نہ کرے۔

نکاح کی بندش ختم کرنا۔ جادو سے حفاظت

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا نکاح باندھ دیا گیا ہو۔ جب بھی شادی

کی بات چلتی ہے کسی نہ کسی موقع پر آ کر ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح کافی عرصہ گذر گیا لیکن شادی نہ ہو سکی نکاح کی بندش کھولنے اور سفلی جادو کے اثرات ختم کرنے کے لئے یہ عمل بہت مفید اور کارآمد ہے۔

مندرجہ کلمات و آیات و سورتیں باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور تین عدد تعویذ بنائے۔ ایک تعویذ کو لپیٹ کر لوبان کی دھونی دے یعنی لوبان کو کوٹ کر کوئلے کی آگ پر ڈالے اس سے جو دھواں نکلے تعویذ کو اس دھوئیں میں کر دے۔ یہ لوبان کی دھونی ہوئی پھر اس تعویذ کو باوضو، پلاسٹک لپیٹ کر کالے دھاگے سے باندھ کر پھر اس کو موم میں ڈبوئے ہوئے کپڑے میں لپیٹ دے۔ اس کے بعد کالی ڈوری کے ساتھ کالے چمڑے میں سلوا کر گلے میں پہن لے۔

باقی دو عدد تعویذ میں سے ایک تعویذ گھول کر ایک بوتل بھر کر رکھ لے۔ تعویذ کو آبِ زمزم یا بارش کے پانی میں گھولے تو بہتر ہے ورنہ دریا، نہر، کنویں، چشمے یا نلکے کے پانی میں گھول لے۔

اب صبح کو بعد نمازِ فجر سورج نکلنے کے بعد گیارہ بجے سے پہلے پہلے اس بوتل والے پانی میں سے آدھا گلاس پانی لے کر تین گھونٹ پانی پیئے اور باقی پانی ایک بالٹی پانی میں ڈال کر ایک

حالت میں تمام جسم پر وہ پانی بہالیں جسم کا کوئی حصہ خالی نہ رہے
پانی گٹر یا گندی نالی میں نہ جائے۔ کچا صحن ہے تو اس میں گڑھا
کھود لے تاکہ پانی اس میں جمع ہو کر سوکھ جائے۔ یا اگر فلیٹ ہے
یا پکا فرش ہے تو کسی لوہے کے ٹب میں کھڑے ہو کر یا بیٹھ کر پانی
بہالے اور وہ پانی کسی بالٹی یا پلاسٹک کی تھیلی میں ڈال کر کسی جنگل
یا ویران جگہ یا سڑک کے کنارے یا باغ میں یا پیڑوں کی کیاری
میں ڈال دے۔ چھ دن اس بوتل کے پانی کو استعمال کر کے ختم
کر دے ساتویں دن دوسرا تعویذ باوضو پانی میں گھول کر بوتل
بھر لے اور اسے استعمال کرے۔ یہ پانی پانچ دن مسلسل استعمال کرنا
ہے۔ روزانہ تین گھونٹ پی کر پانی میں ڈال کر غسل کرنا ہے۔ پاک
حالت میں غسل کرنا ہے۔ غسل کے وقت صابن لگانے کی ضرورت
نہیں ہے۔ البتہ جسم پاک ہونا ضروری ہے۔ عورت اپنے ماہانہ ایام کے
بعد شروع کرے اور اگر مرد ناپاک ہو تو پہلے غسل کرے پھر پانی جسم
پر بہائے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝
اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ
الْمُسْتَقِيْمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝
يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ
يَا حَيُّ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ
مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ۚ
اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝
لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝
لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
كُفُوًا اَحَدٌ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝
مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝

الخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ
مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ؏

اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ
اَذْرُفَطْیُوْنُسْ کَشَافَطْیُوْنُسْ تَبْیُوْنُسْ یُوَانِسْ بُوْسْ
وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرُ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا
جَائِرٌ وَلَوْ شَآءَ لَھَدٰکُمْ اَجْمَعِیْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ
وَسَلِّمْ جَلْوَائِیْ جَلْوَائِیْ کھولوں کھول اھرن ماھی
حضرت شاہ جمن جتی جتی

پیٹ کی گرانی، بدہضمی اور درد شکم دور کرنا

اگر کسی شخص کو بدہضمی کا مرض ہو۔ پیٹ میں بھاری پن ہو یا پیٹ میں درد کی شکایت ہو تو اس کے لئے یہ افسوں گیارہ بار پڑھ کر ہاتھ ہاتھ پر دم کرے اور اس ہاتھ کو سارے پیٹ پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی گرانی اور درد ختم ہوگا اور گھبراہٹ اور پریشانی دور ہوگی۔

وہ افسوں یہ ہے

اجر ہاتھ، بجر ہاتھ، بھسم کرے سب پیٹ کا بھات
برکت حضرت شاہ قطب عالم پنڈوی کی چھو

آدھا سیسی کے درد کو دور کرنا

آدھے سر کا درد جس کو آدھا سیسی بھی کہتے ہیں۔ بہت شدید ہوتا ہے۔ اس کے سبب انسان کوئی کام نہیں کر سکتا اور سارا دن پریشان اور بے چین رہتا ہے۔ یہ درد سورج نکلتے ہی شروع ہوتا ہے اور جوں جوں سورج اوپر چڑھتا جاتا ہے تیز ہوتا جاتا ہے یہاں تک کہ دوپہر کو بہت زیادہ ہو جاتا ہے اور سورج ڈھلنے کے بعد سے کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور مغرب کے وقت ختم ہو جاتا ہے اس افسوں کو نوچندی جمعرات (نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) کو ایک سو ایک مرتبہ باوضو قبلہ رخ ہو کر پڑھے اور لوبان پیس کر رکھ لے اور کوئلے کی آگ جلا کر پاس رکھ لے اور پڑھتا جائے اور تھوڑا تھوڑا لوبان چٹکی چٹکی اس آگ پر ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تعداد پوری ہونے کے بعد مریض کے سر کو پکڑ کر سات مرتبہ پڑھ کر سر پر دم کرے لیکن شرط یہ ہے کہ مریض کے سر کو دم کرتے وقت بھی اپنے ہاتھ میں پکڑے رہے۔ اور اس جگہ کو پکڑے جہاں درد ہو۔

افسوں یہ ہے

بن میں جاتے باندری آدھا پھل کھائے
کھڑے محمد صاحب ہانک دو آدھا سیسی جائے

انشاء اللہ تعالیٰ سر کا درد دور ہو جائے گا۔ مجرّب عمل ہے۔

مخالفین کے شر سے حفاظت کے لئے

از حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ

جس شخص کو اپنے مخالفین سے جان، مال، عزت یا کسی بھی قسم کے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ہر قسم کے نقصان سے حفاظت کے لئے صبح بعد نمازِ فجر، دوپہر ٹھیک نصف النہار کے وقت اور شام کو بعد نمازِ مغرب یہ دعا پچیس پچیس مرتبہ پڑھ لیا کرے اور ھم کا اشارہ مخالف کی سوبتِ خیالیہ کی طرف کریں۔ اس دعا کے اول و آخر تین تین بار یا پانچ پانچ بار درود شریف پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مخالفین کے ہر قسم کی شر سے حفاظت رہے گی۔

وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ

ہر قسم کی کاہلی اور سستی کو دور کرنے کا عمل

از حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

بعض لوگ سستی اور کاہلی کے سبب ترقی اور کامیابی سے محروم رہتے ہیں۔ انسانی زندگی میں سست اور کاہل لوگ ہمیشہ

ناکام رہتے ہیں سستی اور کاہلی کو دور کرنے کے لئے بعد نمازِ عشاء ایک سو ایک (۱۰۱) بار بلند آواز سے پڑھیں۔ اس طرح کہ کسی دوسرے کی عبادت میں خلل نہ پڑے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

انشاء اللہ تعالیٰ سستی و کاہلی کا مرض ختم ہو جائے گا اور طبیعت میں چستی اور پھرتی پیدا ہوگی۔

ڈراؤنے اور پریشان کن خوابوں کا علاج

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

اگر کسی شخص کو ڈراؤنے اور خوفناک خواب نظر آتے ہوں اور وہ نیند میں ڈر جاتا ہو اور پھر نیند نہ آتی ہو اور رات بھر جاگ کر گذارتا ہو تو اس کے لئے سونے سے قبل آیۃ الکرسی، سورۃ فاتحہ، معوذتین (قل اعوذ برب الفلق. قل اعوذ برب الناس) پڑھ کر دونوں ہاتھوں پہ دم کر کے تمام بدن پر سر سے پیر تک پھیر لے، کوئی جگہ خالی نہ رہے۔ اس کے باوجود بھی کوئی پریشان کن خواب نظر آئے تو فوراً

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ؕ

اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ پڑھ کر سینہ (قلب) پر پھونک مار دو اور پھر پرواہ نہ کرو انشاء اللہ تعالیٰ ڈراؤنے

اور پریشان کر دینے والے خوابوں سے نجات مل جائے گی۔

آیۃ الکرسی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ ط یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ ج وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا یَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ج وَھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ لا الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ لا مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝ ط اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ۝ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝ لا صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۝ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

سورۂ فلق یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ لا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ لا وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ لا وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝

وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۂ ناس یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِکِ النَّاسِ ۝ اِلٰہِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ لا الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ لا مِنَ الْجِنَّۃِ وَالنَّاسِ ۝

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے

از شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ

ہر قسم کے دشمنوں کے شر سے حفاظت۔ جان، مال، عزت وآبرو کی حفاظت کے لئے یہ عمل بہت کارگر ہے۔ بعد نماز عشاء اول وآخر تین تین بار درود شریف درمیان میں یہ دعا اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام اور ذلیل وخوار ہوگا۔ اپنے برے ارادے میں کبھی کامیاب نہ ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

تعویذ ام الصبیان

از حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

جس بچے کو ام الصبیان کا مرض ہو اس کے لئے یہ تعویذ بہت مؤثر اور مفید ہے۔ بار تو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سلوا کر بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ام الصبیان کے مرض سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۳	۱۱	۸
۱۲	۷ ۴ ۶ ۴ ۲			۱۳
	۴ ۲ ۸ ۱ ۶ ۶ ۴ ۵ ۳ ۷ ۲ ۹ ۴ ۲ ۸			
۶	۸ ۲ ۸ ۶			۳
۱۵	۴	۵	۵	۱۰

سردی چڑھ کر جو بخار آئے

یہ بخار اکثر تیسرے دن آتا ہے۔ اس کے لئے دو ٹھیکری پاک اور نئے مٹکے یا نئے برتن کی ہو جس کو پانی نہ لگا ہو۔ اس پر کالی روشنائی سے یا زعفران سے یہ الفاظ لکھے۔

شاہ شفا کل بلا دفع

اور تین بار یہ الفاظ پڑھ کر ایک ایک ٹھیکری پر پھونک دے اور ایک دائیں بازو پر کپڑے میں لپیٹ کر باندھ لے اور دوسری بائیں بازو پر باندھ لے۔ روزانہ ان ٹھیکریوں کو بدل دیا کرے دائیں بازو والی بائیں بازو پر باندھ لے اور بائیں بازو والی دائیں بازو پر باندھ لے۔ تین روز تک مسلسل باندھے رہے اور روزانہ بدلتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو جائے گا۔

پھیپھڑے کے مرض کا ازالہ

پھیپھڑے کے مریض کو آیۃ اوم المؤمن تین ۳۰۰ سو مرتبہ مٹھائی پر دم کر کے کھلایا جائے۔

زبردست عملیات

جن کی اجازت ان دس شرائط کے ساتھ مشروط ہے

۱ - یہ عملیات صرف ساٹھ سال سے اوپر عمر کے لوگ ہی کریں۔ انہی کو اجازت ہے۔

۲ - ان عملیات کو کرنے والا زنا کاری، اغلام بازی کرنے اور کرانے والا نہ ہو بدنگاہی سے بالکل پاک ہو۔ ان گناہوں کا ارتکاب اس نے زندگی میں کسی بھی مرحلے پر نہ کیا ہو۔ اگر کبھی گناہ ہو گیا ہو تو وہ ان عملیات کو نہ کرے ورنہ کامیاب ہونا مشکل ہے

۳ - ان عملیات کو کرنے والا حرام روزی کھانے، کمانے، اپنے جسم پر استعمال کرنے یعنی کپڑے بنالے یا مکان میں لگانے یا بجلی اور گیس کا بل دینے میں خرچ کرے ایسے کو ان عملیات کرنے سے کوئی نفع نہ ہوگا لہٰذا وہ اپنا وقت برباد نہ کریں۔

۴ - ان عملیات کو کرنے والا حسد، بغض، جھوٹ، دھوکہ، بدنگاہی کسی دوسرے کو نقصان پہنچانا، لوگوں کو ستانا، ان پر ظلم کرنا، ان کا مال غصب کرنا۔ یہ سارے عیب میں سے اگر ایک بھی عیب اس میں ہے وہ ان عملیات کو کرنے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۵ - ان عملیات کو کرنے والا پنجوقتہ نمازی ہو مسجد میں تکبیر تحریمہ

کے ساتھ باجماعت نماز ادا کرتا ہو۔ اگر تارکِ نماز ہے، جمعہ اور جماعت کی نماز سے غافل ہے یا نماز کو وقت پر ادا نہیں کرتا تو ایسا شخص ان عملیات کو کرنے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۶ - ان عملیات کو کرنے والا کثرت سے درود شریف پڑھنے والا، روزانہ پابندی کے ساتھ ایک سیپارہ پڑھنے والا ہو۔ اس کے علاوہ تیسرا کلمہ، استغفار پڑھنے والا ہو

۷ - ان عملیات کو کرنے والا لوگوں کے ساتھ بھلائی کرنے والا ہو۔ ان کی مال سے، جان سے مدد کرنے والا ہو بلا کسی لالچ کے۔ جو شخص صرف اپنی بھلائی چاہنے والا ہو وہ ان عملیات کو کرتے میں کامیاب نہ ہوگا۔

۹ - ان عملیات کو کرنے والا پاک و صاف رہنے والا ہو، گندے مکان یا گندی جگہ رہنے والا عمل کرے گا تو کامیاب نہ ہوگا۔

۱۰ - ان عملیات کے کرنے سے جو آمدنی ہو اس میں سے ایک یا آدھا حصہ غرباء اور مساکین میں پابندی کے ساتھ تقسیم کیا کرے۔

دست غیب

چاند کے ہر مہینہ کی سات (۷)، تاریخ کو نمازِ فجر سے
پہلے غسل کر کے آدھا پاؤ (سوا سو گرام) کی دو روٹیاں تیار
کرے اور اس پر دیسی گھی لگا کر ایک پر شکر (چینی) رکھے
اور دوسری پر دہی، تھوڑا نمک اور چار عدد سیاہ مرچ رکھے
پھر جا نماز کے دونوں کناروں پہ یہ دونوں روٹیاں رکھ کر
چار رکعت نماز نفل ادا کرے۔ اس کے بعد ان روٹیوں پر
حافظ خدا یار خان کے ایصالِ ثواب کے لئے آدھا سیپارہ
پڑھ کر روٹیوں اور سیپارہ کا ثواب حافظ خدا یار خان کی روح
کو بخشے۔ پھر طلوعِ آفتاب (سورج نکلنے) سے پہلے پہلے یہ
نقش ہفت در ہفت سات عدد لکھے اور حفاظت سے
رکھے۔ یہ عمل سب سورج نکلنے سے پہلے پہلے کرلے ورنہ عمل
ٹوٹ جائے گا اور کامیابی نہ ہوگی۔ اور نقش لکھتے وقت
بات نہ کرے۔ ظہر کی نماز پڑھ کر ان سات نقوش کو دریا،
نہر یا سمندر میں آٹے میں لپیٹ کر ڈالے اور ڈالنے سے
پہلے اور ڈالنے کے وقت کسی سے بات نہ کرے۔ البتہ دل

ترکیب نقش مربع بھرنے کی

کل اعداد میں ۲۱ نفی کر دو باقی اعداد رکھ لو۔ اب نقش
پُر کرو اور تیرھویں خانہ سے وہ اعداد بھریں جو کہ ۲۱ نفی کرنے
کے بعد باقی ہیں۔ فرض کرو اس آیت کے اعداد ۱۴۹۲ ہیں ۲۱
نفی کرے ۱۴۷۱ باقی بچے۔ اب دیکھو اس طرح پر نقش تیار ہوگیا

۸	۱۱	۱۴۷۲	۱
۱۴۷۱	۲	۷	۱۲
۳	۱۴۷۴	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۴۷۳

مثلث نقش

کل اعداد میں سے ۱۲ نفی کر کے تین سے تقسیم کرو اگر ایک
باقی رہے تو ساتویں خانہ سے ایک زائد کرو اگر دو باقی ہیں تو
چوتھے خانہ میں دو زائد کرلو۔

ترکیب دیگر مربع نقش

کل اعداد میں سے ۳۰ نفی کرلو۔ چار پر تقسیم کرو۔ ایک بچے
تیرھویں خانہ میں۔ اگر ۲ بچیں نویں خانہ سے اگر تین بچیں پانچویں خانہ
سے زائد کرے اور میزان کر کے دیکھ لے کہ نقش صحیح ہوگیا یا نہیں۔

میں درود شریف پڑھتا رہے۔ نقش ہفت در ہفت یہ ہے۔

۴۶	۱۲	۱۱	۷	۴۴	۴۵	۱۰
۴۱	۳۵	۲۰	۱۷	۳۴	۱۹	۹
۴۳	۳۲	۲۸	۲۳	۲۴	۱۸	۸
۱	۱۳	۲۱	۲۵	۲۹	۳۷	۴۹
۲	۱۴	۲۶	۲۷	۲۲	۳۶	۴۸
۳	۳۱	۳۰	۳۳	۱۶	۱۵	۴۷
۴۰	۳۸	۳۹	۴۲	۶	۵	۴

دست غیب کا عمل

اگر کوئی چاہتا ہے کہ غیب سے آمدنی کا سلسلہ قائم ہو جائے تو یہ عمل اس کے لئے بہت کار آمد ہے۔

عمل یہ ہے۔

چاندرات (نیا چاند دیکھنے کے بعد والی رات) کو ایک میٹھی روٹی سوا پاؤ آٹے کی (تین سو گرام آٹے کی) پکائے اور حضرت غوث پاک کے ایصالِ ثواب کی نیت سے ایک پاؤ پارہ پڑھ کر روٹی اور پارے کا ثواب حضرت شیخ عبد القادر جیلانی

بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ اس کے بعد دو رکعت نماز نفل ادا کرے۔ سلام پھیرنے کے بعد کلمہ طیبہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے اور اس کے بعد چار سو چوالیس (۴۴۴) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے۔ عزیمت یہ ہے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْل بِحَقِّ یَا مِیْکَائِیْل بِحَقِّ یَا مُنْعِمُ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

اس کے بعد وہ روٹی نیک نمازیوں کو کھلائے۔ بعد نمازِ فجر بوقت طلوعِ آفتاب دو سو مرتبہ یہی عزیمت پڑھے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْل یَا مِیْکَائِیْل بِحَقِّ یَا مُنْعِمُ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔

اس کے بعد یہ نقش باوضو تحریر کرے اور خانۂ اول میں ۲۰۰ لکھ دے اس کے بعد دونوں نقوش کو انگلیوں میں دبائے اور کھڑا ہو کر دو سو (۲۰۰) مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد ایک نقش باوضو کھائے اور دوسرے کو ٹوپی میں رکھ لے۔ دوسرے روز صبح کو حسب حال باوضو ایک نقش لکھ کر پہلے کی جگہ ٹوپی میں رکھ لے اور ٹوپی والے نقش کو کھالے۔ اسی طرح روزانہ کیا کرے کہ چالیس دن ہو جائیں۔ چلّے کے بعد روزانہ دو سو روپے اللہ کی رحمت سے غیب سے ملا کریں گے۔

وہ نقش معظم یہ ہے

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	۲۰۰
۹۲	۶	۳۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

غیب سے آمدنی کا عمل

ترکیب غیب سے آمدنی ہونے کی یہ ہے کہ چاند کی پہلی
شب جمعہ اور بعد نمازِ عشاء خوشبو لگا کر باوضو چار سو
بتیس (۴۳۲) مرتبہ
اَجِبْ بحَقِّ یاجِبرَائیلُ بِحَقِّ یابَاسِطُ پڑھے
اور دریا یا نہر کے کنارے یا سمندر کے کنارے ریت پر
انار کے قلم سے جس کو تین مرتبہ چاقو سے (قلم بناتے وقت
چھیلا گیا ہو) چھ (۶) نقش لکھے دوسری رات آٹھ سو چونسٹھ
(۸۶۴) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے اَجِبْ بحَقِّ یاجِبرَائیلُ بِحَقِّ

یا بَاسِطُ اور بارہ عدد نقش انار کے قلم سے ریت پر
لکھے۔ تیسری رات بارہ سو چھیانوے (۱۲۹۶) مرتبہ یہ
عزیمت پڑھے اَجِبْ بحَقِّ یاجِبرَائیلُ بحَقِّ یابَاسِطُ
اور انار کے قلم سے ریت پر اٹھارہ نقش تحریر کرے۔
چوتھی رات سترہ سو اٹھائیس (۱۷۲۸) مرتبہ پڑھے
وہ عزیمت یہ ہے
اَجِبْ بحَقِّ یاجِبرَائیلُ بحَقِّ یابَاسِطُ
اور انار کے قلم سے ریت پر چوبیس نقش لکھے
پانچویں رات اٹھارہ سو چونسٹھ (۱۸۶۴) مرتبہ پڑھے
اور عزیمت یہ ہے
اَجِبْ بحَقِّ یاجِبرَائیلُ بحَقِّ یابَاسِطُ
اور انار کے قلم سے ریت پر تیس عدد نقش لکھے۔ اس عمل کے
دوران تمام دنوں میں ترک جلالی وجمالی کرے۔ سب سے بہتر یہ
ہے کہ بھنے ہوئے چنے کھائے یا جو کی روٹی چٹنی کے ساتھ کھائے۔ اس
کے بعد ایک سفید کاغذ پر باوضو عرقِ گلاب میں زعفران گھول کر
جنوب کی طرف منہ کر کے (مشرق کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں
تو دائیں ہاتھ پر جنوب ہوگا) کھڑے ہو کر ایک نقش تحریر کرے،
اور خالی خانہ میں ۱۰۰ روپے اور دو زانوں بیٹھ کر دائیں (سیدھی)

ران کے نیچے اس نقش کو رکھ کر بصدق دل دو سو سولہ (۲۱۶) مرتبہ یہ عزیمت پڑھے

اَجِبْ بِحَقِّ یَا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

عمل ختم ہونے پر ایک سو روپے اور نقش ران کے نیچے سے اٹھائے اور نقش کو اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اس کے بعد بوقت طلوع آفتاب اسی طرح نقش لکھ کر عزیمت دو سو سولہ (۲۱۶) مرتبہ پڑھا کرے اور نقش دو تین جمع کر کے دریا، نہر یا سمندر میں ڈال دیا کرے اور ۱۰۰ روپے اپنے خرچ میں لایا کرے مگر ضروری ہے کہ ہر مہینہ کے پانچ دن اس عمل کو اسی طرح کیا کرے اور اس کے ساتھ ترکِ جلالی وجمالی بھی ضرور کرے اور دیگر تمام شرائط کو ذہن میں رکھ کر عمل کرے۔ یہ عمل دریا، سمندر یا نہر کے کنارے کرے۔ ورنہ کامیاب نہ ہوگا۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸	۴۸	۶
۱۲	۲۴	۳۶
۴۲	۱۰۰	۳۰

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول سات روزے رکھے یہ عمل اکتالیس (۴۱) دن تک برابر کرے۔ آیت وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ[1] بعد نماز عشاء ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ روزانہ باوضو پڑھتا رہے۔ تین یا پانچ یا سات دن میں انشاء اللہ تعالیٰ روپے کی آمد شروع ہو جائے گی۔ سب سے پہلے عمل میں ایک روشنی سی معلوم ہوگی اس کے بعد کہدے کہ پانچ سو روپے لائے۔ دوسرے دن تمہارے پاس پانچ سو روپے آجائیں گے۔ اس میں سے ایک سو روپے خرچ کرلو چار سو باقی رہیں گے۔ اس عمل کے ختم ہونے سے پہلے پہلے اگر کچھ خرچ کرنا چاہو تو کر سکتے ہو۔

غیب سے روزی کا عمل

اس عمل کو کرنے سے پہلے تنہائی کی جگہ تلاش کرو۔ جب جگہ کا انتظام ہو جائے تو جو کا آٹا باوضو پیس کر کے رکھ لو صرف اسی کی روٹی کھانی ہے۔ اس روٹی میں گھی، چینی یا نمک بھی ملا سکتا ہے۔ لیکن بہتر یہ ہے کہ صرف جو کی خالص روٹی ہو۔ گوشت، مچھلی، انڈا، پیاز، لہسن وغیرہ سے پرہیز کرے۔ جو کا آٹا باوضو پیسنا ہے۔ اگر چکی پر پسوانا ہے تو

[1] وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کو غسل کراؤ اور وضو کراؤ پھر پسواؤ۔ روٹی خود باوضو
پکاؤ اور کھاؤ۔ رفع حاجت (پاخانہ کے لئے) منہ پر کپڑا ڈال کر
جائے تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے اس عمل میں یہ بھی شرط ہے کہ
عمل کے دنوں میں نہ یہ کسی کو دیکھے اور نہ اس کو کوئی دیکھے
سات روزے رکھے تو چندی پنجشنبہ (چاند دیکھنے کے بعد
پہلی جمعرات) سے شروع کرے تو بہتر ہے۔ شام بعد نماز مغرب
شروع کردے اور بلا تعداد بے شمار

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

سات دن برابر پڑھے جب آٹھویں رات آئے تو ساتھ
میں یہ آیت بھی ملادے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ ط

صبح کو بعد نماز فجر حضرت خضر علیہ السلام ملاقات کریں گے
اُن سے اپنی حاجت (ضرورت) ظاہر کردے اور درود شریف
اول و آخر گیارہ گیارہ بار ضرور پڑھے۔ اور رات کو بالکل نہ
سوئے دن کو سو جائے تو کچھ حرج نہیں ہے لیکن رات بھر
جاگ کر پڑھنا ہے۔

دست غیب کا عمل

باوضو روزانہ بعد نماز، اول درود شریف گیارہ مرتبہ
اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ آیت

وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَآ اِلَّا ھُوَ ط

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس عمل کو اڑتالیس
دن کرنا ہے۔ اکیس دن گزرنے کے بعد ایک جنّیہ حاضر ہوگی
اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ اڑتالیس دن کے بعد چلّہ
ختم ہوگا اور چلّہ کے بعد جتنی مقدار میں ضرورت ہو اس جنّیہ
سے مانگ لے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ روز کے پیسے روز
خرچ کرے اگر جمع کرے گا تو بند ہو جائیں گے۔ چلّہ کے بعد
ایک تسبیح (ایک سو بار) پڑھ لیا کرے۔ اول و آخر گیارہ
گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جنّیہ سے کوئی نشانی بھی طلب
کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

غیب سے روزی کا انتظام

اول چاند دیکھنے کے بعد سات روزے رکھے اور بعد نمازِ عشاء اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے

يَا حَيُّ

اس کے بعد ایک سو پچاس (۱۵۰) مرتبہ

يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل سات روز کا ہے۔

پرہیز: سات دن میں جھوٹ بالکل نہ بولے۔ غیبت نہ کرے۔ گوشت، انڈا، مچھلی، لہسن، پیاز اور بدبودار اشیاء (سگریٹ، بیڑی، حقہ) سے پرہیز کرے

ساتویں دن ایک جنّیہ نورانیہ آپ کے پاس آئے گی اور ایک سو روپے دے جائے گی۔ پھر اس کے بعد آپ کے پاس پانچ سو روپے روزانہ آیا کریں گے۔ سب سے پہلے ملنے والے ایک سو روپے کو محفوظ رکھے اس کو کسی حالت میں بھی خرچ نہ کرے ورنہ آمد کا سلسلہ بند ہو جائے گا۔

عمل دست غیب

نیا چاند دیکھنے کے بعد جو جمعرات آئے اس کو بعد نماز عشاء دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے اور دوسری رکعت میں بھی سورۃ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ بعد سلام ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ یہ آیت پڑھے

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اس کے بعد ایک سو چوہتر (۱۷۴) مرتبہ

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

پڑھے۔ آٹھویں رات کو یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ط

اور نہ کسی کو نقصان پہنچانے میں خرچ کرے۔ مثلاً کسی
غنڈے کو رقم دے کر کہا کہ فلاں کو مار پیٹ کر۔ یا فلاں کا
مال چرالے یا مال چھین لے۔ لہٰذا سخت احتیاط سے
اور صحیح طور سے جائز کاموں میں صرف کرے۔ اگر غلط اور حرام
کاموں میں یہ رقم خرچ کر دے گا تو فیض بند ہو جائے گا۔
اکیس روز پڑھنے کے بعد بھی روزانہ پانچ ہزار نو سو
پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ

یَا وَھَّابُ

وقتِ مقررہ پر پڑھتا رہے۔ عمل پڑھتے وقت منہ مشرق
کی طرف کرے اور خوشبو کے لئے لوبان، لادن، صندل
سفید کو باریک کوٹ کر یکجا کر کے رکھ لیں۔ جب پڑھنے
بیٹھیں کوئلے کی آگ تیار رکھیں اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے
رہیں۔

زکوٰۃ اس عمل کی یہ ہے کہ یہ نقش چودہ ہزار (۱۴۰۰۰)
کی تعداد میں لکھ کر کنویں، دریا، سمندر یا نہر میں ڈال لے
عمل کے لئے روزانہ غسل کرے، خوشبو لگائے۔ پاک
و صاف کپڑے پہن کر یہ نقش لکھا کرے۔ روزانہ جس قدر

ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک شخص جانا پہچانا
کوئی چیز پیش کرے گا۔ اس کو اپنے پاس محفوظ رکھے۔
اس رات کے بعد اس کو اپنے خرچ میں لائے۔ وہ چیز ہمیشہ
رہے گی۔ جو رقم ملے اس کو روزانہ خرچ کرنا ہے۔

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کو غیب سے روزی
ملے اور اس کو کسی کی غلامی یا نوکری نہ کرنی پڑے صرف
ذکر الٰہی کی بدولت رقم ملتی رہے تو اس کے لئے درج ذیل
(وہ نقش جو نیچے درج ہے) نقش باوضو لکھ کر سیدھی ران
کے نیچے رکھ کر پانچ ہزار نو سو پچاس (۵۹۵۰) مرتبہ اسم

یَا وَھَّابُ

پڑھے۔ اکیس روز اسی طرح عمل کرے۔ جب اکیس (۲۱) روز ختم
ہو جائیں گے تو پانچ سو (۵۰۰) روپے کا نوٹ ران کے نیچے سے
ملے گا۔ اس کو لے کر آدھی رقم خیرات کر دے اور آدھی رقم
(ڈھائی سو روپے) اپنے جیب خرچ میں لائے۔ یہ مال حرام
جگہ میں خرچ نہ کرے۔ مثلاً رشوت میں کسی کو نہ دے۔ نہ اس رقم
سے سٹہ لگائے نہ جوا کھیلے۔ نہ اس سے شراب خرید کر پیئے۔

دستِ غیب کا عمل مجرّب

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے آمدنی ہو
اور کسی کے آگے ہاتھ پھیلانا نہ پڑے تو اس کے لئے مندرجہ
ذیل نقش کی زکوٰۃ دے۔ زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی
تین تاریخ سے لے کر بارہ تاریخ تک خواہ جس تاریخ کو
شروع کرے اگر اس دن جمعرات کا دن ہو تو بہتر ہے
یعنی یہ عمل جمعرات سے شروع کرے تو زیادہ اچھا ہے۔
اول سوا کلو مٹھائی منگوائے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ
کے ایصالِ ثواب کی نیت کر کے کہے کہ

اے اللہ اس مٹھائی کا ثواب حضرت محمد مصطفےٰ احمدِ
مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت علی شیرِ خدا رضی اللہ
تعالیٰ عنہ کو پہنچے۔

پھر وہ مٹھائی نیک نمازیوں کو کھلا دے اس مٹھائی
میں سے خود بھی کھا سکتا ہے البتہ بے نمازی کو بالکل نہ کھلائے
نقش لکھنے سے پہلے اور نقش لکھنے کے بعد گیارہ گیارہ بار
درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد بارہ (۱۲) نقش باوضو

لکھے جائیں لکھ لیا کرے۔ چودہ ہزار کی تعداد پوری کرنی ہے
جتنے دن میں بھی ہو جائیں اس کے لئے دن کی تعداد مقرر
نہیں ہے کہ اتنے دن میں لکھنا ضروری ہے۔ اگر کسی دن بالکل
فرصت نہ ملے تو ایک نقش ضرور لکھے۔ اکیس دن تک
ترک حیوانات کرے پڑھنے اور لکھنے کے دوران تو زیادہ
بہتر ہے۔

بڑی شرط یہ ہے کہ ایامِ زکوٰۃ میں روزانہ دیر تک
پانچ سَو کے نوٹ کو خوب غور سے دیکھتا رہے یہاں تک
کہ بے دیکھے اسے سامنے دیوار پر پانچ سو روپے کا نوٹ نظر
آنے لگے۔ اس نقش کو لکھتے وقت باوضو رہے۔ بے وضو
نہ لکھے نہ عمل کرے۔ اگر کسی غلطی کے سبب آمد بند ہو جائے
تو پھر سے صرف عمل کرے زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے۔
ایک دفعہ زکوٰۃ ادا کرنے پر تمام عمر کے لئے زکوٰۃ ادا
ہو گئی۔ نقش آتشی چال میں یہ ہے۔

۷۸۶

ب	ا	ھ	و
و	ھ	ا	ب
ا	ب	و	ھ
ھ	و	ب	ا

اس طرح پڑھے کہ ہر خانہ پر بارہ ۱۲ مرتبہ

یا واجبُ

پڑھ کر دم کرتا رہے۔ بارہ روز تک بارہ نقش روزانہ لکھے
اور روزانہ لکھے ہوئے ان بارہ نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی
بنا کر دریا، سمندر، نہر، کنوئیں میں ڈالے اور کسی سے ذکر نہ کرے
تیرہویں روز بعد نمازِ فجر ایک نقش عرق گلاب میں زعفران
گھول کر اس سے پُر کرے اور دو کاغذ کے ٹکڑے پانچ سو
روپے کے نوٹ کے برابر کے کاٹ کر جس جگہ تلاوت ختم کرے
قرآن شریف میں رکھ دے۔ روزانہ ایسا ہی کرے۔
چودھویں دن پانچ سو روپے قرآن شریف میں ملیں گے
وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	یا واجب	۵

کامیاب دست غیب

ماہ ثابت (جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن) میں

اس عمل کو شروع کرے چاند رات کو بعد نماز عشاء
غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہن کر خوشبو لگائے۔
اس کے بعد تین پاؤ آٹے کی روٹی پکائے اور ان روٹیوں
پر گڑ اور دہی رکھ کر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ
علیہ اور اہل بیت عظام کے ایصال کے لئے سورۃ فاتحہ
اور چاروں قل پڑھ کر ان کو ایصال اس طرح کرے کہ

اے اللہ رب العزت اس طعام اور کلام
الٰہی کا ثواب حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم
کے طفیل میں حضرات اہل بیت کرام رضوان
اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین اور حضرت شیخ عبدالقادر
جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچے۔

اس کے بعد دو نقش لکھے۔ ہر نقش لکھنے سے قبل
اور لکھنے کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ درود شریف
یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

عَلیٰ اِبْرَاهِیْمَ وَعَلیٰ آلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

درود شریف کے درمیان دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھ کر دو سو بار ایک نقش پر دم کرے۔ اس کے بعد پھر سات
مرتبہ درود شریف پڑھ کر

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ اس کے بعد سات بار درود شریف پڑھ کر
دوسرے نقش پر دم کرے

اس کے بعد ایک نقش کو پانی میں گھول کر وہ پانی
دیوار پر چھڑک دے کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ ہلکے ہلکے
چھینٹے دیوار پر مارے تاکہ زمین پر کیچڑ یا پانی جمع نہ ہو
اور نقش کا کاغذ چولہے میں جلا دے تاکہ بے ادبی نہ ہو
اس کے بعد دوسرا نقش اپنے پاس پلاسٹک کی تھیلی میں
رکھ کر اپنی ٹوپی میں ٹانک لے یا پگڑی میں رکھے۔ اس کے
بعد روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک نقش لکھ کر اس نقش
کو پلاسٹک کی تھیلی میں رکھ کر پگڑی یا ٹوپی میں رکھ لے اور
اور پگڑی یا ٹوپی میں موجود نقش کو ذرا سے پانی میں گھول کر

وہ پانی ہلکے ہلکے چھینٹے کے ساتھ دیوار پر چھڑک دے
اور کاغذ کو چولہے میں جلا دے۔

جب بھی صبح کو سورج نکلنے کے وقت نقش لکھا کرے
تو نقش لکھنے کے بعد اول سات بار درود شریف پڑھے
اس کے بعد دو سو مرتبہ

یَا مُنْعِمُ

پڑھے۔ پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر نقش پر دم
کرے۔ یہ عمل برابر ایک سو ساٹھ (۱۶۰) دن کرے۔
ناغہ نہ کرے ورنہ عمل ٹوٹ جائے گا اور دوبارہ شروع
کرنا پڑے گا۔

اور وہ روٹی کسی نمازی فقیر کو کھلا دے۔

نقش کے پہلے خانہ میں پہلے روز پانچ روپے لکھے
دوسرے روز دس روپے اور تیسرے روز پندرہ روپے
لکھے اسی طرح ایک سو ساٹھ دن تک روزانہ پانچ روپے
بڑھا کر لکھتا جائے جب ایک سو ساٹھ پہ نوبت پہنچے تو
۵۰۰ روپے لکھے۔ ہر چاندرات کو عمل کو پہلے دن کے عمل
کے مطابق کیا کرے تاکہ تجدید عمل ہو جائے۔ انشاء اللہ

تعالیٰ مقررہ مدت گذرنے کے بعد پانچ سو روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۲	۶۰	۹۸	۰
۹۲	۶	۲۶	۶۶
۱۲	۱۱۰	۴۸	۳۰
۵۴	۲۴	۱۸	۱۰۴

عامل کو چاہیئے کہ اپنا یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے۔
ماہ ثوابت یہ ہیں: جیٹھ، بھادوں، اگھن، پھاگن یہ ہندی مہینے ہیں۔ جنتری کے ذریعہ معلوم کر لیا جائے کہ اب چاند کے ساتھ کونسا ہندی مہینہ شروع ہوا ہے

غیب سے روزی کا مجرّب عمل

چاند دیکھنے کے بعد (عروج ماہ یعنی یکم سے ۱۲ تاریخ تک عروجِ ماہ کا وقت ہے) جمعرات کے دن بماہ آبی بالخصوص سرطان میں اس عمل کو شروع کرے۔ بہتر (۷۲) دن مسلسل روزے رکھے۔ روزہ روزانہ دودھ چاول سے افطار کرے۔
اکل حلال اور صدق مقال یعنی حلال روزی کھائے

اور جھوٹ کو بالکل چھوڑ دے۔ مذاق میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچے کو بہلانے کے لئے جھوٹ بولے۔ اس دوران ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے۔ سوائے تعویذ لکھنے کے اپنے ہاتھ میں عمل کے دوران کچھ نہ پکڑے۔ یعنی دیگر تحریر سے پرہیز کرے۔ اور ہر روز بہتر (۷۲) نقش لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر نہر یا دریا یا سمندر میں ڈالے کسی دن ناغہ چھٹی نہ کرے۔ بہتر (۷۲) روز تک برابر بہتر (۷۲) نقش لکھے۔ عمل ختم ہونے کے بعد ۵۰۰ روپے روز غیب سے ملا کریں گے۔ لیکن ضروری ہے کہ ایک نقش روزانہ لکھ کر وقتِ مقررہ پر دریا، سمندر یا نہر میں ڈالتا رہے۔ تاکہ عمل تازہ رہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۳۰	۳۳	۱
۳۲	۲	۷	۳۱
۲	[illegible]	۲۸	۱
۲۱	۸	۱۰	۲۱

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کنارے نہیں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق دیچ کو اختیار کرے جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز یا چالیس (۴۰) روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو (۱۰۰) روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیوانات جلالی و جمالی اختیار کرے۔

صرف جو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے تین روزے رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

يَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک و صاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پُر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

دستِ غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے غیب سے روزی ملے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

نوچندی جمعرات کو غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے بعد نماز عمل شروع کرے اس دوران گوشت اور لہسن پیاز اور بدبودار اشیاء کو کھانے میں استعمال نہ کرے۔ گناہوں سے بچے، صدق وسچ کو اختیار کرے، جھوٹ، غیبت، لڑائی جھگڑے سے خود کو دور رکھے۔ یہ عمل اکیس (۲۱) روز یا چالیس (۴۰) روز پابندی کے ساتھ بلاناغہ کرے۔ بعد نمازِ مغرب اول گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ سو مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ پڑھنے کے دوران کسی سے بات نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اس عمل کے بعد

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ درود شریف اول و آخر گیارہ (۱۱) بار پڑھا کرے۔ اس عمل کی برکت سے ایک سو روپے روز ملا کریں گے

دستِ غیب کا عمدہ عمل

اول ترک حیوانات جلالی وجمالی اختیار کرے۔ صرف جو کی روٹی یا گندم کی روٹی بغیر نمک کھائے تین روز رکھے۔ اس کے بعد نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلے اتوار کے روز سے یہ عمل شروع کرے۔ تہجد کی نماز کے بعد باوضو پاک مصلے پر بیٹھ کر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد پانچ ہزار دو سو چوراسی (۵۲۸۴) مرتبہ اسم الٰہی

يَا بَاسِطُ

پڑھے۔ پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد پاک وصاف قلم دوات لے کر مندرجہ ذیل نقش بہتر (۷۲) عدد پُر کرے۔ اور ان کو الگ الگ

لپیٹ کر آٹا گوندھ کر اس میں ایک ایک نقش رکھ کر گولی
بنا کر دریا، نہر، سمندر میں ڈال دے جب تک نقش نہ ڈال
دے اس وقت تک کسی سے بات نہ کرے اور جب نقش ڈال کر
واپس ہو تو پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ روٹی عمل کے دوران باوضو اپنے
ہاتھ سے پکائے۔ اپنا کوئی کام کسی دوسرے سے نہ کرائے بلکہ
اپنا کام خود کرے! اکتالیس دن گذرنے کے بعد روزانہ کسی بھی طریقے
سے دو سو (۲) روپے روز ملا کریں گے لہذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے
اس بات کا کہ اسے غیب سے رقم ملتی ہے کسی سے ذکر نہ کرے۔
اکتالیس دن عمل کرنے کے بعد گیارہ نقش روزانہ لکھتا رہے
اور دوسرے، تیسرے یا چوتھے دن فرصت کے وقت آٹے
میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈال آیا کرے اور بہتر (۲) مرتبہ
روزانہ اسم الہٰی یَا بَاسِطُ پڑھا کرے۔ نقش یہ ہے

۷۸٦

اَجِبْ بِحَقِّ یَا رَفْتَمَائِیْل بِحَقِّ یَا بَاسِطُ

۱۸	۴۸	٦
۱۲	۲۴	۳٦
۴۲	دو سو روپے ۲	۳۰

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

غیب سے روزینہ مقرر ہونا

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کی روزی کے لئے روزانہ
مقررہ آمدنی ہوتی رہے جس سے اس کے گھر کا خرچ چلتا رہے
اسے کسی سے مانگنے یا قرض لینے کی ضرورت نہ پڑے۔

یہ عمل نیا چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات کے دن سے
شروع کرے۔ سب سے پہلے غسل کرے پاک وصاف
لباس پہنے، خوشبو لگائے، اگر بتی سلگائے یا کوئلے
جلا کر ان پر لوبان چھڑک کر خوشبو پھیلائے۔ اس کے بعد یہ
نقش بارہ (۱۲) عدد پر کرے۔ یہ نقش اکتالیس دن لکھے۔
ان نقوش کو آٹے میں لپیٹ کر گولی بنا کر دریا، نہر، سمندر یا
جھیل میں ڈال دیا کرے۔ نقش لکھنے کے بعد بارہ ہزار (۱۲۰۰۰)
مرتبہ یَا وَاجِبُ پڑھے۔ اکتالیس روز عمل کرنے کے

بعد خزانۂ غیب سے روزینہ مقرر ہو جائے گا۔ جس کی مقدار دو سو روپے روزانہ ہو سکتی ہے۔ اس میں سے ایک حصہ مساکین لاوارث، بے روزگار، غرباء پر خرچ کر دے (یعنی خیرات کر دے) پیشہ ور فقیر کو بالکل نہ دے صرف ضرورت مند اور مستحق افراد کو دے۔ بقیہ رقم اپنے خرچ میں لا دے۔ حرام کام میں بالکل خرچ نہ کرے ورنہ روزینہ بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۳	۸	۱
۲	۴	۶
۷	دو سو ۲ روپے	۵

برائے دستِ غیب برکت کے واسطے

سات دانے جو کے لے کر باوضو ان پر نو سو ستانوے (۹۹۷) بار یا فتاحُ یا رزاقُ پڑھ کر ان دانوں پر دم کرے اور اپنے خرچ کی تھیلی یا صندوق یا کاتہ جس میں پیسے رکھتا ہے، کسی تھیلی میں بند کر کے رکھ دے۔ جتنا چاہے خرچ کرے انشاء اللہ تعالیٰ، اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کی برکت سے رقم ختم نہ ہوگی۔ جب اس صندوق، تھیلی یا کاتہ میں سے رقم نکالے باوضو ہو کر اس میں سے رقم نکالے۔ اس روپے کو ناجائز کاموں میں خرچ نہ کرے

خرچ میں کمی نہ ہو برکت کا تعویذ

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کا ماہانہ خرچ نہ ہو اور اس

میں اس طرح برکت اور اضافہ ہو کہ اسے کسی سے سوال کرنا نہ پڑے اور نہ قرض لینا پڑے اور محدود آمدنی میں پورے ماہ کا خرچ آسانی کے ساتھ پورا ہو جائے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پیسے رکھنے کی تھیلی میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھیلی کبھی خالی نہ ہوگی بہت برکت ہوگی اور مؤکل کا نام تعویذ کی پشت پر (تعویذ کے پیچھے) لکھے۔ وہ یہ ہے بحقِّ یا دَرْدَائیل۔

اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم قلاً قلاً وقلاً صفاً صفاً نہیاً نہیاً جزاً باجزاً یا یا بدوح

۸ ۳۰۰۲۶	۱۱ ۳۰۰۲۹	۱۴ ۳۰۰۳۲	۳۰۰۱۹
۱۳ ۳۰۰۳۱	۲ ۳۰۰۲۰	۷ ۳۰۰۲۵	۱۲ ۳۰۰۳۰
۳ ۳۰۰۲۱	۱۶ ۳۰۰۳۴	۹ ۳۰۰۲۷	۶ ۳۰۰۲۴
۱۰ ۳۰۰۲۸	۵ ۳۰۰۲۳	۴ ۳۰۰۲۲	۱۵ ۳۰۰۳۳

بسم اللہ
الرحمن الرحیم
الٰہی بحق ھو الغفور الودود
ذو العرش المجید فعال لما یرید
دو صد ۲ روپیہ بجہت خرج
روزمرہ از خزانۂ غیب
برسان
البتہ

دست غیب کا عمل

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہوجائے اور اسے پانچ سو روپے (۵۰۰/-) روز کی آمدنی ہوجائے اس کے لئے تین روزہ رکھے۔ اور روزہ صرف بادام، کشمش اور پستے سے کھولے اور سحری بھی اسی کو کھا کر کرے۔ اس کے لئے ایک پاؤ بادام، ایک پاؤ کشمش اور ایک پاؤ پستہ خرید کر رکھ لے۔ اور اسی سے سحری کرے اور اسی کو کھا کر افطار کرے۔ ان کے علاوہ کوئی دوسری چیز سحری یا افطاری میں استعمال نہ کرے صرف یہی میوہ کھانا ہے۔ ایک کمرہ الگ تھلگ صاف ستھرا دھو کر پاک کرلے۔ اس میں بخور (لوبان، اگربتی) وغیرہ جلائے، اس میں عطر چھڑکے۔ بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک وصاف کپڑے پہن لے پاک مصلے پر قبلہ رُخ بیٹھ کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد آیتِ کریمہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝

پڑھنا شروع کرے۔ جب ختم کرے تو جتنی بھی تعداد ہوجائے اس کے بعد گیارہ بار درود شریف پڑھ کر تہجد پڑھے سحری

کھائے اور فجر کی نماز پڑھے اس کے بعد چاہے تو کچھ دیر آرام کرلے۔ ورنہ پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر پڑھنا شروع کرے جب پڑھنا موقوف کرے گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ تین دن کے اندر آیت کریمہ ایک لاکھ (۱۰۰۰۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر تین دن رات میں ایک لاکھ پورا نہ کیا تو عمل ٹوٹ گیا۔ نئے سرے سے دوبارہ شروع کرے۔

عمل مکمل ہونے کے بعد انشاء اللہ تعالےٰ پانچ سو روپے روزانہ ملا کریں گے۔ ان روپوں کو جائز کاموں میں خرچ کرے۔ ایک حصہ خیرات کردے، حرام کام میں خرچ کرے گا تو ناکام ہوجائے گا اور دستِ غیب کا سلسلہ بند ہوجائے گا شرط یہ بھی ہے کہ بادام، کشمش، پستہ حلال کمائی کا ہو جھوٹ، غیبت، گالی بکنا، چغلی کھانا، حسد وبغض رکھنا، گناہ کرنا، اگر ان گناہوں کے علاوہ دیگر گناہوں میں بھی مبتلا ہوگا تو کامیاب نہ ہوگا۔ اگر ناکامی ہو تو اپنے عمل کا جائزہ لے کہ کونسا گناہ ہو رہا ہے جس کے سبب کامیابی سے محرومی ہے

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی

إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ
اللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَّعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلَى إِبْرَاهِيمَ وَعَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَّجِيدٌ

دست غیب کا لاجواب عمل

دست غیب کے لئے یہ عمل بہت لاجواب ہے
لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے جھوٹ بولنا چھوڑ دے مذاق
میں بھی جھوٹ نہ بولے نہ بچوں سے جھوٹے وعدے کرے
دوسری بات یہ ہے کہ ہر قسم کے گناہوں سے کنارہ کش
ہو جائے اور تمام گناہوں کو چھوڑ دے۔ غیبت، حسد و
بغض، الزام تراشی، حرام کھانا، رشوت دینا یا لینا، شراب
پینا، زناکاری، فحش گوئی، گندہ مذاق، کسی کی عزت خراب
کرنا اسے ذلیل کرنا، اس کی چغلی کرنا، کسی کو مارنا، پیٹنا،
ظلم کرنا، ظالم کی مدد کرنا، بے ہودہ لوگوں کے ساتھ دوستی
رکھنا، سود کھانا، سود لینا یا دینا، سود لینے، دینے والے،
شراب، ہیروئن، چرس، گانجہ، جوا، کا کاروبار کرنے
والے کی بوتل، چائے پینا یا دعوت کھانا یہ سب باتیں
عمل کو باطل کر دیتی ہیں اور آدمی محنت کرنے کے باوجود

محروم رہتا ہے۔ جو لوگ خود پر قابو نہیں رکھتے وہ ان
اعمال کو کر کے اپنی محنت ضائع نہ کریں۔ ایسا عمل کرنے والے
کو ہر کسی کا کھانا کھانے سے بچنا ہوگا۔ گناہوں کو چھوڑنا
ہوگا، بے ہودہ باتوں سے اور بے ہودہ دوستوں سے کنارہ
کشی کرنی ہوگی۔ صرف حق حلال کی محنت کی روٹی کھائے
فلم دیکھنے والے یا ٹی وی دیکھنے والے بھی اس عمل کو کر کے کامیاب
نہ ہوں گے۔ جس کمرے میں عمل کیا جائے اس میں کسی قسم کی
تصویر، جانور کی ہو یا انسان کی یا گڈے گڑیا یا دیگر نوع
کی تصاویر ہوں اس میں بھی برکات کا ظہور نہ ہوگا۔

عمل یہ ہے

سات روزے رکھے اور روزانہ بعد نماز عشاء ایک
ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھے، اول و آخر گیارہ، گیارہ بار
درود شریف پڑھے۔ اور آیت یہ ہے

وَعِنْدَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ
مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَرَقَةٍ إِلَّا
يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ
وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ○

درود شریف یہ ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

اس کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ

یَا حَیُّ

پڑھے۔ اس کے بعد ڈیڑھ سو (۱۵۰) مرتبہ

یَا قَیُّوْمُ

پڑھے۔ یہ عمل روزانہ وقتِ مقررہ پر کرنا ہے۔ اس دوران پاک وصاف کپڑے پہنے خوشبو لگائے۔ ساتویں دن ایک نورانی حسینہ ظاہر ہوگی اور جو پانچ سو (۵۰۰) روپے دے گی وہ فوراً جیب میں ڈال لے۔ اب روزانہ پانچ سو روپے ملا کریں گے۔ شرائط کے ساتھ کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا ورنہ ناکام رہے گا۔ لہٰذا عمل کرنے سے پہلے اپنے حالات کا جائزہ لے اور دیکھے کہ وہ ان شرائط کی پابندی کر سکتا ہے یا نہیں۔

برائے فتوحِ غیب

یہ عمل فتوحِ غیب کے لئے بہت مؤثر ہے۔ جمعہ کے دن سنّت پڑھ کر اس کے بعد یہ دعا سات بار پڑھے۔ اول وآخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد فرض نماز میں شریک ہو۔ دراصل جمعہ کے دن سنت اور فرض کے درمیان کرنے کا عمل ہے

وہ پڑھنے والی دعا یہ ہے

یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا رَحِیْمُ یَا وَدُوْدُ بِفَضْلِكَ
عَمَّنْ سِوَاكَ ط

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط
اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

قرض سے نجات کے لئے

اگر کسی آدمی کا قرضہ چڑھتا جاتا ہو لیکن کم ہونے کا نام نہ لیتا ہو تو اس کے لئے روزانہ بلاناغہ پابندی

کے ساتھ سورۂ نصر اکتالیس مرتبہ بعد نمازِ فجر پڑھا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرضہ ادا ہونے کے اسباب
پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

سورۂ نصر یہ ہے

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَأَيْتَ النَّاسَ
يَدْخُلُونَ فِي دِينِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ
وَاسْتَغْفِرْهُ ۚ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا ۝

تنگیٔ معاش کے لئے

اگر کوئی آدمی تنگ دست ہو اور اس کی آمدنی کم
اور خرچہ زیادہ ہو تو ایسی صورت میں گیارہ روز روزانہ
ایک سو بار یہ کلمات پڑھ کر فراخی معاش کی دعا کیا کرے
انشاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے
وہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا
شِدَّةَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا
بَعْدَ الْمَوْتِ يَا خَالِقَ الْحَيٰوةِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا
مُسْلِمِينَ وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِينَ ۔

دست غیب کا عمل

ایک روپیہ پر تین مرتبہ یٰسٓ یٰسٓ یٰسٓ باوضو جمعہ کے
دن علی الصباح لکھے اس حالت میں کہ اس کا روزہ ہو۔ اس کے
بعد روزانہ روزہ رکھے اور ترکِ حیوانات جلالی وجمالی کرے۔
اور ایک وقت مقرر کر کے سورۂ نون (پ) تین سو مرتبہ روزانہ
پڑھ کر اس روپیہ پر دم کرے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے۔
اس کے بعد اس روپیہ کو اپنے روپے رکھنے کی تھیلی میں رکھے
انشاء اللہ تعالیٰ بے حد برکت ہوگی۔ تجربہ کیا ہوا عمل ہے۔

دست غیب کا عمل

نیا چاند دیکھ کر بروزِ جمعرات دو سو روپے کا سرسوں
کا تیل لے کر بعد نمازِ عشاء نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے
پہن کر خوشبو لگا کر اور ایک نیا اور کورا چراغ (وہ مٹی
کا دیا جو کمہار کی دوکان سے لیا گیا ہو لیکن اس کو پانی سے
دھویا نہ گیا ہو بلکہ مٹی وغیرہ کو کپڑے سے صاف کیا گیا ہو
کورا چراغ کہلاتا ہے) لے کر روئی کی بتی بنا کر اس چراغ میں
رکھ کر اس میں سرسوں کا تیل ڈال کر چراغ جلائے ایک پاک
وصاف مصلے (نماز پڑھنے کی دری یا قالین) اپنا لے کر

اس مصلّے کے چاروں کونوں کے نیچے ایک ایک ٹھیکری
(پھوٹے ہوئے مٹکے، صراحی کے ٹکڑے) رکھ دے اور
ایک ٹھیکری اپنے سامنے مصلے کے نیچے سجدے کی جگہ
رکھے اس کے بعد سامنے مصلے کے نیچے والی ٹھیکری سب سے پہلے نکال کر
اس پر "حضرت ابراہیم علیہ السلام"
لکھے۔ اس مصلے کے سیدھی (دائیں طرف والی) طرف کونے
کی ٹھیکری پر

حضرت جبرائیل علیہ السلام

لکھے اس کے بعد مصلے کے سامنے بائیں طرف کونے کی ٹھیکری پر

حضرت میکائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد پچھلے حصے کی بائیں جانب کونے کے
نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت اسرافیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد مصلے کے پچھلے حصے کے دائیں جانب
کونے کے نیچے کی ٹھیکری پر

حضرت عزرائیل علیہ السلام

لکھے۔ اس کے بعد اول آخر تین تین بار درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُومٍ لَّكَ

پڑھے۔ درمیان میں سات ہزار سات سو ستتر (۷۷۷۷) مرتبہ

يَا فَتَّاحُ

پڑھے۔ یہ عمل مسلسل بلاناغہ اکیس دن پڑھے۔ اکیس[۲۱] دن
کے بعد روزانہ سات سو (۷۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ جو نصیب میں ہوگا مصلے کے نیچے سے
ملے گا اور آئندہ ملتا رہے گا۔ یہ راز ہے کسی پر ظاہر نہ کرے
ورنہ آمد بند ہو جائے گی۔ دوسری بات گناہوں سے بچنا۔
جھوٹ، چغلی، غیبت، حرام مال کھانا یا یہ رقم حرام کام میں،
صرف کرنا یا بے جا خرچ کرنا۔ جھوٹ سے پرہیز کرنا ہے۔ ورنہ
یہ فیض بند ہو جائے گا۔

ہمزاد کو تابع کرنا

نہا دھو کر پاک و صاف کپڑے پہن کر، عطر لگا کر ایک کمرہ جس میں
کوئی دوسرا موجود نہ ہو اور اس کمرہ کو دن کے وقت پانی سے
دھو کر پاک کر لیا گیا ہو۔ اس میں دروازہ بند کر کے پاک مصلے
پر بیٹھے۔ اور آیۃ الکرسی گیارہ بار پڑھ کر ایک چھری پر دم کرے
اور چھری سے اپنے مصلے کے چاروں طرف گول دائرہ کھینچ لے

اس کے بعد اس طرح بیٹھے کہ سامنے کی دیوار پر نظر پڑے اور سرسوں کا تیل ڈال کر مٹی کا چراغ روئی کی بتی بنا کر روشن کرے اور پیٹھ کے پیچھے اس چراغ کو رکھ لے اور سایہ جو دیوار پر بنا ہے سینہ پر یا اس سے اوپر ایک جگہ جمائے اور سانس روک روک کر اسم الٰہی

یَا لَطِیْفُ

ایک ہزار چار سو چوبیس (۱۴۲۴) مرتبہ پڑھے۔ اس عمل کے دوران اول و آخر درود شریف (نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے) گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ اور نظر میں یا لَطِیْفُ کا تصور کرے کہ سامنے یا لَطِیْفُ لکھا ہے اور سانس روک روک کر پڑھے مثلاً سانس روکا اور جلدی جلدی یا لَطِیْفُ یا لطیف پڑھ لیا۔ اور عمل پڑھنے کے بعد دعا کرے۔

"اے اللہ اس اسم اعظم کے تصور کے ذریعہ
میرے ہمزاد کو تابع و فرمانبردار کردے آمین"

تیسرے ہفتہ میں متحرک ہوگا (یعنی اِدھر اُدھر چلتا پھرتا محسوس ہوگا) چوتھے ہفتہ میں بات چیت کرے گا اور کام کو دریافت کرے گا۔ اس وقت اس کہا جائے کہ پہلے تو مسلمان ہوجا۔ اس وقت کام بتلاؤں گا وہ غائب ہوجائے گا۔ پھر ایک ہفتہ بعد حاضر ہوگا (جس قدر زیادہ

دیر سانس روکا جائے گا) اسی قدر جلد کام ہوگا۔ اس کے بعد وہ مسلمان ہوجائے گا۔ اس وقت جب وہ کام معلوم کرے تو اس سے پانچ سو روپے روزانہ کا وعدہ کرا لینا۔ آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اللہ کے نام پر خیرات کردے اور آدھی رقم (ڈھائی سو روپے) اپنے خرچ میں لے آئے۔ جس قدر حبس دم (سانس روک کر پڑھو گے) کرو گے اور تصور سایہ زیادہ ہوگا بہت مطیع ہوگا۔ اس عمل میں کسی قسم کا خوف نہ کرے اور یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ کے عرش کے نیچے بیٹھا ہوں۔ پڑھنے کے دوران حصار سے باہر نہ نکلے، پڑھنے کے دوران بالکل بات نہ کرے۔ عمل ختم کرنے کے بعد بات کرے۔

ہمزاد ایک دم پچاس ہزار روپیہ لے کر آزاد کرسکتے ہو مگر قول و قرار نہایت احتیاط سے کرے۔ جب ضرورت ہو بلا دے یا روپیہ لے کر آزاد کردے۔ یہ بھی دریافت کرے کہ اگر ہم کسی وقت آزاد کرنا چاہیں تو کس طرح پر ہوگا۔

مالدار بننے اور روزی میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص انتہائی غریب ہے اور گذارہ مشکل ہوتا ہے

نیا قرض میں بندھا ہوا ہے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر
موم جامہ کر کے کالے چمڑے یا کالے کپڑے اور کالی ڈوری
کے ساتھ گلے میں ڈال لے۔ یا یہ تعویذ موم جامہ کر کے گلہ میں
رکھے یا اپنے صندوق میں رکھے یا دوکان یا مکان میں لگائے
انشاء اللہ تعالیٰ مالی حالت مضبوط ہوگی۔ گھر میں، دوکان میں،
گلہ میں برکت ہوگی۔ اس نقش کو استعمال کرنے سے قبل ایک کلو
مٹھائی منگوا کر حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصالِ
ثواب کی نیت سے نمازیوں یا معصوم بچوں میں بانٹ دے۔
وہ نقش یہ ہے۔

بحقِ یا شمس بلا کاف

۷۸۶

۲۳۸۹	۱۳۱۲	۱۳۱۵	۲۳۸۲
۲۳۹۴	۲۳۸۳	۱۳۸۸	۲۳۹۳
۲۳۸۳	۲۳۹۷	۱۳۹۰	۲۳۸۷
۱۳۱۱	۱۳۸۶	۱۳۸۵	۱۳۹۶

دستِ غیب

غسل کرے پاک و صاف کپڑے پہنے، خوشبو لگائے

اور جس جگہ عمل کرے اس کو بھی دن کے وقت دھو کر پاک
کرلے۔ لوبان یا اگربتی جلائے۔ آیت اِذْ قَالَ اِبْرَاهِیْمُ
رَبِّ اَرِنِیْ کَیْفَ تُحْیِ الْمَوْتٰی ...... عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ۔ یہ عمل اکتالیس
دن کرنا ہے اور اکتالیس سو (۴۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔
اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ ایک ایک سو روپے
کے پانچ نوٹ لے کر ان میں چار نوٹوں کے کناروں پر پنسل
سے الگ الگ چاروں خلفائے راشدینؓ کے نام لکھے اور
مصلّٰے کے چاروں کونوں کے نیچے رکھے۔ وہ نام یہ ہیں۔

۱ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۲ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۳ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالےٰ عنہ
۴ حضرت علی مرتضےٰ رضی اللہ تعالےٰ عنہ

اور پانچویں نوٹ پر
حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم
کا نام لکھے اور مصلے کے نیچے سجدہ کی جگہ رکھ دے۔
یہ چاروں نوٹ عمل کی برکت سے پانچویں نوٹ کے پاس
جب اللہ تعالیٰ رحمت سے خود جمع ہو جائیں سمجھ لو کہ عمل

مکمل ہوا۔ چلہ ختم ہونے کے بعد ان چاروں نوٹوں کو (جن
پر خلفاء راشدینؓ کے نام لکھے ہیں) اپنے خرچ میں لائے
پانچویں پر نشان لگا کر تھیلی میں رکھے کہ خرچ نہ ہو جائے
پھر خدا کے فضل سے آپ دیکھیں گے ہمیشہ پانچوں نوٹ
یکجا رہیں گے۔ مگر یہ خیال رہے کہ جب خرچ کرنے دوکان پر جائے
تو نوٹ دوکاندار کے ہاتھ میں مت دو بلکہ اس کے سامنے
پر رکھ دیا کرو یہ احتیاط لازم ہے۔ ورنہ اگر دوکاندار
کے ہاتھ میں نوٹ دے دیا تو نوٹ پلٹ جائے گا۔ یہ رقم
صرف اپنی ضروریات میں خرچ کرو یا خیرات کرو لیکن ناجائز
کاموں میں خرچ نہ کرو ورنہ فیض بند ہو جائے گا۔ وہ
آیت پڑھنے والی یہ ہے۔

فتوحاتِ غیبی کے لئے

اللہ تعالیٰ کی طرف سے فتوحاتِ غیبی کے لئے سورۂ
فاتحہ اس ترکیب سے پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ
گیارہ بار۔ اس کے درمیان

۱۔ اتوار کے دن۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝
پانچ سو اکیاسی (۵۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۲۔ پیر کے دن۔ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝
چھ سو اکیاسی (۶۸۱) مرتبہ پڑھے۔

۳۔ منگل کے دن۔ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ۝
دو سو بیالیس (۲۴۲) مرتبہ پڑھے

۴۔ بدھ کے دن۔ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۝
آٹھ سو چھتیس (۸۳۶) مرتبہ پڑھے

۵۔ جمعرات کے دن۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۝
ایک ہزار چالیس (۱۰۴۰) مرتبہ پڑھے

۶۔ جمعہ کے دن۔ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ
ایک ہزار آٹھ سو چھ (۱۸۰۶) مرتبہ پڑھے۔

۷۔ ہفتہ کے دن۔ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۝

چار ہزار دو سو تینتیس (۴۲۳۳) مرتبہ پڑھے۔

اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ فتوحاتِ غیبی کا دروازہ کھل جائے گا اور ہر قسم کی معاشی بدحالی ختم ہو جائے گی۔ عمل شروع سے برابر عمل کرے۔ چھٹی ناغہ نہ کرے۔

دست غیب

جو شخص چاہتا ہے کہ اسے دستِ غیب حاصل ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید اور لاجواب ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف (نماز میں پڑھا جانے والا درود) پڑھے۔ درمیان میں سورۂ مزمل شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ درود شریف گیارہ بار پڑھنے کے بعد

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ مزمل یٰٓاَیُّھَا الْمُزَّمِّلُ سے پڑھنا شروع کرے جب فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ہ پر پہنچے تو ایک سو پچیس (۱۲۵) مرتبہ

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْل

پڑھے۔ سورۂ مزمل ختم کرنے کے بعد

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

پڑھے۔ اسی طرح اکتالیس روز یہ عمل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر کرے۔ اس کے بعد ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار

یَا مُغْنِیُ

پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دعا کرے اللہ تعالیٰ غیب سے روزی کا انتظام فرمائے گا۔

جس دن عمل شروع کرے اول غسل کر کے پاک و صاف کپڑے پہن کر وقتِ عصر احرام باندھ کر پڑھے۔

ترکیبِ بالا پر اکتالیس بار پھر ہر روز بوقتِ عشاء درمیان سنت و وتر گیارہ مرتبہ ترکیب بالا پڑھا کرے صرف ایک روز وقتِ عصر پڑھا جائے گا۔

واسطے معلوم کرنے دفینہ کے

اگر یہ معلوم کرنا چاہے کہ اس مکان میں خزانہ کہاں دفن ہے تو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یہ آیات پڑھے۔

وَعِندَهُ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا إِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِن وَرَقَةٍ إِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِي ظُلُمَاتِ الْأَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَلَا يَابِسٍ إِلَّا فِي كِتَابٍ مُّبِينٍ ۝

ہر ایک سو مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ "مُبِین" کا لفظ کہے پھر اول سے شروع کرے پھر ایک سو مرتبہ آیت پڑھنے کے بعد ایک سو بار "مُبِین" کا لفظ کہے اور پھر آیت پڑھنا شروع کرے۔ اس کے بعد تمام پڑھنے کے بعد پیلی سرسوں پر پڑھ کر اس جگہ جہاں دفینہ ہے سارے کمرے میں چھڑک دے اور چوبیس گھنٹے کمرہ اور مکان خالی رکھے۔ سرسوں خود بخود سمٹ کر ایک جگہ جمع ہو جائے گی اسی جگہ خزانہ ہے کھود کر نکال لے۔

ہمزاد (مؤکل) کی تسخیر

یہ عمل صرف پچاس سال سے اوپر کے لوگ کریں، دوسرے یہ کہ ڈرپوک اور کمزور دل نہ کریں، تیسرے یہ کہ اس کا کرنے والا حلال روزی کھانے والا ہو، رشوت، سود، چوری، دھوکہ، لوٹ مار سے حاصل کردہ مال سے پرہیز کرنے والا ہو۔ بہتر یہ ہے کہ صرف اپنی کمائی کا کھانا کھائے کسی اور کی دعوت کھانا، چائے، بوتل، مٹھائی استعمال نہ کرے۔ ان شرائط کی پابندی نہ کرنے والا بڑا نقصان اٹھائے گا۔

لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے اور جس کمرے میں عامل عمل کر رہا ہے اس کے برابر والے کمرے میں ایک آدمی ہونا چاہیئے جو عامل ہو اور بُرا وقت پڑنے پر اس کی مدد کر سکے۔ عمل یہ ہے۔

یہ عمل چالیس دن کا ہے۔ چالیس دن تک ایسی خلوت (اکیلی جگہ) میں رہو کہ نہ تم کسی کو دیکھو۔ نہ تم کو کوئی دیکھے۔ چالیس دن تک روٹی اپنے ہاتھ سے پکائی ہوگی۔ گیہوں جس میں جو ملے ہوئے ہو ایسے لو جس میں نہ کوئی کیڑا ہو نہ کسی دانے کو گھن لگا ہو۔ پھر ان کو دھو کر سکھا کر احتیاط سے آٹا پسوا کر اپنے پاس

رکھو۔ اسی طرح دال بھی ایسی ہو جس میں کوئی کیڑا نہ ہو اور نہ کسی دانے کو کیڑے نے کھایا ہو۔ ہر قسم کی دال اپنے پاس رکھو۔ ترک حیوانات جلالی وجمالی کرو۔ یعنی مچھلی، انڈا، گھی، دودھ، گوشت، چمڑے کی جوتی، گھڑی کا پٹہ چمڑے کا، کسی کے گھر کی کھیر، دودھ، مٹھائی، بازار کے پکوان، موت میں جانا، میت کو کندھا دینا، جس جگہ بچے کی ولادت ہوئی ہو اس گھر میں جانا، تیل کے پکوان۔ یہ سب منع ہیں ان سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔ اگر اتفاق سے کسی چیز کی ضرورت چلہ کے دوران ہو جائے تو کاغذ پر لکھ کر دے دو۔ گھر کے لوگ اس کی تعمیل کریں گے۔ عمل پڑھنے سے قبل غسل کرو، ایک سفید تہبند باندھ لو اور ایک سفید چادر اوڑھ لو (احرام والا لباس پہننا ہے) سلا ہوا کپڑا استعمال نہیں کرنا۔ عمل کے علاوہ تمام وقت عبادت میں گذارو۔ نمازوں کی پابندی کرو۔ خالی مت بیٹھو۔

نیا چاند دیکھنے کے بعد یہ عمل کرنا ہے (عروج میں) چاند کی پندرہ تاریخ کے بعد یہ عمل شروع نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ چاند کی شروع کی تاریخوں میں عمل شروع کرنا ہے۔ خلوت (اکیلے کرے) میں قبلہ کی طرف منہ کر کے اول چاقو یا

چھری کی نوک سے حصار کرے۔ حصار کی ترکیب یہ ہے۔

مندرجہ ذیل سورتیں اس ترتیب سے پڑھیں۔
(۱) آیۃ الکرسی بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۲) سورہ کافرون بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۳) سورۂ اخلاص بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۴) سورۂ فلق بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ (۵) سورۂ ناس بسم اللہ کے ساتھ ایک مرتبہ۔

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو یا چھری پر دم کر کے چاقو یا چھری سے اپنے چاروں طرف لائن کھینچے۔ اگر پکے فرش پر لائن نہ بنے تو چاقو کی نوک کے ساتھ چاک لگا کر نشان لگالے۔ پھر حصار کے اندر باوضو بیٹھ کر تین ہزار ایک سو پچیس (٣١٢٥) مرتبہ الحمد شریف پڑھو۔ شروع کرنے سے قبل تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور ختم کرنے کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے

درود شریف یہ ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝
اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

سورۂ فاتحہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ
مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ؕ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ؕ
اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ
عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ؏

اس تعداد کے مطابق پڑھنے سے چالیس دن میں جو عجائبات و غرائبات نظر آئیں ان سے نہ ڈرو، اگر مؤکل تم سے بات کرنا چاہیں تو کسی بات کا جواب نہ دو۔ اگر سلام کریں دل میں جواب دے دو زبان سے کچھ نہ بولو۔ مؤکل کی دی ہوئی چیز بالکل نہ لو۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیسویں دن اس سورۃ پاک کے مؤکل حاضر ہوں گے اور دوست ہونے کا اقرار کریں گے۔ جب کسی مؤکل کو بلانا ہو تو خلوت میں بیٹھ کر ایک ہزار بار الحمد شریف اور اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھو فوراً مؤکل حاضر ہوں گے اور تمہارے حکم کی تعمیل کریں گے۔ ان سے صرف جائز کام کہو وہ کریں گے ناجائز کام کا حکم دو گے تو نقصان اٹھاؤ گے لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔ اسی طرح کسی پر ظلم کرنے کا

حکم مت دو، نقصان پہنچانے کا حکم مت دو۔ ناجائز طور پر مال لانے کی بابت حکم نہ دو۔

چلّہ کے بعد ستر (٧٠) بار روزانہ الحمد شریف کا ورد رکھنا ہوگا اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھنا ہے۔ یعنی عمل کو قابو میں رکھنے کے لئے روزانہ اول و آخر تین تین بار درود شریف، درمیان میں ستر (٧٠) بار الحمد شریف پڑھنا لازم ہے ورنہ عمل ختم ہو جائے گا۔ اور مؤکل کو بلانے کے لئے اول تین بار درود شریف پھر ایک ہزار (١٠٠٠) مرتبہ الحمد شریف پھر آخر میں تین بار درود شریف۔ مؤکل حاضر ہوگا۔ اس سے جائز کام لے

حصار میں پڑھی جانے والی سورتیں یہ ہیں

آیۃ الکرسی یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ
اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ
وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ٥

سورۂ کافرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

سورۂ اخلاص یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

سورۃ الفلق یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

سورۃ الناس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۝ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

ہجوم احزان وغم وفکر کیلئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ الم نشرح (آخر تک) اور سوتے وقت سترہ (۱۷) مرتبہ یہی سورت اوّل وآخر درود شریف پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

تنگدستی اور قرض کے لئے

بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یا وَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھ کر یہ دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔ یَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف ہو۔

تنگدستی اور قرض سے نجات کے لئے

بعد نماز صبح سورۂ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) اکیس مرتبہ، بعد ظہر ۲۲ مرتبہ، بعد عصر ۲۳ مرتبہ، بعد مغرب ۲۴ مرتبہ اور بعد عشاء ۲۵ مرتبہ۔ اول وآخر تین مرتبہ درود شریف ہوا کرے۔ مداومت پر انشاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔ نماز باجماعت اور اتباع شریعت اور ذکر میں کوتاہی نہ کریں۔

مزاروں پر حاضری کے وقت کا عمل

جب قبرستان یا مزار میں حاضری ہو تو یہ پڑھے:-

السلام علیکم یا دار قوم مؤمنین انتم سلفنا ونحن

بالاثر وانا انشاء الله بكم للاحقون يغفر الله لنا ولكم اجمعين وصلى الله على سيدنا ومولانا محمد واله و صحبه وبارك وسلم سلام عليكم بما صبرتم فنعم عقبى الدار۔

پھر درود شریف تین بار، سورۂ فاتحہ تین بار، سورۂ اخلاص بارہ بار، درود شریف تین بار پڑھ کر مزار کو بخشے اس کے اور تمام گرد و پیش کے مدفونین کے لئے دعاء مغفرت کرے۔[1]

ہر قسم کی مشکلات حل ہونے کا عمل

(روزی، اعزہ واقربا کے ستانے کی)

اگر ممکن ہو تو آخیر رات میں ورنہ بعد از مغرب یا بعد از عشاء اور اگر رات میں ممکن نہ ہو تو دن ہی میں ایسے وقت میں کہ نوافل جائز ہوں چار رکعت نفل بہ نیت دفع مصائب نازلہ و قضاء حاجت و مشکلات پڑھیں۔

اول رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ سو بار (سو مرتبہ)

دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو بار

تیسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰہِ

[1] مکتوبات شیخ الاسلام جلد سوم ص ۲۵۶۔

اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو بار

چوتھی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ سو مرتبہ پڑھیں۔

اور سلام پھیرنے کے بعد سو مرتبہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر دفع مشکلات واردہ کے لئے دعا بحضور قلب مانگا کریں انشاء اللہ تھوڑے ہی عرصہ میں عمدہ نتائج ظاہر ہوں گے۔

نوٹ: سو کا عدد گننے کے لئے تسبیح لے سکتے ہیں۔ ہاتھ باندھے نماز میں شمار کر سکیں گے۔[1]

دفع وساوس و برے خیالات کیلئے

سورۃ الناس، شام یا صبح کو معنی کے خیال کے ساتھ ایک تسبیح روزانہ پڑھ لیا کریں انشاء اللہ وساوس سے نجات مل جائے گی۔[2]

دشمنوں کے شر، ہر قسم کے ڈر، خوف اور وساوس سے نجات کیلئے

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۂ لایلاف قریش مع بسم اللہ ایک سو ایک دفعہ پڑھ لیا کیجئے۔ صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَہُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ہمیشہ پڑھ لیا کیجئے (ناغہ نہ کیجئے)

رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی اور چاروں قل ایک ایک مرتبہ

[1] مکتوبات شیخ الاسلام جلد چہارم ص ۷ [2] ایضاً ص ۱۸۱

پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر پھونک کر ہتھیلیاں، چہرہ، سر، سینہ اور تمام
بدن پر ہاتھ پھیر لیا کیجیے جہاں پر ہاتھ پہنچتا ہو۔ اسی طرح تین مرتبہ کرکے
سویا کیجیے۔ [۱]

فقر و فاقہ، خیالات بد، دشمنوں کی ایذا رسانی سے نجات کیلئے

سورۂ قریش کے پڑھنے اور مداومت کرنے سے امید قوی ہے
کہ فقر و فاقہ اور دشمنوں کی ایذا رسانی میں کمی ہوگی اور تحفظ ہوتا رہے گا۔
رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی اور چاروں قل سے بدخوابی اور
شیاطین و خباثت کی تاثیرات دور ہوتی ہیں اور انسان محفوظ ہوتا ہے۔
صلوٰۃ الحاجت ہر قسم کی مشکلات کے لئے ہے جو بھی اور جب بھی
پیش آئیں پڑھتے ہوئے ان کے حل ہونے کا خیال دل میں رکھنا چاہیئے
اور مداومت چاہیئے۔
سورۃ الناس پر مداومت کرنے سے نماز اور دوسری عبادتوں
میں خطرات اور برے خیالات وغیرہ سے تحفظ ہوگا۔ [۲]

رزق کی کمی دور کرنے کے لئے

روزانہ گیارہ دفعہ سورۂ مزمل پڑھا کریں اور جب وَکِیْلًا پر پہنچیں
تو پچیس دفعہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھا کریں، کسی وقت
کی قید نہیں ہے، بلا ناغہ پڑھیں۔

---

[۱] مکتوبات شیخ الاسلام جلد چہارم ص ۲۳۰۔ [۲] ایضاً ص ۲۳

قنوت نازلہ

از حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنیؒ

اَللّٰھُمَّ اھْدِنَا فِیْمَنْ ھَدَیْتَ وَعَافِنَا
فِیْمَنْ عَافَیْتَ وَتَوَلَّنَا فِیْمَنْ تَوَلَّیْتَ وَبَارِکْ لَنَا
فِیْمَا اَعْطَیْتَ وَقِنَا شَرَّ مَا قَضَیْتَ فَاِنَّکَ تَقْضِیْ
وَلَا یُقْضٰی عَلَیْکَ وَاِنَّہٗ لَا یَذِلُّ مَنْ وَّالَیْتَ
وَلَا یَعِزُّ مَنْ عَادَیْتَ تَبَارَکْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَیْتَ
نَسْتَغْفِرُکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ وَنَتُوْبُ اِلَیْکَ
اَللّٰھُمَّ اَعْلِ کَلِمَۃَ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِیْنَ اَعْلِ
کَلِمَۃَ الْاِسْلَامِ وَالْمُسْلِمِیْنَ اَعْلِ کَلِمَۃَ الْاِسْلَامِ
وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاَنْجِزْ وَعْدًا وَکَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ
الْمُؤْمِنِیْنَ اَللّٰھُمَّ اخْذُلِ السِّلْکَ وَالْمُشْرِکِیْنَ
اَعْدَآءَنَا وَاَعْدَآءَکَ اَعْدَآءَ الدِّیْنِ۔
اَللّٰھُمَّ زَلْزِلْھُمْ اَللّٰھُمَّ شَتِّتْ شَمْلَھُمْ
اَللّٰھُمَّ فَرِّقْ جَمْعَھُمْ اَللّٰھُمَّ اَھْلِکْ
اَمْوَالَھُمْ اَللّٰھُمَّ فُلَّ حَدَّھُمْ اَللّٰھُمَّ
اھْزِمْ جُنْدَھُمْ اَللّٰھُمَّ اَلْقِ الرُّعْبَ
وَالْفَشَلَ وَالْاِخْتِلَافَ بَیْنَھُمْ اَللّٰھُمَّ
اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ

مِنْ شُرُوْرِهِمْ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ اَللّٰهُمَّ خُذْهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُعَامِلْنَا بِمَا
نَحْنُ اَهْلُهٗ وَ عَامِلْنَا بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ
اَنْتَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْعَفْوِ
وَالْكَرَمِ وَالْجُوْدِ وَالْاِحْسَانِ
وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى اَحَبِّ خَلْقِهٖ اِلَيْهِ
سَيِّدُنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ
وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

الحمد للہ جلد نوزدہم ختم شد

الحمد للہ آپ نے انیسویں جلد سے فائدہ اُٹھایا اب بیسویں جلد سے فائدہ اٹھائیں